نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دن اور رات کے معمولات

ترجمہ

عمل الیوم واللیلۃ

تصنیف

شیخ ابوبکر احمد بن محمد الدینوری المعروف بابن السنی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ وتخریج

حضرت علامہ مولانا

حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ

حال مقیم، بریڈفورڈ انگلینڈ U-K

پروگریسو بکس

نبی کریم ﷺ کے دن اور رات کے معمولات

عمل الیوم واللیلۃ

تصنیف

شیخ ابوبکر احمد بن محمد الدینوری المعروف بابن السنی رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ و تخریج

حضرت علامہ مولانا

حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ

حال مقیم، بریڈفورڈ انگلینڈ U-K

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

نبی کریم ﷺ کے دن اور رات کے معمولات

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عمل الیوم واللیلۃ

تصنیف
شیخ ابوبکر احمد بن محمد الدینوری المعروف بابن السنی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم
حضرت علامہ مولانا
حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ
حال مقیم، بریڈ فورڈ انگلینڈ U-K

باراول	.... جولائی 2015ء
پرنٹرز	.... آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	.... 1100/-
ناشر	.... چوہدری غلام رسول ۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	.... =/ روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز
فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111
E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو
۱۲۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941
0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464
Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست مضامین

انتساب

میں اپنی اس تحریری کاوش کو پیکر صدق وفا، مجسمۂ جود وسخا، دلدادۂ علم وعرفاں پہریدار ناموس مصطفیٰ، دلبند غوث الوریٰ، نور دیدۂ مہر علی، محبوب محبوب کبریاء حضرت پیر سید غلام محی الدین (المعروف حضرت بابو جی) رحمہ اللہ کی خدمت اقدس میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرتا ہوں جن کی نگاہ فیض نے نہ جانے کتنے گم گشتہ راہیوں کو راہ ہدایت سے نوازا اور جن کے روحانی فیض نے مجھ جیسے کمترین کو حصول علم دین کی لگن عطا فرمائی

گر قبول افتد زہے عز وشرف

گدائے درگاہ غوثیہ مہریہ گولڑہ شریف

حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ

حال مقیم، بریڈ فورڈ انگلینڈ U-K

عرض ناشر

ادارہ پروگریسو بکس نے اپنے قیام سے لے کر اب تک عوام اہل سنت کو مفید سے مفید تر علمی وادبی اور مذہبی لٹریچر مہیا کرنے کی اپنی طرف سے بہتر سے بہتر تر کوشش کی ہے۔


ادارہ ہٰذا کی یہ انفرادیت ہے کہ اس نے بعض وہ کتب شائع کر کے عوام کی علمی و ادبی پیاس بجھائی ہے جو اس سے قبل مارکیٹ میں ناپید تھیں اور آئندہ بھی یہی کوشش ہوگی کہ نئے سے نیا علمی مواد عوام تک پہنچایا جائے۔

اس سلسلے کی ایک کڑی حضرت شیخ ابوبکر احمد بن محمد الدینوری المعروف بابن السنی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور کتاب "عمل الیوم واللیلۃ" کا ترجمہ مع تخریج ہے۔جس کا ترجمہ ہمارے فاضل دوست حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ نے کیا ہے۔ادارہ نے اپنی مطبوعات کو حسن صوری ومعنوی سے آراستہ کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے، جہاں تک ممکن ہوسکا۔اُمید ہے کہ قارئین کرام ہماری مطبوعات کو پہلے کی طرح دل وجان سے شرفِ قبولیت فرمائیں گے اور مزید مفید سے مفید تر مشوروں سے بھی نوازیں گے اور اپنی نیک دلی دعاؤں سے نوازیں گے۔ربِ تعالیٰ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔

دعا گو:

میاں غلام رسول، میاں شہباز رسول

میاں جواد رسول، میاں شہزاد رسول



بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مترجم

نحمدہٗ و نصلی و نسلم علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی الہ الطیبین الطاہرین.

بعد از حمد وصلوٰۃ رب ذوالجلال والاکرام کا بے پناہ فضل وکرم ہے کہ اس بے نیاز ذات نے مجھے اپنے پیارے رسول ﷺ کے معمولات شب وروز کے متعلق احادیث کے جامع ''حضرت علامہ ابن السنی رحمہ اللہ'' کی کتاب ''عمل الیوم واللیلۃ'' کا ترجمہ کرنے کی سعادت عطا فرمائی۔

اس کتاب کے ترجمہ کرنے کی تحریک میرے ایک عزیز فاضل حال مقیم لاہور (پاکستان) نے پیدا کی تھی اور اصرار بھی کرتا رہا میں نے سرسری طور پر کتاب پر نگاہ ڈالی تو مجھے یہاں کے ماحول کے عین مطابق لگی۔ چونکہ یہاں اپنے ادارہ جامعہ غوثیہ مہریہ بریڈ فورڈ (U.K) میں بچوں کی اصلاح وتربیت کے دوران مجھے انہیں ادعیہ ماثورہ کی ضرورت رہتی تھی اور میں کتب صحاح وغیرہ سے اور کئی دیگر مطبوعہ دعاؤں والی کتب سے ان نونہالوں کی تربیت کرتا تھا۔ اب کی بار جو عزیزم (اختر حبیب اختر) نے ادھر کی توجہ دلائی تو میں نے اس کتاب کو بہت اہم پایا۔ سو ترجمہ کا آغاز کر دیا اور اب ترجمہ پایہ تکمیل کو پہنچ کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔

قارئین کرام! یہ میری ترجمہ شدہ دوسری کتاب ہے اس سے قبل میں نے امام المحدثین امیر المومنین فی الحدیث حضرت امام بخاری رحمہ اللہ کی مصنفہ ''الادب المفرد'' کا ترجمہ کیا جو ابھی پبلشنگ کے تکمیلی مراحل میں ہے میں نے ان کتابوں کے ترجمہ کرنے میں مفہوم احادیث ادا کرنے کی حتی الوسع والمقدور کوشش کی ہے پھر بھی کوتاہی ولغزش کا احتمال باقی ہے۔ گوکہ میں نے اپنے ایک فاضل عزیز سے بھی اس کتاب کے مسودہ پر نظر ثانی کروائی ہے اور فاضل عزیز نے اس پر کافی محنت بھی کی ہے اور بڑی عرق ریزی اور تندہی سے اس کے مسودہ پر نظر ثانی کی اور پروف ریڈنگ کے کام کو احسن طریقے سے انجام دیا ہے۔ تاہم کہیں بھی مفہوم حدیث میں غلطی کوتاہی پائیں تو بذریعہ ادارہ ''پروگریسو بکس لاہور'' بندہ کو ضرور مطلع فرمائیں، بندہ انتہائی شکر گزار ہوگا۔

قارئین ان کتب کے ترجمہ کرنے میں سب سے زیادہ میری اہلیہ کا تعاون میرے شامل حال رہا جس نے میری نجی ذمہ داریوں اور مصروفیات کو اپنے سر لیے رکھا اور مجھے اس تحریری وتصنیفی کام کے لیے فارغ البال رکھا، اور جملہ گھریلو معاملات وضروریات کو از خود ہی سرانجام دیتی رہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی اس کار خیر کا وافر حصہٗ اجر نصیب فرمائے۔

اس کے ساتھ ساتھ حافظ محمد شاہ بہرام اور محترم جہانگیر صاحبان حال مقیم (1/10.2) اسلام آباد کا شکر گزار ہوں کہ ان کا تعاون اور مفید مشورے میرے شامل حال رہے۔

اور بالخصوص پیکر صدق و وفا اور اپنی ہر دلعزیز شخصیت ڈاکٹر محمد یونس صاحب سلمہ الرحمٰن مقیم واہگڑیاں لاہور کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے اس کار خیر میں خوب خوب تعاون کیا اور مفید مشورے دیے۔ اور دعا گو رہے۔

آخر میں ادارہ پروگریسو بکس لاہور کا شکر گزار ہوں جنھوں نے اس کتاب کو جلد از جلد شائع کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ رمضان المبارک میں محترم جواد رسول صاحب سے فون پر گفتگو ہوئی تو موصوف کو مسلک اہلسنت و جماعت کی کتب کو شائع کرنے کا بڑا دردمند اور شوق رکھنے والا پایا۔ اللہ تعالیٰ ان کے ذوق و شوق اور ادارے کو دن دگنی رات چوگنی ترقی نصیب فرمائے۔

اس ادارے کی پبلش شدہ کتب کی فہرست دیکھی تو ارباب علم اور اہل ذوق کو ایک مفید لٹریچر مہیا کرنے والا ادارہ پایا۔ میدان تصنیف و تالیف میں یہ ادارہ مسلک حق اہلسنت و جماعت کے تحریری میدان کی ترقی میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے امید ہے کہ یہ ادارہ اپنی اس ترقی و نمو کا یہ دورانیہ جاری و ساری رکھے گا۔ انشاء اللہ العزیز

خادم العلم والعلماء

حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ

پرنسپل: جامعہ غوثیہ مہریہ بریڈ فورڈ U-K

تقریظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً اللہ تعالیٰ و مصلیاً علیٰ رسولہ الکریم

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشادگرامی ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ.

''بے شک تمہارے لیے رسول اللہ ﷺ کی پیروی بہتر ہے۔''

یہی وجہ ہے کہ ہمارے اسلاف نے رسول کریم ﷺ کی احادیث کی جمع وتدوین کے سلسلے میں اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لایا اور قرآن کریم کی عطاء کردہ بصیرت کی روشنی میں حضور ﷺ کے اقوال، اعمال اور تقریرات (یعنی احادیث) کا ایک عظیم سرمایہ امت مرحومہ کو عطاء فرمایا۔

انہی اصحاب بصیرت حضرات میں ایک نمایاں نام علامہ دینوری رحمہ اللہ کا بھی ہے جو''ابن السنی'' کے نام سے بھی دنیائے علم میں معروف ہیں۔آپ کا اسم گرامی احمد بن محمد بن اسحاق بن ابراہیم بن اسباط بن عبداللہ بن ابراہیم بن بُدَیح ہے، جو زیر نظر کتاب ''عمل الیوم واللیلۃ'' کے مؤلف ہیں۔

علامہ دینوری رحمہ اللہ تقریباً 280ھ 894ء میں پیدا ہوئے اور 364ھ 974ء میں وصال فرمایا۔آپ دیگر علوم متداولہ میں کمال فہم رکھنے کے ساتھ ساتھ علم حدیث میں بھی ممتاز مقام رکھتے تھے،فن حدیث میں آپ کی ثقاہت مسلمہ ہے، اصحاب سنن میں سے حضرت امام نسائی جیسے جلیل القدر ائمہ حدیث کے راویوں میں شمار ہونا آپ کے علوِ مرتبت کی ایک بین دلیل ہے۔

دیگر محدثین کرام کی طرح آپ بھی حصولِ حدیث کے شوق میں اکثر سفر کی صعوبتیں اٹھاتے اور دور دراز کے سفر اختیار فرماتے، جن علاقوں میں آپ تلاش علم کے لیے تشریف لیے گئے ان میں عراق، مصر، شام اور جزیرہ وغیرہ شامل ہیں، آپ کے اساتذہ میں ابوخلیفہ الجمحی، حضرت امام نسائی، محدث زکریا الساجی اور علامہ باغندی کے علاوہ کئی نامور محدثین کرام ہیں رحمہم اللہ۔

''علامہ ابن السنی رحمہ اللہ'' نے جو تصانیف یادگار چھوڑی ہیں ان میں: ''عمل الیوم واللیلۃ، القناعۃ، الطب النبوی، الصراط المستقیم، اور فضائل الاعمال'' شامل ہیں، اس کے علاوہ آپ نے سنن نسائی کی تلخیص بھی کی جو''المجتبیٰ'' کے نام سے موسوم ہوئی۔

ایک دن آپ حدیث رسول کریم لکھ رہے تھے کہ قلم ہاتھ سے رکھا اور دونوں ہاتھ بارگاہِ ایزدی میں دعا کے لیے اٹھائے اور اسی حالت میں اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر دی۔

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ سے ہر دور میں امت مسلمہ رہنمائی حاصل کرتی رہی اور تا قیامت

''وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ'' کا ظہور ہوتا رہے گا، البتہ دورِ حاضر میں جبکہ طاغوتی طاقتیں اسلام اور بانئ اسلام کے آثار و افکار کو ختم کرنے کے درپے ہیں اور مسلمانوں کو ثافت، تہذیب یا کلچر کے نام سے بے حیائی، فحاشی اور اسلام دشمنی کا درس دیا جارہا ہے، ایسے حالات میں انتہائی ضروری ہے کہ عام مسلمانوں کو عمومی طور پر اور ''خاص مسلمانوں'' کو خصوصی طور پر اس ثقافت اور تہذیب سے روشناس کرایا جائے جو خاتم النبیین حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے امت کو اسلامی ثقافت کے نام سے عطا کی تا کہ ہم اپنے شب و روز ہادی امم کی ہدایت کے مطابق بسر کر سکیں، اس ضرورت کے پیش نظر ''عمل الیوم واللیلۃ'' جیسی عظیم کتابوں کو عصری زبانوں میں ترجمہ کر کے پیش کرنا ایک اہم دینی ذمہ داری ہے۔

مجھے یہ جان کر انتہائی مسرت ہوئی کہ ہمارے ایک دیرینہ دوست حضرت علامہ مولانا محمد شکیل الحق صاحب زید علمہ و مجدہ نے اس اہم ذمہ داری کو بکمالِ خوبی نبھایا اور عالم کفر کے قلب (برطانیہ) میں بیٹھ کر بھی اپنے قلب سلیم کو عشق مصطفیٰ ﷺ سے منور رکھا اور علامہ ابن السنی کے تالیف کردہ مجموعۂ احادیث ''عمل الیوم واللیلۃ'' کا سلیس اردو ترجمہ فرمایا، اَللّٰهُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

اور یہ معلوم کر کے میری مسرت دو چند ہوگئی کہ یہ عظیم علمی خدمت سرانجام دینے کی تحریک مولانا اختر حبیب اختر صاحب لاہوری مدظلہ کی جانب سے ہے، ہر دو صاحبان خانقاہِ غوثیہ مہریہ گولڑا شریف کے سلسلۂ مہر و محبت سے جڑے ہوئے ہیں۔

اللہ کریم سے دعا ہے کہ وہ ہماری توفیقات میں برکت عطاء فرمائے۔ اور مولانا شکیل الحق صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی اس علمی کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما کر امت محمدیہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے لیے نفع بخش بنائے، آمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین۔

سید محمد عزیز الرحمن شاہ

جامعہ بغدادیہ، گولڑا شریف، اسلام آباد، پاکستان

تقریظ

یادگار اسلاف شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد اشرف چشتی صاحب زید مجدہٗ دربار عالیہ گولڑہ شریف اسلام آباد

الحمدللہ عزیز محترم مولوی اختر حبیب اختر صاحب چشتی گولڑوی المعروف فاضل لاہوری کی تحریک پر فاضل جلیل مولوی محمد شکیل الحق صاحب سلمہ ربہ نزیل برطانیہ نے محدثِ شہیر علامہ ابن سنی رحمہ اللہ جو صاحب سنن امام نسائی کے تلمیذ رشید اور رواۃ نسائی میں سے ہیں کی کتاب ''عمل الیوم والیلۃ'' کا ترجمہ کر کے ایک کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ اللہ عزوجل ان کی اس کاوش کوسعی مشکور فرمائے۔

مولوی شکیل الحق صاحب حضرت سیدنا قبلہ عالم پیر مہر علی شاہ رحمہ اللہ کی قائم کردہ درسگاہ جامعہ غوثیہ مہریہ گولڑہ شریف کے فیض یافتہ ہیں اور اپنے والدِ گرامی کی طرح اپنے مشائخ سے قوی نسبت رکھنے والے ہیں۔ انہیں ایک عرصہ سے رمضان المبارک میں حضرت قبلہ عالم گولڑوی کے مزار پرانوار پر قرآن مجید تراویح میں سنانے کا شرف حاصل ہے۔ ایں سعادت بزور بازو نیست۔

اس مجموعۂ احادیث کا ترجمہ کرنے پر اس فقیر کی دعا ہے اللہ جل مجدہ مترجم اور اس کارخیر پر آمادہ کرنے والے کو خدام احادیث نبویہ کی فہرست میں شمار فرمائے۔

ہر کہ خدمت کرد او مخدوم شد
ہر کہ خود را دید او محروم شد

فقیر محمد اشرف چشتی عفی عنہ
من خدام الجامعہ الغوثیہ المہریہ
گولڑہ شریف 22 صفر المظفر 1335 ہجری

تقریظ

شیخ الحدیث والتفسیر جگر گوشہ و جانشین فقیہ اعظم پاکستان حضرت علامہ مولانا مفتی محمد لطف اللہ نوری زید مجدہٗ

الحمدللہ رب العٰلمین و الصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ سیدنا محمد رحمۃٍ للعٰلمین و آلہ و اصحابہ اجمعین.

میں نے علامہ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی کا تحریر کردہ ترجمہ ''عمل الیوم واللیلۃ'' پر دیکھا۔ یہ کتاب علماء میں ایک بلند مقام کی حامل ہے۔ اس کے مصنف علامہ ابن السنی تیسری صدی ہجری کے اکابر محدثین میں سے ہیں اور سنن نسائی کے مصنف کے استاذ بھائی ہیں کتاب ''عمل الیوم واللیلۃ'' کی اسانید اور سنن نسائی کی اسانید کو ملا کر دیکھنے سے یہ حقیقت منکشف ہوتی ہے کہ اس کی اکثر اسانید صحیح اور حسن ہیں۔

فاضل مترجم نے اس کا ترجمہ کر کے تعلیمات رسول کریم ﷺ کی تبلیغ کا فریضہ احسن انداز میں ادا فرمایا ہے۔ اور مسلک اہل سنت کے مفید ترین لٹریچر میں ایک اور انتہائی ہر دلعزیز انمول ہیرے کا اضافہ کیا ہے۔ میں نے چیدہ چیدہ مقامات سے ترجمہ دیکھا۔ ماشاء اللہ بہت اچھی کاوش ہے۔ رب العٰلمین ذوق تحریر میں اضافہ اور مزید روانی پیدا فرمائے۔ فاضل مترجم سے مزید جواہر پاروں کو منظر عام پر لانے کی توقع ہے۔ آمین

مفتی محمد لطف اللہ نوری اشرفی عفی عنہ

خادم الحدیث و الفقہ جامعہ بدر العلوم نور القرآن بصیر پور

تقریظ

پیر طریقت، رہبر شریعت، جگر گوشۂ امام الصرف والنحو، نواسۂ فقیہ اعظم پاکستان، شیخ الحدیث الحاج مفتی محمد اسد اللہ نوری اشرفی زید مجدہٗ جامعہ غوثیہ رضویہ گلبرگ مین مارکیٹ، لاہور

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم:

حضرت علامہ ابن السّنی کی تصنیف منیف ''عمل الیوم واللیۃ'' کا پیش نظر ترجمہ علامہ محمد شکیل الحق گولڑوی ﷾ کا جستہ جستہ مقام سے مطالعہ کیا تو حضرت مترجم کی مفید کاوش پائی۔

مترجم موصوف گولڑہ شریف کے آستانہ عالیہ سے منسلک ہیں اور اسی چشمۂ علم وحکمت سے سیراب وفیضیاب ہوکر بمصداق:

لِيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا اِلَيْهِمْ.

کے بمصداق یوکے کی سرزمین میں دین متین کی اشاعت کے لیے کوشاں ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کی اس تحریری سعی کو مشکور فرمائے اور ان کی جملہ مساعی جمیلہ جو وہ دین کی اشاعت میں کر رہے ہیں ثمر آور فرمائے اور اشاعت دین کے ہر میدان تقریر وتحریر اور تبلیغ وتدریس میں انہیں کامیابیاں وکامرانیاں نصیب کرے اور مسلک حق اہلسنت وجماعت کے پرچار کی مزید توفیق مرحمت فرمائے۔

بجاہ سید الکونین ﷺ والہ و صحبہ و بارك و سلم.

محمد اسد اللہ نوری عفی عنہ

جامعہ غوثیہ رضویہ گلبرگ لاہور

بَابُ حِفْظِ اللِّسَانِ وَاشْتِغَالِهِ بِذِكْرِ اللهِ تَعَالَى

زبان کی حفاظت اور اس کے اللہ تعالیٰ کے ذکر میں مشغول ہونے کا بیان

أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحَبَابِ الْجُمَحِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الصَّهْبَاءِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ - أَظُنُّهُ رَفَعَهُ - فَقَالَ: إِذَا أَصْبَحَ ابْنُ آدَمَ، فَإِنَّ الْأَعْضَاءَ تُكَفِّرُ اللِّسَانَ وَتَقُولُ: اتَّقِ اللّٰهَ فِينَا، فَإِنِ اسْتَقَمْتَ اسْتَقَمْنَا، وَإِنِ اعْوَجَجْتَ اعْوَجَجْنَا.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب ابن آدم صبح کرتا ہے تو تمام اعضاء (بدن) زبان کو قسم دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ تو ہمارے معاملے میں ڈرنا، کیونکہ اگر تو سیدھی رہی تو ہم بھی سیدھے رہیں گے اور اگر تو ٹیڑھی ہوئی تو ہم بھی ٹیڑھے ہو جائیں گے۔''[1]

[2] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللهِ بْنِ الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: آخِرُ كَلِمَةٍ فَارَقْتُ عَلَيْهَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ، أَخْبِرْنِي بِأَحَبِّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ عَزَّوَجَلَّ. قَالَ: أَنْ تَمُوتَ وَلِسَانُكَ رَطْبٌ مِنْ ذِكْرِ اللهِ تَعَالَى﴾.

''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ وہ آخری کلمہ جس پر میں رسول اللہ ﷺ سے جدا ہوا تھا (یہ تھا کہ) میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے اللہ عزوجل کے نزدیک بہترین عمل کے بارے میں بتائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ (ہے کہ) تجھے اس حال میں موت آئے کہ تیری زبان اللہ تعالیٰ کے ذکر سے تر ہو۔''[2]

[3] حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ أَنُ أَحْمَدَ بْنِ ذَكْوَانَ، وَمَحْمُودُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ يَزِيدُ بْنُ يَحْيَي الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنِي ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ

---

[1] رواہ الترمذی رقم 2409 فی الزھد: باب ما جاء فی حفظ اللسان مرفوعاً وموقوفاً، وزاد نسبتہ الحافظ السیوطی فی، جامع الصغیر' لابن خزیمۃ والبیھقی فی، شعب الایمان' وھو حدیث حسن، کما قال الالبانی فی، تخریج للشکاۃ' رقم 4836.

[2] رواہ البخاری فی، خلق افعال العباد، صفحہ 81-80 وابن حبان رق 2318، مواد، قال فی، للجمع، 74/10: ورواہ الطبرانی باسانید، وفی ہذہ الطریق خالد بن یزید بن عبدالرحمن بن ابی مالک، ضعفہ جماعۃ، ووثقہ ابو زرعۃ الدمشقی وغیرہ، وبقیۃ رجالہ ثقات، ورواہ البزار من غیر طریق الا انہ قال: اخبرنی بافضل الاعمال واقربہ الی اللہ، واسنادہ حسن، کما قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 1836۔

مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ يَتَحَسَّرُ اَهْلُ الْجَنَّةِ عَلَى شَيْءٍ إِلَّا عَلَى سَاعَةٍ مَرَّتْ بِهِمْ لَمْ يَذْكُرُوا اللّٰـه عَزَّ وَجَلَّ فِيهَا.

''حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنتیوں کو کسی چیز پر حسرت نہ ہوگی سوائے اس گھڑی کے جس میں انہوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کیا ہوگا۔''[1]

[4] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ دَرَّاجٍ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَكْثِرُوا ذِكْرَ اللهِ تَعَالَى حَتَّى يُقَالَ مَجْنُونٌ.

''حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کا ذکر اس کثرت سے کرو کہ تمہیں مجنون کہا جانے لگے۔''[2]

[5] أَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ خُنَيْسٍ الْمَكِّيُّ، قَالَ: دَخَلْنَا عَلَى سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ نَعُودُهُ فِي مَرَضٍ كَانَ بِهِ، فَدَخَلَ عَلَيْنَا سَعِيدُ بْنُ حَسَّانَ الْمَخْزُومِيُّ، فَقَالَ لَهُ سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ: الْحَدِيثُ الَّذِي حَدَّثْتَنِي بِهِ عَنْ أُمِّ صَالِحٍ، ارْدُدْهُ عَلَيَّ. قَالَ: فَقَالَ سَعِيدٌ: نِعْمَ الْحَدِيثُ الَّذِي حَدَّثَتْنِي بِهِ أُمُّ صَالِحٍ، عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَلَامُ ابْنِ آدَمَ كُلُّهُ عَلَيْهِ لَا لَهُ، إِلَّا اَمْرٌ بِمَعْرُوفٍ، اَوْ نَهْيٌ عَنْ مُنْكَرٍ، اَوْ ذِكْرُ اللهِ تَعَالَى.

''زوجہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ابن آدم کے لیے اس کا ہر کلام وبال ہوگا۔ سوائے (اس کے) نیکی کے حکم کرنے اور برائی سے روکنے یا اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنے کے۔''[3]

---

[1] قال الہیثمی فی، للمجمع، 74/10، روہ الطبرانی ورجالہ ثقات، وفی شیخ الطبرانی محمد بن ابراہیم الصوری خلاف، قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 5322، صحیح۔

[2] رواہ احمد فی، للمسند، 58/3 و71، والحاکم فی، المستدرک، 499/1 وھو حدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، الاحادیث الضعیفۃ، رقم 517۔

[3] رواہ الترمذی رقم 2414 فی الزہد: باب رقم 63، وابن ماجہ رقم 3974 فی الفتن: باب کف اللسان فی الفتنۃ، وقال الترمذی: ہذا حدیث غریب۔ وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4288۔

[6] اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ الْمَرْوَزِيُّ، بِبَغْدَادَ، اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، رَضِيَ الله عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ الله اَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَسَبَ كَلَامَهُ مِنْ عَمَلِهِ، قَلَّ كَلَامُهُ إِلَّا فِيمَا يَعْنِيهِ.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو اپنے کلام کا اپنے عمل سے محاسبہ کرتا ہے تو اس کا کلام کم ہو جاتا ہے سوائے با مقصد کلام کے۔''①

[7] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا مُوسَي بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، وَاَخْبَرَنِي اَبُو اَحْمَدَ الصَّيْرَفِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِشْكَابَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ عُمَرَ، اطَّلَعَ عَلَي اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ الله تَعَالَي عَنْهُمَا وَهُوَ يَمُدُّ لِسَانَهُ، فَقَالَ: مَا تَصْنَعُ يَا خَلِيفَةَ رَسُولِ الله صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: إِنَّ هَذَا اَوْرَدَنِي الْمَوَارِدَ، إِنَّ رَسُولَ الله صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ شَيْءٌ مِنَ الْجَسَدِ إِلَّا وَهُوَ يَشْكُو ذَرْبَ اللِّسَانِ. وَقَالَ ابْنُ إِشْكَابَ. وَقَالَ ابْنُ إِشْكَابَ: إِلَّا وَهُوَ يَشْكُو إِلَي الله عَزَّ وَجَلَّ اللِّسَانَ عَلَي حِدَّتِهِ.

''حضرت زید بن اسلم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس گئے تو وہ اپنی زبان کو کھینچ رہے تھے تو انہوں (حضرت عمر) نے کہا: اے رسول اللہ کے خلیفہ! یہ آپ کیا کر رہے ہیں تو (حضرت ابوبکر نے) فرمایا کہ بلاشبہ اس نے مجھے ہلاکتوں میں لا کھڑا کیا ہے۔ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جسم میں کوئی چیز (عضو) ایسی نہیں ہے جو زبان کی تیزی کی شکایت نہ کرتی ہو۔''②

اور ابن اشکاب نے کہا کہ ''مگر وہ اللہ عزوجل سے صرف زبان کی ہی شکایت کرتی ہے۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ

آدمی جب اپنی نیند سے بیدار ہو تو کیا پڑھے

[8] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، رَضِيَ الله عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ الله صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ: الْحَمْدُ لله الَّذِي اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ.

① واسنادہ ضعیف جداً، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5567۔

② رواہ ابو یعلی فی، مسند، رقم 6 قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 535: الحدیث صحیح الاسناد علی شرط البخاری۔

''حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب (نیند سے) بیدار ہوتے تو کہتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا﴾.

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمیں ہماری موت کے بعد زندگی عطا فرمائی۔''①

[9] نَوْعٌ آخَرُ مِنَ الْقَوْلِ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ حَفْصٍ التُّسْتَرِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا اسْتَيْقَظَ اَحَدُكُمْ، فَلْيَقُلِ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي رَدَّ عَلَيَّ رُوحِي، وَعَافَانِي فِي جَسَدِي، وَاَذِنَ لِي بِذِكْرِهِ.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی (اپنی نیند سے) بیدار ہوتو وہ پڑھے:''

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ عَلَيَّ رُوْحِيْ وَعَافَانِيْ فِيْ جَسَدِيْ وَاَذِنَ لِيْ بِذِكْرِهٖ﴾.

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھ پر میری روح کو لوٹایا اور مجھے میرے بدن میں عافیت عطا فرمائی اور مجھے اپنے ذکر کرنے کی اجازت بخشی۔''②

[10] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ مُوسَي بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ نَابِلٍ، صَاحِبِ الْعَبَاءِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ عَبْدٍ يَقُولُ حِينَ رَدَّ اللهُ إِلَيْهِ رُوحَهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ .وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، إِلَّا غَفَرَ اللهُ لَهُ ذُنُوبَهُ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ .

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتی ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جو بندہ بھی جب اللہ تعالیٰ اس پر اس کی روح کو لوٹائے یہ پڑھے:

① رواہ البخاری 96/11 فی الدعوات: باب مایقول اذانام، وباب وضع الید الیمنی تحت الخد الایمن، وباب مایقول اذا اصبح، وفی التوحید: باب السؤال باسماء اللہ تعالیٰ، وابو داود رقم 5049 فی الادب: باب مایقال عند النوم، والترمذی رقم 3413 فی الدعوات: باب مایدعو بہ عند النوم، وابن ماجہ رقم 3880 فی الدعاء: باب مایدعو بہ اذا انتبہ من اللیل، واحمد فی المسند 385/5 و 397 و 399 و 407۔

② رواہ الترمذی رقم 3398 فی الدعوات: باب رقم 20، والنسائی فی عمل الیوم واللیلۃ، رقم 866 و اسنادہ حسن۔ کما قال الالبانی فی صحیح الجامع، رقم 326 و صححہ النووی فی الاذکار، رقم 40 من طبعتنا۔ قال السیوطی فی تحفۃ الابرار بنکت الاذکار، 4/ب۔1/5: قال الحافظ ابن حجر: اخرجہ الترمذی والنسائی، فما ادری لما غفل للمصنف، یعنی النوی، عزوہ الیھما واقتصر علی عزوہ الی ابن السنی۔ قال: واما قولہ: انہ صحیح الاسناد، ففیہ نظر، فانہ من افراد محمد بن قبیل الحسن، وانما یصحح لہ من یدرج الحسن فی الصحیح، ولیس ذلک من رای الشیخ۔ اھـ

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾.

''اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے، اور تمام تعریفیں اسی کے لیے ہیں اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔''①

تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو معاف فرما دیتا ہے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

[11] حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فِيمَا يَظُنُّ يَحْيَى، هَكَذَا قَالَ فُضَيْلٌ - قَالَ: مَنْ قَالَ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ: سُبْحَانَ الَّذِي يُحْيِي الْمَوْتَى، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذُنُوبِي يَوْمَ تَبْعَثُنِي مِنْ قَبْرِي، اَللّٰهُمَّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: صَدَقَ عَبْدِي وَشَكَرَ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جس آدمی نے اپنی نیند سے بیداری پر پڑھا:

﴿سُبْحَانَ الَّذِيْ يُحْيِي الْمَوْتٰي وَهُوَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ ذُنُوْبِيْ يَوْمَ تُبْعَثُنِيْ مِنْ قَبْرِيْ، اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تُبْعَثُ عِبَادَكَ﴾.

''پاک ہے وہ ذات جس نے مردہ کو زندہ کیا اور وہ ہر شے پر قادر ہے، اے اللہ! میرے لیے میرے گناہ بخش دینا جس دن تو مجھے میری قبر سے اٹھائے، اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے (اس دن) پناہ دینا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔''②

[12] أَخْبَرَنِي أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا دَخَلَ بَيْتَه، وَأَوٰي إِلَى فِرَاشِه، ابْتَدَرَه مَلَكُه وَشَيْطَانُه، يَقُولُ

① قال ابن علان فی «الفتوحات» 1/293-292: قال الحافظ: الحديث ضعيف جداً، اخرج الحسن بن سفيان فی «مسند» عن عبد الوهاب بن ضحاك، وعبد الوهاب المذكور كذبه ابو حاتم و ابو داود وغيرهما، واسماعيل بن عياش شيخه مختلف فيه، لكن اتفقوا على ان روايته عن الشامين ضعيفة وهذا منها، ومحمد بن اسحاق شيخ اسماعيل فی هذا الحديث مدنی تحول الى العراق، وقد وجدت هذا الحديث مسند ابن ابی اسامة من طريق الليث بن سعد عن اسحاق بن عبد الله بن ابی فروة عن موسی بن وردان عن نابل صاحب العباء عن عائشة واسحاق ضعيف جداً، ولعل اسماعيل سمع منه لفظه عن ابی اسحاق، وموسی وشيخه نابل مختلف فی كل منهما۔ اھ۔

② فی اسناده عطية بن سعد بن جنادة العوفی، قال عنه الحافظ فی «التقريب»: صدوق يخطیء كثيراً، وكان شيعياً مدلساً۔ وفيه ايضاً فضيل بن مرزوق، قال ابن حبان: منكر الحديث كان ممن يخطیء على الثقات، ويروی عن عطية الموضوعات۔

الشَّيْطَانُ: اخْتِمْ بِشَرٍّ. وَيَقُوْلُ الْمَلَكُ: اخْتِمْ بِخَيْرٍ. فَإِنْ ذَكَرَ اللّٰـه عَزَّ وَجَلَّ وَحَمِدَهُ طَرَدَ الْمَلَكُ الشَّيْطَانَ، وَظَلَّ يَكْلَوُهُ، وَإِنْ هُوَ انْتَبَهَ مِنْ مَنَامِهِ ابْتَدَرَهُ مَلَكُهُ وَشَيْطَانُهُ، فَيَقُولُ لَهُ الشَّيْطَانُ: افْتَحْ بِشَرٍّ. وَيَقُولُ لَهُ الْمَلَكُ: افْتَحْ بِخَيْرٍ. فَإِنْ هُوَ قَالَ: الْحَمْدُ اللهِ الَّذِي رَدَّ إِلَيَّ نَفْسِي بَعْدَ مَوْتِهَا، وَلَمْ يُمِتْهَا فِي مَنَامِهَا، الْحَمْدُ اللهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا، وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِنْ بَعْدِهِ إِنَّه كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا وَقَالَ: اَلْحَمْدُ لِلّٰـه الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ، إِنَّ اللّٰـه بِالنَّاسِ لَرَؤُوفٌ رَحِيمٌ ، فَإِنْ هُوَ خَرَّ مِنْ فِرَاشِهِ فَمَاتَ كَانَ شَهِيدًا، وَإِنْ قَامَ يُصَلِّيْ صَلّٰي فِيْ فَضَائِلَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جب بندہ اپنے گھر میں داخل ہوتا ہے اور اپنے بستر کی طرف آتا ہے تو شیطان اور فرشتہ اس کی طرف دوڑ کر آتے ہیں۔ شیطان اس سے کہتا ہے: برائی پر ختم کر اور فرشتہ اس سے کہتا ہے: نیکی پر ختم کر۔ سو اگر وہ بندہ اللہ عزوجل کا ذکر اور اس کی تعریف کرتا ہے تو فرشتہ شیطان کو دور کر دیتا ہے اور اس کی حفاظت کرتا ہے۔[1]

اور جب وہ اپنی نیند سے بیدار ہوتا ہے تو بھی فرشتہ اور شیطان اس کی طرف دوڑ کر آتے ہیں۔ شیطان اس سے کہتا ہے: برائی سے شروع کر! اور فرشتہ اس سے کہتا ہے: نیکی سے شروع کر! سو اگر وہ (بندہ) یہ کہتا ہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰـه الَّذِي رَدَّ إِلَيَّ نَفْسِيْ بَعْدَ مَوْتِهَا، وَلَمْ يُمِتْهَا فِي مَنَامِهَا، اَلْحَمْدُ لِلّٰـه الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا، وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ إِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا﴾

"تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ذات کے لیے ہیں جس نے میری روح کو اس کی موت کے بعد لوٹایا اور اسے نیند میں موت نہیں دی، اور تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے آسمانوں اور زمین کو گرنے سے روک رکھا ہے اور اگر یہ گر جائیں تو اس کے بعد انھیں کوئی ایک بھی روک کر رکھنے والا نہیں ہے۔ بے شک وہ بڑا بردبار بخشنے والا ہے۔"

اور یہ پڑھے:

---

[1] قال الهيثمي في، المجمع، 10/120: ابو يعلى ورجاله رجال الصحيح غير ابراهيم ابن الحجاج السامي وهو ثقة، ورواه ابن حبان في، صحيحه، رقم 2362، موارد، في الاذكار: باب مايقول إذا اصبح واذا امسى ـــ الخ، والحاكم في، المستدرك، 1/848، وصححه ووافقه الذهبي، ورجاله ثقات۔ قوله، ان امسكهما، ان نافيه.

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَي الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ، اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ.﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے آسمان کو زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے، سوائے اس کے حکم کے، بے شک اللہ تعالیٰ لوگوں پر بہت مہربان رحم فرمانے والا ہے۔''

سو اگر وہ بندہ اپنے بستر پر گر جائے اور اسے موت آجائے تو وہ شہید ہے اور اگر اٹھ کر نماز پڑھے تو اس کی نماز فضائل والی ہے۔

[13] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنِي اَبُو الْعَبَّاسِ الْجَرَادِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمَدَائِنِيِّ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰه عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰه عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰه صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:
﴿مَا مِنْ رَجُلٍ يَنْتَبِهُ مِنْ نَوْمِهٖ فَيَقُولُ: اَلْحَمْدُ اللّٰه الَّذِي خَلَقَ النَّوْمَ وَالْيَقْظَةَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰه الَّذِي بَعَثَنِي سَالِمًا سَوِيًّا. اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰه يُحْيِي الْمَوْتَي، وَهُوَ عَلَي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اِلَّا قَالَ اللّٰهُ: صَدَقَ عَبْدِيْ﴾

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنی نیند سے بیدار ہونے پر یہ پڑھے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰه الَّذِيْ خَلَقَ النَّوْمَ وَالْيَقْظَةَ. اَلْحَمْدُ لِلّٰه الَّذِيْ بَعَثَنِيْ سَالِمًا سَوِيًّا. اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِي الْمَوْتٰى، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے نیند اور بیداری کو پیدا فرمایا، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے صحیح سلامت پیدا کیا، میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک اللہ ہی زندہ کرتا ہے مردہ کو اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا لَبِسَ ثَوْبَهٗ

جب آدمی کپڑے پہنے تو کیا پڑھے؟

[14] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰه بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُرَّةَ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ

[1] اسنادہ ضعیف۔

الْجَرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا لَبِسَ ثَوْبًا سَمَّاهُ قَمِيصًا أَوْ رِدَاءً أَوْ عِمَامَةً يَقُولُ:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا هُوَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا هُوَ لَهُ

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی کپڑا پہنتے تو اس کا نام رکھتے قمیص یا چادر یا عمامہ آپ کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا هُوَ لَهُ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا هُوَ لَهُ﴾

''اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کی بھلائی کا جس کے لیے یہ ہے اور میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کی برائی سے اور اس کی برائی سے جس کے لیے یہ ہے۔''①

[15] حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ الرَّازِيُّ بِمِصْرَ حَدَّثَنَا أَبُو زُرْعَةَ الرَّازِيُّ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا قَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو مَسْعُودٍ الْجَرِيرِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّ الرَّجُلَ لَيَبْتَاعُ الثَّوْبَ بِدِينَارٍ أَوْ بِنِصْفِ دِينَارٍ فَيَلْبَسُهُ، فَمَا يَبْلُغُ كَعْبَيْهِ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ يَعْنِي مِنَ الْحَمْدِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک آدمی ایک دینار یا آدھے دینار کے بدلے کپڑا خریدتا ہے پھر اس کو پہنتا ہے تو وہ کپڑا اس کے ٹخنوں تک بھی (پہننے کے دوران) نہیں پہنچتا کہ اس کی مغفرت کر دی جاتی ہے یعنی (کپڑا پہنتے وقت) اس کی (اللہ تعالیٰ کی) حمد کرنے کے ساتھ ہی (اس کے گناہ بخش دیے جاتے ہیں)۔②

بَابُ كَيْفِيَّةِ لُبْسِ الثَّوْبِ

کپڑے کیسے پہنے؟

[16] أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، أَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا تَوَضَّأْتُمْ أَوْ لَبِسْتُمْ فَابْدَؤُوا بِمَيَامِنِكُمْ.

① ابوداود رقم 4020 فی اللباس فی فاتحته، والترمذی رقم 1767 فیه: باب مایقول اذا لبس ثوباً جدیداً، واحمد فی المسند، 3/30 و 50، صححه ابن حبان رقم 1442 والحاکم 1/192 وقال: علی شرط مسلم، ووافقه الذهبی.

② قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 1450: ضعیف۔ فیه القاسم بن مالک المزنی، قال الحافظ فی، التقریب: صدوق فیه لین.

''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم وضو کرو یا کپڑے پہنو تو اپنی دائیں طرف سے ابتداء کرو۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ
جب لیٹرین میں داخل ہو تو کیا پڑھے؟

[17] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَهُشَيْمٌ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب لیٹرین میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ﴾

''اے اللہ میں تجھ سے خبیث جنوں اور خبیثہ جنیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔''②

[18] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْغَائِطَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب واش روم میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ﴾

''اے اللہ! میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں پلید، نجس، خبیث، گندے شیطان مردود سے۔''③

---

① رواہ ابو داود رقم 4141 فی اللباس: باب فی الانتعال، والترمذی رقم 1766 فی اللباس: باب ماجاء فی القمیص، وابن ماجہ رقم 402 فی الطھارۃ: باب الثیمن فی الوضوی، وھو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 467.

② رواہ البخاری 212/1 فی الوضو: باب مایقول عند الخلای، وفی، الادب المفرد، رقم 692 و مسلم رقم 375 فی الحیض: باب مایقول اذا اراد دخول الخلای، وابو داود رقم 4 و 5 فی الطھارۃ: باب مایقول الرجل اذا دخل الخلای، والترمذی رقم 5 فی الطھارۃ، والنسائی 20/1 فی الطھارۃ: باب القول عند دخول الخلای، واحمد فی، المسند، 99/3 و 101 و 282 وانظر، ارواء الغلیل، للالبانی رقم 51.

③ فی عنعنۃ الحسن وقتادۃ، ورواہ ایضاً ابن ماجہ رقم 299 فی الطھارۃ: باب مایقول الرجل اذا دخل الخلاء من حدیث ابی امامۃ رضی اللہ عنہ، وفی سندہ عبید اللہ بن زحر وھو صدوق یخطی، وعلی بن جدعان الالھانی وھو ضعیف، ولکن للحدیث شواھد۔ انظر، الفتوحات البانیۃ، 385/1-386۔

[19] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنِي أَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ نُدْبَةَ، عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ أَبِي زَائِدَةَ، عَنِ النَّخَعِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ: يَا ذَا الْجَلَالِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب واش روم میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿يَا ذَا الْجَلَالِ﴾

''اے جلال والے۔''①

بَابُ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ دُخُولِ الْخَلَاءِ

لیٹرین میں داخل ہوتے وقت بسم اللہ پڑھنا

[20] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ، وَأَبُو يَعْلَى قَالَا: حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ أَبِي عُمَارَةَ الذَّارِعُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: هَذِهِ الْحُشُوشُ مُحْتَضَرَةٌ، فَإِذَا دَخَلَ أَحَدُكُمُ الْخَلَاءَ فَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللهِ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: یہ (واش رومز) شیطانوں کی حاضری کی جگہیں ہیں سو جب تم میں سے کوئی ایک واش روم میں داخل ہو تو اسے چاہیے کہ کہے:''

﴿بِسْمِ اللهِ﴾.

''اللہ کے نام سے۔''②

بَابُ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ الْجُلُوسِ عَلَى الْخَلَاءِ

لیٹرین میں بیٹھتے وقت بسم اللہ پڑھنا

[21] أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ قَحْطَبَةَ الصَّيْقَلِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ

① وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4394.

② وھو حدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 6098 وقال: صح بلفظ، ان ہذہ الحشوش محتضرۃ فإذا اتی احدکم الخلاء فلیقل: اعوذ باللہ من الخبث والخبائث، نظر، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 1070۔ کما یشھد لاخرہ الحدیث الاتی، ستر ما بین الجن وعورات بنی آدم اذا دخل الخلاء ان یقول: بسم اللہ.

الصُّدَائِيُّ، حَدَّثَنَا أَصْرَمُ بْنُ حَوْشَبٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ الْعَلَاءِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سِتْرُ مَا بَيْنَ أَعْيُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِي آدَمَ إِذَا جَلَسَ أَحَدُكُمْ عَلَى الْخَلَاءِ أَنْ يَقُولَ: بِسْمِ اللهِ حِينَ يَجْلِسُ.

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنوں کی آنکھوں اور آدمیوں کی آنکھوں کے درمیان پردہ یہ ہے کہ جب تم میں سے کوئی واش روم میں داخل ہو تو اسے چاہیے کہ (رفع حاجت کے لیے) بیٹھتے وقت (دل میں) ''بسم الله'' پڑھ لیا کرے۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ

جب لیٹرین سے باہر نکلے تو کیا پڑھے؟

[22] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ أَبِي بُكَيْرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي الْفَيْضِ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذَى وَعَافَانِي.

''حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب واش روم سے باہر نکلتے تو کہتے۔''

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَذْهَبَ عَنِّي الْأَذٰي وَعَافَانِيْ﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھ سے تکلیف کو دور کر دیا اور مجھے عافیت عطا فرمائی۔''②

[23] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ نَصْرٍ، عَنْ يَحْيَي بْنِ أَبِي بُكَيْرٍ، عَنْ إِسْرَائِيلَ، عَنْ يُوسُفَ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهَا قَالَتْ: مَا خَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَائِطِ إِلَّا قَالَ: غُفْرَانَكَ.

---

① فی اسناده اصرم بن حوشب، قال ابن حبان! كان يضع الحديث على الثقات و قال ابن معين: كذاب خبيث، و كذلك يحيى بن العلاء كذاب، لكن صححه الالبانی من طرق اخرى، انظر، الارواء، رقم 50۔

② اسناده ضعيف، ورواه من حديث أنس رضى الله عنه، ابن ماجه رقم 301 فى الطهارة: باب مايقول اذا خرج من الخلاء، واسناده ضعيف ايضا۔ قال الحافظ فى، تخريج الاذكار، كما فى، الفتوحات الربانيه، 1/405: وحديث ابى ذر حسن، وقال: وجاء عن انس حديث آخر ياتى فى شواهد حديث ابن عمر، ثم قال: وله ولحديث ابى ذر شاهد من حديث حذيفة وابى الدرداء، اخرجه ابن ابى شيبة عنهما موقوفا بلفظ ابى ذر۔ انظر، والارواء، رقم 53.

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بھی واش روم سے باہر نکلتے تو کہتے:''

﴿غُفْرَانَكَ﴾

''میں تجھ سے مغفرت چاہتا ہوں۔''①

[24] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحِ بْنِ عَمِيرَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ بُكَيْرٍ اَبُو جَنَابٍ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَدَوِيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ الدَّانَاجُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ مِنَ الْغَائِطِ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب واش روم سے باہر تشریف لاتے تو پڑھتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْسَنَ إِلَيَّ فِيْ اَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے اس کے اول اور آخر میں میرے ساتھ احسان فرمایا۔''②

[25] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللهِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعَبْسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ دُوَيْدِ بْنِ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ:اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ.وَإِذَا خَرَجَ قَالَ: الْحَمْدُ اللهِ الَّذِي اَذَاقَنِي لَذَّتَهُ، وَاَبْقَى فِيَّ قُوَّتَهُ، وَاَذْهَبَ عَنِّي اَذَاهُ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ جب واش روم میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الرِّجْسِ النَّجِسِ الْخَبِيْثِ الْمُخْبِثِ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی پلید، خبیث، گندے شیطان مردود سے۔''

اور جب باہر آتے تو کہتے:

① رواه البخاری فی، الادب المفرد، رقم 693، والدارمی رقم 686، واحمد فی المسند، 155/6، وابو داؤد رقم 30 فی الطهارة: باب ما يقول اذا خرج من الخلاء، وابن ماجه رقم 300، والحاكم 158/1، وصححه ووافقه الذهبی، وحسنه الترمذی، وهو كما قال، وصححه ابن خزيمة رقم 90، وقال النووی فی، الاذكار، رقم 73 طبعة دار البيان بدمشق: صحيح.

② فی اسناده عبدالله بن محمد العدوی، قال الحافظ فی، التقريب،: متروك، رماه وكيع بالوضع ـ والوليد بن بكير ابو جناب لين الحديث. قال الالبانی فی، ضعيف الجامع، رقم 4384: موضوع.

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذَاقَنِيْ لَذَّتَهُ، وَاَبْقٰي فِيَّ قُوَّتَهُ، وَاَذْهَبَ عَنِّيْ اَذَاهُ﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے اس کی لذت چکھائی اوراس کی قوت کو مجھ میں باقی رکھااور مجھ سے اذیت کو دور فرمادیا۔''①

بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلَى الْوُضُوْءِ

وضو کے لیے بسم اللہ پڑھنے کا بیان

[26] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَي بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ كَثِيْرِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ رُبَيْحِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ

''حضرت ربیح بن عبدالرحمن بن ابی سعید خدری اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کا وضو (کامل) نہیں جس نے (وضو کرتے ہوئے) اللہ کا نام نہیں لیا یعنی (وضو کرتے وقت) بسم اللہ نہ پڑھی۔''②

بَابُ كَيْفَ التَّسْمِيَةُ عَلَى الْوُضُوْءِ

وضو کے لیے بسم اللہ پڑھنے کا طریقہ

[27] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ وَقَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: طَلَبَ بَعْضُ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءًا، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ مَعَ اَحَدٍ مِنْكُمْ مَاءٌ؟ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ يَقُولُ: تَوَضَّئُوا بِسْمِ اللهِ .

① فی اسنادہ حبان بن علی العنزی واسماعیل بن رافع، وھما ضعیفان۔ والانقطاع بین روید بن نافع وابن عمر، لکن للحدیث شواھد، انظر، الفتوحات، 405/1.

② رواہ احمد فی، المسند، 418/2، وابو داود رقم 101 فی الطھارۃ: باب التسمیۃ علی الوضوء، وابن ماجہ رقم 399 فی الطھارۃ: باب ماجاء فی التسمیۃ فی الوضوء، من حدیث یعقوب بن سلمۃ عن ابیہ عن ابی ہریرۃ، وفی اسنادہ انقطاع۔ قال الحافظ فی، التھذیب،: قال البخاری: لا یعرف لیعقوب سماع من ابیہ ولا لابیہ من ابی ہریرۃ۔ وقال الحافظ المنذری فی، الترغیب والترھیب، 163/1-164: وکاشبح اب احادیث التی وردت فیھا وان کان لا یسلم شیء منھا عن مقام فانھا تتعاضد بکثرۃ طرقھا وتکتسب قوہ۔ وقال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 7444: صحیح.

فَرَاَيْتُ الْمَاءَ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّي تَوَضَّئُوا مِنْ عِنْدِ آخِرِهِمْ قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ كَانُوا؟ قَالَ: نَحْوًا مِنْ سَبْعِينَ "

''حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے وضو کرنے کے لیے پانی طلب کیا (تو انہوں نے پانی نہ پایا) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم میں سے کسی کے پاس پانی ہے تو پانی لایا گیا پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے برتن میں اپنا ہاتھ مبارک رکھا اور آپ نے فرمایا: بسم اللہ کر کے وضو کرو، تو میں نے دیکھا کہ پانی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان سے نکل رہا ہے حتی کہ ان (لوگوں) کے آخری آدمی تک نے بھی وضو کر لیا، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: وہ کتنے لوگ تھے؟ تو انہوں نے کہا کہ تقریباً ستر لوگ تھے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ وُضُوئِهِ

وضو کے درمیان کیا پڑھے اس کا بیان

[28] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَي، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبَّادًا - يَعْنِي: ابْنَ عَبَّادِ بْنِ عَلْقَمَةَ - قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا مِجْلَزٍ، يَقُولُ: قَالَ اَبُو مُوسَي رَضِيَ الله عَنْهُ: اَتَيْتُ رَسُولَ الله صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَوَضَّاَ، فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي.
قُلْتُ: يَا نَبِيَّ الله، لَقَدْ سَمِعْتُكَ تَدْعُو بِكَذَا وَكَذَا. قَالَ: وَهَلْ تَرَكْنَ مِنْ شَيْءٍ؟

''حضرت عباد بن علقمہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو مجلز کو فرماتے سنا کہ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہِ اقدس میں آیا تو آپ نے وضو کیا پس میں نے آپ کو یہ کہتے سنا:''

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَسِّعْ لِي فِي دَارِي، وَبَارِكْ لِي فِي رِزْقِي.﴾

''اے اللہ! میرے لیے میرے گناہ بخش دے اور میرے لیے میرے گھر میں وسعت عطا فرما اور مجھے میرے رزق میں برکت عطا فرما۔''

[1] رواہ النسائی 61/1 فی الطھارۃ: باب التسمیۃ فی الوضو، والبیھقی فی السنن، 43/1 والدار قطنی فی السنن 71/1 و اسنادہ صحیح، وصححہ النووی.

کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں نے آپ کو یہ یہ دعا کرتے سنا ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں نے کوئی چیز ان میں سے چھوڑی ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ وُضُوئِهِ

جب آدمی وضو سے فارغ ہو تو کیا پڑھے؟

[29] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَيْرُونِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ سَوَّارٍ الْهُذَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، فَحَدَّثَ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: مَنْ قَالَ حِينَ يَفْرَغُ مِنْ وُضُوئِهِ: اَشْهَدُ اَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، لَمْ يَقُمْ حَتَّي تُمْحَي عَنْهُ ذُنُوبُهُ، حَتَّي يَصِيرَ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ.

”حضرت عمرو بن میمون بن مہران اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا تھا تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت بیان کی کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے وضو سے فراغت کے بعد یہ کہے: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ. تین مرتبہ تو وہ ابھی اٹھے گا بھی (وضو کر کے) نہیں کہ اس کے گناہ مٹا دیے جائیں گے حتی کہ وہ اس دن کی طرح ہو جائے گا جس دن اس کی ماں نے اس کو جنا تھا۔“②

---

① وھو حدیث حسن، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 1276۔ قال السیوطی فی، تحفۃ الابرار، 11/ب: قال الحافظ ابن حجر: رواہ الطبرانی فی، الکبیر، من روایۃ مسدد وعارم والمقدمی کلھم عن معتمر، ووقع فی روایتھم، فتوضاثم صلی، قال: وھذا یدفع ترجمۃ ابن السنی حیث قال: باب مایقول بین ظھرانی وضوئہ، لتصریحہ بانہ قالہ بعد الصلاۃ، ویدفع احتمالہ کونہ بین الوضو والصلاۃ، قال: واما حکم الشیخ علی الاسناد بالصحۃ ففیہ نظر، لان ابا مجلز لم یلق سمرۃ بن جندب ولا عمران بن حصین فیما قالہ علی بن المدینی، وقد تاخر ابعد ابی موسی، ففی سماعہ من ابی موسی نظر، وقد عمد منہ الارسال عمن یلقہ۔اہ.

② قال ابن علان فی، الفتوحات، 2/22: قال الحافظ: الراوی لہ عن عمرو وما عرفتہ وعمرو وابوہ ثقتان، وجدہ مہران ذکرہ البغوی وابن السکن فی الصحابۃ، واخرج لہ من روایۃ سلیمان بن عبد الرحمن بن سوار عن عمر وعن ابیہ عن جدہ حدیثین۔ وبھذا السند اخرج ابن السنی ھذا الحدیث ایضا، لکن شیخ ابن السنی فیہ عبداللہ بن محمد بن جعفر القزوینی قاضی مصر، وقد اتھم بوضع الحدیث آخر امرہ۔اہ۔ قولہ: سعید بن محمد، فی نسخۃ: سعد.

[30] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ وَاضِحٍ، ثنا يُوسُفُ بْنُ اَسْبَاطٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي هَاشِمٍ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ عَبَّادٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَاَسْبَغَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ قَالَ عِنْدَ فَرَاغِهِ مِنْ وُضُوئِهِ: سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ اَللّٰهُمَّ وَاَتُوبُ إِلَيْكَ، خُتِمَ عَلَيْهَا بِخَاتَمٍ، فَوُضِعَتْ تَحْتَ الْعَرْشِ، فَلَمْ يُكْسَرْ إِلَي يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص وضو کرے تو وہ کامل وضو کرے پھر وہ اپنے وضو سے فراغت کے بعد کہے:

﴿سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ اَللّٰهُمَّ وَاَتُوبُ إِلَيْكَ﴾

''پاک ہے تیری ذات اے اللہ! اور تیرے لیے ہی حمد ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اے اللہ! اور تیری ہی طرف توبہ کرتا ہوں۔''

تو اس پر مہر لگا دی جاتی ہے پس اسے عرش کے نیچے رکھ دیا جاتا ہے تو اسے قیامت کے دن تک نہیں توڑا جاتا۔ ①

[31] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَخْبَرَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللهِ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، اَخْبَرَنِي زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ، اَنَّ ابْنَ عَمِّهِ، اَخِي اَبِيهِ حَدَّثَهُ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ حَدَّثَهُ قَالَ: قَالَ لِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ تَوَضَّأَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ رَفَعَ بَصَرَهُ إِلَي السَّمَاءِ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فُتِحَتْ لَهُ ثَمَانِيَةُ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ يَدْخُلُ مِنْ اَيِّهَا شَاءَ.

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّيَ اللّٰهُ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا. اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو میرا پالن ہار ہے میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔"

تو اس کے شام تک کے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اور جو ان کلمات کو شام کو پڑھے تو صبح تک کے اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔②

---

①فی اسنادہ مجہول۔

②قال الہیثمی فی المجمع، 10/116: رواہ البزار، وفیہ ابان بن ابی عیاش وھو متروک۔

[60] حَدَّثَنِي عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَمَّالُ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ أَبَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَعْدِي كَرِبَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: الْحَمْدُ لِلهِ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، ظَلَّ مَغْفُورًا لَهُ، وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي بَاتَ مَغْفُورًا لَهُ "

حضرت عمرو بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جو شخص صبح کے وقت یہ کہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا. أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جو میرا پالن ہار ہے، میں اس کے ساتھ کسی شے کو شریک نہیں ٹھہراتا، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔''①

تو اسے بخش دیا جاتا ہے اور جو شخص یہ کلمات شام کو پڑھتا ہے اسے بھی بخش دیا جاتا ہے۔

[61] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ الشَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ، أَعْتَقَ اللهُ رَقَبَتَهُ مِنَ النَّارِ ".

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کے وقت یہ پڑھا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ﴾

''نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے۔''②

تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو دوزخ سے آزاد فرما دیتا ہے۔

[62] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنِي ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِي حَكِيمٍ، مَوْلَى الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا مِنْ صَبَاحٍ يُصْبِحُهُ الْعَبْدُ إِلَّا صَرَخَ صَارِخٌ: أَيُّهَا الْخَلَائِقُ، سَبِّحُوا الْمَلِكَ الْقُدُّوسَ.

① قال الهيثمي في، المجمع، 10/117: رواه الطبراني، وفيه: ابان بن ابي عياش وهو متروك. اه. والربيع بن بدر وهو متروك كما في، التقريب.
② قال الهيثمي في، المجمع، 10/113: رواه احمد وفيه ابو بكر بن عبد الله بن ابي مريم وهو ضعيف.

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی صبح ایسی نہیں جو بندہ صبح کرتا ہے مگر یہ کہ ایک بلند آواز سے پکارنے والا بلند آواز سے پکارتا ہے: اے مخلوق! اس بزرگ و برتر مالک کی تسبیح بیان کرو۔ ①

[63] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنِي مُوسَي بْنُ جَعْفَرِ بْنِ مُوسَي، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُلَاعِبٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ النُّعْمَانِ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ بَدْرٍ، حَدَّثَنَا اَبَانُ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَعْدِي كَرِبَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: الْحَمْدُ لله ، رَبِّيَ الله لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، اَشْهَدُ اَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا الله، ظَلَّ مَغْفُورًا لَهُ، وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي بَاتَ مَغْفُورًا لَهُ.

حضرت عمرو بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جس شخص نے صبح کے وقت یہ پڑھا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰه ، رَبِّيَ اللّٰهُ لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا، اَشْهَدُ اَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ﴾

”تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں، جو میرا پالن ہار اللہ ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا، میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے۔“②

تو اسے بخش دیا جاتا ہے اور جو شخص رات کے وقت یہ پڑھ لیتا ہے تو اس کو بھی اللہ تعالیٰ بخشش دیتا ہے۔

[64] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ الْفَضْلِ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَي، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ السَّمَّانِ، اَنَّ اَبَا عَيَّاشٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ كَانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: لَا إِلَهَ إِلَّا الله، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، وَهُوَ عَلَي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كُتِبَ لَهُ بِهِنَّ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَكُنَّ كَعَشْرِ رِقَابٍ، وَكُنَّ حِرْزًا لَهُ فِي يَوْمِهِ حَتَّي يُمْسِيَ، وَمَنْ قَالَ حِينَ يُمْسِي مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّي يُصْبِحَ " فَكَاَنَّ رَجُلًا اتَّهَمَهُ، فَقَالَ: اَكْثَرَ اَبُو عَيَّاشٍ عَلَي نَفْسِهِ. فَنَامَ الرَّجُلُ، فَرَاَي رَسُولَ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ، إِنَّ اَبَا عَيَّاشٍ اَخْبَرَ عَنْكَ بِكَذَا وَكَذَا؟ قَالَ الرَّجُلُ: فَاَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، ثُمَّ قَالَ: صَدَقَ اَبُو عَيَّاشٍ، صَدَقَ اَبُو عَيَّاشٍ، صَدَقَ اَبُو عَيَّاشٍ.

① رواه الترمذی رقم 3564 فی الدعوات: باب فی دعاء النبی ﷺ وتعوذه فی دبر کل صلاة، وفی اسناده موسی بن عبیدة الربذی وهو ضعیف، ومحمد بن ثابت لا یعرف کما فی، التقریب،، فالحدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5191۔

② واسناده ضعیف انظر الحدیث رقم المتقدم رقم 60۔

حضرت ابوعیاش رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے صبح کے وقت یہ پڑھا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے، اس کا کوئی شریک کار نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، اور وہ زندہ ہے اسے موت نہیں آتی اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''①

تو اس (پڑھنے والے) کے لیے ان کلمات کے بدلے دس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور اس کے دس گناہ مٹا دیے جاتے ہیں اور اس کے لیے دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ہے اور یہ کلمات اس کے لیے اس دن میں حفاظت کا ذریعہ بن جاتے ہیں شام تک اور جو شخص شام کو یہ پڑھ لے تو اسی طرح اس کو اسی کی مثل (جو اجر و ثواب دن کو اسے ملا) ملتا ہے۔②

تو ایک آدمی نے انہیں متہم کہا اور کہا کہ ابوعیاش اکثر اپنی طرف سے بیان کر دیتے ہیں۔ سو وہ شخص سویا تو اسے نیند میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوئی اس آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! ابوعیاش آپ کی طرف سے یوں یوں (حدیث) بیان کرتے ہیں تو اس آدمی نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا پھر ارشاد فرمایا: ابوعیاش نے سچ کہا، ابوعیاش نے سچ کہا، ابوعیاش نے سچ کہا۔

[65] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ النَّبْلِيُّ، حَدَّثَنَا مُهَلَّبُ بْنُ الْعَلَاءِ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ، حَدَّثَنَا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَكُونَ كَاَبِي ضَمْضَمٍ ؟ قَالُوا: مَنْ اَبُو ضَمْضَمٍ يَا رَسُولَ اللهِ؟ قَالَ: " كَانَ إِذَا اَصْبَحَ قَالَ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِي وَعِرْضِي لَكَ، فَلَا يَشْتُمُ مَنْ شَتَمَهُ، وَلَا يَظْلِمُ مَنْ ظَلَمَهُ، وَلَا يَضْرِبُ مَنْ ضَرَبَهُ "

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ایک اس بات سے عاجز ہے کہ وہ ابو ضمضم کی طرح ہو جائے۔ صحابہ نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ابو ضمضم کون ہے؟ فرمایا: جب وہ صبح کرتا ہے تو کہتا ہے:

نہ وہ کسی کو گالی دیتا ہے جو اسے گالی دے اور نہ وہ ظلم کرتا ہے جو اس پر ظلم کرے اور نہ وہ کسی کو مارتا ہے جو اسے مارے۔

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ قَدْ وَهَبْتُ نَفْسِيْ وَعِرْضِيْ لَكَ﴾

① فیہ شعیب بن بیان، قال الحافظ فی ،التقریب،: صدوق یخطیٔ، وقال الذهبی فی ،المیزان،: صدوق له مناکیر، انظر ،الاروا، للالبانی 32/8۔

② رواہ ابو داود رقم 5077 فی الادب: باب مایقول اذا اصبح، وابن ماجه رقم 3867 فی الدعاء: باب مایدعو به الرجل اذا اصبح واذا امسی، واسنادہ جید۔ قال الحافظ فی ،تخریج الاذکار،: حدیث صحیح رواہ احمد وابو داود والنسائی رقم 27، وابن ماجه والفریابی وقال الالبانی فی ،صحیح الجامع، رقم 6294: صحیح۔

”اے اللہ! بے شک میں نے اپنی جان اور اپنی عزت وآبرو تیرے سپرد کر دی۔“

[66] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الثَّقَفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ خُنَيْسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ أَبِي قُرَّةَ، عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِيِّ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا أَصْبَحْتَ فَقُلِ: اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا شَرِيكَ لَكَ، أَصْبَحْتُ وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ اللهِ لَا شَرِيكَ لَهُ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَإِذَا أَمْسَيْتَ فَقُلْ ذَلِكَ؛ فَإِنَّهُنَّ يُكَفِّرْنَ مَا بَيْنَهُنَّ "

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تو صبح کرے تو تین مرتبہ یہ پڑھا کر:

﴿اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا شَرِيكَ لَكَ، أَصْبَحْتُ وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ لَا شَرِيكَ لَهُ﴾

”اے اللہ! تو میرا پالن ہار ہے، تیرا کوئی شریک کار نہیں، میں نے اور تمام بادشاہی نے اللہ کے لیے صبح کی، اس کا کوئی شریک کار نہیں۔“①

اور جب شام کرے تو اس کی مثل پڑھ کیونکہ یہ ان دونوں (صبح وشام) کے درمیان کے گناہوں کو مٹا دیتے ہیں۔

[67] أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ، عَنْ مَرْزُوقِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو: " إِنَّكَ إِنْ قُلْتَ ثَلَاثًا حِينَ تُمْسِي: أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كُلُّهُ لِلّٰهِ أَعُوذُ بِاللهِ الَّذِي يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ، حُفِظْتَ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَكَاهِنٍ وَسَاحِرٍ حَتَّى تُصْبِحَ، وَإِنْ قُلْتَهَا - يَعْنِي حِينَ تُصْبِحُ - حُفِظْتَ كَذَلِكَ حَتَّى تُمْسِيَ "

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے فرمایا: اگر تو شام کو یہ پڑھ لے:

① فيه بكر بن خنيس، قال الحافظ في التقريب: صدوق له اغلاط، وقال ابن حبان: يروى عن البصريين والكوفين اشيا موضوعة، وقال ابن معين: ليس بشيء قال الالباني في، ضعيف الجامع، رقم 480: ضعيف جداً۔

﴿ اَمْسَيْنَا وَاَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، كُلُّهُ لِلّٰهِ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمَاءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَاَ، وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهٖ﴾

''ہم نے اور ملک کے باسیوں نے اللہ تعالیٰ ہی کی لیے شام کی، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں، میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی جس نے آسمان کو زمین پر گرنے سے روک رکھا ہے سوائے اپنے حکم کے، (اور میں پناہ مانگتا ہوں) ہر مخلوق کے شر سے اور شر شیطان سے اور اس کے شریک سے۔''①

تو تیری ہر شیطان اور کاہن اور جادوگر سے صبح ہونے تک حفاظت کی جائے گی اور اگر تو نے صبح کے وقت یہ پڑھ لیا تو شام ہونے تک تیری حفاظت کی جائے گی۔

[68] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ بِلَالٍ، عَنْ سَابِقِ بْنِ نَاجِيَةَ، عَنْ اَبِي سَلَّامٍ، قَالَ: مَرَّ بِنَا رَجُلٌ طَوِيلٌ اَشْعَثُ فَقِيلَ: إِنَّ هَذَا خَادِمُ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ لَهُ: اَخَدَمْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: نَعَمْ. قُلْتُ: حَدِّثْنِي عَنْهُ حَدِيثًا لَمْ يَتَدَاوَلْهُ الرِّجَالُ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ اَحَدٌ. قَالَ: سَمِعْتُهُ يَقُولُ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ وَحِينَ يُمْسِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا، وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا، كَانَ حَقًّا عَلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُرْضِيَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ "

حضرت ابو سلام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہمارے پاس سے ایک لمبے قد، پراگندہ بالوں والا شخص گزرا۔ کہا گیا کہ یہ رسول اللہ ﷺ کا خادم ہے تو میں ان کی طرف اٹھ کھڑا ہوا۔ میں نے ان سے کہا کیا آپ نے حضور نبی کریم ﷺ کی خدمت گزاری کی ہے تو انہوں نے فرمایا: ہاں! میں نے (ان سے) کہا آپ مجھ سے آپ ﷺ کی وہ حدیث بیان کریں جس میں میرے اور آپ کے درمیان لوگوں کا واسطہ نہ ہو۔ انہوں نے فرمایا کہ میں نے آپ ﷺ کو فرماتے سنا: جس شخص نے صبح اور شام کے وقت تین مرتبہ یہ پڑھا:

﴿رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا﴾

''میں اللہ تعالیٰ کے (اپنے) رب ہونے اور مذہب اسلام کے (اپنے) دین ہونے اور حضرت محمد (ﷺ) کے

① فی اسنادہ جہالۃ۔

اپنے) نبی ہونے پر راضی ہوں۔''[1] تو اللہ تعالیٰ پر حق ہے (اس شخص کا) کہ اسے قیامت کے دن راضی کر دے (اپنی عطاو بخشش سے)۔

[69] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الْجَلِيلِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي بَكْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ لِأَبِيهِ: يَا أَبَتِ، إِنِّي أَسْمَعُكَ تَدْعُو كُلَّ غَدَاةٍ: اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَدَنِي، اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي سَمْعِي، اَللّٰهُمَّ عَافِنِي فِي بَصَرِي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، ثَلَاثًا، يَعْنِي حِينَ تُصْبِحُ، وَثَلَاثًا حِينَ تُمْسِي، وَتَقُولُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، تُعِيدُهَا ثَلَاثًا حِينَ تُصْبِحُ، وَثَلَاثًا حِينَ تُمْسِي؟ قَالَ: نَعَمْ يَا بُنَيَّ؛ سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِهِنَّ حِينَ يُصْبِحُ وَيُمْسِي، فَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَسْتَنَّ بِسُنَّتِهِ"

حضرت عبدالرحمن بن ابوبکرہ کا بیان ہے کہ انہوں نے اپنے والد سے کہا: اے ابا جان! میں آپ کو ہر روز یہ دعا کرتے ہوئے سنتا ہوں:

﴿اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ﴾

''اے اللہ! مجھے میری سماعت میں عافیت عطا فرما، اے اللہ! مجھے میری بصارت میں عافیت عطا فرما تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔''

تین دفعہ صبح کو اور تین دفعہ شام کو، اور آپ یہ بھی کہتے ہیں:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ﴾

''اے اللہ میں تیری مانگتا ہوں کفر اور فقر (غربت) سے، اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں قبر کے عذاب سے۔''[2]

---

[1] رواہ احمد فی المسجد، 4/337 و 5/367، وابو داود رقم 5072 فی الادب: باب ما یقول اذا اصبح، والحاکم 1/518 وقال: صحیح الاسناد ولم یخرجاہ واقرہ الذھبی۔ وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5846: ضعیف۔ وقد رجح الحافظ ابن حجر عن ابی سلام عن خادم النبی صلی اللہ علیہ وسلم لان اباسلام ہو ممطور الحبشی انظر، الاصابۃ، 11/175-176، والمبھم اما ان یکون ثوبان واما ابو سلمی راعی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقد اخرجہ الترمذی رقم 3386 عن بسند آخر۔

[2] رواہ ابو داود رقم 5090 فی الادب: باب ما یقول اذا اصبح واحمد فی، المسند، 5/42، وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 1308۔

آپ اسے صبح کے وقت بھی تین دفعہ دہراتے ہیں اور تین ہی دفعہ شام کو بھی۔ تو انہوں (یعنی میرے والد) نے فرمایا کہ ہاں! اے میرے بیٹے! میں نے رسول اللہ ﷺ کو انہی کلمات کے ساتھ دعا کرتے ہوئے سنا ہے۔ سو میں پسند کرتا ہوں کہ میں آپ کی سنت کی پیروی کروں۔

[70] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أَخْبَرَنِي بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ زِيَادٍ، مَوْلَى مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيعَ خَلْقِكَ، أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، أَعْتَقَ اللهُ رُبُعَهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ مِنَ النَّارِ، فَإِنْ قَالَ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ أَعْتَقَهُ اللهُ ذَلِكَ الْيَوْمَ مِنَ النَّارِ "

زوجہ حضور نبی کریم ﷺ حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کے غلام حضرت مسلم بن زیاد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کے وقت یہ پڑھا:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَصْبَحْتُ أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ، أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ﴾

"اے اللہ! بے شک میں نے صبح کی، میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور میں حاملین عرش کو گواہ بناتا ہوں، اور تیرے تمام فرشتوں اور تیری سب مخلوق کو کہ بے شک تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، اور بلاشبہ حضرت محمد (ﷺ) تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں۔" [1]

تو اللہ تعالیٰ اس شخص کا اس دن چوتھائی (جسم کا) حصہ آگ سے آزاد فرما دیتا ہے پس اگر اس شخص نے (یہ کلمات) چار مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اسے اس دن (پورے کا پورا) جہنم سے آزاد فرما دیتا ہے۔

[71] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْجَرْمِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّزَّاقِ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنِي جَدِّي عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ مُسْلِمٍ الدِّمَشْقِيُّ، حَدَّثَنَا مُدْرِكُ بْنُ سَعْدٍ أَبُو سَعْدٍ،

[1] رواه البخاری فی، الادب المفرد، رقم 1201 والترمذی رقم 3001، وابو داود رقم 5078 من حدیث بقیة بن الولید عن مسلم بن زیاده الفرشی عن انس رضی الله عنه، قال الحافظ فی، تخریج الاذکار، 105/3: وبقیة صدوق وانما عابوا علیه التدلیس والتسویة، وقد صرح بتحدیث شیخه له، وسماع شیخه فانتفت الریبة۔ وشیخه مسلم بن زیاده توقف فیه ابن القطان، وقال: لا یعرف حاله، وردبانه کان علی خیل عمر بن عبد العزیز، فدل علی انه امین، وذکره ابن حبان فی الثقات، ولذا حسنه الحافظ۔ وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5843: ضعیف۔

قَالَ: سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ حَلْبَسٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أُمَّ الدَّرْدَاءِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ فِي كُلِّ يَوْمٍ حِينَ يُصْبِحُ وَحِينَ يُمْسِي: حَسْبِيَ اللهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، سَبْعَ مَرَّاتٍ، كَفَاهُ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ هَمَّهُ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ "

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہر روز صبح اور شام کو سات مرتبہ یہ پڑھا:

﴿حَسْبِيَ اللهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ، عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ﴾

''کافی ہے مجھے اللہ تعالیٰ (کی ذات)، نہیں ہے کوئی معبود سوائے اس کے، میں اسی (کی ذات) پر بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا رب ہے''[1] تو اللہ عزوجل اس شخص کے لیے دنیا وآخرت کے تمام مصائب میں کافی ہو جائے گا۔

[72] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا مَكِّيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ سُمَيٍّ، مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ حِينَ يُصْبِحُ، كُتِبَ لَهُ بِهَا مِائَةُ حَسَنَةٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ بِهَا مِائَةُ سَيِّئَةٍ، وَكَانَتْ لَهُ كَعَدْلِ رَقَبَةٍ، وَحُفِظَ بِهَا يَوْمَهُ، وَمَنْ قَالَ مِثْلَ ذَلِكَ حِينَ يُمْسِي، كَانَ لَهُ مِثْلُ ذَلِكَ"

حضرت ابو صالح سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دس مرتبہ یہ پڑھتا ہے:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔''[2]

[1] اسنادہ صحیح، ورواہ ایضاً ابو داود رقم 5081 فی الادب: باب ما یقول اذا اصبح، موقوفاً علی ابی الدرداء ورجالہ ثقات، لکن فیہ زیادۃ منکرۃ، وھی: صادقا کان بھا او کاذبا۔

[2] قال الھیثمی فی المجمع، 10/113: رواہ احمد ورجالہ رجال الصحیح۔ وقت رواہ البخاری ومسلم واحمد ایضا وسیاتی برقم 74۔

تو اللہ تعالیٰ ان کلمات کے بدلے اس کے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے اوران کے بدلے اس کے دس گناہ مٹاتا ہے اوراس کے لیے ایک گردن آزاد کرنے کا اجر ہے اوران کے بدلے اس دن اس (پڑھنے والا) کی حفاظت کی جائے گی اورجس شخص نے شام کو یہی پڑھا تو بھی اس کے لیے یہی اجروثواب ہے۔

[73] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَي، أَخْبَرَنَا شُجَاعُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْأَغْلَبُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ مَخْلَدِ بْنِ هُزَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ الْمَدَنِيَّ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُولَ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ تَفْسِيرِ: لَهُ مَقَالِيدُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ ، فَقَالَ: " مَا سَأَلَنِي عَنْهَا أَحَدٌ قَبْلَكَ، تَفْسِيرُهُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ، وَسُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ، وَأَسْتَغْفِرُ اللهَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ، الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ عَلَي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، مَنْ قَالَهَا إِذَا أَصْبَحَ عَشْرَ مَرَّاتٍ أُعْطِيَ سِتَّ خِصَالٍ: أَمَّا أَوَّلُهُنَّ فَيُحْرَسُ مِنْ إِبْلِيسَ وَجُنُودِهِ، وَأَمَّا الثَّانِيَةُ فَيُعْطَي قِنْطَارًا مِنَ الْأَجْرِ، وَأَمَّا الثَّالِثَةُ فَيَرْفَعُ لَهُ دَرَجَةً فِي الْجَنَّةِ، وَأَمَّا الرَّابِعَةُ فَيُزَوَّجُ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ، وَأَمَّا الْخَامِسَةُ فَيَحْضُرُهَا اثْنَا عَشَرَ أَلْفَ مَلَكٍ، وَأَمَّا السَّادِسَةُ فَلَهُ مِنَ الْأَجْرِ كَمَنْ يَقْرَأُ التَّوْرَاةَ وَالْإِنْجِيلَ وَالزَّبُورَ وَالْفُرْقَانَ، وَلَهُ مَعَ هَذَا يَا عُثْمَانُ كَمَنْ حَجَّ وَاعْتَمَرَ، فَقُبِلَتْ حَجَّتُهُ وَعُمْرَتُهُ، فَإِنْ مَاتَ مِنْ يَوْمِهِ طُبِعَ بِطَابِعِ الشُّهَدَاءِ "

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے له مقاليد السموات والارض کی تفسیر پوچھی تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ تجھ سے پہلے کسی نے بھی مجھ سے اس کی تفسیر نہیں پوچھی اس کی تفسیر ہے:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ. وَاللهُ أَكْبَرُ. وَسُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ. وَأَسْتَغْفِرُ اللهَ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. اَلْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ. بِيَدِهِ الْخَيْرُ. يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

"نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور اللہ تعالیٰ پاک ہے اور تمام تر تعریفیں اسی کی ہے اور میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، نہیں ہے گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت سوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے، وہی اول ہے وہی آخر ہے، وہی ظاہر ہے وہی باطن ہے، اسی کے دست قدرت میں سب بھلائی ہے، وہی زندگی عطا کرتا ہے وہی موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔"[1]

[1] البخاری 11/168-169 فی الدعوات: باب فضل التهليل بنحوه، و مسلم رقم 2691 فی الذکر: باب فضل التهليل والتسبيح، والترمذی رقم 3464 فی الدعوات: باب رقم 61، واحمد فی المسند، 2/302 و 375۔

سو جس آدمی نے صبح کے وقت دس دفعہ یہ پڑھ لیا اسے چھ خصلتیں عطا کی جائیں گی، ان میں سے پہلی یہ ہے کہ اس کی ابلیس سے حفاظت کی جائے گی۔ دوسری: اسے آخرت میں ڈھیروں اجر عطا کیا جائے گا، تیسری: اللہ تعالیٰ اس کا جنت میں درجہ بلند فرما دیتا ہے، چوتھی: اس کا نکاح حور عین کے ساتھ کر دیا جاتا ہے، پانچویں: بارہ ہزار فرشتے اس (دعا) کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے، چھٹی: اس کے لیے اس شخص کی مثل اجر ہے جو تورات، انجیل، زبور اور قرآن پڑھتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اے عثمان! اس کے لیے حج اور عمرہ کرنے والے کی مثل اجر ہے جس کا حج اور عمرہ مقبول ہو۔ پس اگر وہ اس دن مر گیا تو اس پر شہداء کی علامت ہوگی۔

[74] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ وَحِينَ يُمْسِي: سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ، لَمْ يَأْتِ اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِمِثْلِ مَا جَاءَ بِهِ، إِلَّا اَحَدٌ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ، اَوْ زَادَ عَلَيْهِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح اور شام کو سو مرتبہ یہ پڑھا:

﴿سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ﴾

"پاک ہے اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسی تمام تعریفیں ہیں۔"[1]

تو اس کی مثل قیامت کے دن کوئی نہیں آئے گا جیسے یہ آئے گا سوائے اس شخص کے جس نے یہ پڑھا یا اسی کی مثل پڑھا یا اس سے زیادہ پڑھا۔

[75] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ بَحْرٍ الْبَيْرُوذِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ مِائَةَ مَرَّةٍ إِذَا اَصْبَحَ وَمِائَةَ مَرَّةٍ إِذَا اَمْسَى، لَمْ يَجِئْ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا عَمِلَهُ إِلَّا مَنْ قَالَ اَفْضَلَ مِنْ ذَلِكَ.

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے سو مرتبہ صبح کو اور سو مرتبہ شام کو یہ کہا:

[1] قال الهيثمي في،، المجمع، 10/115: رواه الطبراني في ،الكبير، وفيه الاغلب بن تميم وهو ضعيف۔اھ۔ قال البخاري: منكر الحديث، وقال ابن معين: ليس بشي۔قال الذهبي في، الميزان، في ترجمة مخلد ابو الهذيل: هذا موضوع فيما ارى۔

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے حقیقی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔''① تو کوئی بھی نہیں آئے گا (بروز قیامت) اس سے افضل عمل کے ساتھ سوائے اس شخص کے جس نے اس سے زیادہ پڑھا ہوگا۔

[76] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنِي يَحْيَي بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنِي يَحْيَي بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَحم الْأَوَّلَ - يَعْنِي الْمُؤْمِنَ - حَتَّي يَنْتَهِيَ إِلَي إِلَيْهِ الْمَصِيرُ حَتَّي يُمْسِيَ، حُفِظَ بِهِمَا حَتَّي يُصْبِحَ، وَمَنْ قَرَأَ بِهِمَا مُصْبِحًا حُفِظَ بِهِمَا حَتَّي يُمْسِيَ "

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص نے رات کو آیۃ الکرسی اور سورۃ المومن، حٰم اول کو پڑھا الیہ المصیر تک تو یہ دونوں اس شخص کی صبح تک حفاظت کریں گی اور جس شخص نے ان دونوں کو صبح کے وقت پڑھا تو یہ شام تک اس کی حفاظت کریں گی۔②

[77] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنَا أَبُو يَحْيَي السَّاجِيُّ، أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: وَجَّهَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ، " فَأَمَرَنَا أَنْ نَقْرَأَ إِذَا أَمْسَيْنَا وَإِذَا أَصْبَحْنَا: أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا الْآيَةَ، فَقَرَأْنَا، فَغَنِمْنَا وَسَلِمْنَا "

حضرت محمد بن ابراہیم التیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک سریہ میں بھیجا تو آپ ﷺ نے ہمیں حکم فرمایا کہ ہم صبح اور شام کو یہ پڑھا کریں:

﴿اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ.﴾

''کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ ہم نے تمہیں فضول پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم نے ہماری طرف لوٹ کر نہیں آنا۔''③

---

① وهو حديث صحيح روى بمعناه من حديث ابى بريرة رضى الله عنه۔ انظر، صحيح الجامع، رقم 6313۔

② رواه الترمذى رقم 2882 فى ثواب القرآن: باب ما جاء فى فضل سورة البقرة وآية الكرسى، وفى اسناده عبدالرحمن بن ابى بكر بن ابى مليكة، وهو ضعيف، وقال الترمذى: هذا حديث غريب۔ اقول: ولبعضه شاهد فى فضل آية الكرسى۔ انظر، الفتوحات، 5/108۔

③ فيه يزيد بن يوسف وعمرو بن يزيد وهما ضعيفان۔

پس ہم نے یہ (آیت بطور وظیفہ) پڑھا تو ہم کو مالِ غنیمت بھی ملا اور ہم (شکست سے) محفوظ بھی رہے۔

[78] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ دِينَارٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَائِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ عَزَّ وَجَلَّ: وَإِبْرَاهِيمَ الَّذِي وَفَّى قَالَ: " كَانَ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ وَإِذَا أَمْسَى: فَسُبْحَانَ اللهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ، وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ، يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذَلِكَ تُخْرَجُونَ "

حضرت سھل بن معاذ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ عزوجل کے اس فرمان ''وفی ابراھیم الذی وفی'' کے متعلق روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ (حضرت ابراہیم علیہ السلام) صبح اور شام کو یہ پڑھا کرتے تھے:

﴿فَسُبْحَانَ اللهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ. وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ. يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ﴾

''پس پاکی بولو اللہ تعالیٰ کے لیے جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو، اور اسی کے لیے ہیں تمام تر تعریفیں آسمانوں میں اور زمین میں، اور سہ پہر کو اور جب تم کو دو پہر ہو، وہی نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور وہی نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور وہی زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد اور اسی کی طرف تمہیں بھی نکالا جائے گا۔''[1]

[79] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَنْجَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ بَشِيرٍ النَّجَّارِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْبَيْلَمَانِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ: فَسُبْحَانَ اللهِ حِينَ تُمْسُونَ وَحِينَ تُصْبِحُونَ، وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِينَ تُظْهِرُونَ، يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذَلِكَ تُخْرَجُونَ، أَدْرَكَ مَا فَاتَهُ فِي يَوْمِهِ، وَمَنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي أَدْرَكَ مَا فَاتَهُ فِي لَيْلَتِهِ "

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کے وقت یہ پڑھا:

[1] فيه ابن لهيعة وزبان بن فائد وهما ضعيفان۔

﴿ فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ. وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ وَعَشِيًّا وَحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ. يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِي الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴾

''پس پاکی بولو اللہ تعالیٰ کے لیے جب تم شام کرو اور جب تم صبح کرو، اور اسی کے لیے ہیں تمام ترتعریفیں آسمانوں میں اور زمین میں، اور سہ پہر کو اور جب تم کو دو پہر ہو، وہی نکالتا ہے زندہ کو مردہ سے اور وہی نکالتا ہے مردہ کو زندہ سے اور وہی زندہ کرتا ہے زمین کو اس کے مردہ ہونے کے بعد اور اسی کی طرف تمہیں بھی نکالا جائے گا۔''①

تو جو اس شخص کا اس دن فوت ہو گیا (کوئی ورد وظیفہ یا نیکی) وہ اسے (یعنی اس کا اجر وثواب) پالے گا اور جس نے شام کو یہ پڑھا تو وہ اس رات کو جو اس کا فوت ہوا اسے پالے گا۔

بَابُ ثَوَابِ مَنْ قَالَ ذٰلِكَ

جس نے یہ کلمات پڑھے اس کے ثواب کا بیان

[80] نَوْعٌ آخَرُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو اَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ اَبُو الْعَلَاءِ الْخَفَّافُ، حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، وَقَرَاَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْحَشْرِ، وُكِّلَ بِهِ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّونَ عَلَيْهِ حَتَّى يُمْسِيَ، وَإِنْ مَاتَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ مَاتَ شَهِيدًا، وَإِنْ قَالَهَا حِينَ يُمْسِي كَانَ بِتِلْكَ الْمَنْزِلَةِ "

''حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کے وقت تین مرتبہ ''اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم'' اور سورۂ حشر کی آخری تین آیات پڑھ لیں تو ستر ہزار فرشتے شام تک اس کی حفاظت کرتے ہیں اور اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اور اگر اس دن اسے موت آ گئی تو وہ شہادت کی موت مرے گا اور جس نے شام کو یہ پڑھا تو بھی اسے یہی مقام نصیب ہوگا۔''②

---

① تقدم تخریجہ برقم 56۔

② رواہ احمد فی المسند، 5/26 والترمذی رقم 2923 فی ثواب القرآن: باب فضل آخر الحشر، والدارمی رقم 3426 فی فضائل القرآن: باب فی فضل حم الدخان۔ وفی اسنادہ خالد بن طهمان، وهو صدوق اختلط قبل موته بعشر سنوات، وقال الترمذی: هذا حدیث غریب، فالحدیث ضعیف۔ انظر، ارواء الغلیل، للالبانی 2/58۔

[81] نَوْعٌ آخَرُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ، حَدَّثَنَا أَسِيْدُ بْنُ أَبِي أَسِيْدٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ خُبَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَصَابَنَا عَطَشٌ وَطَشٌّ وَظُلْمَةٌ، فَانْتَظَرْنَا رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ بِنَا - ثُمَّ ذَكَرَ كَلَامًا مَعْنَاهُ - فَخَرَجَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُصَلِّيَ بِنَا: فَقَالَ: قُلْ ، فَقُلْتُ: مَا أَقُولُ؟ قَالَ: قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ، وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ حِينَ تُمْسِي وَحِينَ تُصْبِحُ ثَلَاثًا، يَكْفِيكَ كُلَّ شَيْءٍ.

''حضرت معاذ بن عبداللہ بن خبیب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ہمیں سخت آندھی اور اندھیرا آن پہنچا، سو ہم نے رسول اللہ ﷺ کا انتظار کیا تاکہ آپ (آکر) ہمیں نماز پڑھادیں۔ پھر اس کے ہم معنی انہوں نے کوئی گفتگو کی۔ پس آپ ﷺ باہر تشریف لائے فرمایا کہ پڑھ! میں نے عرض کی: میں کیا پڑھوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ''قل ھو اللہ احد، اور معوذتین (یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) تو صبح اور شام کو پڑھا کر یہ تجھے ہر چیز سے کفایت کریں گی۔''[1]

[82] نَوْعٌ آخَرُ فِي كِتَابِي عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ هَارُونَ الْحَضْرَمِيِّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يُوسُفَ السَّمْتِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا أَصْبَحَ أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ كُلُّهُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا لِلّٰهِ، وَإِلَيْهِ النُّشُورُ وَإِذَا أَمْسَى قَالَ: أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ كُلُّهُ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا لِلّٰهِ، وَإِلَيْهِ الْمَصِيرُ وَصَلَّى اللهُ عَلَى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب صبح کرتے تو پڑھتے:

﴿أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ كُلُّهُ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، لَا شَرِيكَ لَهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَإِلَيْهِ النُّشُوْرُ﴾

''ہم نے صبح کی اور تمام بادشاہی نے اللہ کے لیے صبح کی، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں ان کا کوئی شریک کار نہیں، نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور اسی کی طرف ہم نے اکٹھے ہونا ہے۔''

اور جب شام ہوتی تو پڑھتے:

[1] رواہ الترمذی رقم 3570 فی الدعوات: باب رقم 127، وابو داود رقم 5082 فی الادب: باب یقول اذا اصبح، والنسائی 8/250-251 فی الاستعاذۃ فی فاتحتہ، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح غریب۔ واسنادہ حسن، قولہ (الطش) المطر الضعیف القلیل منہ، اللسان۔

﴿اَمْسَيْنَا وَاَمْسَي الْمُلْكُ لِلّٰهِ، وَالْحَمْدُ كُلُّهُ لِلّٰه عَزَّ وَجَلَّ. لَا شَرِيكَ لَهُ. لَا إِلَهَ إِلَّا اَنْتَ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ.﴾

''ہم نے شام کی اور تمام بادشاہی نے اللہ تعالیٰ کے لیے شام کی، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اس کا کوئی شریک کار نہیں، نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور اسی کی طرف ہم نے اکٹھے ہونا ہے۔''①

اور اللہ تعالیٰ کی رحمتیں ہوں ہمارے آقا حضرت محمد ﷺ پر اور آپ کی آل واصحاب پر سلام ہو۔

بَابُ مَا يَقُولُ صَبِيحَةَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن صبح کو کیا پڑھا جائے؟

[83] حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ اَدِيبَوَيْهِ، حَدَّثَنَا اَبُو يَعْقُوبَ إِسْحَاقُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْبَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَالِسِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ الله عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ صَبِيحَةَ يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَبْلَ صَلَاةِ الْغَدَاةِ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰـهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّومَ وَاَتُوبُ إِلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، غَفَرَ الله ذُنُوبَهُ وَلَوْ كَانَتْ ذُنُوبُهُ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ "

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضرت نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے جمعہ کے دن صبح کی نماز سے قبل تین مرتبہ یہ پڑھ لیا:

﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰـهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ إِلَيْهِ﴾

''میں اللہ تعالیٰ سے بخشش طلب کرتا ہوں، وہ ذات جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ ہی زندہ قائم رکھنے والا ہے، اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''②

تو اس کے تمام گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگر چہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

---

① قال الهيثمی فی، المجمع، 114/10: رواه البزار واسناده جيد۔

② فی اسناده ضعف وانقطاع، قال الحافظ فی، تخريج الاذكار، كما فی، الفتوحات، 142/2: ولا اصل لهذا الذكر شاهد، اخرجه ابو داود والترمذی من رواية بلال بن يسار بن زيد مولی رسول الله ﷺ عن ابيه عن جده، وليس فيه تقييد بوقت، وفی اخره: وان كان فر من الزحف، بدل، وان كانت ذنوبه اكثر من زبد البحر۔ ا۔ ھ۔ قلت: قال فی، التهذيب، رواية عبدالعزيز عن خصيف بواطيل والبلاء من عبدالعزيز لا من خصيف۔

نوٹ:

تمام گناہوں کے معاف ہونے سے مراد تمام صغیرہ گناہوں کی معافی وبخشش ہے کبیرہ گناہ اس میں داخل نہیں کیونکہ کبیرہ گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتے۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَرَجَ إِلَى الصَّلَاةِ

آدمی جب نماز کے لیے نکلے تو کیا پڑھے؟

[84] حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ الْجَزَرِيُّ، عَنِ الْوَازِعِ بْنِ نَافِعٍ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، عَنْ بِلَالٍ مُؤَذِّنِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ إِلَي الصَّلَاةِ قَالَ: بِسْمِ اللهِ، آمَنْتُ بِاللهِ، تَوَكَّلْتُ عَلَي اللهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ، اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ السَّائِلِينَ عَلَيْكَ، وَبِحَقِّ مَخْرَجِي هَذَا، فَإِنِّي لَمْ أَخْرُجْهُ أَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً، خَرَجْتُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ، وَاتِّقَاءَ سَخَطِكَ، أَسْأَلُكَ أَنْ تُعِيذَنِي مِنَ النَّارِ، وَتُدْخِلَنِي الْجَنَّةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما حضرت بلال رضی اللہ عنہ موذن رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لیے اپنے آستانہ عالیہ سے باہر نکلتے تھے تو پڑھتے تھے:

﴿بِسْمِ اللهِ، اٰمَنْتُ بِاللهِ، تَوَكَّلْتُ عَلَي اللهِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ. اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ السَّآئِلِيْنَ عَلَيْكَ. وَبِحَقِّ مَخْرَجِيْ هٰذَا. فَإِنِّيْ لَمْ أَخْرُجْهُ أَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً. خَرَجْتُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِكَ. وَاتِّقَآءَ سَخَطِكَ. اَسْأَلُكَ اَنْ تُعِيْذَنِيْ مِنَ النَّارِ. وَتُدْخِلَنِيَ الْجَنَّةَ﴾

"اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ (برکت حاصل کرتے ہوئے) میں اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لایا اور میں نے اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کیا، نہیں ہے گناہ سے بچنے اور نہ نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے، اے اللہ! تجھ سے سوال کرنے والوں کے حق کے ساتھ جو ان کا (حق) تجھ پر ہے اور میں اپنے اس نکلنے کے حق کی وجہ سے، کیونکہ بلاشبہ میرا یہ نکلنا نہ کسی بڑائی کی وجہ سے ہے نہ اترائی کی وجہ سے، نہ دکھاوے کی وجہ سے، نہ شہرت کی چاہت کی وجہ، سے میں تیری رضا کی چاہت اور تیرے غصے سے بچنے کی وجہ سے نکلا ہوں میں تجھ

سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے آگ سے بچانا اور مجھے جنت میں داخل فرمانا۔‘‘①

[85] نَوْعٌ آخَرُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْقُطْبِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ صَالِحِ بْنِ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، عَنْ عَطِيَّةَ الْعَوْفِيِّ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا خَرَجَ رَجُلٌ مِنْ بَيْتِهِ إِلَى الصَّلَاةِ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِينَ عَلَيْكَ، وَبِحَقِّ مَمْشَايَ هَذَا، فَإِنِّي لَمْ اَخْرُجْ اَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً، خَرَجْتُ اتِّقَاءَ سَخَطِكَ، وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ، اَسْاَلُكَ اَنْ تُنْقِذَنِي مِنَ النَّارِ، وَاَنْ تَغْفِرَ لِي ذُنُوبِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اَنْتَ، إِلَّا وُكِّلَ بِهِ سَبْعُونَ اَلْفَ مَلَكٍ يَسْتَغْفِرُونَ لَهُ، وَاَقْبَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ بِوَجْهِهِ حَتَّى يَقْضِيَ صَلَاتَهُ "

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے گھر سے نماز کی ادائیگی کے لیے نکلا اور اس نے کہا:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِحَقِّ السَّائِلِيْنَ عَلَيْكَ، وَبِحَقِّ مَمْشَايَ هٰذَا، فَإِنِّيْ لَمْ اَخْرُجْ اَشَرًا وَلَا بَطَرًا وَلَا رِيَاءً وَلَا سُمْعَةً، خَرَجْتُ اتِّقَاءَ سَخَطِكَ، وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِكَ، اَسْاَلُكَ اَنْ تُنْقِذَنِيْ مِنَ النَّارِ، وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذُنُوْبِيْ، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا اَنْتَ﴾

’’اے اللہ! میں تجھ سے ان سوال کرنے والوں کے حق کے ساتھ سوال کرتا ہوں جن کا تجھ پر حق ہے اور اس چلنے کے حق کی وجہ سے میں بڑائی اور اترائی اور دکھاوے اور شہرت کی چاہت کی وجہ سے نہیں نکلا، میں تیرے غصے سے بچنے اور تیری رضا کی چاہت میں نکلا ہوں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے آگ سے (یعنی دوزخ) سے بچانا اور میرے لیے میرے گناہوں کو معاف فرمانا کیونکہ تیرے سوا گناہوں کو معاف کرنے والا کوئی نہیں۔‘‘②

① قال ابن علان فی، الفتوحات، 37/2: قال الحافظ بعد تخریجه من طریق ابن السنی، ہذا حدیث واہ جداً، اخرجه الدار قطنی فی، الافراد، من ہذا الوجه، وقال: تفرد به الوزاع وهو متفق علی ضعفه، وانه منکر الحدیث، قال الحافظ: والقول فی اشد من ذلک، فقال ابن معین والنسائی: لیس بثقة، وقال، ابو حتم وجماعة: متروک، وقال الحاکم: روی احادیث موضوعة، قال ابن عدی: احادیثه کلها غیر محفوظة، قال الحافظ: وقد اضطرب فی ہذا الحدیث فاخرجه ابو نعیم فی، الیومه واللیلة، من وجه عنه، فقال: عن سالم بن عمر عن بلال محل قوله فی الطریق الاول عن نافع عن ابی سلمة بن عبد الرحمن عن جابر بن عبدالله عن بلال۔ قال الحافظ ولم یتابع علیه۔اھ۔

② رواہ احمد فی، المسند، 21/3، وابن ماجه رقم 778، وضعفه البوصیری والمنذری وغیر ہما۔ قال السیوطی فی، تحفة الابرار، 11/ب۔ 12/1: قوله: وعطیة ایضاً ضعیف۔ قال الحافظ: ضعف عطیة انما جاء من قبیل التشیع ومن قبیل التدلیس، وهو فی نفسه صدوق، وقد اخرج له البخاری فی، الادب المفرد، واخرج له ابو داود عدة احادیث ساکتاً علیها، وحسن له الترمذی فی عدة احادیث بعضها من افراد، فلا یظن انه مثل الوازع فانه متروک باتفاق، وقال فیه ابن معین والنسائی: لیس بثقة، وقال الحاکم: روی احادیث موضوعة، وقال ابن عدی: احادیثه کلها غیر محفوظة۔ وحدیث ابی سعید المشار الیه حسن، اخرجه احمد وابن ماجه وابن خزیمة فی، کتاب التوحید، ورواہ ابو نعیم فی، کتاب الصلاة، وقال فی روایته عن عطیة: حدثنی ابو سعید، فامن بذلک تدلیس عطیة۔ قال الحافظ: وعجبت للشیخ۔ یعنی النووی، کیف اقتصر علی سوق روایة بلال دون ابی سعید، وعلی عزو روایة ابی سعید لابن السنی دون ابن ماجه وغیره، اھ۔

تو اس (پڑھنے والے) کے لیے ستر ہزار فرشتے مغفرت طلب کرتے ہیں اور اللہ عزوجل اپنے چہرہ کے ساتھ (جو اس کی شان کے لائق ہے) اس کی طرف متوجہ ہوتا ہے حتی کہ وہ اپنی نماز مکمل کر لیتا ہے۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ

آدمی جب مسجد میں داخل ہو تو کیا پڑھے؟

[86] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، ح وَاَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، حَدَّثَنَا الضحاك بن عثمان حَدَّثَنِي سَعِيدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ - اَوْ اَتَى إِلَي الْمَسْجِدِ - فَلْيُسَلِّمْ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلِ: اَللّٰهمَّ افْتَحْ لِي اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ، وَإِذَا خَرَجَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلْيَقُلِ: اَللّٰهمَّ اَعِذْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ". وَقَالَ ابْنُ مُكْرَمٍ فِي حَدِيثِهِ: وَاعْصِمْنِي.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک مسجد میں داخل ہو یا مسجد میں آئے تو وہ نبی کریم ﷺ پر سلام بھیجے اور کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ﴾

"اے اللہ، میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔"

اور جب (مسجد سے) نکلے تو نبی کریم ﷺ کی ذات پر سلام بھیجے اور کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَعِذْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾

"اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے پناہ عطا فرما۔"[1]

ابن مکرم نے اپنی حدیث میں کہا: "اعصمنی" یعنی مجھے (شیطان مردود سے) محفوظ فرما۔

[87] حَدَّثَنِي مُوسَي بْنُ الْحَسَنِ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْحَسَنِ الْكُوفِيِّ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ جَدَّتِهِ، قَالَتْ: كَانَ

[1] رواہ ابن ماجہ رقم 773 فی المساجد: باب الدعاء عند دخول المسجد، وصححہ ابن حبان رقم 321، موارد۔ قال البوصیری فی، الزوائد، اسنادہ صحیح، ورجالہ ثقات۔ قولہ: محمد بن الحسین بن مکرم: فی نسخۃ: محمد بن الحسن بن مکرم۔

رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ حَمِدَ اللّٰـهَ وَسَمَّي، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، وَافْتَحْ لِي اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَإِذَا خَرَجَ قَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَقَالَ: اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي اَبْوَابَ فَضْلِكَ.

حضرت عبداللہ بن الحسن الکوفی اپنی والدہ سے وہ ان کی دادی سے روایت کرتی ہیں کہ وہ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتے اور بسم اللہ پڑھتے اور یہ پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَافْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ﴾

''اے اللہ! مجھے معاف فرما اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''①

اور جب باہر نکلتے (مسجد سے) تو اسی کی مثل فرماتے اور کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ﴾

''اے اللہ! میرے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔''

[88] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ مُوسَي الرَّسْفَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْهَيْثَمِ الْبَلَدِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْبَخْتَرِيِّ - شَيْخٌ صَالِحٌ بَغْدَادِيٌّ - حَدَّثَنَا عِيسَي بْنُ يُونُسَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ قَالَ: بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَي مُحَمَّدٍ . وَإِذَا خَرَجَ قَالَ: بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَي مُحَمَّدٍ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ، اے اللہ! محمد (ﷺ) پر رحمت بھیج۔''

اور جب (مسجد سے) باہر نکلتے کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ﴾

''اے اللہ! محمد (ﷺ) پر رحمت بھیج۔''②

---

① رواہ احمد فی المسند 282/6 و 283، والترمذی رقم 314، وابن ماجہ رقم 771، وفی اسنادہ ضعف وانقطاع۔ ولہ شاہد من حدیث انس رضی اللہ عنہ الاتی بعدہ، فیتقوی بہ، ولذا حسنہ الترمذی۔

② حدیث حسن بشواہدہ کما قال الالبانی فی تخریج الکلم الطیب، رقم 63۔

[89] نَوْعٌ آخرُ اَخْبَرَنَا اَبُو حَفْصٍ عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بَكَّارٍ الْقَافْلَانِيُّ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَي، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ الْقَاسِمِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَي، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ الله عَنهُمَا قَالَ: عَلَّمَ النَّبِيُّ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ رَضِيَ الله عَنْهُمَا إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ اَنْ يُصَلِّيَ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُولُ: اَللّٰهمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا، وَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ . وَإِذَا خَرَجَ صَلَّي عَلَي النَّبِيِّ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَقُولُ: اَللّٰهمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا، وَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو سکھایا کہ جب وہ مسجد میں داخل ہوں تو نبی کریم ﷺ پر درود پڑھیں اور کہیں:

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا، وَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ﴾

''اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے گناہوں کی مغفرت فرما اور ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

اور جب (مسجد سے) باہر نکلیں تو نبی کریم ﷺ پر درود پڑھیں اور کہیں:

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا، وَافْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ فَضْلِكَ﴾

''اے اللہ! ہمارے لیے ہمارے گناہوں کی مغفرت فرما اور ہمارے لیے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔''①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ الْاَذَانَ

جب آذان سنے تو کیا پڑھے؟

[90] حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، اَخْبَرَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، وَعُتْبَةُ بْنُ عَبْدِ الله الْمَرْوَزِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، رَضِيَ الله عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ الله صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا سَمِعْتُمُ الْاَذَانَ فَقُولُوا مِثْلَ مَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ.

① قال الہیثمی فی المجمع، 33/2: رواہ الطبرانی فی الاوسط، وفیہ سالم بن عبدالاعلی، وھو متروک۔

"حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم آذان سنو تو اس کی مثل (کلمات) کہو جو مؤذن کہہ رہا ہے۔"①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ

آدمی جب مؤذن کو حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کہتے سنے تو کیا پڑھے؟

[91] حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ أَبِي رَافِعٍ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ مِثْلَ مَا يَقُولُ، وَإِذَا قَالَ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ، حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ.

"حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مؤذن کو (آذان دیتا ہوا) سنتے تو اس کی مثل (کلمات) کہتے جو وہ کہہ رہا ہے اور جب وہ (موذن) حی علی الصلوٰۃ، حی علی الفلاح کہتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ) (ان کلمات کے جواب میں) کہتے۔"②

[92] حَدَّثَنِي أَبُو طَالِبِ بْنُ أَبِي عَوَانَةَ هُوَ ابْنُ أَخِي أَبِي عَرُوبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ نَصْرِ بْنِ طَرِيفٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، رَضِيَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الْمُؤَذِّنَ قَالَ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ قَالَ: اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِينَ

حضرت معاویہ بن ابو سفیان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مؤذن کو (آذان دیتا) سنتے وہ کہتا حی علی الفلاح تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہتے: "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مُفْلِحِيْنَ" اے اللہ! ہمیں فلاح پانے والوں میں سے کر دے۔③

---

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں کوئی فرض نماز پڑھاتے تو (بعد از نماز) ہماری طرف اپنا رخ انور کرتے پس یہ دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ عَمَلٍ يُخْزِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ صَاحِبٍ يُرْدِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ كُلِّ اَمَلٍ يُلْهِيْنِيْ وَاَعُوْذُبِكَ. مِنْ كُل قْرٍ يُنْسِيْنِيْ. وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ غِنًي﴾

"اے اللہ! میں ہر اس عمل سے جو مجھے رسوا کرے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں ہر اس اپنے ساتھی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے ردّ کر دے اور میں ہر اس امید سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے مشغول کر دے (غیر اللہ کی طرف) اور میں ہر اس فقر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے بربادی کی طرف لے جائے اور میں ہر تنگ دستی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے (تیری ذات کو) بھلا دے، اور میں ہر اس امیری سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے سر کش بنا دے۔"②

① رواہ ابو یعلی للموصلی وکلاہما عن ابی سعید الخدری مرفوعاً، واسنادہ ضعیف۔ وانظر، الفتوحات الربانیۃ، 59/3۔ وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4426 ضعیف جداً۔

② قال الہیثمی فی، المجمع، 110/10: رواہ البزار، وفیہ بکر بن خنیس، وہو متروک، وقد وثق، ورواہ ابو یعلی وفیہ عقبۃ بن عبداللہ الاصم وہو ضعیف جداً۔

[121] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا نَجِيحُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَيْمُونٍ، حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ النَّخَعِيِّ، عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ مَقَامِي بَيْنَ كَتِفَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قُبِضَ، فَكَانَ يَقُولُ إِذَا انْصَرَفَ مِنَ الصَّلَاةِ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِي آخِرَهُ، وَخَيْرَ عَمَلِي خَوَاتِمَهُ، وَاجْعَلْ خَيْرَ أَيَّامِي يَوْمَ أَلْقَاكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نماز پڑھ کر فارغ ہو جاتے تو یہ دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ خَيْرَ عُمْرِي اٰخِرَهُ، وَخَيْرَ عَمَلِي خَوَاتِمَهُ، وَاجْعَلْ خَيْرَ أَيَّامِي يَوْمَ أَلْقَاكَ﴾

”اے اللہ! میرے زندگی کے آخر (حصے) کو بہترین بنا دے اور میرے عمل کے آخر کو بہترین بنا دے اور میرے لیے وہ دن بہترین بنا دے جس دن میں تجھ سے ملاقات کروں۔“①

[122] حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الرُّعَيْنِيُّ، وَأَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ اللَّخْمِيِّ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:أَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقْرَأَ بِالْمُعَوِّذَاتِ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے حکم فرمایا کہ میں ہر فرض نماز کے بعد معوذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) پڑھا کروں۔②

---

① قال ابن علان 3/60: قال الحافظ۔ یعنی ابن حجر۔ بعد ان اخرجه من طریق الطبرانی وبین من تفرد بروایته وانهم ثقات الا ابا مالک النخعی فضعیف بالاتفاق، وقف اختلف علیه فی شیخه فی ہذا الحدیث، فعند ابی النضر ان شیخه فی ہذا الحدیث ابن اخی انس،، واخرجه کذلک الحافظ من طریق الطبرانی؛ قلت: واخرجه من تلک الطریق ابو نعیم فی، مستخرجه علی عمل الیوم واللیلة لابن السنی، وقال بدل قوله: ،وخیر عملی خواتمه، اللهم اجعل خواتم عملی رضوانک،، واخرجه ابن السنی عن صالح عن ابی مالک عن ابی جدعان عن انس، قال الحافظ: ورواية ابی النضر اولی لانه ثقة وصالح لیس بثقة، وفی مسند الحدیث عند الطبرانی وخرجه من طریقه الحفظ ابن اخی انس عن انس۔ وال الحافظ: واسم ابن اخی انس: حفص، قبل: ہو ابن عبدالله بن ابی طلحة اخی انسا لامه، وقیل: ابن عمر بن عبدالله المذکور، فعلی ہذا یکون نسب لجده۔ وقد روی البخاری فی ،الادب المفرد،، واحمد وابو داود والنسائی وغیرہم عدة احادیث عن رواية خلف بن خلیفة عن ابن اخی انس، ہکذا علی الابهام، وسمی فی بعضها عند احمد: حفص بن عمر بن عبدالله بن ابی طلحة، وہو موثق۔اه۔ وقال الہیثمی فی، المجمع، 10/11: رواه الطبرانی فی ،الاوسط،، وفیه ابو مالک النخعی وہو ضعیف۔

② رواه ابو داود رقم 1523 فی الصلاة: باب الاستغفار، والنسائی 3/68 فی السهو: باب الامر بقراءة المعوذات بعد التسلیم من الصلاة، واحمد فی، المسند، 4/201، وہو حدیث صحیح۔ وصححه ابن حبان رقم 2347، موارد۔

[123] أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَبُو التَّقِيِّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الذُّهْلِيِّ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ صُدَيِّ بْنِ عَجْلَانَ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ كَانَ بِمَنْزِلَةِ مَنْ قَاتَلَ عَنْ أَنْبِيَاءِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى يُسْتَشْهَدَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوامامہ صدی بن عجلان الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھی تو وہ اس شخص کے درجہ و مقام میں ہوگا جو اللہ عزوجل کے انبیاء کی طرف سے لڑے حتی کہ اسے شہادت نصیب ہو جائے۔ ①

[124] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا الْيَمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، وَأَحْمَدُ بْنُ هَارُونَ، جَمِيعًا بِالْمَصِّيصَةِ قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حِمْيَرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ الْأَلْهَانِيِّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ قَرَأَ آيَةَ الْكُرْسِيِّ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ لَمْ يَحُلْ بَيْنَهُ وَبَيْنَ دُخُولِ الْجَنَّةِ إِلَّا الْمَوْتُ.

حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھتا ہے تو اس کے اور جنت میں داخل ہونے کے درمیان سوائے موت کے کوئی چیز حائل نہیں ہوتی۔ ②

[125] حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرِ بْنُ بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ عُمَيْرٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَالْآيَتَيْنِ مِنْ آلِ عِمْرَانَ: شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا وَقُلِ اللَّهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ إِلَي قَوْلِهِ: وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ مُعَلَّقَاتٌ، مَا بَيْنَهُنَّ وَبَيْنَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ حِجَابٌ، لَمَّا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يُنْزِلَهُنَّ تَعَلَّقْنَ بِالْعَرْشِ، قُلْنَ: رَبَّنَا، تُهْبِطُنَا إِلَي أَرْضِكَ، وَإِلَي مَنْ يَعْصِيكَ. فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: بِي حَلَفْتُ، لَا يَقْرَأُكُنَّ أَحَدٌ مِنْ عِبَادِي دُبُرَ كُلِّ صَلَاةٍ إِلَّا جَعَلْتُ الْجَنَّةَ مَثْوَاهُ عَلَي مَا كَانَ مِنْهُ، وَإِلَّا أَسْكَنْتُهُ حَظِيرَةَ

---

① اسنادہ ضعیف لکن رواہ النسائی من طریق صحیحۃ فصح وللہ الحمد۔ انظر، الاحادیث الصحیحۃ، للالبانی رقم 872 صفحہ 699۔

② قل الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 972: وھذا اسناد ضعیف، وللحدیث شواھد یصح بھا ان شاء اللہ۔ اھ۔

الْقُدُسِ، وَإِلَّا نَظَرْتُ إِلَيْهِ بِعَيْنِي الْمَكْنُونَةِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ نَظْرَةً، وَإِلَّا قَضَيْتُ لَهُ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ حَاجَةً، أَدْنَاهَا الْمَغْفِرَةُ، وَإِلَّا أَعَذْتُهُ مِنْ كُلِّ عَدُوٍّ وَنَصَرْتُهُ مِنْهُ، وَلَا يَمْنَعُهُ مِنْ دُخُولِ الْجَنَّةِ إِلَّا الْمَوْتُ نَوْعٌ آخَرُ

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک سورۃ فاتحہ، اور آیۃ الکرسی اور سورۂ آل عمران کی یہ دو آیتیں:

﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَقُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ اِلَى قَوْلِهِ: وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴾

شفاعت کرنے والی ہیں۔ ان کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی چیز حجاب (پردہ) نہیں۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان کو نازل کرنے کا ارادہ فرمایا تو یہ عرش کے ساتھ لٹک گئیں اور عرض کرنے لگیں: اے ہمارے رب! تو ہمیں زمین پر اتارے گا اور اس کی طرف جو تیری نافرمانی کرے گا، تو اللہ عزوجل نے فرمایا: مجھے قسم ہے (اپنی ذات کی) جو کوئی بھی میرے بندوں میں تمہیں ہر نماز کے بعد پڑھے گا میں اس کا ٹھکانہ جنت بناؤں گا وہ جس حال میں بھی ہو اور میں اسے حظیرۃ القدس میں بساؤں گا اور میں اس (تمہیں پڑھنے والے) کو پوشیدہ نظر سے ہر دن ستر مرتبہ دیکھوں گا اور میں اس کی ہر دن ستر حاجتیں پوری کروں گا، ان میں اس کی ادنیٰ حاجت اس کی بخشش ہوگی اور میں اس کو ہر دشمن سے پناہ دوں گا اور اس کے خلاف اس کی مدد کروں گا اور اسے جنت میں داخل ہونے سے سوائے موت کے کوئی چیز نہیں روکے گی۔ ①

[126] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْبَاغَنْدِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْمُزَنِيُّ الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي مُعَاذٌ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " مَنْ قَالَ بَعْدَ الْفَجْرِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَبَعْدَ الْعَصْرِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّومَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ، كُفِّرَتْ عَنْهُ ذُنُوبُهُ، وَإِنْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ "نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ جس شخص نے فجر کی نماز کے بعد اور عصر کی نماز کے بعد تین مرتبہ یہ پڑھا:

﴿اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ﴾

① فيه الحارث بن عمير، قال ابن معين واسحاق الكوسج وابو زرعة وابو حاتم والنسائي: ثقه، ورماه ابن حبان والحاكم بالوضع، ومحمد بن زنبور: ضعيف۔ وقد اورد [illegible] بهذا الحديث في الميزان، 1/440 وقال: قال ابن حبان: موضوع لا اصل له۔

''میں اللہ تعالیٰ کی ذات سے مغفرت طلب کرتا ہوں، وہ جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہی زندہ قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''①

[127] حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ بْنِ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبَزَّازُ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَي بْنِ طَلْحَةَ، حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّي الصُّبْحَ - قَالَ: وَلَا اَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ فِي سَفَرٍ - رَفَعَ صَوْتَهُ حَتَّيٰ يَسْمَعَ اَصْحَابُهُ: اللّٰـهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي جَعَلْتَهُ عِصْمَةَ اَمْرِي، اللّٰـهُمَّ اَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - اللّٰـهُمَّ اَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي جَعَلْتَ إِلَيْهَا مَرْجِعِي - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - اللّٰـهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، اللّٰـهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْكَ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - اللّٰـهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن برزہ الاسلمی اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دوران سفر صبح کی نماز پڑھ لیتے تو اتنی اونچی آواز سے تین مرتبہ یہ دعا پڑھتے حتی کہ آپ کے اصحاب کرام بھی سن لیتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ عِصْمَةَ اَمْرِيْ، اَللّٰـهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ جَعَلْتَ فِيْهَا مَعَاشِيْ﴾

''اے اللہ! میرے لیے میرے دین کو سنوار دے، جسے تو نے میرے معاملے کا محافظ بنایا، اے اللہ! میرے لیے میری دنیا کو سنوار دے جسے تو نے میرے لیے میرے معاش کا ذریعہ بنایا۔''②

تو اس کے تمام گناہ معاف کر دیے جائیں گے اگرچہ وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

اور تین مرتبہ:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ جَعَلْتَ إِلَيْهَا مَرْجِعِيْ﴾

''اے اللہ! میرے لیے میری آخرت کو سنوار دے جس کی طرف تو نے میرا لوٹنا مقرر کیا ہے۔''

اور تین مرتبہ یہ پڑھتے:

① فی عکرمۃ بن ابراہیم لعلہ الموصلی الازدی وھو ضعیف۔ انظر، المیزان، 3/89 و 90۔ وفیہ محمد بن محمد بن سلیمان، قال الدار قطنی: مخلط مدلس یکتب عن بعض اصحابہ ثم یسقط بینہ وبین شیخہ ثلاثۃ، وھو کثیر الخطار رحمہ اللہ تعالی۔

② قال الھیثمی فی بلمجمع، 10/111: رواہ الطبرانی فی، الاوسط، وفیہ اسحاق بن یحیی بن طلحۃ وھو ضعیف۔ اھ۔ قلت: لبعض فقراتہ شواھد۔

﴿اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ﴾

''اے اللہ! اسے کوئی روکنے والا نہیں جسے تو عطا کرے اور اسے کوئی عطا کرنے والا نہیں جسے تو روک لے اور کسی کوشش کرنے والے کو اس کی کوشش تجھ سے نفع نہیں دے سکتی۔''

[128] حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أُمَيَّةَ السَّاوِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، حَدَّثَنِي عِيسَي بْنُ مُوسَي الْبُخَارِيُّ النَّحْوِيُّ اَبُو اَحْمَدَ، عَنِ الرَّيَّانِ بْنِ الْجَعْدِ الْجَنَدِيِّ، عَنْ يَحْيَي بْنِ حَسَّانَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو بِهٰذِهِ الدَّعَوَاتِ كُلَّمَا سَلَّمَ: اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْبَأْسِ، فَإِنَّ مَنْ تُخْزِهِ يَوْمَ الْبَأْسِ فَقَدْ اَخْزَيْتَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی (نماز سے) سلام پھیرتے تو اس دعا کے ساتھ (اللہ کی بارگاہ میں) التجا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَلَا تُخْزِنِي يَوْمَ الْبَأْسِ، فَإِنَّ مَنْ تُخْزِهِ يَوْمَ الْبَأْسِ فَقَدْ اَخْزَيْتَهُ﴾

''اے اللہ! قیامت کے دن مجھے رسوا نہ کرنا اور نہ تو مجھے سختی کے دن رسوا کرنا کیونکہ جسے تو نے سختی کے دن رسوا کیا تو اسے تو نے رسوا ہی کر دیا۔''[1]

[129] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ عُقْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الزَّهْرَاءِ خَادِمُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ حِينَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلَاتِهِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَامَ مَغْفُورًا لَهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے اپنی نماز سے فراغت کے بعد یہ پڑھا:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ﴾

[1] فیه عیسی بن موسی البخاری ابو احمد الازرق لقبه غنجار، صدوق ربما اخطا و ربما دلس، مکثر من الحدیث عن المتروکین، کما قال الحافظ فی التقریب۔

''پاک ہے اللہ عظمت والا، اور اسی کے لیے حمد ہے، اور نہیں ہے گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ تعالیٰ بلند عظمت والے کی توفیق کے۔''①

تین مرتبہ تو وہ بخشا بخشایا ہوا اٹھے گا۔

[130] اَخبَرَنِي اَبو عَروبَةَ الحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ الحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي دُبُرِ الصَّلَاةِ:)لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ، وَلَهُ الْفَضْلُ، وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُونَ.

حضرت مجاہد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ، لَهُ النِّعْمَةُ، وَلَهُ الْفَضْلُ، وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، اور ہم سوائے اس کے کسی کی عبادت نہیں کرتے اسی کے لیے نعمت بھی ہے اور اسی کے لیے فضل بھی اور اسی کے لیے عمدہ تعریف، نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے، اس کے لیے دین کو خالص کرتے ہیں اگرچہ کافر اسے ناپسند کریں۔''②

[131] اَخبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ الْحُرِّ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

''حضرت جابر رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔''③

[132] اَخبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، اَنْبَاَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنَا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنَا بَكَّارُ بْنُ الْحُرِّ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ اَبِي رَافِعٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ نَوْعٌ آخَرُ

---

①قال الهيثمي في، المجمع، 103/10: رواه البزار من رواية ابي الزهراء عن انس، وابو الزهراء لم اعرفه، وبقية رجاله ثقات۔

②في خصيف بن عبدالرحمن الجزري الحراني، ضعفه احمد، وقال مرة: ليس بقوى، وقال ابن معين: صالح، وقال مرة: ثقة۔ قال ابو حاتم: تكلم في سوء حفظه، وقال يحيى بن القطان: كنا نجتنب خصيفاً، ووثقه ابو زرعة۔ انظر، الجرح والتعديل، 403/3 و، الميزان، 653/1۔ لكن روى مسلم في، صحيحه، رقم 594 في المساجد باب استحباب الذكر بعد الصلاة من حديث عبدالله بن الزبير رضي الله عنهما نحوه۔

③في عتاب بن بشير تكلموا فيه۔ انظر، الميزان، 27/3۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بھی حضور نبی کریم ﷺ سے اس کی مثل روایت کرتے ہیں۔ ①

[133] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَدِينِيُّ، بِعُمَانَ، ثنا هَارُونُ بْنُ إِسْحَاقَ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُطَّرِحِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ مَكْتُوبَةٍ: اللَّهُمَّ أَعْطِ مُحَمَّدًا الْوَسِيلَةَ، اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ فِي الْمُصْطَفَيْنَ صُحْبَتَهُ، وَفِي الْعَالِينَ دَرَجَتَهُ، وَفِي الْمُقَرَّبِينَ ذِكْرَهُ، وَمَنْ قَالَ ذَلِكَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ، فَقَدِ اسْتَوْجَبَ عَلَيَّ الشَّفَاعَةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَوَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ "

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جس شخص نے ہر فرض نماز کے بعد یہ پڑھا:

﴿اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ فِي الْمُصْطَفَيْنَ صُحْبَتَهُ. وَفِي الْعَالِيْنَ دَرَجَتَهُ. وَفِي الْمُقَرَّبِيْنَ ذِكْرَهُ﴾

"اے اللہ! حضرت محمد ﷺ کو وسیلہ والا درجہ عطا فرما، اے اللہ! اوران کو محبوبوں کی صحبت میں کردے اور تمام جہانوں میں آپ کا درجہ کردے اور (اپنے) مقرب لوگوں میں آپ کے ذکر کو کردے۔" ②

جس نے بھی نماز کے بعد یہ پڑھا اس کی شفاعت کرنا مجھ پر واجب ہے اور اس کے لیے جنت بھی واجب ہے۔

[134] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا رِزْقُ اللَّهِ بْنُ سَلَّامٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدٍ الْخَبَطِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْعَلَاءِ الْبَصْرِيُّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذْ أَقْبَلَ شَيْخٌ يُقَالُ لَهُ قَبِيصَةُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا جَاءَ بِكَ، وَقَدْ كَبِرَتْ سِنُّكَ، وَرَقَّ عَظْمُكَ(؟ . فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ، كَبِرَتْ سِنِّي، وَدَقَّ عَظْمِي، وَضَعُفَتْ قُوَّتِي، وَاقْتَرَبَ أَجَلِي. فَقَالَ:)أَعِدْ عَلَيَّ قَوْلَكَ(. فَأَعَادَ عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَقِيَ حَوْلَكَ

---

① قال الهیثمی فی، المیزان، فی ترجمة عبید اللہ بن زحر: وقال ابن حبان: یروی الموضوعات عن الاثبات، واذا روی عن علی بن یزید اتی بالطامات، واذا اجتمع فی اسناد خبر عبید اللہ وعلی بن یزید والقاسم ابو عبد الرحمن لم یکن ذلک الخبر الا مما عملته ایدیھم۔اھ۔

② قال الهیثمی فی، المجمع، 111/10: رواہ الطبرانی وفیہ نافع ابو ہرمز، وھو ضعیف وقال فی، المیزان، 243/4: وقال ابو حاتم: متروک ذاھب الحدیث۔

شَجَرٌ، وَلَا حَجَرٌ، وَلَا مَدَرٌ، إِلَّا بَكَي رَحْمَةً لِقَوْلِكَ، فَهَاتِ حَاجَتَكَ، فَقَدْ وَجَبَ حَقُّكَ(. فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ ، عَلِّمْنِي شَيْئًا يَنْفَعُنِي اللّٰـهُ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَلَا تُكْثِرْ عَلَيَّ؛ فَإِنِّي شَيْخٌ نَسِيٌّ. قَالَ: " أَمَّا لِدُنْيَاكَ، فَإِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ فَقُلْ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ: سُبْحَانَ اللّٰـهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰـهِ ، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، يُوقِيكَ اللّٰـهُ مِنْ بَلَايَا أَرْبَعٍ: مِنَ الْجُذَامِ، وَالْجُنُونِ، وَالْعَمَي، وَالْفَالِجِ. فَأَمَّا لِآخِرَتِكَ، فَقُلِ: اللّٰـهُمَّ اهْدِنِي مِنْ عِنْدِكَ، وَأَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ، وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ، وَأَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ". فَقَالَهَا الشَّيْخُ، وَعَقَدَ أَصَابِعَهُ الْأَرْبَعَ، فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ: خَالُكَ هَذَا يَا رَسُولَ اللّٰـهِ ، مَا أَشَدَّ مَا ضَمَّ عَلَي أَصَابِعِهِ الْأَرْبَعِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ وَفَّي بِهِنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَمْ يَدَعْهُنَّ، لَيُفْتَحَنَّ لَهُ أَرْبَعَةُ أَبْوَابٍ مِنَ الْجَنَّةِ، يَدْخُلُ مِنْ أَيِّهَا شَاءَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں: اس دوران کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے ایک بوڑھا آدمی آیا اسے قبیصہ کہا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: تجھے کیا چیز (ہمارے پاس) لے کر آئی حالانکہ تو بہت بوڑھا ہو چکا ہے اور تیری ہڈیاں بھی کمزور ہو چکی ہیں۔ اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں بہت بوڑھا ہو چکا اور میری ہڈیاں بھی کمزور ہو چکیں اور میری طاقت بھی کمزور ہو چکی اور میری موت کا وقت قریب ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے اپنی بات دوبارہ سناؤ، اس نے اپنی بات دوبارہ آپ کو سنائی تو پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تیرے آس پاس کوئی درخت اور ڈھیلا باقی نہیں رہا، جو تیری اس بات پر تجھ پر رحم کھاتے ہوئے رویا نہیں اپنی حاجت پیش کر بلاشبہ تیرا حق واجب ہو گیا۔ اس نے عرض کی! یا رسول اللہ! مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیں جس سے اللہ تعالیٰ مجھے دنیا و آخرت میں نفع عطا فرمائے اور مجھے کوئی زیادہ بات نہ بتانا کیوں کہ میں بوڑھا آدمی ہوں بھول جاتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تیری دنیا کے لیے یہ ہے کہ تو صبح کی نماز کے بعد تین دفعہ پڑھا کر:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

"پاک ہے اللہ تعالیٰ عظمت والا اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، اور نہیں ہے گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت سوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے۔"

اللہ تعالیٰ تجھے (اس کے طفیل) چار مصیبتوں سے محفوظ فرمائے گا۔ پاگل پن سے، کوڑھ سے، اندھا ہونے سے اور فالج سے۔ اور اپنی آخرت کے لیے تو یہ پڑھا کر:

﴿اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ، وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ، وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَاَنْزِلْ

عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ ﴾

''اے اللہ! مجھے اپنی طرف سے ہدایت نصیب فرما اور مجھ پر اپنا فضل فرما اور مجھ پر اپنی رحمت برسا اور مجھ پر اپنی برکات کا نزول فرما۔''

تو اس بوڑھے نے یہ پڑھا اور اپنی چار انگلیوں کو گرہ لگائی (یعنی چار انگلیاں بند کیں) تو حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپ کے ماموں نے اپنی چار انگلیوں سے کیا مضبوطی سے پکڑا ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں (مجھ) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے اگر اس نے یہ کلمات پڑھنے نہ چھوڑے تو بروز قیامت اس کے لیے جنت کے چار دروازے لازماً کھول دیے جائیں گے جس میں سے چاہے داخل ہوجائے۔ [1]

[135] اَخْبَرَنِي عَبْدُالرَّحْمٰنِ بْنُ حَمْدَانَ، قَالَ: ثنا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا اَبِي الْعَلَاءُ بْنُ الْهِلَالِ، ثنا اَبُو هِلَالِ بْنُ عُمَرَ، ثنا الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاءَ إِلَي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنْ اَخْوَالِهِ يُقَالُ لَهُ قَبِيصَةُ، فَسَلَّمَ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ السَّلَامَ، وَرَحَّبَ بِهِ، وَقَالَ لَهُ:)يَا قَبِيصَةُ، جِئْتَ حِينَ كَبِرَتْ سِنُّكَ، وَدَقَّ عَظْمُكَ، وَاقْتَرَبَ اَجَلُكَ(. قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، جِئْتُكَ، وَمَا كِدْتُ اَنْ اَجِيئَكَ، يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، كَبِرَتْ سِنِّي، وَدَقَّ عَظْمِي، وَاقْتَرَبَ اَجْلِي، وَافْتَقَرْتُ، وَهُنْتُ عَلَي النَّاسِ، وَجِئْتُكَ تُعَلِّمُنِي شَيْئًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَلَا تُكْثِرْ عَلَيَّ؛ فَإِنِّي شَيْخٌ كَبِيرٌ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)كَيْفَ قُلْتَ يَا قَبِيصَةُ؟(. فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ فَقَالَ:)وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ مَا كَانَ حَوْلَكَ مِنْ حَجَرٍ، وَلَا شَجَرٍ، وَلَا مَدَرٍ إِلَّا بَكَي لِقَوْلِكَ، فَهَاتِ(. فَقَالَ: جِئْتُكَ لِتُعَلِّمَنِي شَيْئًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَلَا تُكْثِرْ عَلَيَّ؛ فَإِنِّي شَيْخٌ كَبِيرٌ. قَالَ: " يَا قَبِيصَةُ، إِذَا اَصْبَحْتَ، وَصَلَّيْتَ الْفَجْرَ، فَقُلْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ - اَرْبَعًا -، يُعْطِيكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَرْبَعًا لِدُنْيَاكَ، وَاَرْبَعًا لِآخِرَتِكَ، فَاَمَّا اَرْبَعًا لِدُنْيَاكَ: فَإِنَّكَ تُعَافَي مِنَ الْجُنُونِ، وَالْجُذَامِ،

[1] وفيه الخليل بن مرة الضبعی البصری، قال ابو زرعة: شيخ صالح، و قال البخاری: منكر الحديث، و قال ابو حاتم: ليس بقوی، و قال ابن عدی: ليس بمتروك۔ و فيه ايضاً ابو العلاء ابن الهلال منكر الحديث۔ انظر، التهذيب۔ قلت: قال فی، الميزان، 106/3: هلال بن العلاء بن هلال بن عمرو الباهلی اه ففی اسناد ابن السنی تصحيف، و لعل صوابه: ثنا هلال بن العلاء ثنا ابی العلاء بن العلاء، ثنا ابی هلال بن عمرو، و الله اعلم۔

وَالْبَرَصِ، وَالْفَالِجِ، وَاَمَّا اَرْبَعًا لِآخِرَتِكَ: فَقُلِ: اللّٰهُمَّ اهْدِنِي مِنْ عِنْدِكَ، وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ، وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَحْمَتِكَ، وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ. فَجَعَلَ يَعْقِدُهُنَّ، فَقَالَ رَجُلٌ: مَا اَشَدَّ مَا عَقَدَ عَلَيْهِنَّ خَالُكَ. فَقَالَ:) اَمَا إِنَّهُ إِنْ وَفَّى بِهِنَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَمْ يَدَعْهُنَّ رَغْبَةً عَنْهُنَّ وَلَا نِسْيَانًا، لَمْ يَأْتِ بَابًا مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ إِلَّا وَجَدَهُ مَفْتُوحًا.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کے ماموؤں میں سے ایک شخص آپ کے پاس آیا جسے قبیصہ کہا جاتا تھا اس نے حضور نبی کریم ﷺ کو سلام کیا تو آپ ﷺ نے اسے سلام کا جواب دیا اور اسے مرحبا کہا۔ آپ نے اس سے فرمایا: اے قبیصہ! اب آیا ہے جب کہ تو بہت بوڑھا ہو چکا ہے اور تیری ہڈیاں کمزور ہو چکی ہیں، اور تیری موت کا وقت قریب ہے۔ اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں آپ کے پاس آیا اور میں بالکل ناکارہ ہوں یا رسول اللہ! میں بہت بوڑھا ہوں اور میری ہڈیاں بہت کمزور ہوں میں بہت لاچار اور لوگوں کے لیے ناکارہ ہوں میں آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں کہ آپ مجھے کچھ ایسا سکھا دیں کہ اس کے ذریعے اللہ عزوجل مجھے دنیا و آخرت میں نفع عطا فرمائے، اور مجھے کچھ زیادہ نہ بتانا کہ میں بہت بوڑھا ہوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے قبیصہ تو نے کیا کہا؟ جس نے مجھے حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، تیرے آس پاس نہ کوئی درخت رہا نہ پتھر نہ ڈھیلا جو تیری اس بات پر رویا نہ ہو، سو بتا تو اس نے کہا: میں آپ کے پاس اس لیے آیا ہوں کہ آپ مجھے کوئی چیز سکھا دیں جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ مجھے دنیا اور آخرت میں نفع عطا فرمائے، اور مجھے کچھ زیادہ نہ بتانا کیونکہ میں بوڑھا آدمی ہوں (بھول جاؤں گا یا کر نہ سکوں گا) آپ ﷺ نے فرمایا: اے قبیصہ! جب تو صبح کرے اور نماز فجر پڑھ لے تو چار دفعہ یہ پڑھنا۔

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

"پاک ہے اللہ تعالیٰ عظمت والا اور اسی کی تمام تعریفیں ہیں اور نہیں ہے گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے۔"

تو اللہ تعالیٰ تجھے چار چیزیں دنیا میں عطا فرمائے گا اور چار چیزیں آخرت میں۔ دنیا کی چار چیزیں یہ ہیں: تجھے جنون (پاگل پن) کوڑھ اور برص اور فالج سے محفوظ فرمائے گا اور آخرت کی چار چیزوں کے لیے یہ پڑھنا:

﴿اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ مِنْ عِنْدِكَ، وَاَفِضْ عَلَيَّ مِنْ فَضْلِكَ، وَانْشُرْ عَلَيَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَاَنْزِلْ عَلَيَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ﴾

"اے اللہ! مجھے اپنی طرف سے ہدایت نصیب فرما اور مجھ پر اپنا رزق نازل فرما، اور مجھ پر اپنی رحمت برسا اور مجھ پر اپنی برکات کا نزول فرما۔"

تو اس نے ان کی (اپنی انگلیوں سے) گرہ لگائی (یعنی ایک ایک گن کے انگلیاں بند کیں) تو ایک آدمی نے عرض کی: (یا

رسول اللہ) آپ کے ماموں نے کتنی سختی سے ان (چاروں) کی گرہ باندھی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے ان کلمات کو پڑھنا نہ چھوڑا ان میں دلچسپی رکھتے ہوئے اور نہ ہی انہیں بھولا تو قیامت کے دن جنت کے جس دروازے کے پاس آئے گا اسے کھلا ہوا ہی پائے گا۔ ①

[136] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ، ثنا أَبِي، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللَّـهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ وَاحِدَةٌ مِنْهُنَّ زُوِّجَ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ حَيْثُ شَاءَ: رَجُلٌ اؤْتُمِنَ عَلَى أَمَانَةٍ خَفِيَّةٍ شَهِيَّةٍ، فَأَدَّاهَا مِنْ مَخَافَةِ اللَّـهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَرَجُلٌ عَفَا عَنْ قَاتِلِهِ، وَرَجُلٌ قَرَأَ: قُلْ هُوَ اللَّـهُ أَحَدٌ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرَ مَرَّاتٍ " نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص میں تین خصلتوں میں سے کوئی ایک بھی پائی گئی تو وہ جس حور عین سے چاہے گا اس کا نکاح کر دیا جائے گا۔ ایک وہ شخص جس کو پوشیدہ طور پر کسی امانت پر امین بنایا گیا تو اس نے اللہ تعالیٰ کے خوف سے اسے ادا کر دیا اور دوسرا وہ شخص جس نے قاتل کو معاف کر دیا اور تیسرا وہ شخص جس نے ہر نماز کے بعد دس دفعہ سورۃ الاخلاص کی تلاوت کی۔ ②

[137] أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْجَوَادِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا زَيْدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الصَّائِغُ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنِ الْأَزْهَرِ بْنِ عَبْدِ اللَّـهِ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، رَضِيَ اللَّـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّـهِ صَلَّى اللَّـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ بَعْدَ صَلَاةِ الصُّبْحِ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّـهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، إِلَهًا وَاحِدًا صَمَدًا، لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا الإخلاص: أَحَدٌ، كَتَبَ اللَّـهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ أَرْبَعِينَ أَلْفَ حَسَنَةٍ "نَوْعٌ آخَرُ

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کی نماز کے بعد یہ پڑھا:

﴿أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، إِلَهًا وَاحِدًا صَمَدًا، لَمْ يَتَّخِذْ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا﴾

① وفیہ الخلیل بن مرۃ، وھو ضعیف۔ وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 2540: رواہ ابو یعلی من حدیث جابر رضی اللہ عنہ، واسنادہ ضعیف جداً۔

② وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5739۔

''میں گواہی دیتا ہوں کہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی لائق عبادت نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، وہ ایک معبود ہے، بے نیاز ہے، اس کی نہ کوئی بیوی ہے اور نہ ہی اولاد، اور نہ ہی کوئی اس کا ہمسر ہے، تو اللہ عزوجل اس کے لیے چالیس ہزار نیکیاں لکھ دیتا ہے۔''①

[138] حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى، ثنا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنِ اسْتَغْفَرَ اللَّهَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَقَالَ: أَسْتَغْفِرُ اللَّهَ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّومَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ، غَفَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ ذُنُوبَهُ، وَإِنْ كَانَ قَدْ فَرَّ مِنَ الزَّحْفِ "نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے ہر نماز کے بعد تین دفعہ ان الفاظ کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کی:

﴿أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيَّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ﴾

''میں مغفرت طلب کرتا ہوں اللہ تعالیٰ سے وہ جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہی زندہ قائم رہنے والا ہے اور میں اس کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''

(جنگ سے بھاگنا کبیرہ گناہ ہے) تو اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگرچہ وہ جنگ سے ہی کیوں نہ بھاگا ہو۔②

[139] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ أَدِيبَوَيْهِ، ثنا أَبُو يَعْقُوبَ إِسْحَاقُ بْنُ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ الْبَالِسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْبَالِسِيُّ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " مَا مِنْ عَبْدٍ بَسَطَ كَفَّيْهِ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ، ثُمَّ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِلَهِي وَإِلَهَ إِبْرَاهِيمَ، وَإِسْحَاقَ، وَيَعْقُوبَ، وَإِلَهَ جِبْرَائِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ، أَسْأَلُكَ أَنْ تَسْتَجِيبَ دَعْوَتِي، فَإِنِّي مُضْطَرٌّ، وَتَعْصِمَنِي فِي دِينِي فَإِنِّي مُبْتَلًى، وَتَنَالَنِي بِرَحْمَتِكَ فَإِنِّي مُذْنِبٌ، وَتَنْفِيَ عَنِّي الْفَقْرَ فَإِنِّي مُتَمَسْكِنٌ، إِلَّا كَانَ حَقًّا عَلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ لَا يَرُدَّ يَدَيْهِ خَائِبَتَيْنِ "

---

① قال الهيثمی فی مجمع، 10/104: رواه الطبرانی فی الصغير، و الاوسط، وفيه عمر بن فرقد وهو ضعيف۔ اھ۔ وفيه عمرو بن الحصين وهو متروک وسعيد ابن راشد وهو ضعيف۔ قال الالبانی فی ضعيف الجامع، رقم 5410: ضعيف جداً۔

② فيه خصيف بن عبدالرحمن الجزری۔ وعبدالعزيز بن عبدالرحمن، وهما ضعيفان۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص نماز کے بعد اپنی ہتھیلیوں کو پھیلاتا ہے پھر یہ دعا کرتا ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِلٰهِي وَإِلٰهَ إِبْرَاهِيمَ، وَإِسْحَاقَ، وَيَعْقُوبَ، وَإِلٰهَ جَبْرَائِيلَ، وَمِيكَائِيلَ، وَإِسْرَافِيلَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ، اَسْاَلُكَ اَنْ تَسْتَجِيبَ دَعْوَتِي، فَإِنِّي مُضْطَرٌّ، وَتَعْصِمُنِي فِي دِينِي فَإِنِّي مُبْتَلًى، وَتَنَالَنِي بِرَحْمَتِكَ فَإِنِّي مُذْنِبٌ، وَتَنْفِي عَنِّي الْفَقْرَ فَإِنِّي مُتَمَسْكِنٌ﴾

''اے اللہ! میرے معبود اور حضرت ابراہیم و اسحاق و یعقوب علیہم السلام کے معبود، حضرت جبریل و میکائیل و اسرافیل علیہم السلام کے معبود، میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میری دعا کو قبول فرما کیونکہ میں پریشانی و بے قراری میں ہوں اور تو میرے دین میں میری حفاظت فرما کیونکہ میں آزمایا گیا ہوں، اور مجھ تک اپنی رحمت پہنچا کیونکہ میں گناہ گار ہوں، اور تو مجھ سے تنگ دستی دور فرما دے کیونکہ میں لاچار مسکین ہوں تو اللہ عزوجل کے ذمہ کرم پر واجب ہے کہ اس کے ہاتھوں کو ناکام واپس نہ لوٹائے۔''[1]

[140] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِالرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُسْلِمِ بْنِ الْحَارِثِ التَّمِيمِيِّ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا صَلَّيْتَ الصُّبْحَ، فَقُلْ قَبْلَ اَنْ تَتَكَلَّمَ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِي مِنَ النَّارِ، فَإِنَّكَ إِنْ مُتَّ مِنْ يَوْمِكَ ذٰلِكَ كَتَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَكَ جِوَارًا مِنَ النَّارِ.

حضرت مسلم بن حارث التمیمی سے روایت ہے وہ اپنے والد سے حدیث روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تو صبح کی نماز پڑھ لے تو بات کرنے سے پہلے سات مرتبہ یہ دعا پڑھ:

﴿اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِي مِنَ النَّارِ﴾

''اے اللہ! مجھے (دوزخ کی) آگ سے محفوظ فرما۔''

اگر اس دن تو فوت ہو گیا تو اللہ عزوجل تیرے لیے آگ سے پناہ لکھ دے گا۔[2]

---

[1] رواہ ابو داود رقم 5080-5049 فی الادب: باب ما یقول اذا اصبح و رواہ النسائی رقم 111 و ابن حبان فی صحیحہ رقم 2346، موارد، فی الاذکار: باب الدعاء بعد الصلاۃ۔ والحدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 671۔ استبعد الحافظ فی، تہذیب التہذیب، 125/10 تصحیح الحدیث لانہ جاء من طریق مسلم ابن الحارث او الحارث بن مسلم و جہلہ الدار قطنی۔

[2] النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 126، و رواہ احمد فی المسند 227/4 من حدیث عبدالرحمن بن غنم۔ قال الہیثمی فی، المجمع، 108/10: و رجالہ رجال الصحیح غیر شہر بن حوشب و حدیثہ حسن قال المنذری فی، الترغیب، 1/305-306: رواہ ابن ابی الدنیا والطبرانی باسناد حسن۔

[141] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عِمْرَانَ الْكُوفِيُّ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ مَنْصُورٍ الْاَسَدِيِّ، عَنِ ابْنِ اَبِي الْحُسَيْنِ الْمَكِّيِّ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلَاةِ الْغَدَاةِ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰـهُ ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، عَشْرَ مَرَّاتٍ قَبْلَ اَنْ يَتَكَلَّمَ، كُتِبَ لَهُ عَشْرُ حَسَنَاتٍ، وَمُحِيَ عَنْهُ بِهِنَّ عَشْرُ سَيِّئَاتٍ، وَرُفِعَ لَهُ بِهِنَّ عَشْرُ دَرَجَاتٍ، وَكُنَّ لَهُ كَعَدْلِ عَشْرِ نَسَمَاتٍ، وَكُنَّ لَهُ حَرَسًا مِنَ الشَّيْطَانِ، وَحِرْزًا مِنَ الْمَكْرُوهِ، وَلَمْ يُلْحِقْهُ فِي يَوْمِهِ ذَلِكَ ذَنْبٌ إِلَّا الشِّرْكُ بِاللّٰـهِ ، وَمَنْ قَالَهُنَّ حِينَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلَاةِ الْعَصْرِ أُعْطِيَ مِثْلَ ذَلِكَ فِي لَيْلَتِهِ"

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کی نماز سے فراغت کے بعد دس مرتبہ یہ دعا کی گفتگو کرنے سے پہلے:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کے، وہ اکیلا ہے اور کوئی شریک کار نہیں، اسی کے لیے حقیقی بادشاہی ہے، اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔''

تو اس شخص کے لیے ان کلمات کے بدلے دس نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کے دس گناہ مٹا دیے جائیں گے، اور اس کے دس درجات بلند کیے جائیں گے، اور یہ اس کے لیے دس اونٹ صدقہ کرنے کے برابر ہوگا (از روئے اجر وثواب کے) اور یہ دعا اس شخص کے لیے شیطان سے حصہ دار بن جائے گی یہ اس کے لیے ناپسندیدہ چیز سے رکاوٹ بن جائے گی، اور اس سے اس دن کوئی گناہ ملحق نہیں ہوگا، سوائے اس کے کہ وہ اللہ عزوجل کے ساتھ شرک کرے اور جس شخص نے یہ دعا عصر کی نماز کے بعد کر لی تو اسے بھی اسی (صبح کے اجر وثواب) کے مثل رات کو عطا کیا جائے گا۔ ①

[142] اَخْبَرَنَا اَبُو بَدْرٍ اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَرِّحٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَمِّي اَبُو وَهْبٍ الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ اَبِي مَشْجَعَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، عَنِ ابْنِ زَمْلٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ

① قطعة من حديث طويل رواه الطبراني، وفيه سليمان بن عطاء القرشي، وهو ضعيف، كما قال الهيثمي في المجمع، 7/184 وذكر الحديث الذهبي في الميزان، وعده من مناكير سليمان بن عطاء۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ قَالَ وَهُوَ ثَانٍ رِجْلَيْهِ:)سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا(سَبْعِينَ مَرَّةً، ثُمَّ يَقُولُ:)سَبْعِينَ بِسَبْعِمِائَةٍ).

حضرت ابن زمل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز ادا فرما لیتے تو اپنے دونوں قدم ہائے مبارک کو موڑ کر ستر مرتبہ یہ دعا کرتے:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ، اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، إِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا﴾

''پاک ہے اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں، میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، کیونکہ بلاشبہ وہی سب سے زیادہ توبہ قبول فرمانے والا ہے۔''①

پھر کہتے سات سو کے ساتھ ہے۔

[143] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا آدَمُ بْنُ الْحَكَمِ، ثنا أَبُو غَالِبٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: " مَنْ قَالَ فِي دُبُرِ صَلَاةِ الْغَدَاةِ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، مِائَةَ مَرَّةٍ قَبْلَ أَنْ يَثْنِيَ رِجْلَهُ، كَانَ أَفْضَلَ أَهْلِ الْأَرْضِ عَمَلًا إِلَّا مَنْ قَالَ مِثْلَ مَقَالَتِهِ"نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے حقیقی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، وہ ہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے، اور وہ ہر شے پر قادر ہے۔''②

اپنے پاؤں موڑنے سے پہلے تو اس شخص کا عمل تمام اہل زمین کے اعمال سے افضل ہوگا۔ سوائے اس شخص کے جس نے یہی کلمات کہے۔

① قال الهيثمی فی المجمع، 10/108: رواه الطبرانی فی الكبير، و الاوسط، ورجال الاوسط ثقات۔ قلت: فيه آدم بن الحكم لم احد من ترجمة۔

② قال الهيثمی فی المجمع، 10/109: رواه الطبرانی وفيه محمد بن عبد الرحمن القشيری وهو متروك۔

[144] اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغَلِّسِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثني مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقُشَيْرِيُّ، حَدَّثَتْنِي اَسْمَاءُ بِنْتُ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ، عَنْ اَبِيهَا، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الصُّبْحِ، ثُمَّ قَرَاَ: قُلْ هُوَ اللّٰـهُ اَحَدٌ مِائَةَ مَرَّةٍ قَبْلَ اَنْ يَتَكَلَّمَ، وَكُلَّمَا قَالَ: قُلْ هُوَ اللّٰـهُ اَحَدٌ غَفَرَ اللّٰـهُ لَهُ ذَنْبَ سَنَةٍ .

حضرت اسماء بنت واثلہ بن اسقع اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشادفرماتے سنا: جس شخص نے صبح کی نماز پڑھی اور گفتگو کرنے سے پہلے:

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾

سومرتبہ پڑھ لی تو اللہ تعالیٰ اس کے ایک سال کے گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ ①

بَابُ فَضْلِ الذِّكْرِ بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ
فجر کی نماز کے بعد ذکر کرنے کی فضیلت کا بیان

[145] اخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا اَبُو الْحَجَّاجِ الْمَهْرِيُّ، عَنْ زَبَّانَ بْنِ فَايِدٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ صَلَّى صَلَاةَ الْفَجْرِ، ثُمَّ قَعَدَ يَذْكُرُ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ.

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے صبح کی نماز پڑھی پھر سورج طلوع ہونے تک بیٹھا ہوا اللہ عزوجل کے ذکر میں مشغول رہا تو اس کے لیے جنت واجب ہے۔ ②

[146] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا طَيِّبُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

① قال الهيثمي فی، المجمع، 10/105: رواه ابو داود مختصراً: وجبت له الجنة، ورواه ابو يعلى وفيه زبان بن فايد، ضعفه الجمهور، وقال ابو حاتم: صالح، وبقية رجاله حديثهم حسن-اه- قلت: وفيه بقية بن الوليد وهو ضعيف۔

② قال الهيثمي فی، المجمع، 10/105: رواه ابو يعلى والطبرانی فی، الاوسط، بنحوه، وفيه الطيب بن سليمان وثقه ابن حبان، وضعفه الدار قطنی، وبقية رجال ابی يعلى رجال الصحيح اه- قلت: فيه سليمان بن فروخ، وقيل: سلمان، قال ابن عدی: له نحو عشرة احاديث لا يتابع عليه۔

يَقُولُ: " مَنْ صَلَّي صَلَاةَ الْفَجْرِ - أَوْ قَالَ: الْغَدَاةَ - فَقَعَدَ فِي مَقْعَدِهِ، وَلَمْ يَلْغُ بِشَيْءٍ مِنْ أَمْرِ الدُّنْيَا، يَذْكُرُ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّي يُصَلِّيَ الضُّحَي أَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ أُمُّهُ .

حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے ام المومنین (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا) کو فرماتے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جس شخص نے فجر کی نماز یا فرمایا: صبح کی نماز پڑھی پھر اپنی جگہ ہی بیٹھا رہا اسے کوئی دنیاوی معاملہ درپیش نہ ہوا (یعنی کسی دنیاوی کلام میں نہ مشغول ہوا ذکر چھوڑ کر) اللہ عزوجل کا ذکر ہی کرتا رہا حتی کہ اس نے چار رکعت نماز اشراق ادا کی تو وہ گناہوں سے ایسے نکل جاتا ہے (یعنی پاک صاف ہو کر اس دن کی طرح) جس دن اس کی ماں نے اسے جنم دیا ہے۔

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے اپنے نانا جان صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جو شخص صبح کی نماز پڑھتا ہے پھر بیٹھ کر سورج نکلنے تک اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہتا ہے تو یہ (یعنی اللہ کے ذکر میں مشغول رہنا) اس کے لیے آگ سے پردہ یا آڑ بن جائے گا۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ

آدمی جب سورج طلوع ہو تو کیا پڑھے؟

[147] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مَخْلَدٍ الْقَطَّانُ، وَمُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْبُزُورِيُّ، قَالَا: ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْبَغَوِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي جَلَّلَنَا الْيَوْمَ عَافِيَةً، وَجَاءَ بِالشَّمْسِ مِنْ مَطْلِعِهَا، اللّٰـهُمَّ إِنِّي أَصْبَحْتُ أَشْهَدُ لَكَ بِمَا شَهِدْتَ بِهِ عَلَي نَفْسِكَ، وَشَهِدَتْ بِهِ مَلَائِكَتُكَ، وَحَمَلَةُ عَرْشِكَ، وَجَمِيعُ خَلْقِكَ، إِنَّكَ لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْقَائِمُ بِالْقِسْطِ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ، اكْتُبْ شَهَادَتِي بَعْدَ شَهَادَةِ مَلَائِكَتِكَ، وَأُولِي الْعِلْمِ، وَمَنْ لَمْ يَشْهَدْ مِثْلَ مَا شَهِدْتُ بِهِ، فَاكْتُبْ شَهَادَتِي مَكَانَ شَهَادَتِهِ، اللّٰـهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، وَإِلَيْكَ السَّلَامُ، أَسْأَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ أَنْ تَسْتَجِيبَ لَنَا دَعْوَتَنَا، وَأَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا، وَأَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ أَغْنَيْتَهُ عَنَّا مِنْ

[1] قال الهيثمي في المجمع، 10/106: رواه الطبراني في الصغير، والاوسط، وفيه الحسن بن ابي جعفر الجفري وهو ضعيف من قبل حفظه، وهو في نفسه صدوق، وبقية رجاله رجال الصحيح۔

خَلْقِكَ، اللّٰـهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِي، وَاَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي فِيهَا مَعَاشِي، وَاَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي إِلَيْهَا مُنْقَلَبِي نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سورج طلوع ہوتا تو یہ پڑھتے:

﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَلَّلَنَا الْيَوْمَ عَافِيَةً، وَجَآءَ بِالشَّمْسِ مِنْ مَطْلِعِهَا. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَصْبَحْتُ اَشْهَدُ لَكَ بِمَا شَهِدْتَ بِهِ عَلٰى نَفْسِكَ، وَشَهِدَتْ بِهِ مَلَآئِكَتُكَ، وَحَمَلَةُ عَرْشِكَ، وَجَمِيْعُ خَلْقِكَ. إِنَّكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ الْقَائِمُ بِالْقِسْطِ. لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ. اُكْتُبْ شَهَادَتِيْ بَعْدَ شَهَادَةِ مَلَآئِكَتِكَ، وَاُولِي الْعِلْمِ، وَمَنْ لَّمْ يَشْهَدْ مِثْلَ مَا شَهِدْتُ بِهٖ. فَاكْتُبْ شَهَادَتِيْ مَكَانَ شَهَادَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، وَإِلَيْكَ السَّلَامُ. اَسْاَلُكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا، وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا، وَاَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ. اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ، وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ، وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ إِلَيْهَا مُنْقَلَبِيْ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جس نے ہمیں دن میں عافیت سے داخل کیا، اور جو سورج کو اس کے نکلنے کی جگہ سے لے آیا۔ اے اللہ! میں نے صبح کی یوں کہ میں تیری ذات کے لیے گواہی دیتا ہوں اس چیز کے ساتھ جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات پر گواہی دی اور جس کے ساتھ تیرے فرشتوں نے گواہی دی اور حاملین عرش نے اور تمام مخلوق نے گواہی دی کہ تیری ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، تو ہی انصاف قائم کرنے والا ہے، نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے تیری ذات کے جو غالب حکمت والا ہے۔ میرے لیے میری گواہی کو اپنے فرشتوں کی اور علم والوں کی گواہی کے بعد لکھ لے اور جو اس طرح گواہی نہیں دیتا جیسے میں نے گواہی دی تو میری گواہی کو اس کی گواہی کی جگہ لکھ لے۔ اے اللہ! تو ہی سلامتی والا ہے اور تجھ ہی سے سلامتی ہے اور تیری ہی طرف سے سلامتی ہے میں تجھ سے اے جلال و بزرگی والے! سوال کرتا ہوں کہ تو ہماری دعا کو ہمارے لیے قبول فرما لے، اور ہمیں ہماری رغبت عطا فرما اور ہمیں غذا عطا فرما جو ہمیں تیری مخلوق میں سے اس شخص سے بے نیاز کر دے جسے تو نے ہم سے بے نیاز کیا۔ اے اللہ! میرے لیے میرے دین کو سنوار دے جو میرے معاملات کا محافظ ہے، اور میرے لیے میری دنیا کو سنوار دے جس میں تو نے میرے لیے ذریعہ معاش رکھا ہے، اور میرے لیے میری آخرت کو سنوار دے جس کی طرف تو نے میرا لوٹنا مقرر کیا ہے۔"[1]

[1] قال النووی فی الاذکار، رقم 251 طبعة دار البیان بدمشق: اسناده ضعیف قوله: قطان، فی نسخة العطار۔

[148] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَي، حَدَّثَنَا يَحْيَي بْنُ إِسْحَاقَ السَّيْلَحِينِيُّ، حَدَّثَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ وَاصِلٍ الْاَحْدَبِ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: يَا جَارِيَةُ، انْظُرِي هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ فَقَالَتْ: لَا. ثُمَّ وَاصَلَ فَسَبَّحَ، فَقَالَ لَهَا ثَانِيَةً: انْظُرِي هَلْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ فَقَالَتْ: لَا. ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّالِثَةَ: طَلَعَتِ الشَّمْسُ؟ قَالَتْ: نَعَمْ. قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي وَهَبَ لَنَا هَذَا الْيَوْمَ، وَاَقَالَنَا فِيهِ عَثَرَاتِنَا. قَالَ مَهْدِيُّ: وَاَحْسِبُهُ قَالَ: وَلَمْ يُعَذِّبْنَا بِالنَّارِ" مَوْقُوفٌ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: (اپنی لونڈی سے) اے لڑکی! دیکھ کیا سورج طلوع ہو گیا ہے؟ اس نے کہا: نہیں، پھر آپ رضی اللہ عنہ تسبیح پڑھنے میں مشغول ہو گئے۔ پھر دوبارہ اس (لونڈی) سے فرمایا: دیکھ کیا سورج طلوع ہو گیا ہے؟ اس نے کہا: نہیں، پھر تیسری مرتبہ اس سے کہا سورج طلوع ہو گیا؟ اس نے کہا: جی ہاں! تو انہوں نے یہ دعا پڑھی:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لَنَا هٰذَا الْيَوْمَ. وَاَقَالَنَا فِيْهِ عَثَرَاتِنَا﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے ہمیں یہ دن نصیب فرمایا اور اس میں ہماری کوتاہی کو دور فرمایا۔''[1] مہدی نے کہا اور میرا گمان ہے کہ آپ نے (اپنی دعا میں) یہ بھی کہا: ولم یعذبنا بالنار اور ہمیں آگ کا عذاب نہ دینا۔

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا اسْتَقَلَّتِ الشَّمْسُ

جب سورج بلند ہو رہا ہو آدمی اس وقت کیا پڑھے؟

[149] اَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُكْتِبِ، حَدَّثَنَا مُوسَي بْنُ عِيسَي بْنِ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا اَبِي، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَيْسَرَةَ اَبِي سَلَمَةَ الْحَضْرَمِيِّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ السُّلَمِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:)مَا تَسْتَقِلُّ الشَّمْسُ فَيَبْقَي شَيْءٌ مِنْ خَلْقِ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا سَبَّحَ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ وَحَمِدَهُ، إِلَّا مَا كَانَ مِنَ الشَّيْطَانِ وَاَعْتَي بَنِي آدَمَ(، فَسَاَلْتُ عَنْ اَعْتَي بَنِي آدَمَ، فَقَالَ: " شِرَارُ الْخَلْقِ - اَوْ قَالَ: شِرَارُ خَلْقِ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ .

[1] رجاله ثقات خلا بشر بن موسى فلم اجد من تكلم فيه۔

حضرت عمرو بن عبسہ السلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سورج بلند نہیں ہوتا مگر جو بھی چیز اللہ عزوجل کی مخلوق میں سے باقی ہے وہ اللہ عزوجل کی تسبیح اور اس کی حمد بیان کرتی ہے سوائے اس سرکش نبی آدم اور شیطان کے۔ فرماتے ہیں کہ میں نے بنی آدم کے سرکش ہونے کے بارے میں سوال کیا (کہ وہ کون ہے) فرمایا: کہ مخلوق کے بدترین لوگ، یا فرمایا: اللہ عزوجل کی مخلوق کے بدترین لوگ۔ ①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ رَجُلًا يَنْشُدُ ضَالَّتَهُ فِي الْمَسْجِدِ

جب آدمی کسی کو مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرتے سنے تو کیا کہے؟

[150] حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَحْيَي بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: شَهِدْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاةَ الصُّبْحِ، فَلَمَّا سَلَّمَ قَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: مَنْ دَعَا إِلَي الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لَا رَدَّ اللّٰـهُ عَلَيْكَ ضَالَّتَكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں صبح کی نماز میں حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ حاضر تھا جب آپ ﷺ نے (نماز سے فراغت پر) سلام پھیرا تو ایک آدمی کھڑا ہوا اس نے کہا: کون میرے سرخ اونٹ لے کر آئے گا۔ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: لَا رَدَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ ضَالَّتَكَ اللہ تعالیٰ تیرے گمشدہ کو تجھے واپس نہ کرے۔ ②

نوٹ:

مسجد میں بطور تہدید وتنبیہ گمشدہ چیز کے اعلان پر یہ فرمایا۔ لہٰذا یہ حدیث مسجد میں گمشدہ چیز کے اعلان کرنے کے منع ہونے کا ثبوت ودلیل ہوئی۔

[182] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَهْرَمَانُ آلِ الزُّبَيْرِ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "مَنْ قَالَ فِي سُوقٍ مِنَ الْأَسْوَاقِ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي

[1] رواه الحكم فی المستدرک، 539/1، وفيه محمد بن ابان وهو لا يعرف۔ وقال الالبانی فی ضعيف الجامع، رقم 4396: روا ہ الطبرانی والحاکم وهو حديث ضعيف۔

وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، كَتَبَ اللَّهُ لَهُ أَلْفَ أَلْفِ حَسَنَةٍ، وَمَحَا عَنْهُ أَلْفَ أَلْفِ سَيِّئَةٍ، وَبَنَى لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بازاروں میں سے کسی بازار میں یہ پڑھا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ. يُحْيِيْ وَيُمِيتُ. وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ. بِيَدِهِ الْخَيْرُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، وہ ہی زندہ کرتا ہے اور وہی موت دیتا ہے، اور وہ زندہ ہے اسے موت نہیں، اسی کے دست قدرت میں بھلائی ہے، اور وہ ہر شے پر قدرت رکھنے والا ہے۔

تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھ دیتا ہے اور اس کے دس لاکھ گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کے لیے جنت میں ایک گھر بنا دیتا ہے۔''[1]

[183] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، ثنا أَبُو حَفْصٍ التِّنِّيسِيُّ، عَنْ صَدَقَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، عَنْ نَهْشَلِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَدْخُلُ السُّوقَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ، وَالْحَمْدُ لِلَّهِ ، وَسُبْحَانَ اللَّهِ ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ ، كَتَبَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ أَلْفَيْ أَلْفِ حَسَنَةٍ، وَمَحَا عَنْهُ أَلْفَيْ أَلْفِ سَيِّئَةٍ، وَرَفَعَ لَهُ أَلْفَيْ أَلْفِ دَرَجَةٍ .

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بازار میں داخل ہوتے وقت یہ کلمات کہے:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ. يُحْيِيْ وَيُمِيتُ. بِيَدِهِ الْخَيْرُ. وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ. وَاللهُ أَكْبَرُ. وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ. وَسُبْحَانَ اللهِ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

[1] رواہ الترمذی رقم 3424 و 3425 فی الدعوات: باب ما یقول اذا دخل السوق، والحاکم فی المستدرک، 1/538-539، وھو حدیث حسن بطرقہ۔

''اللہ تعالیٰ کی ذات پاک کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے، اور اسی کے لیے تمام تر حمدیں ہیں وہی زندہ رکھتا ہے اور وہ ہی موت دیتا ہے۔ اسی کے قبضۂ قدرت میں بھلائی ہے، اور وہ ہر شے ہر قدرت رکھنے والا ہے، اور نہیں ہے کوئی عبادت کے لائق سوائے اللہ تعالیٰ کی پاک ذات کے اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی ذات پاک ہے اور نہیں ہے گناہ سے پلٹنے اور نیکی کرنے کی طاقت سوائے اللہ تعالیٰ کی توفیق کے شامل حال ہونے کے۔''[1]

تو اللہ عزوجل اس (یعنی یہ کلمات پڑھنے والے) کے لیے بیس ہزار نیکیاں (اس کے نامۂ اعمال میں) لکھ دیتا ہے اور اس کے بیس ہزار گناہ مٹا دیتا ہے اور اس کے بیس ہزار درجات بلند فرماتا ہے۔

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا قِيْلَ لَهُ: كَيْفَ اَصْبَحْتَ

جب آدمی سے پوچھا جائے تو نے کیسے صبح کی تو وہ کیا کہے؟

[184] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، أنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو دَاوُدَ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيْفَ اَصْبَحْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ؟ قَالَ:)صَالِحًا مِنْ رَجُلٍ لَمْ يُصْبِحْ صَائِمًا، وَلَمْ يَعُدْ مَرِيضًا، وَلَمْ يَشْهَدْ جِنَازَةً نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگہ اقدس میں آئے اور انہوں نے آپ سے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے کس حال میں صبح کی؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس شخص سے تندرستی کی حالت میں صبح کی جس نے روزہ نہیں رکھا اور نہ ہی کسی بیمار کی بیمار پرسی کی اور نہ ہی کسی جنازہ میں شریک ہوا۔[2]

نوٹ:

اس حدیث سے حال احوال پوچھنے اور بیمار پرسی کرنے اور جنازہ میں شریک ہونے کی اہمیت اور ان کا مسنون ہونا معلوم ہوا۔

---

[1] فیہ نہشل بن سعید البصری، وھو متروک، وقال عنہ اسحاق بن راہویہ وابو داود الطیالسی: کان کذاباً، انظر ،الجرح والتعدیل، 496/8۔و، تہذیب التہذیب، 479/10۔

[2] رواہ النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 188 بالاسناد نفسہ وقال: عمر بن ابی سلمۃ لیس بالقوی فی الحدیث، وابن ماجہ نحو رقم 3710 فی الاداب باب الرجل یقال لہ کیف اصبحت من حدیث جابر رضی اللہ عنہما وفی اسنادہ عبداللہ بن مسلم ہو ابن مومن المکی ضعفہ احمد وابن معین وغیرہما۔

[185] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ عُثْمَانَ بْنِ إِسْحَاقَ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو أُمِّي مَالِكُ بْنُ حَمْزَةَ بْنِ اَبِي أُسَيْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا أُسَيْدٍ الْبَدْرِيَّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ:)لَا تَرِمْ مِنْ مَنْزِلِكَ اَنْتَ وَبَنُوكَ حَتَّي آتِيَكُمْ(. فَاَتَاهُمْ بَعْدَ مَا اَضْحَي، فَقَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، كَيْفَ اَصْبَحْتُمْ(؟ قَالُوا: بِخَيْرٍ، بِاَبِينَا وَأُمِّنَا اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ كَيْفَ اَصْبَحْتَ؟ قَالَ:)بِخَيْرٍ، اَحْمَدُ اللّٰـه .(قَالَ:)ادْنُوا(فَتَدَانَوْا يَزْحَفُ بَعْضُهُمْ إِلَي بَعْضٍ، فَاشْتَمَلَ عَلَيْهِمْ بِمُلَاءَتِهِ، وَقَالَ:)هَذَا عَمِّي وَصِنْوُ اَبِي، وَهَؤُلَاءِ اَهْلُ بَيْتِي، اللّٰـهُمَّ اسْتُرْهُمْ مِنَ النَّارِ كَسِتْرِي إِيَّاهُمْ بِمِلَاءَتِي هَذِهِ(. فَقَالَتْ أُسْكُفَّةُ الْبَابِ: آمِينَ، وَقَالَ جُدْرَانُ الْبَيْتِ: آمِينَ نَوْعٌ آخَرُ

حضرت ابو اسید بدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: تم اپنے گھر اور اپنے بیٹے کے گھر کو نہ چھوڑنا حتی کہ میں تمھارے پاس نہ آجاؤں۔ پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس چاشت کے بعد تشریف لائے، فرمایا: السلام علیکم! تم نے کیسے صبح کی تو انہوں نے کہا کہ خیریت کے ساتھ ہمارے باپ اور مائیں آپ پر قربان! یارسول اللہ! آپ نے صبح کس حال میں کی؟ فرمایا کہ الحمدللہ بھلائی کے ساتھ۔ فرمایا: (میرے) قریب ہوجاؤ پس وہ (آپ کے) قریب ہو گئے اور ایک دوسرے پر الجھ گئے سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر اپنی چادر مبارک ڈال دی، (پھر) فرمایا: یہ میرے چچا اور میرے والد کی اولاد ہے اور یہ میرے اہل بیت ہیں، اے اللہ! ان کا آگ سے پردہ فرمادے جس طرح میں نے اپنی اس چادر سے ان کا پردہ کرلیا ہے تو دروازے کی چوکھٹ نے بھی آمین کہی اور گھر کی دیواروں نے بھی آمین کہی۔ ①

[186] اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُقَيْلِيُّ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ: عَقِيلًا، دَخَلَ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ:)مَرْحَبًا بِكَ يَا اَبَا يَزِيدَ، كَيْفَ اَصْبَحْتَ(؟ قَالَ: بِخَيْرٍ، صَبَّحَكَ اللّٰـهُ يَا اَبَا الْقَاسِمِ بِخَيْرٍ نَوْعٌ آخَرُ

① قال الهیجمی فی ،المجمع، 9/270: قلت روی ابن ماجه بعضه فی الادب، رواه الطبرانی واسناده حسن۔ قال الذهبی فی ،المیزان، 3/425: فی اسناده مالک بن حمزة ذکره البخاری فی الضعفاء، ثم اورد الحدیث وقال: لا یتابع علیه وقد ذکره ابن حبان فی الثقات۔ وفیه ایضاً عبدالله بن عثمان بن اسحاق، وهو مستور، کما قال الحافظ فی ،التقریب۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عقیل بن ابو طالب رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تمھیں خوش آمدید اے ابو یزید! تم نے کیسے صبح کی؟ تو انہوں نے عرض کی: خیر وعافیت کے ساتھ۔ اے ابو القاسم! اللہ تعالیٰ آپ کی صبح بھی خیر وعافیت کے ساتھ کرے۔ ①

[187] حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ قُدَامَةَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْجُمَحِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ شُعَيْبٍ، ثُمَّ حَفِظَ عَنْ أَبِيهِ، بَعْدَ ذَلِكَ، وَكُنْتُ سَمِعْتُهُ مِنْهُ، أَنَا وَأَبِي، جَمِيعًا قَالَ: حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ أَبِي جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: " أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو ذَاتَ يَوْمٍ، وَكَانَتْ تُلْطِفُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)كَيْفَ أَنْتِ يَا أُمَّ عَبْدِ اللّٰهِ ؟ قَالَتْ: بِخَيْرٍ، بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَكَيْفَ أَنْتَ؟ قَالَ:)بِخَيْرٍ، وَكَيْفَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَتْ: بِخَيْرٍ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن عمرو کی والدہ کے ہاں تشریف لائے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بڑی عقیدت مند تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ام عبداللہ! تو نے کس حال میں صبح کی تو وہ عرض کرنے لگیں: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں خیر وعافیت کے ساتھ (میں نے صبح کی) اور آپ نے فرمایا کہ خیر وعافیت کے ساتھ اور عبداللہ نے کیسے (صبح) کی؟ تو فرمانے لگیں: (انہوں نے بھی) خیریت کے ساتھ۔ ②

[188] حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ إِبْرَاهِيمَ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى الْأَشْيَبُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ لِصَاحِبِهِ إِذَا رَآهُ:)كَيْفَ أَنْتَ، وَكَيْفَ أَصْبَحْتَ(؟ فَيَقُولُ: بِخَيْرٍ، أَحْمَدُ اللّٰهَ. فَيَقُولُ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)جَعَلَكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ إِنْ شَكَرْتَ(. قَالَ: فَقَالَ لَهُ ذَاتَ يَوْمٍ:)كَيْفَ أَنْتَ يَا فُلَانُ - أَوْ كَيْفَ أَصْبَحْتَ(. فَقَالَ: بِخَيْرٍ إِنْ شَكَرْتُ. قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَبَرَ، فَقَالَ: إِنْ كُنْتَ مِمَّا تَرُدُّ عَلَيَّ خَيْرًا إِذَا سَأَلْتَنِي. فَقَالَ: " إِنِّي كُنْتُ أَقُولُ لَكَ كَيْفَ أَنْتَ - أَوْ كَيْفَ أَصْبَحْتَ - فَتَقُولُ: بِخَيْرٍ أَحْمَدُ اللّٰهَ، فَأَقُولُ: جَعَلَكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ، وَإِنَّكَ قُلْتَ الْيَوْمَ: بِخَيْرٍ إِنْ شَكَرْتُ، فَسَكَتُّ عَنْكَ .

① فیہ القاسم بن محمد العقیلی، قال ابو حاتم: متروک۔ وقل احمد: لیس بشیئ، وقال ابو زرعۃ: احادیثہ منکرۃ۔ انظر، المیزان، 3/379۔

② فیہ عبدالملک بن قدامۃ الجمحی قال فی، لتقریب،: ضعیف۔

حضرت اسحاق بن عبداللہ بن ابی طلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب اپنے کسی صحابی کو دیکھتے تو (اس سے) پوچھتے: تو کیسا ہے تو نے کس حال میں صبح کی؟ تو وہ (صحابی) عرض کرتے: خیریت کے ساتھ، میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں تو رسول اللہ ﷺ اس سے فرماتے: اللہ تعالیٰ تجھے خیریت سے ہی رکھے۔ کہتے ہیں کہ ایک دن آپ ﷺ نے (کسی سے پوچھا) تو کیسا ہے اے فلاں! یا تو نے کس حال میں صبح کی؟ تو اس نے عرض کی: خیریت سے اگر میں شکریہ ادا کروں۔ راوی کہتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ اس کی یہ بات سن کر خاموش ہو گئے اور آگے چلے گئے تو وہ کہنے لگا کہ (یا رسول اللہ) آپ جب مجھ سے پوچھتے تھے (میرا حال وغیرہ) تو مجھ پر بھلائی کو لوٹاتے تھے (یعنی میرے لیے دعائے خیر فرماتے تھے) آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں تیرے لیے ایسا ہی کہتا تھا تو کس حال میں ہے یا تو نے کس حال میں صبح کی تو تو کہتا کہ خیریت سے ہوں میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہوں تو (پھر) میں بھی کہتا کہ اللہ تعالیٰ تجھے خیریت عطا فرمائے اور آج کے دن تو نے کہا خیریت سے ہوں اگر میں شکر ادا کروں تو میں تجھ سے (تیری اس بات پر) چپ ہو گیا۔ [1]

بَابُ قَوْلِ الرَّجُلِ لِلرَّجُلِ مَرْحَبًا

ایک آدمی کا دوسرے کو خوش آمدید کہنے کا بیان

[189] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ مَرْوَانَ الْاَزْدِيُّ، مِنْ اَهْلِ الرَّهَا، ثَنَا عِصَامُ بْنُ بَشِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبِي: " اَنَّ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ كَعْبٍ، وَفَّدُوهُ، إِلَي رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: فَدَخَلْتُ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ:)مَرْحَبًا، وَعَلَيْكَ السَّلَامُ، مِنْ اَيْنَ اَقْبَلْتَ؟(قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي، بَنُو الْحَارِثِ وَفَّدُونِي إِلَيْكَ بِالْإِسْلَامِ. فَقَالَ:)مَرْحَبًا، مَا اسْمُكَ(؟ قُلْتُ: اسْمِي اَكْبَرُ. قَالَ:)بَلْ اَنْتَ بَشِيرٌ(. فَسَمَّانِي النَّبِيُّ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشِيرًا .

حضرت عصام بن بشیر کا بیان ہے کہ مجھ سے میرے والد نے بیان کیا کہ بنی حارث بن کعب نے مجھے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں بھیجا۔ کہتے ہیں کہ میں حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا پس میں نے آپ کی بارگاہ میں سلام پیش کیا تو آپ نے فرمایا: خوش آمدید اور تجھ پر سلام ہو، تو کہاں سے آیا ہے؟ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں بنو حارث نے مجھے آپ کی طرف اسلام قبول کرنے کے لیے بھیجا ہے آپ ﷺ نے فرمایا: خوش آمدید تیرا نام کیا ہے؟ میں نے عرض کیا: میرا نام اکبر ہے آپ ﷺ نے فرمایا: بلکہ تو بشیر ہے پس حضور نبی کریم ﷺ نے میرا نام ''بشیر'' رکھ دیا۔

[1] اسنادہ منقطع۔

نوٹ:

آقا کریم ﷺ کی عادت مبارکہ تھی کہ جب کسی کا کوئی نام ایسا سنتے جس کا معنی درست نہ ہوتا یا اس میں بڑائی وتکبر والا معنی پایا جاتا تو اسے بدل دیتے تھے۔ ①

بَابُ مَا يَقُوْلُ الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ إِذَا نَادَاهُ

جب کوئی آدمی کسی کو پکارے تو وہ (جواب میں) کیا کہے؟

[190] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا مُؤَخِّرَةُ الرَّحْلِ، فَقَالَ:)يَا مُعَاذُ. قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ وَسَعْدَيْكَ. قَالَ:) هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَي الْعِبَادِ؟(قُلْتُ: اللّٰـهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ. قَالَ:)اَنْ يَعْبُدُوهُ وَلَا يُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا(. ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، فَقَالَ:)يَا مُعَاذُ، هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَي اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ(؟ قُلْتُ: اللّٰـهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ. قَالَ:) حَقُّ الْعِبَادِ عَلَي اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ اَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ.

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نبی کریم ﷺ کی سواری پر آپ کے پیچھے بیٹھا ہوا تھا اور میرے اور آپ ﷺ کے درمیان کجاوے کی آخری لکڑی ہی تھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے معاذ! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں۔ اور آپ کی تابعداری کے لیے تیار ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ اللہ عزوجل کا اپنے بندوں پر کیا حق ہے؟ میں نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: (یہ حق ہے) کہ بندے اس کی عبادت کریں اس کے ساتھ کسی شے کو شریک نہ ٹھہرائیں، پھر آپ تھوڑا سا چلے تو فرمایا: اے معاذ! کیا تجھے معلوم ہے کہ بندوں کا اللہ عزوجل پر کیا حق ہے جب وہ ایسا کرلیں تو؟ میں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول ہی بہتر جانتے ہیں فرمایا کہ بندوں کا اللہ عزوجل پر حق یہ ہے کہ جب وہ ایسا کرلیں تو انھیں عذاب نہ دے۔ ②

① رواہ النسائی فی، عمل الیوم واللیل، رقم 313 باب مایقول للقادم اذا قدم عیہ بالاسناد نفسہ قال ابن مندہ غریب لا نعرفہ الا من حدیث اہل الجزیزۃ عن عصام ورجالہ ثقات۔

② رواہ البخاری 300/13 فی التوحید: باب ما جاء فی دعاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم امتہ الی توحید اللہ تبارک وتعالی، وفی الجہاد باب اسم الفرس والحمار، وفي اللباس: باب حمل صاحب الدابة غيره بين يديه، وفي الاستئذان: باب من اجاب بلبیک وسعدیک، وفی الرقاق: باب من جاہد نفسہ، وفی العلم: باب من خص بالعلم قوما دون قوم، ومسلم رقم 30 فی الایمان: باب الدلیل علی ان من مات علی التوحید دخل الجنۃ قطعاً، والترمذی رقم 2645 فی الایمان: باب ما جاء فی افتراق ہذہ الامۃ، واحمد فی، المسند، 260/3 و261، وابن ماجہ رقم 4296 فی الزہد: باب مایرجی من رحمۃ اللہ یوم القیامۃ۔

[191] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ يَحْيَي بْنِ يَعْمَرَ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَجُلًا، نَادَي النَّبِيَّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا، كُلَّ ذَلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ:)لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین مرتبہ پکارا تو ہر دفعہ آپ نے یہ جواب دیا: میں حاضر ہوں، میں حاضر ہوں۔ ①

بَابُ جَوَابِ مَنْ نَادَی اَخَاهُ بِالْجَفَاءِ

جو اپنے بھائی کو سخت لہجے میں بلائے اسے جواب دینے کا بیان

[192] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، ثنا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، قَالَ: اَتَيْتُ صَفْوَانَ بْنَ عَسَّالٍ الْمُرَادِيَّ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: هَلْ سَمِعْتَ - يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - يَذْكُرُ الْهَوَي؟ قَالَ: نَعَمْ، بَيْنَمَا نَحْنُ فِي مَسِيرَةٍ، فَنَادَاهُ اَعْرَابِيٌّ بِصَوْتٍ جَهُورِيٍّ يَا مُحَمَّدُ. قَالَ: فَاَجَابَهُ عَلَي نَحْوٍ مِنْ كَلَامِهِ، قَالَ:)هَاؤُمْ(.قُلْنَا: وَيْلَكَ، اغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ؛ فَإِنَّكَ قَدْ نُهِيتَ عَنْ ذَلِكَ. قَالَ: وَاللّٰـهِ لَا اَغْضُضُ صَوْتِي. قَالَ: فَقَالَ لَهُ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا اَحَبَّ قَوْمًا، ثُمَّ لَمْ يَلْحَقْ بِهِمْ. قَالَ:)هُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ اَحَبَّ.

حضرت زر سے روایت ہے کہ میں حضرت صفوان ابن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا میں نے کہا: کیا آپ نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو محبت کے بارے ذکر کرتے ہوئے کچھ سنا ہے تو انہوں نے فرمایا: ہاں! ہم چلتے جارہے تھے کہ ایک دیہاتی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلند آواز سے پکارا: اے محمد! (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے کلام کی طرح اس کا جواب دیا (یعنی بلند آواز سے) ھاؤم۔ ہم نے کہا: (اس دیہاتی سے) تیرے لیے ہلاکت ہو اپنی آواز کو پست کر کیونکہ اس (یعنی آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی) بارگاہ میں آواز اونچی کرنے سے منع کیا گیا ہے اس نے کہا کہ اللہ کی قسم! میں اپنی آواز آہستہ نہیں کروں گا۔ راوی نے کہا کہ اس دیہاتی نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا: ایک آدمی کسی قوم سے محبت کرتا ہے لیکن ان کے ساتھ مل نہیں سکتا (اس کا کیا حکم ہے) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ محبت کرتا ہے۔ ②

---

① فیہ جبارۃ بن المغلس، قال عنہ یحیی بن معین: کذاب، وقال ابو حاتم: ھو علی یدی عدل، وقال ابن نمیر: یوضع لہ الحدیث فیرویہ ولا یدری، انظر، الجرح والتعدیل، 2/550، و، میزان الاعتدال، 1/387۔

② رواہ الترمذی رقم 3529 و 3530 فی الدعوات: باب ما جاء فی فضل التوبۃ والاستغفار وما ذکر من رحمۃ اللہ لعبادہ، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح، وھو کما قال۔

بَابُ الْحَمْدِ وَالِاسْتِغْفَارِ مِنْ رَجُلَيْنِ إِذَا الْتَقَيَا

جب دو آدمی باہم ملیں تو حمد و استغفار کریں

[193] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، ثنا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ اَبِي بَلْجٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا الْتَقَيَا الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا، وَحَمِدَا اللّٰـهَ، وَاسْتَغْفَرَا، غَفَرَ اللّٰـهُ عَزَّوَجَلَّ لَهُمَا.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں پس وہ مصافحہ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے ہیں اور استغفار کرتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کی بخشش فرما دیتا ہے۔ ①

نوٹ:

یہ بخشش ان گناہوں کی ہوتی ہے جو صغیرہ گناہ ہوں کیونکہ کبیرہ گناہ بغیر توبہ کے معاف نہیں ہوتے۔

بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا الْتَقَيَا

جب دو آدمی باہم ملیں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجیں

[194] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، ثنا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، ثنا دُرُسْتُ بْنُ حَمْزَةَ، ثنا مَطَرُ الْوَرَّاقُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ عَبْدَيْنِ مُتَحَابَّيْنِ فِي اللّٰـهِ، يَسْتَقْبِلُ اَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ، فَيُصَافِحُهُ، وَيُصَلِّيَانِ عَلَي النَّبِيِّ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا لَمْ يَتَفَرَّقَا حَتَّي يُغْفَرَ لَهُمَا ذُنُوبُهُمَا مَا تَقَدَّمَ مِنْهُمَا وَمَا تَاَخَّرَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو دو بندے بھی اللہ عزوجل کے لیے آپس میں محبت رکھتے ہیں کہ ان میں سے ایک اپنے ساتھی کا استقبال کرتا ہے سو اس سے مصافحہ کرتا اور دونوں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتے ہیں تو وہ دونوں جدا نہیں ہوتے مگر یہ کہ ان کے گناہوں کی بخشش کر دی جاتی ہے جو بھی ان کے اگلے یا پچھلے گناہ ہوں۔ ②

① وهو حديث ضعيف، ويغني عنه ما رواه ابو داود رقم 5211 و 5212 في الادب: باب في المصافحة والترمذي رقم 2828 في الاستئذان: باب ما جاء في المصافحة، وابن ماجه رقم 3703 في الادب: باب المصافحة، وهو حديث صحيح ولفظه ،ما من مسلمين يلتقيان فيتصافحان الا غفر لهما قبل ان يتفرقا، انظر، الاحاديث الصحيحة، رقم 525۔

② قال الهيثمي في، المجمع، 275/10: رواه ابو يعلي، وفيه درست بن حمزة وهو ضعيف۔اه۔ وقال في، الميزان، 26/2: قال البخاري: درست بن حمزة عن مطر لا يتابع على حديثه۔ ثم ذكر الحديث۔ وقال الالباني في، الاحاديث الضعيفة، رقم 652: الحديث منكر جدا بهذا الف ظ۔

بَابُ تَبَسُّمِ الرَّجُلِ فِي وَجْهِ اَخِيهِ إِذَا لَقِيَهُ

اپنے بھائی سے ملاقات کے وقت آدمی کا اپنے چہرہ پر مسکراہٹ لانا

[195] اَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَنْجِرَ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْقَيْسِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ حَمْزَةَ، ثنا الْمُنْذِرُ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ يَزِيدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: لَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَافَحْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ، هَذَا مِنْ اَخْلَاقِ الْعَجَمِ، اَوْ هَذَا يُكْرَهُ. فَقَالَ:)إِنَّ الْمُسْلِمَيْنِ إِذَا الْتَقَيَا فَتَصَافَحَا وَتَكَاشَرَا بِوُدٍّ وَنَصِيحَةٍ، تَنَاثَرَتْ خَطَايَاهُمَا بَيْنَهُمَا.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے ملاقات کی تو میں نے آپ سے مصافحہ کیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ عجمیوں کی عادات ہیں یا یہ ناپسندیدہ ہے؟ آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: جب دو مسلمان باہم ملتے ہیں مصافحہ کرتے ہیں اور آپس میں محبت اور نصیحت کا اظہار کرتے ہیں تو ان دونوں کے گناہ جھڑ جاتے ہیں ۔(یعنی معاف کردیے جاتے ہیں)۔[1]

نوٹ:

ان دو مذکورہ احادیث سے معلوم ہوا کہ مصافحہ کرنا سنت ہے اور یہ کہ قلیل عمل پر کثیر اجروثواب ہے۔

بَابُ كَيْفَ يَسْأَلُ الرَّجُلُ اَخَاهُ عَنْ حَالِهِ

آدمی اپنے بھائی سے اس کے حال کے بارے کیسے سوال کرے؟

[196] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَمَةَ الْبَصْرِيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ خَالِدٍ الْخُزَاعِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُؤَاخِي بَيْنَ الِاثْنَيْنِ مِنْ اَصْحَابِهِ، فَيَطُولُ عَلَي اَحَدِهِمَا اللَّيْلَةُ حَتَّي يَلْقَي اَخَاهُ، فَيَتَلَقَّاهُ بِوُدٍّ وَلُطْفٍ، فَيَقُولُ:)كَيْفَ كُنْتَ بَعْدِي؟(وَاَمَّا الْعَامَّةُ، فَلَمْ يَكُنْ يَأْتِي عَلَي اَحَدِهِمْ ثَلَاثٌ لَا يَعْلَمُ عِلْمَ اَخِيهِ.

---

[1] حدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 1783۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان مواخات (بھائی چارہ) قائم فرماتے تھے تو ان میں سے کسی ایک پر رات طویل ہو جاتی (یعنی کوئی ایک دن بھی اپنے بھائی سے ملاقات نہ کرتا تو اسے ایک رات بھی طویل محسوس ہوتی) حتیٰ کہ وہ اپنے بھائی سے ملاقات کرتا اور اس سے محبت ولطف ومہربانی کا برتاؤ کرتا تو وہ کہتا: میرے بعد تیری کیا کیفیت رہی اور عام اصحاب کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی ایک پر تین دن نہ گزرتے تھے کہ وہ اپنے بھائی کے پاس آکر اس کے بارے معلومات (خیریت) دریافت کرتا۔ ①

نوٹ:

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے رشتہ مواخات قائم کرنے کی برکت تھی کہ اس قدر محبت والفت اور ان کے درمیان کمال یگانگت پیدا ہوئی۔ تاریخ عالم اس کی مثال نہیں پیش کرسکتی اور نہ ہی تا قیامت اس کی مثال پیش کر سکے گی۔ ②

بَابُ إِعْلَامِ الرَّجُلِ أَخَاهُ أَنَّهُ يُحِبُّهُ

آدمی کا اپنے بھائی کو مطلع کرنا کہ وہ اس سے محبت کرتا ہے

[197] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا شُعَيْبُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ يَحْيَي بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِي كَرِبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: (إِذَا أَحَبَّ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُعْلِمْهُ ذٰلِكَ).

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی سے محبت کرے تو اس کو بتادے (کہ مجھے اللہ کے لیے تیرے ساتھ دلی محبت ہے)۔ ③

بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ إِذَا قَالَ لَهُ: إِنِّي أُحِبُّكَ

آدمی اپنے بھائی سے کیا کہے جب وہ اسے یہ کہے میں تجھ سے محبت کرتا ہوں؟

[198] أَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ،

① فیه عمران بن خالد الخزاعی وهو ضعیف۔

② رواه ابو داود رقم 5124 فی الادب: باب اخبار الرجل الرجل بمحبته ایاه، والترمذی رقم 2393 فی الزهد: باب ما جاء فی اعلام الحب، والبخاری فی، الادب المفرد، رقم 79، وابن ماجه رقم 2514، والحاکم 4/171، واحمد فی، المسند، 4/130، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح۔ وهو کما قال انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 418۔

③ رواه ابو داود رقم 5125 فی الادب: باب خبار الرجل بمحبته الیه، واحمد فی، المسند، 3/150، وصححه الحاکم 4/171 ووافقه الذهبی، وهو کما قالا۔ انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 419۔

رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ: " اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ ، إِنِّي أُحِبُّ فُلَانًا. قَالَ:)فَاَخْبَرْتَهُ؟ (قَالَ: لَا. قَالَ:) قُمْ فَاَخْبِرْهُ(. قَالَ: فَلَقِيَهُ، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللّٰـهِ يَا اَخِي. فَقَالَ: اَحَبَّكَ الَّذِي اَحْبَبْتَنِي لَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میں فلاں سے محبت کرتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تونے اسے بتایا ہے (کہ مجھے تم سے محبت ہے) عرض کی کہ نہیں، فرمایا: کہ اٹھ اور اس کو بتادے، کہتے ہیں کہ پس وہ اس شخص سے ملا اور کہا: اے میرے فلاں بھائی! میں تیرے ساتھ اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں تو اس نے کہا: جس اللہ کی ذات (کی خوشنودی) کے لیے تم مجھ سے محبت کرتے ہو وہ (اللہ کی ذات) تم سے محبت فرمائے۔ ①

[199] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَي، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ اَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا اَبُو عَاصِمٌ، عَنْ حَيْوَةَ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الصُّنَابِحِيِّ، عَنْ مُعَاذٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: لَقِيَنِي رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّي اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَ بِيَدِي، فَقَالَ:) يَا مُعَاذُ، إِنِّي أُحِبُّكَ فِي اللّٰـهِ (. قَالَ: قُلْتُ: وَاَنَا وَاللّٰـهِ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ أُحِبُّكَ فِي اللّٰـهِ . قَالَ:)اَفَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ تَقُولُهَا فِي دُبُرِ صَلَاتِكَ؟ اللّٰـهُمَّ اَعِنِّي عَلَي ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میری ملاقات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہوئی تو آپ نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: اے معاذ! بے شک میں تجھ سے اللہ کے لیے محبت کرتا ہوں۔ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں بھی آپ سے محبت کرتا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں جو تو اپنی ہر نماز کے بعد پڑھا کرے: (وہ یہ ہیں)۔

﴿اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ﴾

''اے اللہ! تو میری اپنے ذکر پر اور اپنے شکر پر اور اپنی بہترین عبادت کرنے پر معاونت فرما۔'' ②

بَابُ النَّهْيِ اَنْ يَسْاَلَ الرَّجُلُ عَنِ الرَّجُلِ إِذَا آخَاهُ اَوْ اَحَبَّهُ

آدمی کو جب اپنے کسی بھائی یا دوست سے محبت ہو تو اس کے بارے تفتیش کرنا منع ہے

[200] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا غَالِبُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ،

---

① تقدم تخریجه برقم 118۔

② وفیه معاویة بن صالح، اورده الذهبی فی، الضعفاء، وقال: وثقه احمد و ابو زرعة و غیرهما۔ وقال ابو حاتم لا یحتج به۔ وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 298: حدیث موضوع۔

حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ أَبِي الزَّاهِرِيَّةِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا أَحْبَبْتَ رَجُلًا فَلَا تُمَارِهِ، وَلَا تُجَارِهِ، وَلَا تُشَارِهِ، وَلَا تَسْأَلْ عَنْهُ؛ فَعَسَى أَنْ يُوَافِقَ لَهُ عَدُوًّا، فَيُخْبِرَكَ بِمَا لَيْسَ فِيهِ؛ فَيُفَرِّقَ بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ.

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تو کسی سے محبت کرے تو پھر اس سے جھگڑا نہ کر اور اس کا پڑوسی نہ بن، اور اس سے مشورہ نہ کر اور اس سے کسی شے کا سوال نہ کر، ہوسکتا ہے کہ تو اس کے دشمن کو پائے تو وہ تجھے اس کے بارے خبر کردے ایسی چیز کی جو اس میں نہ ہو سو وہ تیرے اور اس کے درمیان جدائی کرادے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ إِذَا عَرَضَ عَلَيْهِ مَالَهُ

آدمی اپنے بھائی سے کیا کہے جب وہ اس کے لیے مال پیش کرے؟

[201] أَخْبَرَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُطِيعٍ، قَالَا: ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: " قَدِمَ عَلَيْنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ، فَآخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ، وَكَانَ كَثِيرَ الْمَالِ، فَقَالَ سَعْدٌ: قَدْ عَلِمَتِ الْأَنْصَارُ أَنِّي مِنْ أَكْثَرِهَا مَالًا، فَسَأَقْسِمُ مَالِي بَيْنِي وَبَيْنَكَ شَطْرَيْنِ، وَلِي امْرَأَتَانِ، فَانْظُرْ أَعْجَبَهُمَا إِلَيْكَ فَأُطَلِّقُهَا، حَتَّى إِذَا حَلَّتْ تَزَوَّجْتَهَا. فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: بَارَكَ اللَّهُ لَكَ فِي أَهْلِكَ وَمَالِكَ دُلُّونِي عَلَى السُّوقِ. فَلَمْ يَرْجِعْ يَوْمَئِذٍ حَتَّى فَضَلَ شَيْئًا مِنْ سَمْنٍ وَأَقِطٍ .

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عبدالرحمن بن عوف ہمارے پاس تشریف لائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور حضرت سعد بن ابو الربیع کے درمیان مواخات (بھائی چارہ) قائم فرمایا اور وہ (حضرت سعد) بڑے مال دار تھے تو حضرت سعد نے کہا: انصار کو معلوم ہے کہ بلاشبہ میں مال دار ہوں سو میں اپنے مال کو اپنے اور آپ کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کرتا ہوں اور میری دو بیویاں ہیں آپ دیکھ لیں جو آپ کو اچھی لگے (مجھے بتادیں) میں اسے طلاق دے دیتا ہوں حتی کہ جب وہ حلال ہوجائے تو آپ اس سے نکاح کرلیں تو حضرت عبدالرحمن نے کہا: اللہ تعالیٰ آپ کو آپ کے اہل و مال میں برکت دے مجھے

①البخاری 101/9 فی النکاح: باب قول الرجل لاخیہ: انظر ای زوجتی شئت حتی انزل لک عنھا، وفی کتب وابواب اخری، ومسلم رقم 1427 فی النکاح: باب الصداق وجواز کونہ تعلیم قرآن وخاتم حدید، انظر روایات الحدیث فی، جامع الاصول، رقم 4987۔

بازار کا راستہ بتا دیں تو وہ اس دن واپس نہ آئے حتی کہ گھی اور پنیر میں کچھ چیز بچی ہوئی تھی (یعنی منافع کما کے بھی ان کے پاس یہ چیزیں بچ گئی تھیں)۔ ①

بَابُ كَيْفَ يَدْعُو الرَّجُلُ لِأَخِيهِ
آدمی اپنے بھائی کے لیے کیسے دعا کرے؟

[202] اَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ، ثنا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: " كَانَ اَحَدُنَا إِذَا دَعَا لِأَخِيهِ فَاجْتَهَدَ قَالَ:جَعَلَ اللّٰـهُ عَلَيْكَ صَلَاةَ قَوْمٍ اَبْرَارٍ، يَقُومُونَ اللَّيْلَ وَيَصُومُونَ النَّهَارَ، لَيْسُوا بِاَثَمَةٍ وَلَا فُجَّارٍ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم میں سے کوئی ایک جب اپنے بھائی کے لیے دعا کرتا تو مبالغہ کرتے ہوئے کہتا: اللہ تعالیٰ تجھ پر نیک قوم کی رحمت کرے جو رات کو قیام کرتے ہیں اور دن کو روزہ رکھتے ہیں نہ وہ گناہ گار ہیں اور نہ برائی کرنے والے۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ لِأَخِيهِ إِذَا رَآهُ يَضْحَكُ
آدمی اپنے بھائی کو ہنستا دیکھے تو کیا کہے؟

[203] اَخْبَرَنِي اَبُو سَعِيدٍ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ سَيَّارٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: اسْتَأْذَنَ عُمَرُ عَلَى رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ نِسْوَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ، فَاَذِنَ لَهُ، فَبَادَرْنَ الْحِجَابَ، فَدَخَلَ وَرَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ، فَقَالَ عُمَرُ: اَضْحَكَ اللّٰـهُ سِنَّكَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ بِاَبِي وَاُمِّي، قَالَ:)عَجِبْتُ مِنْ هَؤُلَاءِ اللَّاتِي كُنَّ عِنْدِي، فَلَمَّا سَمِعْنَ صَوْتَكَ بَادَرْنَ الْحِجَابَ. فَاَقْبَلَ عَلَيْهِنَّ عُمَرُ، فَقَالَ: يَا عَدُوَّاتِ اَنْفُسِهِنَّ، اَتَهَبْنَنِي وَلَا تَهَبْنَ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟فَقُلْنَ: نَعَمْ، اَنْتَ

---

① البخاری 9/101 فی النکاح: باب قول الرجل لاخیہ: انظر ای زوجتی شئت حتی انزل لک عنها، وفی کتب وابواب اخری، ومسلم رقم 1427 فی النکاح: باب الصداق وجواز کونہ تعلیم قرآن وخاتم حدید، انظر روایات الحدیث فی، جامع الاصول، رقم 4987۔

② اسنادہ صحیح۔

اَفَظُّ وَاَغْلَظُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا ابْنَ الْخَطَّابِ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا لَقِيَكَ الشَّيْطَانُ وَاَنْتَ بِفَجٍّ إِلَّا اَخَذَ بِفَجٍّ غَيْرِهِ.

حضرت محمد بن سعد بن ابی وقاص اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کے لیے اجازت مانگی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قریش کی کچھ عورتیں تھیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دی تو وہ عورتیں جلدی سے پردے کے پیچھے چلی گئیں وہ اندر آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا رہے تھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کو مسکراتا ہی رکھے میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے ان عورتوں پر تعجب ہے جو میرے پاس تھیں کہ جب انہوں نے تمہاری آواز سنی تو جلدی سے پردے کے پیچھے چلی گئیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: اے اپنی ذات کی دشمنو! مجھ سے خوف کھاتی ہو اور تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خوف نہیں کھاتیں تو وہ کہنے لگیں: ہاں! (اس لیے کہ) تم سخت گیر اور غصیلے ہو، پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابن خطاب! اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے تم سے شیطان کسی راستے میں نہیں ملے گا مگر یہ کہ وہ کوئی دوسرا راستہ اختیار کر لے گا۔ (یعنی جس راستے پر آپ ہوں اس پر تو شیطان بھی نہیں چلتا)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اَخَذَ بِيَدِ اَخِيهِ ثُمَّ فَارَقَهُ

جب آدمی نے اپنے بھائی کا ہاتھ پکڑا ہو تو جدا ہوتے وقت کیا پڑھے؟

[204] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا حَمْدُونُ بْنُ اَحْمَدَ السِّمْسَارُ، ثنا إِسْحَاقُ، ثنا بُهْلُولُ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَا اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِ رَجُلٍ فَفَارَقَهُ حَتَّى قَالَ:)اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس آدمی کا بھی ہاتھ پکڑتے تو بوقت جدائی اسے یہ دعا دیتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً. وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً. وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾

"اے ہمارے رب! ہمیں تو دنیا میں بھی بھلائی عطا فرمانا اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرمانا اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچانا۔" ②

① رواہ البخاری 37/7 فی فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم: باب مناقب عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ، ومسلم رقم 2396 فی فضائل الصحابۃ: باب من فضائل عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ۔ ② واسنادہ ضعیف۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى مِنْ أَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ

آدمی جب اپنے بھائی کی کسی پسندیدہ چیز کو دیکھے تو کیا پڑھے؟

[205] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ الْغَسِيلِ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ خَالِدٍ الْأَنْصَارِيُّ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يَمْنَعُ أَحَدُكُمْ إِذَا رَأَى مِنْ أَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ فِي نَفْسِهِ أَوْ مَالِهِ، فَلْيُبَرِّكْ عَلَيْهِ؛ فَإِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ.

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کسی ایک کو بھی یہ چیز نہ روکے کہ جب وہ اپنے بھائی کی ذات میں یا اس کے مال میں کوئی پسندیدہ چیز دیکھے تو اس کے لیے برکت کی دعا کرے کیونکہ نظر لگنا حق ہے۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى مِنْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ مَا يُعْجِبُهُ

آدمی کو جب اپنے مال وجان میں کچھ اچھا لگے تو کیا پڑھے؟

[206] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا عَمَّارُ بْنُ زُرَيْقٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِيسَى، عَنْ أُمَيَّةَ بْنِ هِنْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: خَرَجْتُ أَنَا وَسَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ، فَوَجَدْنَا غَدِيرًا، وَكَانَ أَحَدُنَا يَسْتَحْيِي مِنْ أَنْ يَرَاهُ أَحَدٌ، فَاسْتَتَرَ مِنِّي، وَنَزَعَ جُبَّةً عَلَيْهِ، وَدَخَلَ الْمَاءَ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ نَظْرَةً، وَأَعْجَبَنِي خَلْقُهُ، فَأَصَبْتُهُ بِعَيْنِي، فَأَخَذَتْهُ نَافِضَةٌ، فَدَعَوْتُهُ فَلَمْ يُجِبْنِي، فَأَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ:)قُمْ بِنَا(. فَأَتَاهُ، فَرَفَعَ عَنْ سَاقِهِ، حَتَّى كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى بَيَاضِ وَضَحِ سَاقِهِ وَهُوَ يَخُوضُ إِلَيْهِ، فَأَتَاهُ، فَقَالَ:)اللَّهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَوَصَبَهَا(. ثُمَّ قَالَ:)قُمْ(. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا رَأَى أَحَدُكُمْ مِنْ نَفْسِهِ وَمَالِهِ وَأَخِيهِ مَا يُعْجِبُهُ، فَلْيَدْعُ بِالْبَرَكَةِ.نَوْعٌ آخَرُ

[1] رواہ احمد فی المسند، 486/3، والحاکم فی المستدرک، 3/411-412 وھو حدیث صحیح، واصلہ فی الصحیحین۔

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں اور حضرت سہل بن حنیف باہر نکلے تو ہم نے ایک حوض پایا اور ہم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کو دیکھنے سے حیا کرتا تھا، پس انہوں نے مجھ سے پردہ کیا اور اپنا جبہ اتارا اور پانی کے اندر چلے گئے تو میں نے انہیں ایک نظر دیکھا تو مجھے ان کا جسم بہت پسند آیا سو میری ان کو نظر لگ گئی تو انہیں سخت بخار ہو گیا میں نے انہیں بلایا تو انہوں نے مجھے کوئی جواب نہ دیا، سو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کو اس بارے خبر دی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہمارے پاس سے اٹھو! پس وہ ان کے پاس آئے تو انہوں نے اپنی پنڈلی ننگی کی ہوئی تھی حتی کہ میں نے ان کی پنڈلی کی سفیدی دیکھ لی اور وہ پانی میں ڈبکیاں لگا رہے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی ذات یا اپنے مال میں یا اپنے بھائی میں وہ چیز دیکھے جو اسے خوش کر دے تو وہ اس کے لیے برکت کی دعا کرے۔ ①

[207] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، وَجَعْفَرُ بْنُ عِيسَى الْحُلْوَانِيُّ، قَالَا: ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ، ثنا اَبُو بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ رَاَى شَيْئًا فَاَعْجَبَهُ، فَقَالَ: مَا شَاءَ اللّٰهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، لَمْ يَضُرَّهُ الْعَيْنُ ". يَعْنِي: لَا يُصِيبُهُ الْعَيْنُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کوئی پسندیدہ چیز دیکھے تو کہے:

﴿مَا شَآءَ اللّٰهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

"جو اللہ نے چاہا، نیکی کی قوت اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر نہیں۔"

تو اس چیز کو تمہاری نظر نہیں لگے گی۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاَى شَيْئًا فَخَافَ اَنْ يَعِينَهُ

جب آدمی کوئی چیز دیکھے سو اسے اس کی نظر لگنے کا ڈر ہو تو کیا پڑھے؟

[208] حَدَّثَنِي سَلْمُ بْنُ مُعَاذٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِيُّ الْإِمَامُ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، قَالَ: سَمِعْتُ حِزَامَ بْنَ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، يَقُولُ: كَانَ

---

① رواہ احمد فی المسند 447/3، وصححہ الحاکم 216/4 ووافقہ الذہبی ہو کما قالا۔

② فی اسنادہ ابو بکرہ الھذلی وھو متروک، کما قال الحافظ فی التقریب، وفیہ ایضا حجاج بن نصیر، وھو ضعیف۔ قال الحافظ ابن کثیر فی التفسیر: قال بعض السلف من اعجبہ شیء من حالہ او مالہ او لدہ فلیقل: ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ، وھذا ماخوذ من الایۃ الکریمۃ [الکہف:39]۔

النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَافَ اَنْ يُصِيبَ شَيْئًا بِعَيْنِهِ قَالَ:)اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيهِ وَلَا يَضُرُّهُ.

حضرت ابورزین الاسدی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حزام حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی چیز کو نظر لگ جانے کا خوف محسوس کرتے تو یہ دعا پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِ﴾

''اللہ تعالیٰ تیرے لیے اس میں برکت دے۔''

تو اسے کوئی چیز نقصان نہیں دیتی۔ [1]

بَابُ سَلَامِ الرَّجُلِ عَلٰى اَخِيهِ إِذَا لَقِيَهُ

اپنے بھائی سے ملاقات کرنے پر آدمی کا اسے سلام کرنے کا بیان

[209] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوفِ: يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ، وَيُجِيبُهُ إِذَا دَعَاهُ، وَيُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ، وَيَعُودُهُ إِذَا مَرِضَ، وَيُشَيِّعُ جِنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ، وَيُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمان کے مسلمان پر چھ حق ہیں، جب اس سے ملاقات کرے تو اسے سلام کرے، جب وہ دعوت دے تو اسے قبول کرے، جب وہ چھینکے تو اس کی چھینک کا جواب دے، جب وہ بیمار ہو تو اس کی بیمار پرسی کرے، جب وہ مر جائے تو اس کے جنازہ کے ساتھ جائے اور اس کے لیے وہی پسند کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔ [2]

بَابُ مَا يَجِبُ عَلَى الرَّجُلِ مِنْ رَدِّ السَّلَامِ

آدمی پر سلام کا جواب دینا لازم ہے

[210] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُرَيْمِ بْنِ مَرْوَانَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا عَبْدُ

[1] وهو حديث ضعيف، فان حزام بن حكيم تابعى، لم يوثقه غير ابن حبان۔

[2] وهو حديث ضعيف، فان حزام بن حكيم تابعى، لم يوثقه غير ابن حبان۔

الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ أَبِي الْعِشْرِينَ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، أَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ، أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " حَقُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ: رَدُّ السَّلَامِ، وَعِيَادَةُ الْمَرِيضِ، وَاتِّبَاعُ الْجِنَازَةِ، وَإِجَابَةُ الدَّعْوَةِ، وَتَشْمِيتُ الْعَاطِسِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ مسلمان پر مسلمان کا حق ہے۔ سلام کا جواب دینا، بیمار کی بیمار پرسی کرنا، جنازہ کے پیچھے چلنا، دعوت قبول کرنا اور چھینکنے والے کی چھینک کا جواب دینا۔ ①

بَابُ التَّغْلِيظِ فِي تَرْكِ رَدِّ السَّلَامِ

سلام کا جواب نہ دینے پر سخت وعید کا بیان

[211] أَخْبَرَنِي مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ، أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي سَلَّامٍ، عَنْ أَبِي رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ شِبْلٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الرَّاجِلِ، وَيُسَلِّمُ الرَّاجِلُ عَلَى الْقَاعِدِ، وَيُسَلِّمُ الْأَقَلُّ عَلَى الْأَكْثَرِفَمَنْ أَجَابَ السَّلَامَ فَهُوَ لَهُ، وَمَنْ لَمْ يُجِبِ السَّلَامَ فَلَيْسَ مِنَّا.

حضرت عبدالرحمن بن شبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سوار پیدل کو سلام کرے، اور پیدل چلنے والا بیٹھے ہوئے کو سلام کرے، اور تھوڑے لوگ زیادہ کو سلام کریں، سو جس نے سلام کا جواب دیا تو وہ اسی کے لیے ہے اور جس نے سلام کا جواب نہ دیا وہ ہم میں سے نہیں۔ ②

---

① رواه الدارمی رقم 2636 فی الاستئذان: باب فی حق المسلم علی المسلم، والترمذی رقم 2737 فی الادب باب ما جاء فی تشمیت العاطس، وابن ماجه رقم 1433 فی الجنائز: باب ما جاء فی عیادة المریض، وفی سنده الحارث الاعور وهو ضعیف، ولکن للحدیث شواہد یرقی بها، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن، وقد روی من غیر وجه عن النبی صلی اللہ علیه وسلم، وقال: فی الباب عن ابی ہریرة وابوایوب والبراء وابن مسعود۔

② رواه البخاری 3/90 فی الجنائز: باب الامر باتباع الجنائز، ومسلم رقم 2162 فی السلام: باب من حق المسلم علی المسلم رد السلام، وابو داود رقم 5030 فی الادب: باب فی العطاس۔

بَابُ فَضْلِ الْبَادِءِ بِالسَّلَامِ

سلام میں پہل کرنے والے کی فضیلت کا بیان

[212] اَخْبَرَنَا اَبُو اللَّيْثِ الْفَرَائِضِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو هَمَّامٍ، ثنا بَقِيَّةُ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَالِكٍ الْحَضْرَمِيُّ، اَخُو ضُبَارَةَ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ الذِّمَارِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اَمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الَّذِي يَبْدَؤُ بِالسَّلَامِ اَوْلَى بِاللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ وَرَسُولِهِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: سلام کرنے میں پہل کرنے والا اللہ عزوجل اور اس کے رسول حضرت محمد ﷺ کے زیادہ قریب ہوجاتا ہے۔[1]

بَابُ ثَوَابِ الْبَادِءِ بِالسَّلَامِ

سلام میں پہل کرنے والے کے ثواب کا بیان

[213] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ الشَّامِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ غَالِبٍ الْقَطَّانِ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ، عَلَى بَابِ الْحَسَنِ قَدْ كُنْتُ اَحْفَظُ اسْمَهُ قَالَ: سَلَّمَ عَلَيْنَا ثُمَّ جَلَسَ، قَالَ: مَا تَدْخُلُونَ حَتَّى يُؤْذَنَ لَكُمْ. قَالَ: قُلْنَا: لَا. قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)مَنْ سَلَّمَ عَلَى قَوْمٍ فَضَلَهُمْ بِعَشْرِ حَسَنَاتٍ.

حضرت غالب القطان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھ سے ایک آدمی نے باب الحسن کے پاس حدیث بیان کی بلاشبہ میں نے اس کا نام یاد کیا ہوا ہے انہوں نے کہا: ہمیں سلام کر کے پھر بیٹھ، کہا کہ تم نہ اندر آیا کرو جب تک تمہیں اجازت نہ دی جائے؟ انہوں نے کہا کہ ہم نے کہا: نہیں، کہا کہ مجھ سے میرے والد نے انہوں نے میرے دادا سے انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے روایت

[1] فی اسنادہ بقیۃ بن الولید و اسحاق بن مالک الحضرمی وھما ضعیفان، ورواہ احمد فی المسند، 254/5 و 261 و 264 و 269 وھو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی صحیح الجامع، رقم 5997۔

بیان کی کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے کسی قوم کو سلام کیا تو وہ ان پر دس نیکیوں کے ساتھ فضیلت رکھتا ہے۔ ①

بَابُ مَنْ بَدَأَ بِالْكَلَامِ قَبْلَ السَّلَامِ

جو آدمی سلام سے پہلے گفتگو شروع کرے اس کا بیان

[214] أَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ أَحْمَدَ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا كَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا ابْنُ أَبِي رَوَّادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ بَدَأَ بِالْكَلَامِ قَبْلَ السَّلَامِ فَلَا تُجِيبُوهُ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا جو شخص سلام کرنے سے پہلے گفتگو شروع کردے اسے (سلام کا) مت جواب دو۔ ②

بَابُ الْفَضْلِ فِي إِفْشَاءِ السَّلَامِ

سلام کو پھیلانے کی فضیلت کا بیان

[215] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَوْفٍ الْأَعْرَابِيِّ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَبِي أَوْفَى، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ: لَمَّا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ انْجَفَلَ النَّاسُ، فَجِئْتُ فِي النَّاسِ أَنْظُرُ، فَلَمَّا تَبَيَّنْتُ وَجْهَهُ عَرَفْتُ أَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ. قَالَ: فَكَانَ أَوَّلُ شَيْءٍ سَمِعْتُهُ مِنْ

① قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحة، رقم 1147: اخرجه البخاری فی، الادب المفرد، رقم 992 واحمد 3/444 عن یحیی بن ابی کثیر عن زید بن سلام عن جده ابی راشد الحبرانی عن عبدالرحمن بن شبل قال: سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول: فذکره۔ قال الحافظ 11/13: سنده صحیح۔ قلت: ورجاله کلهم ثقات رجال مسلم غیر ابی راشد الحبرانی وهو ثقة کما قال فی، التقریب۔ واعلم ان الاسناد بکذا سیاقه عند البخاری، واما احمد فلم یذکر فیه ابا راشد بذا، فصار الاسسناد بذلک بکذا: عن زید بن سلام عن جده عن عبدالرحمن بن شبل، وجده بذا ابو ابو سلام ممطور وهو من رجال مسلم، ولذلک قال الهیثمی 8/36 وقد ذکر الحدیث من طریقه: رواه الطبرانی واللفظ له واحمد ورجالهما رجال الصحیح۔ وانا اخشی ان یکون له وقع فی کل من سندی احمد والبخاری سقط من قلم النساخ فسقط من سند البخاری حزف (عن) بین جد وابی راشد، وسقط من المسند (ابی راشد) اعنی ان الصواب فی الاسناد عن زید ابن سلام عن جده عن ابی راشد عن عبدالرحمن۔ ویوید ما ذہبت الیه امران: الاول: انهم لم یذکروا الزید بن سلام روایة عن ابی راشد مباشرة بواسطة ممطر، بذا، والثانی انهم لم یذکروا ایضں ان ابا راشد ہو اجد زید بن سلام۔ ویقوی ذلک ان احمد روی لعبدالرحمن بن شبل حدیثا آخر بهذا الاسناد علی الصواب من طریق ہمام وعفان قالا: ثنا یحیی بن ابی کثیر عن زید عن ابی سلام عن ابی راشد الحبرانی عن عبدالرحمن بن شبل، والله اعلم۔ اھ۔

② فی اسناده بقیة بن الولید واسحاق بن مالک الحضرمی وهما ضعیفان، ورواه احمد فی، المسند، 5/254 و261 و264 و269 وهو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 5997۔

رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَكَلَّمُ بِهِ قَالَ:)يَا أَيُّهَا النَّاسُ، أَفْشُوا السَّلَامَ، وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ، وَصِلُوا الْأَرْحَامَ، وَصَلُّوا بِاللَّيْلِ وَالنَّاسُ نِيَامٌ، تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ.

حضرت زرارہ بن ابی اوفی سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ (آپ کی زیارت کے لیے) ٹوٹ پڑے سو میں بھی لوگوں میں آپ کو دیکھنے آیا تو جب میں نے آپ کے چہرہ انور کو دیکھا تو میں نے پہچان لیا کہ یہ چہرہ کسی جھوٹے کا چہرہ نہیں ہے فرماتے ہیں کہ سب سے پہلی چیز جو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی گفتگو میں سنی یہ تھی آپ نے فرمایا: اے لوگو! سلام کو عام کرو اور کھانا کھلاؤ، اور صلہ رحمی کرو اور رات کو (تہجد کے وقت) نماز پڑھو جب لوگ سو رہے ہوں تم جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ گے۔ [1]

بَابُ كَيْفَ إِفْشَاءُ السَّلَامِ

سلام کو کیسے پھیلایا جائے؟ اس کا بیان

[216] أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرِ بْنِ جُوصَا، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ الْحِمْصِيُّ، وَكَثِيرُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَأَبُو التَّقِيِّ، قَالُوا: ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: كُنْتُ آخُذُ بِيَدِ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْمَسْجِدِ، فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ وَهُوَ مُنْصَرِفٌ إِلَى بَيْتِهِ، فَلَا يَمُرُّ عَلَى أَحَدٍ صَغِيرٍ وَلَا كَبِيرٍ، مُسْلِمٍ وَلَا نَصْرَانِيٍّ، إِلَّا سَلَّمَ عَلَيْهِ، حَتَّى إِذَا انْتَهَى إِلَى بَابِ دَارِهِ قَالَ:)يَا ابْنَ أَخِي، أَمَرَنَا نَبِيُّنَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُفْشِيَ السَّلَامَ.

حضرت محمد بن زیاد سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو امامہ الباہلی رضی اللہ عنہ کا مسجد میں ہاتھ پکڑا سو میں ان کے ساتھ چلا اور وہ اپنے گھر جا رہے تھے تو جو بھی چھوٹا یا بڑا مسلمان یا عیسائی ان کے پاس سے گزرتا تو وہ اسے سلام کرتے حتیٰ کہ اپنے گھر کے دروازے پر پہنچ گئے۔ فرمایا: اے میرے بھتیجے! ہمیں ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا ہے کہ ہم سلام کو عام کریں۔ [2]

نوٹ:

شاید یہ عیسائیوں اور یہودیوں کو سلام میں پہل نہ کرنے کے حکم سے پہلے کی بات ہے۔ ورنہ دوسری حدیث میں حکم ہے کہ یہود و نصاریٰ کو سلام کرنے میں پہل نہ کرو اگر وہ سلام کریں تو ان کے جواب میں فقط ''وعلیکم'' کہو۔

---

[1] فی اسنادہ جہالۃ۔

[2] واسنادہ حسن و کثیر بن عبید ثقۃ، انظر، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 816۔

بَابُ سَلَامِ الرَّاكِبِ عَلَى الْمَاشِي

سوار کا پیدل کو سلام کرنے کا بیان

[217] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا وَهْبُ بْنُ بَيَانٍ، أنا ابْنُ وَهْبٍ ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، قَالَ: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي اَبُو هَانِئٍ حُمَيْدُ بْنُ هَانِئٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ، عَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يُسَلِّمُ الْفَارِسُ عَلَى الْمَاشِي، وَالْمَاشِي عَلَى الْقَائِمِ، وَيُسَلِّمُ الْقَلِيلُ عَلَى الْكَثِيرِ.

حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: گھڑ سوار پیدل کو سلام کرے اور پیدل کھڑے ہوئے کو سلام کرے اور تھوڑے لوگ زیادہ کو سلام کریں۔ ①

بَابُ سَلَامِ الْمَاشِي عَلَى الْقَاعِدِ

حضرت سالم بن عبید سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم ایک سفر میں تھے کہ لوگوں میں سے ایک آدمی کو چھینک آئی تو اس نے کہا: السلام علیکم تو حضرت سالم بن عبید نے کہا: ﴿السَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى أَهْلِكَ﴾ پھر وہ چلتے رہے پھر فرمایا: شاید یہ آپ نے محسوس کیا ہے تو اس آدمی نے کہا: میں اس بات کو ناپسند کرتا ہوں کہ میری والدہ کا ذکر کیا جائے تو آپ (حضرت سالم بن عبید) نے فرمایا: اوہو! میں نے تمہیں وہی کہا چونکہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب لوگوں میں سے ایک آدمی نے چھینک ماری تو اس نے کہا: السلام علیکم تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ﴿وَعَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ﴾ (تجھ پر اور تیری ماں پر سلام) پھر حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک کو چھینک آئے تو وہ کہے: ﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ يا الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ﴾ اور جو شخص اسے جواب دے وہ یہ کہے: ﴿يَرْحَمُكَ اللّٰهُ﴾ اور وہ (چھینکنے والا) کہے:[1]

﴿يَغْفِرُ اللّٰهُ لِي وَلَكُمْ﴾

''اللہ تعالیٰ میری اور تمہاری بخشش فرمائے۔''

بَابُ كَيْفَ تَشْمِيتُ أَهْلِ الْكِتَابِ

اہل کتاب کی چھینک کا کیا جواب دیا جائے؟

[262] أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي مَعْشَرٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، ثنا حَكِيمُ بْنُ الدَّيْلَمِ، ثنا أَبُو بُرْدَةَ،

[1] النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 224، والحاکم 266/3، وقال: ہذا المحفوظ من کلام عبداللہ اذ لم یسندہ من یعتمد روایتہ۔ قال الہیثمی فی، المجمع، 57/8: رواہ الطبرانی فی، الکبیر، و، الاوسط، وفیہ عطاء بن السائب وقف اختلط۔

عَنْ أَبِي مُوسَى، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَتِ الْيَهُودُ يَتَعَاطَسُونَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْجُونَ أَنْ يَقُولَ لَهُمْ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ، فَكَانَ يَقُولُ: يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ.

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ یہودی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارگاہ میں چھینکتے تھے اس امید پر آپ انہیں یرحمك الله کہیں گے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے:

﴿يَهْدِيكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ﴾

اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت عطا فرمائے اور تمہارے حال کی درستگی فرمائے۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا عَطَسَ فِي الصَّلَاةِ

جب کوئی نماز میں چھینک مارے تو کیا کہے؟

[263] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ بَشِيرٍ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُسْلِمٍ، أَنْبَأَنَا ابْنُ الْأَصْبَهَانِيِّ مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: " عَطَسَ رَجُلٌ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ حَتَّى يَرْضَى رَبُّنَا وَبَعْدَ مَا يَرْضَى - أَوْ قَالَ: بَعْدَ الرِّضَا. فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ:)مَنِ الْقَائِلُ الْكَلِمَةَ(؟ قَالَ: أَنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَمَا أَرَدْتُ إِلَّا الْخَيْرَ. قَالَ:)رَأَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ مَلَكًا يَبْتَدِرُونَهَا أَيُّهُمْ يَكْتُبُهَا.

حضرت عبداللہ بن عامر بن ربیعہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز کے اندر چھینک ماری تو اس نے کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ حَتّٰى يَرْضٰى رَبُّنَا وَبَعْدَ مَا يَرْضٰى﴾

”تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں بہت زیادہ حمد، پاکیزہ، بابرکت حتیٰ کہ ہمارا رب ہم سے راضی ہوجائے اور اس راضی ہونے کے بعد بھی“

[1] وفی اسنادہ معمر بن محمد بن عبید اللہ، منکر الحدیث، و محمد بن عبید اللہ و ھو ضعیف، کما قال الحافظ فی التقریب۔

تو جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: کس نے یہ کلمہ کہا؟ اس آدمی نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں نے اور میرا ارادہ صرف بھلائی کا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے بارہ فرشتوں کو ان کلمات کی طرف لپکتے ہوئے دیکھا کہ کون ان میں سے اسے لکھے۔ ①

بَابُ كَرَاهِيَةِ الْعَطْسَةِ الشَّدِيدَةِ

زور سے چھینک مارنا مکروہ ہے

[264] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، ثنا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: التَّثَاؤُبُ الشَّدِيدُ، وَالْعَطْسَةُ الشَّدِيدَةُ مِنَ الشَّيْطَانِ.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ شدید قسم کی جمائی لینا اور شدید قسم کی چھینک مارنا شیطان کی طرف سے ہے۔ ②

بَابُ غَضِّ الصَّوْتِ بِالْعُطَاسِ

چھینک مارتے وقت آواز کو پست کرنے کا بیان

[265] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ جَابِرٍ الْاَنْطَاكِيُّ، ثنا لُوَيْنٌ، ثنا حَبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سُمَيٍّ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ:)كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَطَسَ خَمَّرَ وَجْهَهُ، وَغَضَّ صَوْتَه.

① رواه الترمذی رقم 2841 فی الادب: باب ما جاء کیف تشمیت العاطس، وابو داود رقم 5031 فی الادب: باب ما جاء فی تشمیت العاطس، وابن حبان رقم 1948 ،موارد،، والحاکم 4/ 267، ورجاله ثقات الا انه ذکر فی ،التهذیب،: ان فی اسناد حدیثه اختلافاً، وقال الترمذی: وقد ادخلوا بین ہلال بن یساف وسالم بن عبید رجلاً، واخرجه النسائی عن منصور عن ہلال بن یساف عن رجل عن سالم، وقال الحاکم: ہلال بن یساف لم یدرک سالم بن عبید ولم یره، وبینهما رجل مجهول، ومع ذلک فقد قال الحافظ فی ،الاصابة، فی ترجمة سالم بن عبید رقم 3045: اسناده صحیح۔ انظر ،الارواء، 3/247۔

② رواه ابو داود رقم 5038 فی الادب: باب کیف یشمت الذمی، والترمذی رقم 2840 فی الادب: باب ما جاء کیف تشمیت العاطس، والبخاری فی، الادب المفرد، رقم 640، والحاکم 4/ 268، وقال الترمذی: حدیث حسن صحیح، وهو کما قال۔ انظر ،الارواء، رقم 1277۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کو جب چھینک آتی تو آپ اپنا چہرہ مبارک ڈھانک لیتے اور اپنی آواز کو پست رکھتے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا تَثَاءَبَ

جب جمائی آئے تو کیا کہے؟

[266] حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰـهِ اَحْمَدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، ثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْعُطَاسُ مِنَ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَالتَّثَاؤُبُ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَقُلْ: هَاهْ هَاهْ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَضْحَكُ فِي جَوْفِهِ، اَوْ فِي وَجْهِهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: چھینک اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جمائی شیطان کی طرف سے۔ سو جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو وہ ھاہ ھاہ نہ کہے۔ کیونکہ شیطان اس کے پیٹ میں ہنستا ہے۔ یا (فرمایا) اس کے چہرہ میں (ہنستا ہے)۔ ②

بَابُ كَرَاهِيَةِ رَفْعِ الصَّوْتِ بِالتَّثَاؤُبِ

جمائی لیتے وقت آواز بلند کرنا مکروہ ہے

[267] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰـهِ بْنُ يَحْيَى الْحَرَّانِيُّ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الطَّرَايِفِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ يَكْرَهُ رَفْعَ الصَّوْتِ بِالْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ.

---

① رواه ابو داود رقم 774 فی الصلاة: باب ما يستفتح به الصلاة من الدعاء، وفی اسناده عاصم بن عبيد الله وهو ضعيف۔ ويشهد له ما رواه الترمذی رقم 404 فی الصلاة: باب ما جاء فی الرجل يعطس فی الصلاة، من حديث معاذ بن رفاعة عن ابيه وقال الترمذی: وفی الباب عن انس و وائل بن حجر و عامر بن ربيعة۔ وقال: حديث رفاعة حديث حسن، وكان ہذا الحديث عند بعض اهل العلم انه فی " طوع، لان غير واحد من التابعين قالوا: اذا عطس الرجل فی الصلاة المكتوبة انما يحمد الله فی نفسه، ولم يوسعوا فی اكثر من ذلك۔

② رواه الترمذی رقم 2747 فی الادب: باب ما جاء، ان الله يحب العطاس ويكره التثاؤب، وهو حديث حسن كما قال الالبانی فی، صحيح الجامع، رقم 4009۔

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جمائی اور چھینک میں آواز بلند کرنے کو ناپسند فرماتا ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى عَلَى أَخِيهِ ثَوْبًا

جب کوئی اپنے بھائی پر نیا کپڑا دیکھے تو کیا پڑھے؟

[268] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ الْقُومَسِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، ثَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ثَوْبًا فَقَالَ لَهُ:)أَجَدِيدٌ هَذَا أَمْ غَسِيلٌ؟ قَالَ: بَلْ غَسِيلٌ، قَالَ:)الْبَسْ جَدِيدًا، وَعِشْ حَمِيدًا، وَمُتْ شَهِيدًانَوْعٌ آخَرُ.

حضرت سالم اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ پر کپڑا دیکھا تو فرمایا کہ کیا (کپڑا) یہ نیا ہے یا دھلا ہوا؟ تو انہوں نے عرض کی کہ دھلا ہوا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: نیا پہنو، اور قابل تعریف زندگی گزارو اور شہادت کی موت مرو۔ ②

[269] حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الضَّحَّاكِ، ثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ خَالِدٍ بِنْتِ خَالِدٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَتْ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِثِيَابٍ فِيهَا خَمِيصَةٌ سَوْدَاءُ صَغِيرَةٌ، فَدَعَانِي وَأَلْبَسَنِي خَمِيصَةً بِيَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَبْلِي وَأَخْلِقِي، ثُمَّ أَبْلِي وَأَخْلِقِي.

حضرت ام خالد بنت خالد رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کپڑے لے کر تشریف لائے اس میں ایک کالے رنگ کی چھوٹی سی چادر تھی تو آپ ﷺ نے مجھے بلا کر اپنے مبارک ہاتھوں سے وہ پہنائی پھر فرمایا کہ اسے (پہن کر کے) پرانا کر کے پھاڑ پھر اسے پرانا کر کے پھاڑ۔ ③ (یعنی اس قدر استعمال میں لا کے پھٹ جائے)۔

① فی اسناده علی بن عروة وهو متروک الحدیث کما قال الحافظ فی ،التقریب،، وقال الالبانی فی ،ضعیف الجامع، رقم 1756: حدیث موضوع۔ ولکراهة رفع الصوت بالتشاؤب شواهد بالمعنى۔

② رواه احمد فی المسند 2/ 89 وابن ماجه رقم 3558 فی اللباس: باب ما یقول الرجل اذا لبس ثوباً جدیداً، واسناده صحیح۔ انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم352۔

③ رواه البخاری 10/ 236 فی اللباس فی فاتحته، والترمذی رقم 1768 فی اللباس: باب ما یقول اذا لبس ثوباً جدیداً، واحمد فی ،المسند، 3/ 30 و 50، وصححه ابن حبان رقم 1442، والحاکم 4/ 192 ووافقه الذهبی۔ انظر ،جامع الاصول، رقم 2305 و صحیح الجامع، رقم 4540 ورياض الصالحين رقم 821 طبعة دار البيان بدمشق۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا

جب کوئی نیا کپڑا پہنے تو کیا پڑھے؟

[270] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ، ثَنَا الْجُرَيْرِيُّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهِ وَقَالَ: " اللّٰهُمَّ اَنْتَ كَسَوْتَنِي هَذَا الثَّوْبَ فَلَكَ الْحَمْدُ، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب نیا کپڑا پہنتے تو اس کا نام رکھتے اور دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ كَسَوْتَنِي هٰذَا الثَّوْبَ فَلَكَ الْحَمْدُ، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهٗ﴾

"اے اللہ! تو نے ہی مجھے یہ کپڑا پہنایا پس تیرے لیے ہی تمام تر تعریفیں ہیں میں تجھ سے اس کی بھلائی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے اس کے شر اور جس کے لیے اسے بنایا گیا اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"[1]

[271] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَبُو خَيْثَمَةَ، وَاَحْمَدُ الدَّوْرَقِيُّ، قَالُوا: ثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِئُ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي كَسَانِي هَذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ".نَوْعٌ آخَرُ

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کوئی کپڑا پہنے تو کہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا اور مجھے میری ہمت اور طاقت کے بغیر رزق عطا فرمایا۔"[2] تو اس کے گزشتہ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

---

[1] رواہ ابو داود رقم 4023 فی اللباس فی فاتحته، والحاکم فی المستدرک، 4/192-193، واسنادہ حسن، کما قال الحافظ، والالبانی فی الارواء، رقم 1989۔

[2] رواہ الترمذی رقم 3555 فی الدعوات: باب ما اصر من استغفر، وابن ماجہ رقم 3557 فی اللباس: باب ما یقول اذا لبس ثوباً جدیداً۔ وفی اسنادہ ابو العلاء، وھو الشامی مجھول، واصبغ بن زید صدوق یغرب کما قال الحافظ فی التقریب۔

[272] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثَنَا أَصْبَغُ بْنُ يَزِيدَ، ثَنَا أَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: لَبِسَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَوْبًا جَدِيدًا فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي، ثُمَّ قَالَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيدًا فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي كَسَانِي مَا أُوَارِي بِهِ عَوْرَتِي، وَأَتَجَمَّلُ بِهِ فِي حَيَاتِي، ثُمَّ عَمَدَ إِلَى الثَّوْبِ الَّذِي أَخْلَقَ أَوْ أَبْقَى فَتَصَدَّقَ بِهِ، كَانَ فِي حِفْظِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي كَنَفِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ حَيًّا وَمَيِّتًا مَرَّتَيْنِ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے نیا کپڑا پہنا تو کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا أُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ، وَأَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے (یہ لباس) پہنایا کہ اس سے میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس سے زینت حاصل کرتا ہوں۔'' پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جو شخص نیا کپڑا پہنے وہ یہ کہے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا أُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ، وَأَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے (یہ لباس) پہنایا کہ اس سے میں اپنے ستر کو چھپاتا ہوں اور اپنی زندگی میں اس سے زینت حاصل کرتا ہوں۔'' پھر اس کپڑے کا ارادہ کرے جسے اس نے پرانا کیا اور اسے اتار دیا تو اسے صدقہ کر دے تو وہ اللہ عزوجل کی حفظ وامان میں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے دامن کرم میں اور اللہ عزوجل کے راستے میں ہے زندہ اور مردہ۔ یہ آپ نے دو مرتبہ فرمایا:[1]

مَا يَقُولُ إِذَا خَلَعَ ثَوْبًا لِغُسْلٍ أَوْ نَوْمٍ

آدمی جب کپڑے اتارے تو کیا پڑھے؟

[273] حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ زَيْدٍ الْعَمِّيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " سِتْرُ بَيْنَ أَعْيُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِي آدَمَ أَنْ يَقُولَ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَطْرَحَ ثِيَابَهُ:) بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ.

---

[1] فی اسنادہ زید العمی وھو ضعیف، کما قال الحافظ فی التقریب۔ وقال الالبانی فی ،لاروای، رقم 50: صحیح لغیرہ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنوں کی آنکھوں اور بنی آدم کی آنکھوں کے درمیان پردہ مسلمان کا اپنے کپڑے اتارتے ہوئے یہ کہنا ہے:

﴿بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ﴾

• ''اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ وہ جس کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔''[1]

[274] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ الرَّقِّيُّ، وَاَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَبِيبٍ، ح وَاَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ح وَحَدَّثَنِي جَعْفَرُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ غَالِبٍ، قَالُوا: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ زَيْدٍ الْعَمِّيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " سَتْرُ مَا بَيْنَ اَعْيُنِ الْجِنِّ وَعَوْرَاتِ بَنِي آدَمَ إِذَا نَزَعَ اَحَدُهُمْ ثَوْبَهُ اَنْ يَقُولَ: بِسْمِ اللّٰهِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنوں کی آنکھوں اور بنی آدم (یعنی انسانوں) کی آنکھوں کے درمیان پردہ ان میں سے کسی ایک کا اپنے کپڑے اتارتے وقت یہ کہنا ہے:[2]

﴿بِسْمِ اللهِ﴾

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ صَنَعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفًا

جس کے ساتھ بھلائی کی جائے وہ (بھلائی کرنے والے کو) کیا کہے؟

[275] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، ثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، ثَنَا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ صُنِعَ إِلَيْهِ مَعْرُوفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، فَقَدْ اَبْلَغَ فِي الثَّنَاءِ.

---

[1] قال الهيثمي في، المجمع، 205/1: رواه الطبراني في، الاوسط، باسنادين، احدهما فيه سعيد بن مسلمة الاموي، ضعفه البخاري وغيره، ووثقه ابن حبان وابن عدي، وبقية رجال موثقون۔اھ؛ وبه ايضاً زيد العمي۔انظر تخريج الحديث السابق۔

[2] رواه الترمذي رقم 2036 في البر والصلة: باب ما جاء في المتشبع بما لم يعطه، وهو حديث صحيح، كما قال الالباني في، صحيح الجامع، رقم 6244۔

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس کے ساتھ کسی نے نیکی کی تو اس نے نیکی کرنے والے سے کہا:

﴿جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا﴾

''اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزاء عطا فرمائے۔''

تو اس نے اس (نیکی کرنے والے) کی تعریف کرنے میں انتہاء کردی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ يَهْدِي إِلَيْهِ هَدِيَّةً

جسے تحفہ دیا جائے وہ تو تحفہ دینے والے کو کیا دعا دے؟

[276] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي سَمِينَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، ثَنَا أَبِي، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: أَمَرَ أَبِي بِخَزِيرَةٍ فَصُنِعَتْ، ثُمَّ أَمَرَنِي فَأَتَيْتُ بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ بِمَنْزِلِهِ، فَقَالَ:)مَاذَا مَعَكَ يَا جَابِرُ، أَلَحْمٌ ذَا؟(قَالَ قُلْتُ: لَا، فَأَتَيْتُ أَبِي فَقَالَ: يَا بُنَيَّ، هَلْ رَأَيْتَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ سَمِعْتَهُ يَقُولُ شَيْئًا؟ قَالَ: قُلْتُ لَهُ: نَعَمْ قَالَ لِي:)مَاذَا مَعَكَ يَا جَابِرُ، أَلَحْمٌ ذَا؟(قَالَ لَعَلَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَكُونَ اشْتَهَى اللَّحْمَ، فَأَمَرَ بِشَاةٍ لَنَا دَاجِنٌ فَذُبِحَتْ، ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَشُوِيَتْ، ثُمَّ أَمَرَنِي فَأَتَيْتُ بِهَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)مَاذَا مَعَكَ يَا جَابِرُ؟(فَأَخْبَرْتُهُ، قَالَ: جَزَى اللّٰهُ الْأَنْصَارَ عَنَّا خَيْرًا، لَا سِيَّمَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ وَأَسْعَدُ بْنُ عُبَادَةَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے خزیرہ بنانے کا حکم دیا سو میں نے بنالیا تو پھر مجھے حکم دیا کہ میں اسے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے جاؤں سو میں اسے لے کر آپ کی خدمت اقدس میں آیا تو آپ اپنے مکان میں تھے آپ ﷺ نے فرمایا: اے جابر تیرے پاس کیا ہے؟ کیا گوشت ہے؟ حضرت جابر نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: نہیں، سو میں اپنے والد کے پاس (واپس لوٹ) آ گیا۔ انہوں نے فرمایا: اے میرے بیٹے! کیا تو نے حضور نبی کریم ﷺ کو دیکھا ہے؟

① رواہ الترمذی رقم 2036 فی البر والصلۃ: باب ما جاء فی المتشبع بما لم یعطہ، وھو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 6244۔

میں نے کہا: جی ہاں! انہوں نے فرمایا: کیا تو نے آپ ﷺ کو کچھ فرماتے سنا ہے؟ میں نے کہا جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا کہ اے جابر! تیرے پاس کیا ہے؟ کیا یہ گوشت ہے؟ انہوں (یعنی میرے والد) نے کہا کہ شاید رسول اللہ ﷺ کو گوشت (کھانے) کی خواہش ہے تو انہوں (یعنی میرے والد) نے ہمیں بکری ذبح کرنے کا حکم دیا سو میں نے بکری ذبح کی پھر ہمیں اسے بھوننے کا حکم دیا پھر مجھے حکم دیا تو میں اسے لے کر حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے جابر تیرے پاس کیا ہے؟ تو میں نے آپ کو بتایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: انصار کو اللہ تعالیٰ ہماری طرف سے بہترین جزاء عطا فرمائے بالخصوص عبداللہ بن عمرو بن حرام اور اسعد بن عبادہ کو۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ يَسْتَقْرِضُ مِنْهُ قَرْضًا

آدمی جس سے قرض لے اس کے لیے کیا دعا کرے؟

[277] اَخْبَرَنِي اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنْبَاَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ يَعْنِي ابْنَ مَهْدِيٍّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اسْتَقْرَضَ مِنِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِينَ اَلْفًا، فَجَاءَهُ مَالٌ فَدَفَعَهُ إِلَيَّ وَقَالَ:)بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِي اَهْلِكَ وَمَالِكَ، إِنَّمَا جَزَاءُ السَّلَفِ الْحَمْدُ وَالْاَدَاءُ.

حضرت اسماعیل بن ابراہیم بن عبداللہ بن ابوربیعہ رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے مجھ سے چالیس ہزار قرض مانگا۔ پس جب آپ کے پاس مال آیا تو آپ نے مجھے واپس لوٹا دیے اور فرمایا:

﴿بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ اَهْلِكَ وَمَالِكَ﴾

''اللہ تعالیٰ تیرے لیے تیرے اہل اور تیرے مال میں برکت عطا فرمائے۔''

بلاشبہ قرض کا بدلہ تعریف کرنا اور ادا کرنا ہے۔ ②

① قال الہیثمی فی، المجمع، 9/317: رواہ البزار ورجالہ ثقات۔ وقال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 462: رواہ ابو یعلی ق 1/116 والحاکم 4/111-112 وصححہ الحاکم ووافقہ الذہبی وھو کما قالا۔

② رواہ النسائی 7/314 فی البیوع: باب الاستقراض، وابن ماجہ رقم 2424 فی الصدقات: باب حسن القضاء، واحمد فی، المسند، 4/36، وھو حدیث صحیح کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 2349۔

بَابُ مَا يَرُدُّ الْمَهْدِيُّ إِذَا دُعِيَ لَهُ

ہدیہ دینے والے کو دعا دی جائے تو وہ جوابًا کیا کہے؟

[278] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنْبَاَنَا طَلِيقُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: اُهْدِيَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ، قَالَ:)اَقْسِمِيهَا(، قَالَ: فَكَانَتْ عَائِشَةُ إِذَا رَجَعَ الْخَادِمُ قَالَتْ: مَا قَالُوا؟ قَالَ: يَقُولُونَ: بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ، قَالَ: فَتَقُولُ عَائِشَةُ: وَفِيهِمْ بَارَكَ اللّٰهُ، فَرُدْ عَلَيْهِمْ مِثْلَ مَا قَالُوا، وَبَقِيَ اَجْرُنَا لَنَا.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ میں بکری پیش کی گئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تقسیم کردو۔ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جب خادم واپس آتا تو پوچھتیں۔ انہوں (یعنی لوگوں) نے کیا کہا؟ کہا کہ وہ کہتے ہیں:①

﴿بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ﴾

''اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا فرمائے۔''

توحضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتیں: اور انہیں بھی اللہ تعالیٰ برکت دے۔ سو ہم انہیں اس کی مثل (دعا) لوٹاتے ہیں جو (دعا میں) انہوں نے کہا اور ہمارے لیے ہمارا اجر باقی ہے۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اَتَى بِبَاكُورَةِ الْفَاكِهَةِ

جب نیا پھل لایا جائے تو آدمی کیا پڑھے؟

[279] اَنْبَاَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنْبَاَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّاسُ إِذَا رَاَوُا التَّمْرَ جَاءُوا بِهِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا اَخَذَهُ قَالَ:)اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مَدِينَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِي مُدِّنَا اللّٰهُمَّ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ

① اسناده حسن، انظر، الكلم الطيب، لابن تيمية رحمه الله تعالى رقم 237 من طبعة دار البيان، ورقم 236 من طبعة الشيخ ناصر الدين الالباني۔

عَبْدُكَ وَخَلِيلُكَ وَنَبِيُّكَ وَإِنِّي عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ، وَإِنَّهُ دَعَاكَ لِمَكَّةَ، وَإِنِّي أَدْعُوكَ لِلْمَدِينَةِ بِمِثْلِ مَا دَعَاكَ بِهِ لِمَكَّةَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ(، ثُمَّ يَدْعُو أَصْغَرَ وَلِيدٍ لَهُ فَيُعْطِيهِ ذَلِكَ الثَّمَرَ نَوْعٌ آخَرُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب لوگ پہلا پھل دیکھتے تو اسے لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آجاتے۔ سو جب آپ ان سے قبول فرماتے تو دعا کرتے: اے اللہ! ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرما، اور ہمارے شہر میں برکت دے اور ہمارے صاع میں برکت عطا فرما اور ہمارے مد میں برکت عطا فرما، اے اللہ! بے شک حضرت ابراہیم علیہ السلام تیرے بندے اور تیرے خلیل اور تیرے نبی تھے اور بلاشبہ میں بھی تیرا بندہ ہوں انہوں نے مکہ مکرمہ کے لیے دعا کی تھی اور میں تجھ سے مدینہ منورہ کے لیے اسی کی مثل دعا کرتا ہوں جو مکہ مکرمہ کے لیے کی گئی اور اسی کی مثل اس کے ساتھ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم جس بھی چھوٹے بچے کو دیکھتے اسے بلا کر وہ پھل عطا فرما دیتے۔ ①

[280] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مَحْمُودٍ الْوَاسِطِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَنْصُورٍ الْحَارِثِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْعُذْرِيُّ، ثَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أُتِيَ بِبَاكُورَةِ الثَّمَرَةِ وَضَعَهَا عَلَى عَيْنَيْهِ ثُمَّ عَلَى شَفَتَيْهِ وَقَالَ:) اللَّهُمَّ كَمَا أَرَيْتَنَا أَوَّلَهُ فَأَرِنَا آخِرَهُ(، ثُمَّ يُعْطِيهِ مَنْ يَكُونُ عِنْدَهُ مِنَ الصِّبْيَانِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ کے پاس نیا پھل لایا جاتا تو آپ اسے اپنی مبارک آنکھوں کے درمیان رکھتے پھر اپنے مبارک لبوں پر رکھتے اور دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ كَمَا اَرَيْتَنَا اَوَّلَهٗ فَاَرِنَا اٰخِرَهٗ﴾

”اے اللہ! جس طرح تو نے ہمیں اس کا اول دکھایا سو ہمیں اس کا آخر بھی دکھانا۔“

پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو بھی بچوں میں سے ہوتا اسے عطا فرما دیتے۔ ②

① رواه مسلم رقم 2188 فی الطب: باب الطب والمرض والرقی۔
② حديث يونس بن يزيد ضعيف عن الزهری، وعبيد الرحمن بن يحيىٰ العذری مجهول لا يقيم الحديث من جهته كما قال الذهبی فی، الميزان 2/597 وعبدالرحمن بن منصور الحارثی قال فی الميزان 2/586 حدث باشياء لم يتابع عليها وقال الدار قطنی وغيره: ليس بالقوی فالحديث ضعيف۔

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ أَمَاطَ عَنْهُ الْأَذَى

جو کسی سے اذیت کو دور کرے وہ اسے کیا دعا دے؟

[281] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ بْنِ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِالرَّحْمَنِ، ثَنَا عُثْمَانُ بْنُ فَائِدٍ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُحَمَّدٍ السَّهْمِيُّ مَوْلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ تَنَاوَلَ مِنْ لِحْيَةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَذَى، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَسَحَ اللّٰهُ عَنْكَ يَا أَبَا أَيُّوبَ مَا تَكْرَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے مولی حضرت اسماعیل بن محمد السھمی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کو حضرت ابی ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہوئے سنا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈاڑھی مبارک سے اذیت ناک چیز کو دور کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوایوب! اللہ تعالیٰ ہر اس چیز کو تجھ سے دور فرمادے جو تجھے ناپسند ہے۔ ①

[282] حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ هَارُونَ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ مَهْدِيٍّ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا أَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، أَنَّ أَبَا أَيُّوبَ أَخَذَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لَا يَكُنْ بِكَ السُّوءُ يَا أَبَا أَيُّوبَ، لَا يَكُنْ بِكَ السُّوءُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈاڑھی مبارک سے کوئی چیز پکڑی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تیرے ساتھ کوئی برائی نہ رہے اے ابوایوب! تیرے ساتھ کوئی برائی نہ رہے۔ ②

[283] أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كُلَيْبٍ، ثَنَا حَسَّانُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَكْرٍ الْبَاهِلِيِّ قَالَ: أَخَذَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ لِحْيَةِ رَجُلٍ أَوْ رَأْسِهِ شَيْئًا، فَقَالَ الرَّجُلُ: صَرَفَ اللّٰهُ عَنْكَ السُّوءَ، فَقَالَ عُمَرُ: صَرَفَ اللّٰهُ عَنَّا السُّوءَ مُنْذُ أَسْلَمْنَا، وَلَكِنْ إِذَا أُخِذَ عَنْكَ شَيْءٌ فَقُلْ: أَخَذَتْ يَدَاكَ خَيْرًا.

---

① فی اسنادہ عثمان بن فائد وھو ضعیف۔

② فی اسنادہ ابو ہلال محمد بن سلیم الراسبی، وھو ضعیف، کما قال الالبانی فی تخریج الکلم، رقم 239۔

حضرت عبداللہ بن بکر الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کی ڈاڑھی سے یا سر سے کوئی چیز پکڑی تو اس آدمی نے کہا: اللہ تعالیٰ آپ سے برائی کو دور فرمائے۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ہم سب سے برائی دور فرمادی تھی جب ہم اسلام لائے لیکن جب تجھ سے کوئی آدمی کسی (تکلیف دہ) چیز کو پکڑے تو تو کہہ: تیرے ہاتھ بھلائی ہی پکڑیں۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذْ وَقَعَتْ كَبِيرَةٌ أَوْ هَاجَتْ رِيحٌ مُظْلِمَةٌ

جب کوئی بڑی آفت آئے یا کالی آندھی چلے تو کیا پڑھے؟

[284] أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، قَالَا: ثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَقَالَ دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ: عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا وَقَعَتْ كَبِيرَةٌ أَوْ هَاجَتْ رِيحٌ مُظْلِمَةٌ فَعَلَيْكُمْ بِالتَّكْبِيرِ؛ فَإِنَّهُ يُجْلِي الْعِجَاجَ الْأَسْوَدَ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی بڑی (تباہی) واقع ہو یا تیز آندھی چلے تو تم پر تکبیر پڑھنا لازم ہے کیونکہ یہ کالی گھٹاؤں کو دور کر دیتی ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قَضَى لَهُ حَاجَةً

جو کسی کی حاجت روائی کرے اسے کیا دعا دی جائے؟

[285] أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ يَحْيَى بْنِ نَصْرٍ، حَدَّثَنَا الْخَلِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَغَوِيُّ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: حَلَبَ رَجُلٌ لِلرَّسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)اللّٰهُمَّ جَمِّلْهُ(، فَاسْوَدَّ شَعْرُهُ.

---

① قال الالبانی فی، تخریج الکلم، رقم 240: حدیث موقوف، جید الاسناد۔

② قال الحافظ: ہذا حدیث غریب وسندہ ضعیف جداً، فیہ محمد بن زاذان ضعیف، وشیخہ عنبسۃ بن عبد الرحمن متروک، واخرجہ ابن السنی ایضاً من طریق عمرو بن عثمان عن الولید بہذا السند ا ہ۔ وذکر الذہبی الحدیث فی، المیزان، وعدہ من مناکیر محمد بن زاذان، وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 828 :141 حدیث موضوع۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے دودھ دوہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (اسے بطور دعا) کہا: اے اللہ! اسے حسین بنا تو ان کے بال کالے ہو گئے۔ ①

بَابُ الشِّرْكِ

شرک کا بیان

[286] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ اَبِي إِسْرَائِيلَ، ح وَاَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرٍ النَّيْسَابُورِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو يُوسُفَ الْقَلُوسِيُّ، قَالَا: ثَنَا عَلِيُّ بْنُ بَحْرٍ، حَدَّثَنِي هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، فِي قَوْلِهِ تَعَالَى شُرَكَاءَ خَلَقُوا كَخَلْقِهِ، اَخْبَرَنِي لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، عَنْ اَبِي رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، اَمَا اَخْبَرَ ذَلِكَ حُذَيْفَةُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَمَا اَخْبَرَهُ اَبُو بَكْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ قَالَ: الشِّرْكُ اَخْفَى فِيكُمْ مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ، قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَهَلِ الشِّرْكُ إِلَّا مَا عُبِدَ مِنْ دُونِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اَوْ مَا دُعِيَ مَعَ اللّٰهِ، شَكَّ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ جُرَيْجٍ، فَقَالَ:) ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا صِدِّيقُ، الشِّرْكُ اَخْفَى فِيكُمْ مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ، اَلَا اُخْبِرُكَ بِقَوْلٍ يُذْهِبُ صِغَارَهُ وَكِبَارَهُ، اَوْ صَغِيرَهُ وَكَبِيرَهُ؟(قَالَ: قُلْتُ: بَلَى يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: " تَقُولُ كُلَّ يَوْمٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ، وَالشِّرْكُ اَنْ يَقُولَ اَعْطَانِي اللّٰهُ وَفُلَانٌ، وَالنِّدُّ اَنْ يَقُولَ الْإِنْسَانُ: لَوْلَا فُلَانٌ لَقَتَلَنِي فُلَانٌ.

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں شرک خفی چیونٹی کی چال کی آواز کی طرح ہے کہتے ہیں کہ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا شرک یہ نہیں ہے کہ اللہ عزوجل کے سوا کی پوجا کی جائے؟ یا اللہ کے ساتھ کسی کو پکارا جائے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے صدیق! تجھے تیری ماں روئے۔ شرک تم میں چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ ہے کیا میں تجھے اس قول کی خبر نہ دوں جس کے (پڑھنے) ساتھ اس کا چھوٹا بڑا دور ہو جائے، کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیوں نہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر روز تین مرتبہ پڑھو:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ، وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ﴾

① ورجاله ثقات۔

''اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے ساتھ شرک کروں حالانکہ میں جانتا ہوں اور میں تجھ سے اس کی بخشش مانگتا ہوں جسے میں نہیں جانتا۔''

اور یہ بھی شرک خفی ہے کہ تو کہے: مجھے اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا اور فلاں نے، اور یہ شرک ہے کہ انسان کہے: اگر فلاں نہ ہوتا تو فلاں مجھے قتل کر دیتا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَرَادَ أَنْ يُحَدِّثَ بِحَدِيثٍ فَنَسِيَهُ

جب کوئی آدمی نئی بات کرنے کا ارادہ کرے اور اسے بھول جائے تو کیا پڑھے؟

[287] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَانَ بْنِ سُفْيَانَ، ثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ الْحِيرِيُّ، ثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانٍ، عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ بَدْرٍ السَّعْدِيِّ شَيْخٍ مِنْ أَهْلِ الْبَصْرَةِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ أَبِي حَرْبٍ الْبَاهِلِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ:)مَنْ أَرَادَ أَنْ يُحَدِّثَ بِحَدِيثٍ فَنَسِيَهُ، فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ؛ فَإِنَّ صَلَاتَهُ عَلَيَّ خَلَفًا مِنْ حَدِيثِهِ، وَعَسَى أَنْ يَذْكُرَه.

حضرت عثمان بن ابی حرب الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو کوئی بات کرنے کا ارادہ کرے اور اسے وہ بات بھول جائے تو وہ مجھ پر درود بھیجے کیونکہ اس کا مجھ پر درود پڑھنا اس کی بات کا بدل بن جائے گا اور امید ہے کہ اسے یاد آجائے۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ بَشَّرَهُ بِبِشَارَةٍ

جو کسی کو کوئی بشارت دے اسے کیا دعا دی جائے؟

[288] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَمْدَوَيْهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمَّادٍ، ثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ أَبِي الْيَسَرِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: شَدَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَوْمَ بَدْرٍ فَشَدَدْنَا مَعَهُ، فَنَادَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمَرُ، يَا عُمَرُ. فَلَمَّا هَزَمَهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ تَخَلَّصَ إِلَى الْعَبَّاسِ فَحَمَلَهُ

①قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 3433: رواہ الحکیم الترمذی، وھو حدیث ضعیف۔

② فی اسنادہ عثمان بن ابی حرب الباہلی: قال الذہبی فی ،المیزان، لہ شیء عن بعض التابعین، مجھول، قالہ البخاری۔ اھ۔ وفی اسناد انقطاع۔

وَأُنَاسٌ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ عَلَى رِقَابِهِمْ، وَجَعَلَ عُمَرُ يُنَادِي: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِأَبِيٍّ أَنْتَ؟ الْبُشْرَى، قَدْ سَلَّمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكَ عَمَّكَ الْعَبَّاسَ، فَكَبَّرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: بَشَّرَكَ اللّٰهُ بِخَيْرٍ يَا عُمَرُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَسَلَّمَكَ اللّٰهُ يَا عُمَرُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اللّٰهُمَّ أَعِنْ عُمَرَ وَأَيِّدْهُ.

حضرت ابوالیسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ جنگ بدر کے دن شدت سے لڑے تو ہم بھی ان کے ساتھ شدت سے لڑے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کو آواز دی، میرے چچا، میرے چچا، عمر، عمر، اے عمر! پس جب اللہ تعالیٰ نے انہیں شکست دی تو وہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو انہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اور بنی ہاشم کے لوگوں نے اپنی گردنوں پر اٹھا لیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سامنے آ کر پکارنے لگے: یا رسول اللہ! میرے والد آپ پہ قربان جائیں خوشخبری ہو اللہ تعالیٰ نے آپ کے چچا حضرت عباس کو محفوظ فرما لیا تو رسول اللہ ﷺ نے تکبیر کہی اور فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے بھلائی کی خوشخبری دے اے عمر! دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور اے عمر! اللہ تعالیٰ تجھے دنیا اور آخرت میں سلامت رکھے پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے اللہ! عمر کو عزت عطا فرما اور اس کی تائید فرما۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِلذِّمِّيِّ إِذَا قَضَى لَهُ حَاجَةً

جب ذمی کسی کی ضرورت پوری کرے تو وہ اسے کیا دعا دے؟

[289] حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ، ثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ قُرَيْشٍ، عَنْ بَشِيرِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اسْتَسْقَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَسَقَاهُ يَهُودِيٌّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) جَمَّلَكَ . فَمَا رَأَى الشَّيْبَ حَتَّى مَاتَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے پانی طلب کیا تو ایک یہودی نے آپ کو پانی پلایا تو حضور نبی کریم ﷺ نے (بطور دعا) فرمایا: اللہ تعالیٰ تجھے حسین بنائے تو اسے مرنے تک بوڑھا نہ دیکھا گیا۔ ②

① فی اسنادہ ابن لهيعة، وهو ضعيف قوله: اللهم اعن، وفی نسخة: اللهم اعز۔

② فی اسنادہ سلمة بن وردان، وهو ضعيف، وبشر بن الوليد قال الذهبی فی الميزان 1/327: امسک اصحاب الحديث عنه وتركوه لانه شاخ واستولى عليه الهرم۔

نوٹ:

معلوم ہوا کہ اللہ کے محبوب کی دعا سے یہودی بھی فیض یاب ہوسکتا ہے اور یہ دعائے نبی کا اثر تھا کہ سدا جوان ہی رہا اور عمر زیادہ ہونے کے باوجود بوڑھا نہ ہوا۔

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا سَمِعَ مَا يُعْجِبُهُ وَتَفَاءَلَ

جب کوئی عمدہ بات سنے تو کیا پڑھے؟

[290] اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ حَفْصٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ زُبَالَةَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثَنَا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ:)يَا خَضِرَةُ(، قَالَ: لَبَّيْكَ، اَخَذْنَا فَالَكَ مِنْ فِيكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت کثیر بن عبداللہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ایک شخص کو یہ کہتے سنا یاخضرۃ! (اے سبزے) تو آپ نے فرمایا: میں حاضر ہوں ہم نے تیرے منہ سے فال لے لی۔ ①

[291] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثَنَا وُهَيْبٌ، ثَنَا سُهَيْلٌ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتًا، فَاَعْجَبَهُ، فَقَالَ: اَخَذْنَا فَالَكَ مِنْ فِيكَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ایک آواز سنی جس نے آپ کو تعجب میں ڈالا (یعنی آپ کو پسند آئی) تو آپ نے فرمایا: ہم نے تیرے منہ سے تیری فال لے لی ہے۔ ②

---

① قال الہیثمی فی ،المجمع، 106/5: رواہ الطبرانی فی ،الکبیر، و ،الاوسط، وکثیر بن عبداللہ ضعیف جداً، وقد حسن الترمذی حدیثہ، وبقیۃ رجالہ ثقات انظر ،الاحادیث الصحیحۃ، رقم 726۔

② قال الالبانی فی ،الاحادیث الصحیحۃ، رقم 726: حدیث صحیح۔ اخرجہ ابو داود رقم 3817، واحمد 388/2 وابن السنی، والحسن بن علی الجوہری ق 1 / 38 من طریق وہیب عن سہیل بن ابی صالح عن رجل عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ عیہ وسلم سمع کلمۃ فاعجبتہ فقال ـــ فذکرہ۔ قلت: وھذا اسناد صحیح لولا الرجل الذی لم یسم، لکنہ جاء مسمی فاخرجہ ابو الشیخ فی ،اخلاق النبی صلی اللہ علیہ وسلم، صفحہ 270 من طریقین آخرین، عن وہیب بہ الا انہ قال: ،عن ابیہ، وابوہ ہو ابو صالح واسمہ ذکوان، ثقۃ من رجال الشیخین، فصح الحدیث والحمد للہ۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا تَطَيَّرَ مِنْ شَيْءٍ

جب کوئی کسی شے سے بدفالی لے تو کیا پڑھے؟

[292] اَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، ثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ ابْنِ هُبَيْرَةَ السَّبَائِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يُسْلِمُ مَنْ اَرْجَعَتْهُ الطِّيَرَةُ عَنْ حَاجَتِهِ؛ فَقَدْ اَشْرَكَ(، قَالُوا: وَمَا كَفَّارَةُ ذٰلِكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ يَقُولُ اَحَدُهُمْ:)اللّٰهُمَّ لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُكَ، وَلَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس آدمی کو بدشگونی نے اس کی حاجت سے لوٹا دیا تو بلاشبہ اس نے شرک کیا، انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! اس کا کفارہ کیا ہے؟ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے کسی ایک کا یہ کہنا ہے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُكَ، وَلَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ﴾

''اے اللہ! تیرے شگون کے علاوہ کوئی شگون نہیں اور تیری طرف سے بھلائی کے سوا کوئی بھلائی نہیں اور تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔''[1]

[293] حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ الضَّرِيرُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الطِّيَرَةِ، قَالَ: " اَصْدَقُهَا الْفَالُ، وَلَا يَرُدُّ مُسْلِمًا، وَإِذَا رَاَيْتُمْ مِنَ الطَّيْرِ شَيْئًا تَكْرَهُونَهُ فَقُولُوا: اللّٰهُمَّ لَا يَأْتِي بِالْحَسَنَاتِ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.

حضرت عقبہ بن عامر الجہنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بدشگونی کے متعلق سوال کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کی سچی فال ہے اور یہ مسلمان کو واپس نہ لوٹائے اور جب تم کسی چیز میں بدشگونی دیکھو جسے تم ناپسند کرتے ہو تو کہو:

---

① صحیح لان سماع ابن وہب من ابن لہیعۃ صحیح۔ انظر، لاحادیث الصحیحۃ، رقم 1065۔

﴿اَللّٰهُمَّ لَا يَأْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ إِلَّا اَنْتَ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

''اے اللہ! نیکیوں کو تیرے سوا کوئی لانے والا نہیں ہے اور نہ برائیوں کو تیرے سوا کوئی دور کرنے والا ہے اور گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی طاقت اللہ کی توفیق کے بغیر نہیں۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاَى الْحَرِيقَ

آدمی جب آگ جلتی ہوئے دیکھے تو کیا پڑھے؟

[294] حَدَّثَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، ثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ بْنِ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ الْعُمَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) إِذَا رَاَيْتُمُ الْحَرِيقَ فَكَبِّرُوا؛ فَإِنَّ التَّكْبِيرَ يُطْفِئُهُ.

[295] حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْاَنْمَاطِيُّ، ثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ، عَنْ اَخِيهِ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا رَاَيْتُمُ الْحَرِيقَ فَكَبِّرُوا؛ فَإِنَّ التَّكْبِيرَ يُطْفِئُهُ.

[296] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نَصْرٍ الْخَوَّاصُ، ثَنَا اَبُو الطَّاهِرِ، ثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا رَاَيْتُمُ الْحَرِيقَ فَكَبِّرُوا؛ فَإِنَّ التَّكْبِيرَ يُطْفِئُهُ.

[297] حَدَّثَنَا ابْنُ صَاعِدٍ، ثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مِنْ آلِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا رَاَيْتُمُ الْحَرِيقَ فَكَبِّرُوا؛ فَإِنَّ التَّكْبِيرَ يُطْفِئُهُ.

---

[1] رواہ ابو داود رقم 3719 فی الطب: باب فی الطیرۃ، واسنادہ ضعیف، وعروۃ بن عامر، قال الحفظ: مختلف فی صحبته، روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا فی الطیرۃ۔ فی الاصول: عقبة، وھو تصحیف والتصحیح من، سنن ابی داود۔

حضرت عمرو بن شعیب رضی اللہ عنہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم آگ دیکھو تو تکبیر پڑھو کیونکہ تکبیر اسے بجھا دیتی ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا هَبَّتِ الرِّيحُ

جب تیز ہوا چلے تو کیا پڑھا جائے؟

[298] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ بَحْرٍ، ثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، ثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ، ثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ أَبِي ثَابِتٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبْزَى، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا تَسُبُّوا الرِّيحَ؛ وَإِذَا رَأَيْتُمْ شَيْئًا فِيهَا تَكْرَهُونَهُ فَقُولُوا: اللَّهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذِهِ الرِّيحِ وَخَيْرِ مَا فِيهَا وَخَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هَذِهِ الرِّيحِ وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: ہوا کو گالی نہ دو جب تم اس میں کوئی ناپسندیدہ چیز دیکھو تو کہو:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَخَيْرِ مَا فِيْهَا وَخَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ. وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ هٰذِهِ الرِّيْحِ وَشَرِّ مَا فِيْهَا وَشَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ﴾

''اے اللہ! ہم تجھ سے اس ہوا کی بھلائی کا سوال کرتے ہیں اور اس کی بھلائی کا جو اس میں ہے اور اس بھلائی کا جس کا اسے تو نے حکم دیا ہے اور ہم تجھ سے اس ہوا کے شر سے اور جو شر اس میں ہے اور جس شر کا تو نے اسے حکم دیا ہے تیری پناہ مانگتے ہیں۔'' ②

[299] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ الضَّبِّيُّ، ثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ، ثَنَا يَزِيدُ بْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ رَفَعَهُ قَالَ: كَانَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ يَقُولُ:)اللَّهُمَّ لَقِحًا لَا عَقِيمًا.

① 294 الی 297۔ فی اسنادہ القاسم بن عبداللہ بن عمر بن حفص بن عاصم العمری، وھو متروک، ورماہ احمد بالکذب۔ وجمیع ہذہ الطرق ضعیفۃ جداً، کما قال الالبانی فی تخریج، الکلم الطیب، رقم 221۔

② رواہ البخاری فی، الادب المفرد، رقم 719، واحمد فی، المسند، 5/123 والترمذی رقم 2253 فی الفتن: باب ما جاء فی النہی عن سب الریاح، وفی سندہ حبیب بن ابی ثابت، وھو ثقۃ فقیہ جلیل، وکان کثیر الارسال والتدلیس، وقد عنعنہ، ولکن للحدیث شواھد یقوی بھا۔ لذا قال الترمذی: ہذا حدیث حدیث حسن صحیح، وفی الباب عن ابی ہریرۃ و عائشۃ و عثمان بن ابی العاص و انس و جابر و ابن عباس۔ فالحدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 7192۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب تیز ہوائیں چلتیں تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَقِحًا لَا عَقِيمًا﴾

''اے اللہ! اسے پھل دینے والی بنانا بانجھ نہ بنانا۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا هَبَّتِ الشِّمَالُ

جب شمالی ہوا چلے تو کیا پڑھا جائے؟

[300] حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُثْمَانَ، ثَنَا اَبُو زُرْعَةَ الرَّازِيُّ، ثَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِي مِغْرَاءَ الْكِنْدِيُّ، ثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ مَالِكٍ الْمُزَنِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اشْتَدَّتِ الرِّيحُ الشِّمَالُ قَالَ:)اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَرْسَلْتَ فِيهَا.

حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب شمالی ہوائیں تیز چلتیں تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اَرْسَلْتَ فِيهَا﴾

''اے اللہ! بے شک ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس کے شر سے جو تو نے اس میں بھیجی ہے۔''②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاَى غُبَارًا فِي السَّمَاءِ اَوْ رِيحًا

جب آسمان میں گرد وغبار اور ہوا دیکھے تو کیا پڑھے؟

[301] حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ، ثنا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ:)كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَاَى فِي السَّمَاءِ نَاشِئًا غُبَارًا اَوْ رِيحًا اسْتَقْبَلَهُ مِنْ حَيْثُ كَانَ، وَإِنْ كَانَ فِي الصَّلَاةِ تَعَوَّذَ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهِ.

① قال الحافظ فی، تخریج الاذکار، 4/295 الفتوحات: ہذا حدیث صحیح، اخرجہ البخاری فی، الادب المفرد، 718 ہکذا، واخرجہ ابن حبان فی، صحیحہ، وابن السنی معساً عن ابی یعلی، واخرجہ الطبرانی ایضاً فی، المعجم الاوسط، وقال: لم یروہ عن یزید۔ یعنی ابن ابی عبید۔ الا مغیرۃ، تفرد بہ احمد بن عبدۃ، وتعقبہ الحافظ بروایۃ ابی مصعب الزہری عن یزید، واخرجہ الحاکم 4/286 عن المغیرۃ، قال: وھی واردۃ علی دعوی التفرد۔اھ۔ فالحدیث حسن، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 4546۔

② قال الہیثمی فی، المجمع، 10/135: رواہ البزار وفیہ عبدالرحمن بن اسحاق ابو شیبۃ وھو ضعیف۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب آسمان میں کچھ غبار یا ہوا دیکھتے تو اس کی طرف متوجہ ہو جاتے جہاں بھی ہوتے اگرچہ نماز میں بھی ہوتے تو بھی اس کے شر سے پناہ مانگتے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى سَحَابًا مُقْبِلًا

جب بادلوں کو اپنی طرف آتا دیکھے تو کیا پڑھے؟

[302] حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثَنَا يَحْيَى بْنُ طَلْحَةَ، ثَنَا شَرِيكٌ، عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحٍ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّهُ ذَكَرَ أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا حَدَّثَتْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى سَحَابًا مُقْبِلًا مِنْ أُفُقٍ مِنَ الْآفَاقِ تَرَكَ مَا هُوَ فِيهِ، وَإِنْ كَانَ فِي صَلَاتِهِ، حَتَّى يَسْتَقْبِلَهُ فَيَقُولُ:)اللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان فرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب آفاق میں سے کسی افق سے بادلوں کو آتا دیکھتے تھے تو آپ جس کام میں ہوتے اسے چھوڑ دیتے اگرچہ آپ اپنی نماز میں ہی ہوتے حتی کہ آپ اس کی طرف متوجہ ہو جاتے پس کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ﴾

''اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس شر سے جسے تو نے بھیجا۔'' ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ

جب بجلی کی کڑک سنے تو کیا پڑھے؟

[303] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ الْهَيْصَمِ، ثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَاةَ، حَدَّثَنِي أَبُو مَطَرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَمِعَ الرَّعْدَ وَالصَّوَاعِقَ قَالَ:) اللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ، وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ، وَعَافِنَا قَبْلَ ذَلِكَ.

① فی سندہ يحيى بن طلحۃ اليربوعی ابو زكريا الكوفی قال النسائی: ليس بشيئ، وقال ابن حبان: كان يغرب عن ابی نعيم وغيره قلت (القائل الحافظ فی التهذيب) وكذبه علی بن الحسين بن الجنيد وخطاء الصغانی، تهذيب التهذيب 11/233-234۔

② ابن ماجۃ رقم 3889 فی الدعای: باب مايدعو به الرجل اذا رای السحاب والمطر ورجاله ثقات۔

حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بجلی اور کڑک کی آواز سنتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ، وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ، وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ﴾

”اے اللہ! ہم کو اپنے غضب کے ساتھ نہ قتل کرنا، اور ہمیں اپنے عذاب کے ساتھ ہلاک نہ کرنا اور ہمیں اس سے قبل ہی عافیت عطا فرما دینا۔“①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاَى الْمَطَرَ

جب بادل دیکھتے تو کیا پڑھے؟

[304] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ حَبِيبِ بْنِ اَبِي الْعِشْرِينَ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَاَى الْمَطَرَ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ صَيِّبًا هَنِيئًا.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب بادل دیکھتے تو کہتے:②

[345] اَخْبَرَنِي جَعْفَرُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ شَبَّةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَارِثِ الْحَارِثِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْبَيْلَمَانِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا خِفْتَ سُلْطَانًا اَوْ غَيْرَهُ، فَقُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، سُبْحَانَ رَبِّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اَنْتَ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تجھے کسی بادشاہ وغیرہ کا خوف ہو تو یہ پڑھنا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، سُبْحَانَ رَبِّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو بردبار کرم فرمانے والا ہے، پاک ہے اللہ کی ذات جو رب ہے آسمانوں کا اور عرش عظیم کا نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے تیرے تیری پناہ باعث عزت ہے اور تیری ثناء بزرگی والی ہے، اور تیری ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔''②

① قال الحفظ: اخرجه من رواية ابن علاقة عن ابى قتادة، وما اظنه سمع منه، وفى السنا۔من لا يعرف۔اه۔

② قال الحافظ: اخرجه من رواية محمد بن الحارث الحارثى احد الضعفاء عن محمد ابن عبد الرحمن بن البيلمانى بفتح الموحدة وسكون التحتانية وفتح اللام وتخفيف الميم وبعد الالف نون، عن ابيه عن ابن عمر، محمد بن عبدالرحمن اتفقوا على تصعيفه واتهمه بعضهم بالكذب، وذكر ابن حبان ان محمد بن الحارث روى عنه نسخة موضوعة مشبهة بمابى حديث، قال الحافظ: وقد وقع لى هذا الحديث بزيادة فيه كثيرة و نقصان يسير من اولى حديث ابن مسعود ومن حديث ابن عباس وسند كل منهما اولى بالذكر من هذا۔اما حديث ابن مسعود فقال عن رسول الله صلى الله عليه وسلم: اذا تخوفت بن احد شيئاً فقل ،اللهم رب السموات السبع وما فيهن ورب العرش العظيم ورب جبريل و ميكائيل و اسرافيل كن لى جاراً من عبدك فلان واشياعه ان يطغوا على وان يفرطوا على عز جارك وجل ثناؤك ولا اله الا انت ولا حول ولا قوة الا بك۔ هذا حديث حسن رواته موثقون و فيهم ائمة وفى سنده انقطاع لان عبيدالله بن عبد الله بن عقبة بن مسعود لم يسمع من عم ابيه عبد الله بن مسعود ولا ادركه لكن للحديث طريق آخر بعضده۔ثم اخرجه من طريق الطبرانى، قال: حدثنا عبدالله بن سلم والعباس بن الحسن الرازيان قالا: حدثنا سهيل بن عثمان بفتح المهملة وسكون اللام ضعفه بعضهم، و اخرج له ابن خزيمة فى صحيحه، وذكره ابن حبان فى الثقات عن عبيد الله بن عبدالله بن عمر عن عتبة بن عبدالله بن سمعود عن ابيه عن جده عن عبدالله بن مسعود وهو جد ابيه عن النبى صلى الله عليه وسلم قال: اذا تخوف احدكم السلاطان فليقل فذكره لكن لم يقل فيه وما فيهن ولا رب جبريل و ميكائيل و اسرافيل، وقال من فلان، واتباعه من الجن والانس، وقال فى آخره ولا اله غير، ورجال سنده ثقات الا جنادة، فاختلف فيه كما تقدم، واخرجه الحافظ من طريق ثالث الا انه موقوف على قائلها وسنده صحيح، وقد اخرجه البخارى فى الادب المفرد، اه۔ الفتوحات، 4/17-18۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَافَ سُلْطَانًا أَوْ شَيْطَانًا أَوْ سَبُعًا

جب بادشاہ یا شیطان یا درندے کا خوف ہو تو کیا پڑھے؟

[346] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَصْرٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرِ بْنِ سَلْمٍ، ثنا أَبِي، عَنْ أَبَانَ بْنِ أَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: كَتَبَ عَبْدُ الْمَلِكِ إِلَى الْحَجَّاجِ بْنِ يُوسُفَ أَنِ انْظُرْ إِلَى أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ خَادِمِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَدْنِ مَجْلِسَهُ، وَأَحْسِنْ جَائِزَتَهُ، وَأَكْرِمْهُ. قَالَ: فَأَتَيْتُهُ، فَقَالَ لِي ذَاتَ يَوْمٍ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَعْرِضَ عَلَيْكَ خَيْلِي، فَتُعْلِمَنِي أَيْنَ هِيَ مِنَ الْخَيْلِ الَّتِي كَانَتْ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. فَعَرَضَهَا، فَقُلْتُ: شَتَّانَ مَا بَيْنَهُمَا، فَإِنَّهَا كَانَتْ أَرْوَاثُهَا وَأَبْوَالُهَا وَأَعْلَافُهَا أَجْرًا. فَقَالَ الْحَجَّاجُ: لَوْلَا كِتَابُ أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ فِيكَ لَضَرَبْتُ الَّذِي فِيهِ عَيْنَاكَ. فَقُلْتُ: مَا تَقْدِرُ عَلَى ذَلِكَ: قَالَ: وَلِمَ؟ قُلْتُ: لِأَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَنِي دُعَاءً أَقُولُهُ، لَا أَخَافُ مَعَهُ مِنْ شَيْطَانٍ وَلَا سُلْطَانٍ وَلَا سَبُعٍ. قَالَ: يَا أَبَا حَمْزَةَ، عَلِّمْهُ لِابْنِ أَخِيكَ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَجَّاجِ. فَأَبَيْتُ عَلَيْهِ. فَقَالَ لِابْنِهِ: ائْتِ عَمَّكَ أَنَسًا، فَاسْأَلْهُ أَنْ يُعَلِّمَكَ ذَلِكَ. قَالَ أَبَانُ: فَلَمَّا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ دَعَانِي، فَقَالَ لِي: يَا أَبَا حَمْزَةَ: إِنَّ لَكَ إِلَيَّ انْقِطَاعًا، وَقَدْ وَجَبَتْ حُرْمَتُكَ، وَإِنِّي مُعَلِّمُكَ الدُّعَاءَ الَّذِي عَلَّمَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَا تُعَلِّمْهُ مَنْ لَا يَخَافُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ - أَوْ نَحْوَ ذَلِكَ. قَالَ: يَقُولُ: " اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، بِسْمِ اللَّهِ عَلَى نَفْسِي وَدِينِي، بِسْمِ اللَّهِ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ أَعْطَانِي رَبِّي، بِسْمِ اللَّهِ خَيْرِ الْأَسْمَاءِ، بِسْمِ اللَّهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ دَاءٌ، بِسْمِ اللَّهِ افْتَتَحْتُ، وَعَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْتُ، اللَّهُ اللَّهُ رَبِّي، لَا أُشْرِكُ بِهِ أَحَدًا، أَسْأَلُكَ اللَّهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ، الَّذِي لَا يُعْطِيهِ أَحَدٌ غَيْرُكَ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا إِلَهَ غَيْرُكَ، اجْعَلْنِي فِي عِيَاذِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ سُلْطَانٍ، وَمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَحْتَرِسُ بِكَ مِنْ شَرِّ جَمِيعِ كُلِّ ذِي شَرٍّ خَلَقْتَهُ، وَأَحْتَرِزُ بِكَ مِنْهُمْ، وَأُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيَّ: بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، اللَّهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ

كُفُوًا اَحَدٌ وَمِنْ خَلْفِي مِثْلَ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَمِينِي مِثْلَ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَسَارِي مِثْلَ ذٰلِكَ، وَمِنْ فَوْقِي مِثْلَ ذٰلِكَ "

حضرت ابان بن عیاش حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ خلیفہ عبدالملک نے حجاج بن یوسف کی طرف لکھا کہ حضرت انس بن مالک جو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خادم ہیں کو نظروں میں رکھنا اور ان کی مجلس کے قریب رہنا اور انہیں بہترین عطیہ وغیرہ دینا اور ان کی عزت افزائی کرنا۔ کہتے ہیں کہ ایک دن میں ان کے پاس آیا تو انہوں نے مجھے فرمایا: اے ابو حمزہ! میرا ارادہ ہے کہ میں آپ پر اپنا گھوڑا پیش کروں تا کہ آپ مجھے بتائیں کہ یہ گھوڑا اس گھوڑے کے مقابلے میں کیسا ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سو اس نے وہ پیش کیا تو میں نے کہا: ان دونوں کے درمیان بہت فرق ہے اس کا لید اور پیشاب اور اس کے چارہ میں اجر تھا (تیرے دیے ہوئے اس گھوڑے میں یہ اجر موجود نہیں) تو حجاج کہنے لگا: اگر امیر المومنین کا خط نہ ہوتا آپ کے متعلق تو میں آپ کی آنکھوں کے درمیان اسے مارتا تو میں نے کہا: تجھے اس پر قدرت حاصل نہیں، کہنے لگا: (حجاج) وہ کیسے؟ میں نے کہا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ایک دعا سکھائی ہے جسے میں پڑھتا ہوں تو اس کی بنا پر نہ میں شیطان سے ڈرتا ہوں نہ بادشاہ سے نہ درندے سے کہنے لگا: اے ابوحمزہ! اسے اپنے بھتیجے محمد بن حجاج کو سکھا دے تو میں نے اس پر انکار کر دیا تو اس نے اپنے بیٹے سے کہا: اپنے چچا حضرت انس کے پاس جاؤ اور ان سے سوال کرو کہ وہ تمہیں یہ دعا سکھا دیں۔ حضرت ابان نے کہا: جب ان کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے مجھے بلایا پس فرمایا: اے ابوحمزہ! بلاشبہ اب تیرے لیے میری جدائی (کا وقت آگیا) ہے اور بلاشبہ آپ کی عزت و حرمت واجب ہے اور بے شک میں آپ کو وہ دعا سکھا دیتا ہوں جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائی ہے۔ اسے تو اس شخص کو مت سکھانا جو اللہ تعالیٰ سے خوف نہیں رکھتا یا اس کی مثل فرمایا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو پڑھنا:

﴿اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ. بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِي وَدِيْنِي. بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ اَعْطَانِيْ رَبِّيْ، بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ دَاءٌ، بِسْمِ اللّٰهِ افْتَتَحْتُ، وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ. اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ، لَا اُشْرِكُ بِهٖ اَحَدًا، اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِخَيْرِكَ مِنْ خَيْرِكَ، الَّذِيْ لَا يُعْطِيْهِ اَحَدٌ غَيْرُكَ، عَزَّ جَارُكَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ، وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اجْعَلْنِيْ فِيْ عِيَاذِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ سُلْطَانٍ، وَمِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَحْتَرِسُ بِكَ مِنْ شَرِّ جَمِيْعِ كُلِّ ذِيْ شَرٍّ خَلَقْتَهٗ، وَاَحْتَرِزُ بِكَ مِنْهُمْ. وَاُقَدِّمُ بَيْنَ يَدَيَّ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ وَمِنْ خَلْفِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ. وَعَنْ يَمِيْنِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَسَارِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ. وَمِنْ فَوْقِيْ مِثْلَ ذٰلِكَ﴾

"اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے اللہ کے نام کے ساتھ

(مجھے توفیق حاصل ہے) اپنے نفس پر اور اپنے دین پر، اللہ کے نام کے ساتھ مجھے ہر شے میرے رب نے عطا کی، اللہ کے نام کے ساتھ جو بہترین اسماء میں سے ہے، اللہ کے نام کے ساتھ وہ ذات جس کے نام کی معیت پر کوئی بیماری نقصان نہیں پہنچا سکتی زمین میں اور نہ آسمان میں، اللہ کے نام کے ساتھ ہی میں ابتداء کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ ہی کی ذات پر میں بھروسہ کرتا ہوں، اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری بھلائی مانگتا ہوں جسے تیرے سوا کوئی بھی نہیں دے سکتا۔ تیری پناہ گاہ باعزت ہے اور تیری ثناء بزرگی والی ہے تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں مجھے اپنے (خاص) بندوں میں سے کر دے ہر بادشاہ کے شر سے اور شیطان مردود کے شر سے، اے اللہ! میں تیری ذات کی پناہ کا طلب گار ہوں ہر اس چیز کے شر سے جس شر والے کو تو نے پیدا کیا اور میں تیری پناہ کا طلب گار ہوں ان سے اور میں انہیں تیرے سامنے کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم فرمانے والا ہے۔ فرما دیجیے: (اے محبوب!) وہ اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے نہ اس نے کسی کو جنا نہ اس کو کسی نے جنا اور نہ ہی اس کا کوئی ہم سر ہے۔"

اور اپنے دائیں اسی کی مثل اور اپنے بائیں اس کی مثل اور اپنے اوپر بھی اسی کی مثل (سب شریروں کے شر سے تیری پناہ کا طلبگار رہوں)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَافَ السِّبَاعَ

جب درندے کا خوف ہو تو کیا پڑھے؟

[347] أَخْبَرَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحُلْوَانِيُّ، حَدَّثَنَا أَبِي، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنِ ابْنِ أَبِي حَبِيبَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ قَالَ: " إِذَا كُنْتَ بِوَادٍ تَخَافُ فِيهَا السِّبَاعَ، فَقُلْ: أَعُوذُ بِدَانْيَالَ وَبِالْجُبِّ مِنْ شَرِّ الْأَسَدِ.

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب تو کسی وادی میں درندوں کا خوف محسوس کرے تو پڑھا کر:

﴿أَعُوذُ بِدَانْيَالَ وَبِالْجُبِّ مِنْ شَرِّ الْأَسَدِ﴾

"میں پناہ مانگتا ہوں حضرت دانیال کے رب سے کنویں سے شیر کے شر سے۔" ②

---

① وفيه ابان بن ابی عياش، وهو متروك، كما قال الحافظ في التقريب۔ وفيه من لا يعرف۔ قوله: بسم الله الذي لا يضر مع اسمه داء، في المصرية: بسم الله الذي لا يضر مع اسمه شيء في الارض ولا في السماء۔ قوله: لا اشرك به احدا، في نسخة: ولا اشرك به ابداً۔

② في اسناده عبد العزيز بن عمران وهو متروك، وابن ابی حبيبة وهو ابراهيم بن اسماعيل ضعيف۔ وداود بن حسين قال الحافظ ثقة الا في عكرمة وروايته هنا عن عكرمة۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا غَلَبَهُ أَمْرٌ

جب کسی معاملے کا غلبہ ہو تو کیا پڑھے؟

[348] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مِرْدَاسٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمُؤْمِنُ الْقَوِيُّ خَيْرٌ وَاَفْضَلُ وَاَحَبُّ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْمُؤْمِنِ الضَّعِيفِ، وَفِي كُلٍّ خَيْرٌ، احْرِصْ عَلَى مَا يَنْفَعُكَ، وَلَا تَعْجِزْ عَنْ نَفْسِكَ، فَإِنْ غَلَبَكَ اَمْرٌ فَقُلْ: قَدَّرَ اللّٰهُ وَمَا شَاءَ صَنَعَ، وَإِيَّاكَ وَاللَّوَّ، فَإِنَّ اللَّوَّ تَفْتَحُ عَمَلَ الشَّيْطَانِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: طاقت ور مومن بہتر اور افضل ہے اور اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے کمزور مومن سے، ہر بھلائی میں حرص کر جو تجھے نفع دے اور اپنے نفس سے عاجز مت ہو اور اگر کسی معاملہ کا تجھ پر غلبہ ہو تو کہہ: اللہ تعالیٰ نے یہی مقدر فرمایا، جو اس نے چاہا بنایا اور تو ''اگر'' سے بچ کیونکہ ''اگر'' شیطان کے عمل کو کھولتا ہے۔ ①

[349] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، ثنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا بَحِيرُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ سَيْفٍ، عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ حَدَّثَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِقَضَاءٍ بَيْنَ رَجُلَيْنِ، فَقَالَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ لَمَّا اَدْبَرَ: حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (رُدُّوا عَلَيَّ الرَّجُلَ) . فَقَالَ: (مَاذَا قُلْتَ؟) قَالَ: قُلْتُ: حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَلُومُ عَلَى الْعَجْزِ، وَلٰكِنْ عَلَيْكَ بِالْكَيْسِ، فَإِذَا غَلَبَكَ اَمْرٌ فَقُلْ: حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ.

حضرت عوف بن مالک الاشجعی سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ فرمایا تو جس شخص کے خلاف آپ نے فیصلہ فرمایا جب اس نے پیٹھ پھیری تو کہا:

﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ﴾

---

① فی اسناد محمد بن عجلان قال فی التقریب، صدوق الا انہ اختلطت علیہ احادیث ابی ہریرۃ، لکن رواہ مسلم رقم رقم 2664 فی القدر: باب فی الامر بالقوۃ وترک العجز، واحمد فی المسند، 2/366 و 370، وابن ماجہ رقم 79 فی المقدمۃ: باب فی القدر، ورقم 4168 فی الزھد: باب التوکل و الیقین۔

''مجھے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔''①

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس آدمی کو واپس میرے پاس لاؤ، آپ ﷺ نے فرمایا: تو نے کیا کہا! اس نے عرض کی: میں نے کہا:

﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ عاجزی پر ملامت فرماتا ہے لیکن تجھ پر عقلمندی لازم ہے سو جب تجھ پر کسی معاملہ کا غلبہ ہو تو کہہ:

﴿حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ﴾

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا عَسُرَتْ عَلَيْهِ مَعِيشَتُهُ

جب کسی پر اس کی گزران زندگی تنگ ہو تو وہ کیا پڑھے؟

[350] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْمُونٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا يَمْنَعُ أَحَدَكُمْ إِذَا عَسُرَ عَلَيْهِ أَمْرُ مَعِيشَتِهِ أَنْ يَقُولَ إِذَا خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ: بِسْمِ اللّٰهِ عَلَى نَفْسِي وَمَالِي وَدِينِي، اللّٰهُمَّ رَضِّنِي بِقَضَائِكَ، وَبَارِكْ لِي فِيمَا قُدِّرَ لِي حَتَّى لَا أُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا أَخَّرْتَ، وَلَا تَأْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کسی کو (یہ دعا پڑھنے سے کوئی چیز) نہ روکے جب اس پر اس کی معیشت کا معاملہ تنگ ہو جائے تو وہ اپنے گھر سے نکلتے ہوئے یہ کہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ عَلَى نَفْسِيْ وَمَالِيْ وَدِيْنِيْ. اَللّٰهُمَّ رَضِّنِيْ بِقَضَائِكَ. وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا قُدِّرَ لِيْ حَتّٰى لَا أُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا أَخَّرْتَ. وَلَا تَأْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ﴾

''اللہ کا نام میری ذات پر اور میرے مال پر اور میرے دین پر اے اللہ! مجھ سے راضی ہو جا اپنے فیصلے کے ساتھ اور میرے لیے برکت فرما اس چیز میں جو تو نے میرے لیے مقدر فرمائی ہے حتی کہ میں اس کی جلد بازی کو پسند نہ کروں۔ جسے تو مؤخر کرے اور نہ تاخیر کو جسے تو جلد کرنا چاہے۔''②

① رواہ ابو داود رقم 3627 فی الاقضية: باب الرجل يحلف على حقه واحمد فی المسند، 6/24 وهو حديث ضعيف كما قال الالبانی فی تخريج الكلم، رقم 137۔

② فی اسناده عيسى بن ميمون الواسطی۔ وهو ضعيف جداً۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اسْتَصْعَبَ عَلَيْهِ أَمْرٌ

جب کوئی معاملہ دشوار ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[351] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ بْنِ الْمُجَدَّرِ، حَدَّثَنَا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزَنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (جب بہ تقاضائے بشریت کوئی دشواری محسوس کرتے) تو یہ دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ إِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا ، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزَنَ إِذَا شِئْتَ سَهْلًا﴾

''اے اللہ! اس آسانی کے سوا کوئی آسانی نہیں جسے تو آسان نہ بنائے اور تو ہی غم کو بھی جب چاہے آسان بنانے والا ہے۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُهُ

جب آدمی کے جوتے کا تسمہ ٹوٹ جائے تو وہ کیا پڑھے؟

[352] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لِيَسْتَرْجِعْ أَحَدُكُمْ فِي كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى فِي شِسْعِ نَعْلِهِ، فَإِنَّهَا مِنَ الْمَصَائِبِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہر ایک ہر چیز میں کلمہ ترجیع (انا للہ وانا الیہ راجعون) پڑھے حتیٰ کہ اپنے جوتے کے تسمہ ٹوٹنے پر بھی کیونکہ یہ بھی مصیبتوں میں سے (ایک مصیبت) ہے۔②

---

① وصححه ابن حبان رقم 2427، موارد۔ قال الحافظ: ہذا حدیث صحیح۔

② فی اسناده یحیی بن عبید الله بن موہب التیمی، قال الحافظ: متروک وافحش الحکم فرماه بالوضع۔ انظر، المیزان، 4/395۔ قال الحافظ: حدیث غریب فی سنده من ضعف وله شاہد من موسل ابی ادریس الخولانی، وہو فی فوائد ہشام بن عمار، ورجال اسناده من رواة الصحیح، وقد اخرجه ابن السنی ایضاً وفیه قصة وله شاہد موصول عن ابی امامة، قال: خرجنا مع رسول الله صلی علیه وسلم فانقطع شسعه فقال: انا لله وانا الیه راجعون فقال له رجل: لشسع فقال صلی الله علیه وسلم: انها مصیبة۔ قال الحافظ بعد تخریجه: ہذا حدیث غریب اخرجه الطبرانی عن ابی امامة بمعناه، وسنده ضعیف ایضاً وله شاہد موقوف اخرجه ابن المنذر فی، التفسیر، عن عبدالله بن خلیفه ان عمر بن الخطاب انقطع شسعه فقال: انا لله وانا الیه راجعون، فقیل له: فی ذلک فقال: ماساء ک فهو مصیبة، وسند ہذا الموقف صحیح، وہو کلفظ المرسل لکن فی آخر المرسل، فقال صلی الله علیه وسلم: کل شیء ساء المومن فهو مصیبة۔ اھ۔ الفتوحات، 4/28-29۔

[353] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ، ثنا زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ بِشْرِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰـهِ، عَنْ اَبِي إِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي هُوَ وَاَصْحَابُهُ إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُهُ، فَقَالَ: إِنَّا لِلّٰـهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ قَالُوا: اَوَ مُصِيبَةٌ هَذِهِ؟ قَالَ:)نَعَمْ، كُلُّ شَيْءٍ سَاءَ الْمُؤْمِنَ فَهُوَ مُصِيبَةٌ.

حضرت ابوادریس الخولانی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ حضور نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان چلے جا رہے تھے کہ آپ کا تسمہ ٹوٹ گیا تو آپ ﷺ نے پڑھا: انا للہ و انا الیہ راجعون تو صحابہ کرام نے عرض کیا: کیا یہ مصیبت ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں ہر چیز جو مومن کو پریشان کرے وہ مصیبت ہے۔ (اس پر کلمہ ترجیع پڑھنا چاہیے)۔ ①

[354] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا قَطَنُ بْنُ نُسَيْرٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لِيَسْاَلْ اَحَدُكُمْ رَبَّهُ حَاجَتَهُ كُلَّهَا حَتَّى يَسْاَلَهُ شِسْعَ نَعْلِهِ إِذَا انْقَطَعَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں ہر ایک اپنی ہر حاجت کا اپنے رب سے سوال کرے، حتی کہ وہ اپنے جوتے کے تسمہ کا سوال بھی (اپنے رب سے) کرے۔ (جب وہ ٹوٹ جائے) ②

[355] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمِ بْنِ اَبِي الْوَضَّاحِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ:)سَلُوا اللّٰـهَ كُلَّ شَيْءٍ حَتَّى الشِّسْعَ، فَإِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ إِنْ لَمْ يُيَسِّرْهُ لَمْ يَتَيَسَّرْ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ ہر چیز کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرو حتی کہ تسمے کا بھی کیونکہ اللہ عزوجل اگر اسے آسان نہ فرمائے تو یہ بھی آسان نہ ہو۔ ③

---

① حديث مرسل۔ انظر تخريج الحديث السابق۔

② وفيه فن بن نسير، قال الذهبي فى الميزان: كان ابو هاتم يحمل عليه، وقال ابن عدى: يسرق الحديث اه۔ وقد رواه القواريرى فارسله وانكر وصله وضعفه الالبانى فى، ضعيف الجامع، رقم 4948۔ ولكن له شاهد مرسل الاتى۔

③ قال الالبانى فى، ضعيف الجامع، رقم 3277: ضعيف، وقال المناوى 110/4: قال الهيثمى: رجاله رجال الصحيح غير محمد بن عبد الله بن الماندى، وهو ثقة۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا ذَكَرَ نِعَمَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

اللہ عزوجل کی نعمت یاد آنے پر آدمی کیا پڑھے؟

[356] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ أَبِي الرِّجَالِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، ثنا أَبُو عَاصِمٍ، عَنْ شَبِيبِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى عَبْدِهِ نِعْمَةً، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، إِلَّا كَانَ قَدْ أَعْطَى خَيْرًا مِمَّا أَخَذَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل اپنے بندے پر جو بھی انعام کرے تو وہ کہے: ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ تو جو اس سے لیا جائے گا اس سے بہتر اسے عطا کر دیا جائے گا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِدَفْعِ الْآفَاتِ

مصیبتوں کی دوری کے لیے آدمی کیا پڑھے؟

[357] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُسْتَغْنِي، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ حَسَنٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عِيسَى بْنُ عَوْنٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زُرَارَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً فِي أَهْلٍ وَمَالٍ وَوَلَدٍ، فَيَقُولُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، فَيَرَى فِيهَا آفَةً دُونَ الْمَوْتِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل اپنے بندے پر جو بھی انعام کرے اہل میں اور مال میں اور اولاد میں تو وہ کہے:۔

﴿لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

تو وہ اس (رب کے انعام) میں موت کے سوا کوئی آفت نہیں دیکھے گا۔ ②

① رواہ ابن ماجہ رقم 3805 فی الادب: باب فضل الحامدین۔ قال البوصیری فی الزوائد، اسنادہ حسن، و شبیب بن بشر مختلف فیہ۔
② اسنادہ ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5028۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قِيلَ لَهُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ

جب کوئی کہے "اللہ تعالیٰ تیری مغفرت فرمائے" تو اسے کیا کہے؟

[358] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ، ثنا عَاصِمٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: " رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَكَلْتُ مِنْ طَعَامِهِ، قُلْتُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: وَلَكَ(. قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ: اسْتَغْفَرَ لَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكُمْ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

حضرت عاصم حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کا دیدار کیا اور میں نے آپ کے کھانے سے بھی کھایا میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اور تیری بھی۔ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ سے کہا: آپ ﷺ نے تیرے لیے مغفرت طلب کی تو انہوں نے کہا کہ ہاں! اور تمہارے لیے بھی پھر یہ آیت تلاوت کی:

﴿اِسْتَغْفِرْ ذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ﴾

"اے پیغمبر! مغفرت طلب کیجیے اپنے خلاف اولیٰ کاموں کی اور مومن مردوں اور عورتوں کے لیے۔"①

نوٹ:

آقا کریم ﷺ کا استغفار کرنا بطور تعلیم امت کے ہے یا رب تعالیٰ کی بارگاہ میں بطور تواضع وانکساری۔ یہی محدثین اور جمہور علماء ملت اسلامیہ کا عقیدہ ہے۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اَذْنَبَ ذَنْبًا

آدمی جب گناہ کر بیٹھے تو کیا پڑھے؟

[359] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، اَخْبَرَنِي عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا، مِنْ بَنِي اَسَدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَسْمَاءَ، اَوْ اَبِي اَسْمَاءَ - قَالَ اَبُو الْوَلِيدِ: وَرُبَّمَا قَالَ شُعْبَةُ: ابْنِ اَسْمَاءَ - عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

① اخرجه مسلم رقم 2346 فی الفضائل باب اثبات خاتم النبوة وصفته ومحله من جسده صلی اللہ علیہ وسلم، واحمد فی، المسند، 5/82۔

كُنْتُ إِذَا سَمِعْتُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا يَنْفَعُنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ بِمَا شَاءَ أَنْ يَنْفَعَنِي، حَتَّى حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَصَدَقَ أَبُو بَكْرٍ - قَالَ:)مَا مِنْ عَبْدٍ يُذْنِبُ ذَنْبًا، فَيَتَوَضَّأُ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لِذَلِكَ الذَّنْبِ، إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ(وَتَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: وَمَنْ يَعْمَلْ سُوءًا أَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهُ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُورًا رَحِيمًا.

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب میں رسول اللہ ﷺ سے کوئی چیز سنتا تو اللہ عزوجل اس کے ساتھ مجھے نفع عطا فرماتا جو وہ مجھے نفع عطا فرمانا چاہتا حتی کہ مجھ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حضور نبی کریم ﷺ سے حدیث بیان کی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سچ ہی فرمایا کہ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو آدمی بھی کوئی گناہ کرتا ہے پھر وہ وضو کرتا ہے اور دو رکعت نماز ادا کرتا ہے اور اللہ عزوجل سے اپنے اس گناہ کی مغفرت طلب کرتا ہے تو وہ اسے معاف فرما دیتا ہے اور آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی:

﴿وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا﴾

"اور جو کوئی برا عمل کرتا ہے یا اپنی جان پر ظلم کرتا پھر اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کو بخشنے والا مہربان پائے گا۔"[1]

بَابُ مَا يَقُولُ مَنْ أَذْنَبَ ذَنْبًا بَعْدَ ذَنْبٍ

جو شخص گناہ پر گناہ کرے وہ کیا پڑھے؟

[360] حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي عَمْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَحْكِي عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: " إِذَا أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ، اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا، فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ، وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ، ثُمَّ عَادَ فَأَذْنَبَ، فَقَالَ: أَيْ رَبِّ، اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، فَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَذْنَبَ عَبْدِي ذَنْبًا، فَعَلِمَ أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذَّنْبَ، وَيَأْخُذُ بِالذَّنْبِ، اعْمَلْ مَا شِئْتَ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكَ.

[1] رواه ابو داود رقم 1521: فی الصلاۃ: باب فی الاستغفار، والترمذی رقم 3009 فی التفسیر: باب ومن سورۃ آل عمران، وابن ماجه رقم 1395 فی اقامۃ الصلاۃ: باب ما جاء ان الصلاۃ کفارۃ، واحمد فی المسند 1/2 و 9 و 10 و هو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی صحیح الجامع، رقم 5614۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ اپنے رب عزوجل سے حکایت کرتے ہیں کہ (رب تعالیٰ نے) ارشاد فرمایا: جب میرا کوئی بندہ گناہ کرتا ہے تو کہتا ہے: اے میرے رب! میری مغفرت فرما دے تو اللہ عزوجل فرماتا ہے: میرے بندے نے گناہ کیا سو اس نے جان لیا کہ اس کا رب ہے جو گناہ معاف فرماتا ہے اور گناہ پہ پکڑ بھی کرتا ہے۔ پھر اس نے دوبارہ گناہ کیا تو کہا: اے میرے رب! میرے گناہ کی مغفرت فرما تو اللہ عزوجل فرماتا ہے میرے بندے نے گناہ کیا پس اس نے جان لیا کہ اس کا رب ہے جو گناہ معاف بھی کرتا ہے اور گناہ پر پکڑ بھی کرتا ہے۔ (تو رب تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے بندے) جو تیری مرضی ہے عمل کر بلاشبہ میں نے تیری مغفرت کر دی۔ ①

نوٹ:

جو کلام نبی کریم ﷺ اپنے رب کریم سے روایت کریں اور وہ غیر متلو (یعنی جس کی تلاوت نہ کی جائے) ہو اسے قدسی حدیث کہتے ہیں۔

بَابُ الِاسْتِغْفَارِ مِنَ الذُّنُوبِ
گناہوں کی بخشش طلب کرنے کا بیان

[361] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا عُثْمَانُ بْنُ وَاقِدٍ، عَنْ اَبِي نُصَيْرَةَ، قَالَ: لَقِيتُ مَوْلًى لِاَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقُلْتُ: سَمِعْتَ مِنَ اَبِي بَكْرٍ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا اَصَرَّ مَنِ اسْتَغْفَرَ، وَاِنْ عَادَ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً.

حضرت ابونصیرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے غلام سے ملا سو میں نے اس سے کہا: کیا تو نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کچھ (یعنی حدیث) سنا ہے؟ تو اس نے کہا: ہاں! میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس شخص کو کوئی نقصان نہیں پہنچا جو استغفار کرتا ہے (اپنے رب سے) اگرچہ وہ دن میں ستر مرتبہ گناہ میں لوٹے (یعنی ایک بار گناہ کر کے معافی مانگے پھر گناہ کرے پھر معافی مانگے، بار بار اسی طرح کرتا رہے)۔ ②

① رواہ البخاری 13/393 فی التوحید: باب قول اللہ تعالیٰ: (یریدون ان یبدلوا کلام اللہ)، ومسلم رقم 2758 فی التوبة من الذنوب۔ قال النووی: 17/75: فی الحدیث ان الذنوب ولو تکررت مائة مرة بل الفا واکثر وتاب فی کل مرة قبلت توبته او تاب عن الجمیع توبة واحدة صحت توبته۔ قوله: عمل ماشئت، معناہ: مادمت تذنب فتتوب غفرت لک۔اھ۔

② رواہ الترمذی رقم 3554 فی الدعوات: باب رقم 119، وابو داود، رقم 1514 فی الصلاة: باب الاستغفار من حدیث ابی نصیرة عن مولی لابی بکر، عن ابی بکر رضی اللہ عنه، وفیه جهالة مولی ابی بکر، ولذلک قال الترمذی: ہذا حدیث غریب انما نعرفه من حدیث ابی نصیرة۔ ولیس اسنادہ بالقوی۔ فالحدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5006۔

بَابُ مَا يَقُولُ مَنِ ابْتُلِيَ ذَرَبَ لِسَانِهِ

جوزبان کی تیزی میں مبتلا ہو وہ کیا پڑھے؟

[362] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْمُغِيرَةِ، قَالَ: قَالَ حُذَيْفَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَرَبَ لِسَانِي، فَقَالَ:)اَيْنَ اَنْتَ مِنَ الِاسْتِغْفَارِ، وَإِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ.

حضرت ابومغیرہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی اپنے زبان کی تیز طراری کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو استغفار سے کیوں اتنا دور ہے اور بلاشبہ میں اللہ عزوجل سے ہر روز سومرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ ①

نوٹ:

اوپر والی حدیث میں ستر دفعہ اوراس حدیث میں سومرتبہ استغفار کرنے کا ذکر ہے اس سے مراد تعین عدد نہیں بلکہ کثرت مراد ہے۔اورآپ صلی اللہ علیہ وسلم کا استغفار کرنا یا تو امت کے گناہوں کے لیے ہے یا تعلیم امت کے لیے ہے یا بطور تواضع یا بطور حکم الٰہی جیسا کہ محدثین کرام نے اس کی تصریح فرمائی ہے۔

بَابُ الْإِكْثَارِ مِنَ الِاسْتِغْفَارِ

کثرت سے استغفار کرنے کا بیان

[363] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: مَا رَاَيْتُ اَحَدًا بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ اَنْ يَقُولَ:) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوبُ إِلَيْهِ(مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی ایک کو بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ یہ کہتے ہوئے نہیں سنا:

① رواہ ابن ماجہ رقم 3817 فی الادب: باب الاستغفار۔ قال البوصیری فی الزوائد: فی اسنادہ ابو المغیرۃ عبید بن المغیرۃ، مضطرب الحدیث عن حذیفۃ، قالہ الذہبی فی الکاشف۔اہ۔ قال الحافظ فی التقریب: مجہول۔

﴿أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ﴾

''میں اللہ سے مغفرت کا طلبگار ہوں اور میں اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''①

بَابُ ثَوَابِ الْإِسْتِغْفَارِ وَالْإِسْتِكْثَارِ مِنْهُ

کثرت سے استغفار کرنے کے ثواب کا بیان

[364] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مُوسَى الْاَنْصَارِيُّ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مُصْعَبٍ الْقُرَشِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْعَبَّاسِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)مَنْ اَكْثَرَ مِنَ الْإِسْتِغْفَارِ جَعَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ مِنْ كُلِّ هَمٍّ فَرَجًا، وَمِنْ كُلِّ ضِيقٍ مَخْرَجًا، وَرَزَقَهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ.

حضرت محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس اپنے والد سے وہ ان کے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کثرت سے استغفار کرتا ہے اس کے لیے اللہ عزوجل ہر غم سے نکلنے اور ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ بنا تا ہے اور اس کو وہاں سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے اسے گمان بھی نہیں ہوتا۔②

بَابُ كَمْ يَسْتَغْفِرُ فِي الْيَوْمِ

دن میں کتنی مرتبہ استغفار کیا جائے؟

[365] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)إِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوبُ إِلَيْهِ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک میں اللہ تعالیٰ سے ہر دن میں سو مرتبہ مغفرت طلب کرتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔③

---

① ابن حبان رقم 2460، موارد، رجالہ ثقات۔

② قال الالبانی فی، الاحادیث الضعیفة، رقم 705: رواہ ابن نصر فی، قیام اللیل، 38 والطبرانی 3/92/1 وابن عساکر 4/296/1 وابو داود رقم 1518 والنسائی فی، عمل الیوم واللیلة، 456 والحاکم 4/262 واحمد 1/248 وابن السنی 358 وابو محمد الحسن بن محمد بن ابراہیم فی، احادیث متفاۃ، 2/145 والبیہقی 3/351۔ قلت۔ الالبانی: وسندہ ضعیف: الحکم بن مصعب مجہول کما قال الحافظ فی، التقریب۔

③ رواہ الترمذی رقم 3255 فی تفسیر القرآن: باب من سورۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم وابن ماجہ رقم 3815 فی الأدب: باب الاستغفار، وھو حدیث صحیح۔

بَابُ ثَوَابِ مَنِ اسْتَغْفَرَ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً

ہر دن اور رات کو ستر مرتبہ استغفار کرنے کے ثواب کا بیان

[366] حَدَّثَنِي حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَسَارٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ الْحَارِثِ الْوَاقِدِيُّ، ثنا سَاكِنَةُ ابْنَةُ الْجَعْدِ الْغَنَوِيَّةُ، قَالَتْ: سَمِعْتُ أُمَّ عَقِيلٍ الْغَنَوِيَّةَ، تَقُولُ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا تَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي كُلِّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً، لَمْ يُكْتَبْ فِي يَوْمِهِ مِنَ الْغَافِلِينَ، وَمَنِ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي كُلِّ لَيْلَةٍ سَبْعِينَ مَرَّةً، لَمْ يُكْتَبْ فِي لَيْلَتِهِ مِنَ الْغَافِلِينَ.

حضرت ام عقیل الغنویہ فرماتی ہیں کہ میں نے ام المومنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہر روز ستر دفعہ اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہے اسے غافلوں میں سے نہیں لکھا جاتا اور جو شخص اللہ سے ہر رات کو ستر دفعہ استغفار کرتا ہے اسے اس رات کے غافلوں میں سے نہیں لکھا جاتا۔ ①

بَابُ الِاسْتِغْفَارِ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً

ایک دن میں ستر مرتبہ استغفار کرنے کا بیان

[367] اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ زَنْجُوَيْهِ، ثنا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) إِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ فِي كُلِّ يَوْمٍ سَبْعِينَ مَرَّةً.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی:

﴿وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ﴾

کے بارے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ میں ہر روز اللہ تعالیٰ سے ستر مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔ ②

---

① وهو ضعيف جداً: كما قال الالبانی فی، ضعيف الجامع، رقم 5411۔

② رواه البخاری 85/11 فی الدعوات: باب استغفار النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اليوم والليلة۔

بَابُ الِاسْتِغْفَارِ ثَلَاثًا

تین مرتبہ استغفار کرنے کا بیان

[368] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ الْمُبَارَكِ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ اَنْ يَدْعُوَ ثَلَاثًا، وَيَسْتَغْفِرَ ثَلَاثًا.

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تین مرتبہ دعا کرنا اور تین مرتبہ استغفار کرنا پسند فرماتے تھے۔ ①

[369] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَنْزِلُ رَبُّنَا عَزَّ وَجَلَّ حِينَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْآخِرُ، فَيَقُولُ: مَنْ يَدْعُونِي فَاَسْتَجِيبَ لَهُ، وَمَنْ يَسْتَغْفِرُنِي فَاَغْفِرَ لَهُ، حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارا رب عزوجل نزول اجلال فرماتا ہے جس وقت رات کا آخری تہائی حصہ باقی رہ جاتا ہے سوارشاد فرماتا ہے: کون مجھ سے دعا مانگتا ہے کہ میں اس کی دعا قبول کروں، کون مجھ سے مغفرت کا طلبگار ہے کہ میں اس کی مغفرت کردوں حتی کہ صبح طلوع ہوجاتی ہے۔ ②

[370] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ اَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنَّا نَعُدُّ لِرَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ مِائَةَ مَرَّةٍ يَقُولُهَا قَبْلَ اَنْ يَقُولَ شَيْئًا:)رَبِّ اغْفِرْ لِي، وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ نَوْعٌ آخَرُ.

① رواہ احمد فی، المسند، 394/1 و 397، وابو داود رقم 1524، وھو حدیث جعیف، کما قال الالبانی فی، خعیف الجامع، رقم 4588۔

② رواہ البخری 13/389-390 فی التوحید: باب قول اللہ تعالی: یریدون ان یبدلوا کلام اللہ، و 3/25-26 فی التھجد: باب الدعاء والصلاۃ من آخر اللیل، ومسلم رقم 758 فی صلاۃ المسافرین و قصرھا: باب الترغیب فی الذکر والدعاء آخر اللیل، و، الموطا، 214/1 فی القرآن: باب ما جاء فی الدعا، والترمذی رقم 3493 فی الدعات: باب رقم 80، وابو داود رقم 1315 فی الصلاۃ: باب ای اللیل افضل، ورقم 4733 فی السنۃ: باب فی الرد علی الجھمیۃ، وابن ماجه رقم 1366 فی اقامۃ الصلاۃ: باب ما جاء فی ای ساعات اللیل افضل، والدارمی رقم 1476-1477 فی الصلاۃ: باب ینزل اللہ الی السماء الدنیا، واحمد فی، المسند، 2/258 و 264 و 265 و 282 و 419 و 433 و 487 و 504۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم مجلس میں کوئی بھی بات کرنے سے پہلے رسول اللہ ﷺ کا سو مرتبہ:

﴿رَبِّ اغْفِرْ لِي، وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ﴾

''اے میرے رب! میری مغفرت فرما اور میری توبہ قبول فرما بے شک تو بہت زیادہ توبہ قبول فرمانے والا رحم فرمانے والا ہے۔ شمار کر لیتے۔''①

بَابُ كَيْفَ الِاسْتِغْفَارُ

کیسے استغفار کریں؟

[371] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ مَهْدِيٍّ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ زِيَادٍ الْمُكْتِبُ، قَالَ: سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ، أَنَّ مُسْلِمَ بْنَ السَّائِبِ، حَدَّثَهُ عَنْ خَبَّابِ بْنِ الْأَرَتِّ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ أَسْتَغْفِرُ؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ.

حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ سے سوال کیا: یا رسول اللہ! میں کیسے استغفار کروں تو آپ ﷺ نے فرمایا (یوں):

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ﴾

''اے اللہ! ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشبہ تو ہی سب سے زیادہ توبہ قبول فرمانے والا رحم فرمانے والا ہے۔''②

بَابُ سَيِّدِ الِاسْتِغْفَارِ

سید الاستغفار کا بیان

[372] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، وَأَبُو عَرُوبَةَ قَالَا: ثنا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَ: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُنِيبٍ

① رواہ ابو داود رقم 1516 فی الوتر: باب فی الاستغفار، والترمذی رقم 3430 فی الدعوات: باب ما یقول اذا قام من مجلسه، وابن ماجه رقم 3814 فی الادب: باب الاستغفار، واحمد فی، المسند، 84/2، والبخاری فی، الادب المفرد، رقم 618، وابن حبان رقم 2459، موارد، واسناده صحیح، انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 556۔

② النسائی فی، عمل الیوم والليلة، رقم 461، رجاله ثقات الا سعید بن زیاد المکتب ذکره ابن حبان فی الثقات۔

الْعَدَنِيُّ، قَالَ: ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " تَعَلَّمُوا سَيِّدَ الِاسْتِغْفَارِ: اللَّهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ، وَعَلَى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَأَبُوءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَأَبُوءُ لَكَ بِذَنْبِي، فَاغْفِرْ لِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم سید الاستغفار سیکھ لو (یہ ہے):

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ، وَعَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، وَاَبُوْءُ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ، وَاَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ، إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا اَنْتَ﴾

''اے اللہ! تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، اور تیرے عہد پر اور تیرے وعدے پر قائم ہوں جتنی میری استطاعت ہے، میں تیری پناہ مانگتا ہوں ہر اس عمل کے شر سے جسے میں نے کیا اور میں اقرار کرتا ہوں ہر اس نعمت کا جو تو نے مجھ پر کی، اور میں تیری ذات کے لیے اپنے ہر گناہ کا اقرار کرتا ہوں سو تو میری مغفرت فرما دے کیونکہ بلاشبہ تیری ذات کے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔''[1]

بَابُ الِاسْتِغْفَارِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن استغفار کرنے کا بیان

[373] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا شُرَيْحُ بْنُ يَزِيدَ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ، عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ سَاعَةٌ لَا يُوَافِقُهَا عَبْدٌ يَسْتَغْفِرُ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ، إِلَّا غَفَرَ لَهُ(فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَلِّلُهَا بِيَدِهِ.

[1] فی اسناده محمد بن منيب العدنی قال الحافظ فی التقريب: لا باس به، وقد صح الحديث من رواية شداد بن اوس رضی الله عنه وهو حديث متفق عليه۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر جمعہ کے دن میں ایک گھڑی ہے جو بندہ بھی اس کی موافقت کرلے (یعنی اسے یہ گھڑی مل جائے) وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے تو اسے بخش دیا جاتا ہے۔ حضور نبی کریم ﷺ نے اس (گھڑی) کے بہت کم ہونے (وقت کے لحاظ سے) کو اپنے ہاتھ سے بتایا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن جب مسجد میں داخل ہو تو کیا پڑھے؟

[374] أَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا مُبَشِّرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ قُدَيْدٍ، عَنْ سَمُرَةَ الْخَزَّازِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَخَذَ بِعِضَادَتَيِ الْبَابِ - بَابِ الْمَسْجِدِ - ثُمَّ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْنِي أَوْجَهَ مَنْ تَوَجَّهَ إِلَيْكَ، وَأَقْرَبَ مَنْ تَقَرَّبَ إِلَيْكَ، وَأَفْضَلَ مَنْ سَأَلَكَ وَرَغِبَ إِلَيْكَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب جمعہ کے دن مسجد میں داخل ہوتے تو مسجد کے دروازے کے دونوں اطراف کو پکڑتے پھر کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ أَوْجَهَ مَنْ تَوَجَّهَ إِلَيْكَ، وَأَقْرَبَ مَنْ تَقَرَّبَ إِلَيْكَ، وَأَفْضَلَ مَنْ سَأَلَكَ وَرَغِبَ إِلَيْكَ﴾

''اے اللہ! مجھے سب سے زیادہ اپنی ذات کی طرف متوجہ ہونے والا بنا دے اور سب سے زیادہ اپنی ذات کا قرب حاصل کرنے والا بنا دے اور سب سے زیادہ افضل بنا دے جو تجھ ہی سے سوال کرے اور تیری ہی ذات کی طرف رغبت رکھے۔'' ②

① رواه البخاري 2/344 في الجمعة، باب الساعة التي في يوم الجمعة، وفي الدعوات: باب في الساعة التي في يوم الجمعة، والنسائي 3/115، وابن ماجه رقم 1137۔

② قال الحافظ: اخرجه ابو نعيم في كتاب الذكر، وفي سنده راويان مجهولان، قال الحافظ: وقد جاء من حديث ام سلمة لكن بغير قيد، ثم روى عنها، قالت: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج الى الصلاة، قل: اللهم اجعلني اقرب من تقرب اليك، واوجه من توجه اليك، وانجح من سالك ورغب اليك يا الله، وسنده ضعيف۔

بَابُ مَا يَقُولُ بَعْدَ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ

نمازِ جمعہ کے بعد کیا پڑھا جائے؟

[375] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هَارُونَ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ، ثَنَا اَبِي، ثَنَا الْخَلِيلُ بْنُ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَرَاَ بَعْدَ صَلَاةِ الْجُمُعَةِ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سَبْعَ مَرَّاتٍ، اَعَاذَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ السُّوءِ إِلَى الْجُمُعَةِ الْاُخْرٰى نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص بعد نماز جمعہ سورۂ اخلاص، سورۂ فلق اور سورۂ ناس سات مرتبہ پڑھتا ہے تو اللہ عزوجل اسے آئندہ جمعہ تک ان (سورتوں کی پڑھائی) کے بدلے ہر برائی سے پناہ عطا فرماتا ہے۔[1]

[376] اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْقَاضِي، ثنا اَبُو عَقِيلٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْمُلَائِيِّ، قَالَ: بَلَغَنِي اَنَّهُ مَنْ صَامَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ وَالْخَمِيسِ وَالْجُمُعَةِ، ثُمَّ شَهِدَ الْجُمُعَةَ مَعَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ ثَبَتَ، فَسَلَّمَ لِتَسْلِيمِ الْإِمَامِ، ثُمَّ قَرَاَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ مَدَّ يَدَهُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلَى الْاَعْلَى الْاَعْلَى، الْاَعَزِّ الْاَعَزِّ الْاَعَزِّ، الْاَكْرَمِ الْاَكْرَمِ الْاَكْرَمِ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، الْاَجَلُّ الْاَجَلُّ، الْعَظِيمُ الْاَعْظَمُ، لَمْ يَسْاَلِ اللّٰهَ شَيْئًا إِلَّا اَعْطَاهُ إِيَّاهُ عَاجِلًا وَآجِلًا، وَلَكِنَّكُمْ تَعْجَلُونَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عمرو بن قیس الملائی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھ تک یہ بات پہنچی ہے کہ جو شخص بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن روزہ رکھے پھر مسلمانوں کے ساتھ (نماز) جمعہ میں شریک ہو اور وہیں رہے پھر امام کے ساتھ سلام پھیرے پھر سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ پڑھے پھر اللہ عزوجل کی بارگاہ میں ہاتھ پھیلا کر یہ دعا کرے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلَى الْاَعْلَى الْاَعْلَى. الْاَعَزِّ الْاَعَزِّ الْاَعَزِّ. الْاَكْرَمِ الْاَكْرَمِ الْاَكْرَمِ. لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ. اَلْاَجَلُّ اَلْاَجَلُّ. الْعَظِيْمُ﴾

---

[1] قال الحافظ: سنده ضعيف، وينبغي ان يقيد بما بعد الذكر الماثور في الصحيح، وله شاهد من مرسل مكحول، اخرجه سعيد بن منصور في، السنن، عن فرج بن فضالة نحه، وزاد في اوله: ،فاتحة الكتاب،، وفي آخره: ،كفّر الله عنه ما بين الجمعتين، وكان معصوماً، وفرج ضعيف ايضاً۔

”اے اللہ! میں تیرے نام پاک، سب سے بلند، سب سے بلند، بہت معزز، بہت معزز، بہت معزز، بہت معزز، بہت زیادہ کرم فرمانے والا، بہت زیادہ کرم فرمانے والا، بہت زیادہ کرم فرمانے والا کے وسیلہ سے تیری ذات سے سوال کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو بہت بزرگ، بہت بزرگ، بہت عظمت والا سب سے بڑھ کر بلند تر ہے۔“

وہ (یعنی ان کلمات کے وسیلہ سے دعا کرنے والا) اللہ تعالیٰ سے کسی شے کا سوال نہیں کرتا مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ اسے وہ چیز (جس کا اس نے سوال کیا) جلد یا بہ دیر عطا فرما دیتا ہے لیکن تمہیں اس کا علم نہیں۔ ①

[377] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ خُزَيْمَةَ، ثنا أَبُو سَلَمَةَ يَحْيَى بْنُ الْمُغِيرَةِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عِمْرَانَ الْمَذْحِجِيُّ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ أَبِي جَمْرَةَ الضُّبَعِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَالَ بَعْدَ مَا يَقْضِي الْجُمُعَةَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ مِائَةَ مَرَّةٍ، غَفَرَ اللّٰهُ لَهُ أَلْفَ ذَنْبٍ، وَلِوَالِدَيْهِ أَرْبَعَةً وَعِشْرِينَ أَلْفَ ذَنْبٍ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے بعد نماز جمعہ سو مرتبہ یہ پڑھا:

﴿سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ﴾

”پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی حمد ہے۔“

تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے ایک لاکھ گناہ معاف فرما دیتا ہے اور اس کے والدین کے بھی چوبیس ہزار گناہ معاف فرما دیتا ہے۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى مَا يُحِبُّ وَيَكْرَهُ

آدمی جب پسندیدہ اور ناپسندیدہ چیز دیکھے تو کیا پڑھے؟

[378] حَدَّثَنِي أَبُو أَيُّوبَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْرَقُ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا زُهَيْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَجَبِيِّ، عَنْ أُمِّهِ، صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى مَا يُحِبُّ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ.وَإِذَا رَأَى مَا يَكْرَهُ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ.

① فی اسنادہ بشر بن الولید، قال الذہبی فی المیزان 327/1: امسک اصحاب الحدیث عنہ و ترکوہ لانہ شاخ واستولی علیہ الہرم۔ وھو حدیث مرسل۔
② فی سندہ سلیمان بن عمران المذحجی و قال ابن ابی حاتم: حدیثہ یدل علی انہ لیس بصدوق۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب وہ چیز دیکھتے جو آپ کو پسند ہوتی تو آپ کہتے:

﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بِنِعْمَتِهِ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ﴾

''تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس کے انعام کرنے پر ہی تمام نیکیاں مکمل ہوتی ہیں۔''

اور جب آپ ﷺ وہ چیز دیکھتے جو آپ کو ناپسند ہوتی تو کہتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ﴾

''تمام تر تعریفیں ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں۔''①

بَابُ الْإِكْثَارِ مِنَ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

جمعہ کے دن حضور نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنے کا بیان

[379] حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُجْرٍ الْعَسْقَلَانِيُّ، ثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ، ثَنَا رَوَّادُ بْنُ الْجَرَّاحِ، ثَنَا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَكْثِرُوا عَلَيَّ الصَّلَاةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا ذُكِرَ عِنْدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

جب آدمی کے پاس حضور نبی کریم ﷺ کا ذکر کیا جائے تو وہ کیا پڑھے؟

[380] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، وَأَبُو يَعْلَى قَالَا: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ، فَإِنَّهُ مَنْ صَلَّى عَلَيَّ مَرَّةً صَلَّى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْهِ بِهَا عَشْرًا.

①رواہ ابن ماجہ رقم 3803 فی الادب: باب فضل الحامدین، والحاکم 1/499 قال فی الزوائد، اسنادہ صحیح ورجالہ ثقات۔ انظر: الاحادیث الصحیحۃ، رقم 265۔

②ورواہ البیہقی، وھو حدیث حسن، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 1220۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا جائے تو وہ مجھ پر درود پڑھے اس لیے کہ جو شخص مجھ پر ایک دفعہ درود پڑھتا ہے اللہ عزوجل اس پر دس رحمتیں (نازل) فرماتا ہے۔ ①

بَابُ التَّغْلِيظِ فِي تَرْكِ الصَّلَاةِ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا ذُكِرَ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر پر درود پاک نہ پڑھنے پر سخت وعید کا بیان

[381] اَخْبَرَنِي رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ زَنْجَلَةَ، ثنا اَبُو زُهَيْرٍ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَغْرَاءَ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ مُبَشِّرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ فَقَدْ شَقِيَ.

حضرت فضل بن مبشر سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا گیا اور اس نے مجھ پر درود نہ پڑھا تو بلاشبہ وہ شخص بڑا ہی بد بخت ہے۔ ②

[382] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنَّ الْبَخِيلَ مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهُ فَلَمْ يُصَلِّ عَلَيَّ.

حضرت عبداللہ بن علی بن الحسین بن علی اپنے والد سے وہ ان کے دادا رضی اللہ عنہم سے حدیث روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک وہ شخص بخیل ہے جس کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ ③

---

① رواه النسائی فی، عمل الیوم واللیلة، رقم61۔ قال الحافظ فی، امالی الأذکار، 322/3: فی السند انقطاع۔ یعنی بین ابی اسحاق السبیعی وانس بن مالک رضی اللہ عنہ۔ اھ وجود اسنادہ النوی فی، الاذکار، رقم 349 من طبعتنا۔ مکتبة دار البیان بدمشق۔ اقول: للحدیث شواھد بمعناہ یقوی بھا۔

② فی اسنادہ الفضل بن المبشر، وھو ضعیف، قال الحافظ، وللحدیث طریق اخری اخرجھا الطبرانی مختصرة من حدیث جابر بن عبداللہ ان نبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: ،قال لی جبریل: من ذکرت عندہ فلم یصل یلیک فقد شقی۔ اھ۔ وقد جاء الحدیث من طرق بلفظ ،من ذکرت عندہ فلم یصل علی خجیء طریق الجنة، وھو حدیث صحیح بطرقہ۔

③ رواه الترمذی رقم 3540 فی الدعوات: باب رقم 110، واحمد فی ،المسند، 201/1، والحاکم فی ،المستدرک، 549/1 وغیرھم، واسنادہ حسن، وھو حدیث صحیح بشواھدہ۔ انظر ،الارواء، رقم5۔

بَابُ كَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضور نبی کریم ﷺ پر کیسے درود پاک پڑھا جائے؟

[383] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ النَّسَائِيُّ، أنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَذَا السَّلَامُ عَلَيْكَ قَدْ عَرَفْنَاهُ، فَكَيْفَ الصَّلَاةُ عَلَيْكَ؟ قَالَ: " قُولُوا: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! یہ آپ کی ذات پر سلام پڑھنا تو ہم پہچان گئے ہم آپ پر صلوٰۃ (درود) کیسے پڑھیں: تو آپ ﷺ نے فرمایا: کہو!

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُولِكَ. كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ. وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيمَ. إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيدٌ﴾

''اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد ﷺ پر جو تیرے (خاص) بندے اور تیرے رسول ہیں جیسے کہ تو نے دورد بھیجا حضرت ابراہیم علیہ السلام پر اور برکت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر جیسے کہ تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو حمد کیا گیا بزرگی والا ہے۔''[1]

[384] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ الزُّرَقِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو حُمَيْدٍ السَّاعِدِيُّ، أَنَّهُمْ قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ نُصَلِّي عَلَيْكَ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَأَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ، وَبَارِكْ عَلَى مُحَمَّدٍ وَعَلَى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ، كَمَا بَارَكْتَ عَلَى آلِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّكَ حَمِيدٌ مَجِيد.

حضرت عمرو بن سلیم الزرقی سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوحمید الساعدی رضی اللہ عنہ نے خبر دی کہ انہوں نے (یعنی صحابہ کرام نے) عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ پر کیسے درود بھیجیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہو!

---

[1] رواه البخاری 141/11 فی الدعوات: باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، وفی تفسیر سورۃ الاحزاب: باب قولہ تعالیٰ: (ان اللہ وملائکتہ یصلون علی النبی)، والنسائی 49/3 فی السہو: باب نوع آخر من الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ. وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ. كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ﴾

''اے اللہ! درود بھیج حضرت محمد ﷺ کی ذات پر اور آپ ازواج اور آپ کی اولاد پاک پر جیسے کہ تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام پر بے شک تو حمد کیا گیا بزرگی والا ہے۔''①

بَابُ الْمُخَاطَبَةِ بِالْاُخُوَّةِ

بھائی کہہ کر مخاطب کرنے کا بیان

[385] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ اسْتَأْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْعُمْرَةِ، فَقَالَ:)لَا تَنْسَنَا يَا اَخِي مِنْ دُعَائِكَ.

حضرت عاصم ابن عبید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت سالم بن عبداللہ کو اپنے والد سے حدیث بیان کرتے سنا انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عمرہ کرنے کی اجازت مانگی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے میرے بھائی! ہمیں اپنی دعاؤں میں نہ بھلانا۔②

بَابُ الْمُخَاطَبَةِ بِالسُّوْدَدِ لِلرُّؤَسَاءِ

امراء کو سردار کہہ کر مخاطب کرنے کا بیان

[386] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا عَفَّانُ، ثنا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيمٍ، حَدَّثَتْنِي جَدَّتِي الرَّبَابُ، عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ: مَرَّ

① رواه البخاري 146/11 فی الدعوات: باب ہل یصلی علی غیر النبی صلی اللہ علیہ وسلم، وفی الانبیاء: باب قولہ تعالیٰ: (واتخذ اللہ ابراہیم خلیلا)، ومسلم رقم 407 فی الصلاۃ: باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد التشہد، و، الموطا 165/1 فی قصر الصلاۃ: باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد التشہد۔ والنسائی 49/3 فی السہو: باب نوع آخر من الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، واحمد فی المسند 424/5، وابن ماجہ رقم 905 فی اقامۃ الصلاۃ: باب الصلاۃ علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔

② رواہ ابو داود رقم 1498 فی الصلاۃ: باب الدعا، والترمذی رقم 3557 فی الدعوات: باب رقم 121 وابن ماجہ رقم 2894 فی المناسک: باب فضل دعاء الحاج۔ وفی اسنادہ عاصم بن عبید اللہ العدوی، وہو ضعیف کما قال الحافظ فی ،التقریب،، ومع ذلک فقد قال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح۔

بِنَا سَيْلٌ، فَذَهَبْنَا نَغْتَسِلُ فِيهِ، فَخَرَجْتُ مِنْهُ مَحْمُومًا، فَنَمَى ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ مُرُوا اَبَا ثَابِتٍ فَلْيَتَعَوَّذْ(. فَقُلْتُ: يَا سَيِّدِي، وَصَالِحَةُ الرُّقَى؟ فَقَالَ: " لَا رُقَى إِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ: مِنَ الْحُمَةِ، وَالنَّفْسِ، وَاللَّدْغَة.

حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم ایک نہر کے پاس سے گزرے تو ہم اس میں نہانے گئے سو میں بخار زدہ حالت میں باہر نکلا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے شکایت کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا: ابوثابت کو حکم دو کہ وہ تعوّذ (اعوذ باللہ) پڑھیں۔ تو میں نے عرض کی: اے میرے آقا! اور اچھا دم کرنا (کس کس مرض میں ہونا چاہیے؟) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین چیزوں بخار میں، نظر لگنے میں اور ڈسنے کے علاوہ (کسی اور بیماری) میں کوئی دم نہیں ہے۔ ①

بَابُ كَرَاهِيَةِ ذَلِكَ عَلَى التَّكَبُّرِ

تکبر کی بنا پر اس (لفظ سید) کی ممانعت کا بیان

[387] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ مُطَرِّفًا، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَنْتَ سَيِّدُ قُرَيْشٍ فَقَالَ:)السَّيِّدُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت مطرف اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا پس اس نے کہا: آپ قریش کے سردار ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سید تو اللہ عزوجل ہے۔ ②

بَابُ إِبَاحَةِ ذَلِكَ عَلَى الْإِضَافَةِ

اضافت کے ساتھ اس (یعنی لفظ سید کہنے) کے مباح ہونے کا بیان

[388] اَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، وَجَمَاعَةٌ، قَالُوا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ السَّرْحِ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِي يُونُسَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)كُلُّ نَفْسٍ مِنْ بَنِي آدَمَ سَيِّدٌ، فَالرَّجُلُ سَيِّدُ اَهْلِهِ، وَالْمَرْاَةُ سَيِّدَةُ بَيْتِهَا.

① رواہ ابو داود رقم 3888 فی الطب: باب فی الرقی، واحمد فی، المسند، 3/486 والنسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 1034، وصححہ الحاکم 4/413 ووافقہ الذہبی وقد صح من حدیث عمران وبریدۃ موقوفا ومرفوعا۔ انظر، صحیح الجامع، رقم 7373۔

② ورواہ ایضا احمد فی، المسند، 4/25، وابو داود رقم 4806 فی الادب: باب فی کراہیۃ التمادح، واسنادہ صحیح۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بنی آدم کا ہر فرد سید (سردار) ہے۔ سو آدمی اپنے اہل (گھر والوں) کا سردار ہے اور عورت اپنے گھر کی سردار ہے۔ ①

بَابُ مُخَاطَبَةِ الصِّبْيَانِ بِالْبُنُوَّةِ

بچوں کو بیٹا کہہ کر مخاطب کرنے کا بیان

[389] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي، وَكَانَ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ إِذَا سَجَدَ وَثَبَ عَلَى عُنُقِهِ وَعَلَى ظَهْرِهِ، فَيَرْفَعُهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهُ رَفْعًا رَفِيقًا، فَعَلَ ذَلِكَ غَيْرَ مَرَّةٍ، فَلَمَّا انْصَرَفَ ضَمَّهُ إِلَيْهِ وَقَبَّلَهُ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، إِنَّكَ صَنَعْتَ الْيَوْمَ بِهَذَا الْغُلَامِ شَيْئًا مَا رَأَيْنَاكَ صَنَعْتَ بِهِ؟ فَقَالَ:)إِنَّهُ رَيْحَانِي مِنَ الدُّنْيَا، وَإِنَّ ابْنِي هَذَا سَيِّدٌ، وَعَسَى اَنْ يُصْلِحَ اللّٰـهُ بِهِ بَيْنَ فِئَتَيْنِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ.

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز ادا فرماتے تھے اور حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما جب آپ سجدہ میں جاتے تو آپ کی گردن یا پیٹھ پر چڑھ جاتے تو آپ ﷺ انہیں بڑے پیار سے اتار دیتے ایسا آپ ﷺ نے کئی مرتبہ کیا سو جب آپ ﷺ (اپنی نماز سے) فارغ ہو گئے تو انہیں اپنے ساتھ چمٹا لیا اور بوسہ دیا۔ تو صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ آج کے دن آپ نے اس بچے کے ساتھ ایسا کچھ کیا ہے کہ ہم نے آپ کو ایسا کرتے کبھی دیکھا نہیں ہے تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ میری دنیا کا پھول ہے اور میرا یہ بیٹا سید ہے اور مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے مسلمانوں کے دو گروہوں کے درمیان صلح کروائے گا۔ ②

---

① وهو حديث صحيح، كما قال الالبانی فی، صحيح الجامع، رقم 4441۔

② فی اسناد ابن السنی مبارک بن فضالة: وهو صدوق يدلس ويسوی۔ والبخاری 8/74 فی فضائل اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم: باب مناقب الحسن والحسين رضی الله عنهما، و 5/225 فی الصلح: باب قول النبی صلی الله عليه وسلم للحسن بن علی: ان ابنی هذا سيد۔۔۔ الخ وفی ابواب عدة، والترمذی رقم 3775 فی المناقب: باب مناقب الحسن والحسين رضی الله عنهما، والنسائی 3/107 فی الجمعة: باب مخاطبة الامام رعيته وهو علی المنبر، وابو داود رقم 4662 فی السنة: باب مايدل علی ترک الكلام فی الفتنة، وابو داود الطيالسی رقم 874، واحمد فی، المسند، 5/37 و 44 و 47 و 49 و 51، من طرق عن الحسن البصری عن ابی بكرة رضی الله عنه۔

بَابُ كَيْفَ مُخَاطَبَةُ الْعَبْدِ لِمَوْلَاهُ

غلام اپنے مالک کو کیسے مخاطب کرے؟

[390] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا اَيُّوبُ، وَحَبِيبٌ، وَهِشَامٌ، عَنْ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَقُولَنَّ اَحَدُكُمْ: عَبْدِي وَاَمَتِي، وَلَا يَقُولَنَّ الْمَمْلُوكُ: رَبِّي وَرَبَّتِي، وَلَكِنْ لِيَقُلِ الْمَالِكُ: فَتَايَ وَفَتَاتِي، وَلْيَقُلِ الْمَمْلُوكُ: سَيِّدِي وَسَيِّدَتِي، فَإِنَّكُمُ الْمَمْلُوكُونَ، وَالرَّبُّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے ہرگز کوئی یہ نہ کہے کہ میرا بندہ اور میری بندی اور نہ کوئی غلام یہ کہے کہ میرا رب اور میری ربہ (مالکہ) چاہیے کہ مالک کہے: میرا غلام اور میری لونڈی اور غلام کہے: میرا سردار اور میری سردارنی کیونکہ بلاشبہ تم سب مملوک ہو اور رب (صرف) اللہ عزوجل کی ذات ہے۔ [1]

بَابُ مَنْ لَا يَجُوزُ اَنْ يُخَاطَبَ بِالسُّؤْدَدِ

کس کو سردار کہہ کر مخاطب کرنا جائز نہیں؟

[391] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا تَقُولُوا لِلْمُنَافِقِ: سَيِّدُنَا، فَإِنَّهُ إِنْ يَكُ سَيِّدَكُمْ فَقَدْ اَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت عبداللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم منافق کو اپنا سید (سردار) نہ کہو اس لیے کہ اگر وہ تمہارا سید ہے تو بلاشبہ تم نے اپنے رب عزوجل کو ناراض کر دیا۔ [2]

---

[1] رواہ البخری 5/129-131 فی العتق: باب کراہیۃ التطول علی الرقیق، و مسلم رقم 2249 فی الالفاظ: باب حکم اطلاق لفظۃ العبد والامۃ والمولی والسید، وابو داود، رقم 4975 و 4976 فی الادب: باب لا یقول المملوک ربی وربتی۔ انظر روایات الحدیث فی، جامع الاصول، 8/-59-60۔

[2] رواہ البخاری فی، الادب المفرد، رقم 760، واحمد فی، المسند، 5/346 و 347، وابو داود رقم 4977 فی الادب: باب لا یقول المملوک ربی وربتی، والنسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 244، واسنادہ صحیح۔ انظر، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 371۔

نوٹ:

لفظ سید (بمعنی سردار) تعظیم کے لیے بولا جاتا ہے اور منافق تعظیم کا حقدار نہیں اور جب وہ سرداری کے لائق نہیں تو یہ جھوٹ اور منافقت ہے بطور خاص منافق کو سید کہنے کی ممانعت فرمائی کیونکہ اس کا کفر پوشیدہ ہوتا ہے اور اس کی مدح وتعریف کا امکان بھی زیادہ ہوتا ہے اس لیے اسے سید کہنے کی ممانعت کردی گئی۔

بَابُ الْمُخَاطَبَةِ بِالْكُنْيَةِ لِمَنْ غَلَبَتْ عَلَيْهِ

جس کی کنیت کا غلبہ ہو اسے اسی سے مخاطب کرنے کا بیان

[392] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي زُهَيْرٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ الْفَلَاحُ بَعْدَ هَذِهِ الْآيَةِ: مَنْ يَعْمَلْ سُوءًا يُجْزَ بِهِ؟ كُلُّ شَيْءٍ يَعْمَلُهُ يُجْزَى بِهِ. فَقَالَ:)رَحِمَكَ اللّٰهُ اَبَا بَكْرٍ اَلَسْتَ تَمْرَضُ، اَلَسْتَ تَنْصَبُ، اَلَسْتَ تُصِيبُكَ اللَّأْوَاءُ، فَذَاكَ مَا تُجْزَوْنَ بِهِ.

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! فلاح اس آیت کے بعد کیسے ہوسکتی ہے:

﴿مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ﴾

''جو شخص بھی کوئی برائی کرتا ہے اسے اس کی سزادی جائے گی۔''

کہ ہر چیز پر جو وہ عمل کرتا ہے اس پر اسے بدلہ دیا جائے گا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تم پر رحم فرمائے۔ کیا تم بیمار نہیں ہوتے، کیا تم تھکتے نہیں، کیا تم کو کوئی تکلیف نہیں پہنچتی، دکھ نہیں پہنچتا سو یہی ہے جس پر تمہیں بدلہ دیا جائے گا۔ [1]

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي ذٰلِكَ يَعْنِي: فِي تَصْغِيرِ اسْمٍ

کنیت میں نام کی تصغیر کی اجازت کا بیان

[393] حَدَّثَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْحِمْصِيُّ، قَالَ: ثنا اَبُو التَّقِيِّ

[1] اسنادہ ضعیف لا نقطاعہ، ابوبکر بن ابی زہیر لم یدرک ابا بکر وانما روی عنہ مرسلاً۔ ورواہ ایضً احمد فی المسند، 11/1 وابو یعلی فی مسند، رقم 100، وابن حبان رقم 1734 و1735، موارد، والحاکم 74/3-75، ووافقہ الذہبی، وللحدیث شواہد۔ انظر، مجمع الزوائد، 301/3۔

هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْاَبْرَشُ، حَدَّثَتْنِي أُمِّي، عَنْ أُمِّهَا، اَنَّهَا سَمِعَتِ الْمِقْدَامَ بْنَ مَعْدِي كَرِبَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَفْلَحْتَ يَا قُدَيْمُ إِنْ مُتَّ وَلَمْ تَكُنْ اَمِيرًا وَلَا كَاتِبًا وَلَا عَرِيفً.

حضرت محمد بن حرب الابرش کہتے ہیں کہ مجھے میری والدہ نے از والدہ خود حدیث بیان کی ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے فرمایا: اے قدیم! تو کامیاب ہو گیا اگر تجھے موت آجائے اس حال میں کہ نہ تو امیر ہو نہ کاتب اور نہ عریف۔ ①

نوٹ:

عریف کا معنی ہے: اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا، نقیب، یہ رئیس سے چھوٹا عہدہ ہے۔ (المنجد، ص:419)

بَابُ الْوَعِيدِ فِي اَنْ يُدْعَى الرَّجُلُ بِغَيْرِ اسْمِهِ

آدمی کو اس کے نام کے بغیر پکارنے پر سخت وعید کا بیان

[394] حَدَّثَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، ثنا اَبُو التَّقِيِّ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ دَعَا رَجُلًا بِغَيْرِ اسْمِهِ لَعَنَتْهُ الْمَلَائِكَةُ.

حضرت عمیر بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے کسی کو اس کے نام کے بغیر پکارا تو اس پر فرشتے لعنت کرتے ہیں۔ ②

نوٹ:

یعنی اصل نام سے نہ پکارے یا بگاڑ کر یا الٹا نام لے کر پکارے جس سے اس کی دل شکنی ہو، اس کی عزت نفس مجروح ہو اور اس کی بے عزتی کا سبب بنے۔

① رواہ ابو داود 2933 فی الخراج باب فی العرافة۔ وھو حدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 1153۔

② قال المناوی فی، الفیض، 126/6: قال ابن الجوزی: قال النسائی: ہذا حدیث منکر، وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5587: ضعیف۔

بَابُ النَّهْيِ اَنْ يُسَمِّيَ الرَّجُلُ اَبَاهُ بِاسْمِهِ

آدمی کا اپنے والد کو نام لے کر پکارنا منع ہے

[395] حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الصُّوفِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مَسِيرَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَى رَجُلًا مَعَهُ غُلَامٌ، فَقَالَ لِلْغُلَامِ:) مَنْ هَذَا؟(قَالَ: اَبِي. قَالَ:فَلَا تَمْشِ اَمَامَهُ، وَلَا تَسْتَسِبَّ لَهُ، وَلَا تَجْلِسْ قَبْلَهُ، وَلَا تَدْعُهُ بِاسْمِهِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو اس کے لڑکے کے ساتھ دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑکے سے فرمایا: یہ کون ہے اس نے کہا: میرا والد ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کے آگے نہ چلنا اور نہ اسے گالی دینے کا سبب بننا اور نہ اس کے بیٹھنے سے پہلے بیٹھنا اور نہ اسے اس کے نام سے پکارنا۔ ①

نوٹ:

کمال ادب کا تقاضا یہی ہے جو اس حدیث پاک میں آقا کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم فرمایا۔

[396] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ الْغَنِيِّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعَسَّالُ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَمْرٍو، عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰـهِ بْنِ زَحْرٍ، اَنَّهُ قَالَ:)لَمِنَ الْعُقُوقِ اَنْ تُسَمِّيَ اَبَاكَ، وَاَنْ تَمْشِيَ اَمَامَهُ فِي طَرِيق.

حضرت عبید اللہ بن زحر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے انہوں نے فرمایا کہ کہا جاتا ہے کہ اپنے والد کا نام لینا اور راستے میں اس کے آگے چلنا (والد کی) نافرمانی میں سے ہے۔ ②

بَابُ كَرَاهِيَةِ الْاَلْقَابِ

القاب کے مکروہ ہونے کا بیان

[397] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ

① اسنادہ ضعیف، ولہ شواہد بمعناہ ذکرہا الہیثمی فی المجمع، 8/137۔

② اثر موقوف ضعیف، عبید اللہ بن زحر ضعفہ احمد وغیرہ۔

بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ اَبِي جُبَيْرَةَ بْنِ الضَّحَّاكِ، قَالَ: كَانَتْ لَهُمُ اَلْقَابٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَدَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا بِلَقَبِهِ، فَقِيلَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُ يَكْرَهُهَا. فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى: وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ"

حضرت ابی جبیر بن ضحاک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ان کے جاہلیت کے دور میں کئی القاب ہوا کرتے تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اس کے لقب سے پکارا تو عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! وہ آدمی اپنے اس نام کو ناپسند کرتا ہے تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی:

﴿وَلَا تَنَابَزُوا بِالْاَلْقَابِ﴾

''اور تم آپس میں ایک دوسرے کو (برے) القاب کے ساتھ نہ پکارو'' آخر آیت تک [1]۔

بَابُ الْاَلْقَابِ الْجَائِزَةِ

جائز القاب کا بیان

[398] اَخْبَرَنَا اَبُو اللَّيْثِ الْفَرَائِضِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ الْوَكِيعِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قُتِلَ رَجُلٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَفَعَ الْقَاتِلَ إِلَى وَلِيِّ الْمَقْتُولِ، فَقَالَ الْقَاتِلُ: وَاللّٰهِ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَرَدْتُ قَتْلَهُ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْوَلِيِّ:) اَمَا إِنَّهُ إِنْ كَانَ صَادِقًا ثُمَّ قَتَلْتَهُ دَخَلْتَ النَّارَ(فَخَلَّى سَبِيلَهُ. قَالَ: وَكَانَ مَكْتُوفًا بِنِسْعَةٍ. قَالَ: فَخَرَجَ الرَّجُلُ يَجُرُّ نِسْعَتَهُ. قَالَ: فَكَانَ يُسَمَّى ذَا النِّسْعَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں ایک آدمی قتل کر دیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قاتل کو مقتول کے ولی کے سپرد کر دیا تو قاتل نے عرض کیا: اللہ کی قسم یا رسول اللہ! میرا اس کو قتل کرنے کا ارادہ نہیں تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مقتول کے) ولی سے فرمایا: اگر یہ (اپنے قول میں) سچا ہے تو پھر تو اس کو قتل کرے گا تو دوزخ میں جائے گا۔ تو اس (ولی) نے اس کا (یعنی قاتل کا) راستہ چھوڑ دیا اور وہ کجاوے کی رسی سے بندھا ہوا تھا تو وہ (قاتل) اس (رسی) کو گھسیٹتے ہوئے نکلا۔ کہتے ہیں کہ اسی وجہ سے اس کا نام ''رسی والا'' رکھ دیا گیا۔ [2]

[1] ابو داود رقم 4962 فی الادب: باب فی الالقاب، والترمذی رقم 3264 فی التفسیر: باب تفسیر سورۃ الحجرات، وابن ماجہ رقم 3741 فی الالقاب، واحمد فی المسند، 4/69 و 5/380۔ قال الہیثمی فی المجمع، 7/111: رواہ ابو یعلی ورجالہ رجال الصحیح۔ [2] ورجالہ ثقات۔

بَابُ كَيْفَ يَدْعُو الرَّجُلُ بِمَنْ لَا يَعْرِفُ اسْمَهُ

جو آدمی کسی کا نام نہیں پہچانتا اسے کیسے بلائے؟

[399] اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ زَيْدَانَ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ يَعْقُوبَ، ثنا اَبُو اَيُّوبَ الْاَنْمَاطِيُّ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ حَارِثَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ جَارِيَةَ الْاَنْصَارِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ إِذَا لَمْ يَحْفَظِ اسْمَ الرَّجُلِ قَالَ:)يَا ابْنَ عَبْدِ اللّٰـهِ.

حضرت جاریہ انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں موجود ہوتا تھا اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی آدمی کا نام یاد نہ ہوتا تو آپ فرماتے: اے اللہ کے بندے کے بیٹے۔ ①

بَابُ تَسْمِيَةِ الرَّجُلِ بِلِبَاسِهِ

کسی آدمی کو اس کے لباس کے نام سے پکارنے کا بیان

[400] حَدَّثَنِي مُحْسِنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِي جَدِّي خَالِدُ بْنُ عَبْدِ السَّلَامِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عِصْمَةَ بْنِ مَالِكٍ الْخَطْمِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: نَظَرَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى رَجُلٍ يَمْشِي فِي نَعْلَيْهِ فِي الْمَقَابِرِ، فَقَالَ لَهُ:)يَا صَاحِبَ السِّبْتِيَّةِ، اخْلَعْ نَعْلَيْكَ.

حضرت عصمہ بن مالک الخطمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو قبرستان میں جوتوں سمیت چلتے ہوئے دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اے جوتوں والے! اپنے جوتے اتار دے۔ ②

بَابُ تَسْمِيَةِ الرَّجُلِ بِمَا يُشْبِهُ عَمَلَهُ

آدمی کا اس کے عمل کے مشابہ نام رکھنے کا بیان

[401] اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَسَّانَ الْحِمْصِيُّ، أنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا اَبِي، ثنا

① قال الهيثمى فى مجمع، 56/8: رواه الطبرانى فى، الصغير، و، الاوسط، و فيه ايوب الانماطى او ابو ايوب الانصارى ولم اعرفه، وبقية رجاله ثقات۔

② فيه الفضل بن مختار وهو ضعيف، ورواه من حديث بشير بن الخصاصية البخرى فى، الادب المفرد، رقم 775 و 429، وابو داود رقم 3230 وصححه الحاكم 1/373 ووافقه الذهبى وابن حبان رقم 790۔ انظر، الاروا، رقم 760۔

مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْمَحْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُسْرٍ الْحُبْرَانِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ بُسْرٍ الْمَازِنِيَّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَعَثَتْنِي أُمِّي إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِطْفٍ مِنْ عِنَبٍ، فَاَكَلْتُ مِنْهُ قَبْلَ اَنْ اُبَلِّغَهُ إِيَّاهُ، فَلَمَّا جِئْتُ بِهِ اَخَذَ اُذُنِي وَقَالَ:)يَا غُدَرُ.

حضرت عبداللہ بن بسرالحبرانی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن بسر مازنی رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ مجھے میری والدہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں انگوروں کا ایک گچھا دے کر بھیجا تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کرنے سے پہلے اس سے کھالیے سو جب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا تو آپ نے میرے کانوں کو پکڑا اور فرمایا: اے غدار (یعنی خیانت کرنے والے)۔ ①

بَابُ تَسْمِيَةِ الْاَعْمٰى بَصِيرًا

نابینے کا انکھیارا نام رکھنے کا بیان

[402] اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَلِيٍّ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُورٍ الشَّطَوِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى الْبَصِيرِ الَّذِي فِي بَنِي وَاقِفٍ حَتَّى نَعُودَهُ(قَالَ: وَكَانَ رَجُلًا اَعْمٰى.

حضرت نافع بن جبیر بن مطعم اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارے ساتھ اس بصیر (دیکھنے والے) کے پاس چلو جو قبیلۂ بنی واقف میں ہے حتیٰ کہ ہم اس کی عیادت کریں حالانکہ وہ شخص نابینا تھا۔ ②

بَابُ الْكُنْيَةِ بِالْاَلْوَانِ

رنگوں کے ساتھ کنیت رکھنے کا بیان

[403] حَدَّثَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ ابْنِ اَبِي الْوَرْدِ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: رَاَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا اَحْمَرَ، فَقَالَ:)اَنْتَ اَبُو الْوَرْدِ(قَالَ جُبَارَةُ: مَازَحَهُ.

① فی اسنادہ عبداللہ بن بسر الجرانی السکسکی وهو ضعیف۔

② الحسین بن منصور الشطوی ثقة لکن اسمه الحسن وانما تفرد ابن مخلد بتسمیته الحسن وهو من رجال البخاری وبقية رجاله ثقات۔

حضرت حمید بن ابوالورد اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سرخ رنگ والے آدمی کو دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو ابوالورد ہے حضرت جبارہ نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے مزاح فرمایا تھا۔ ①

نوٹ:

مزاح کا مطلب ہوتا ہے دل لگی کرنا اس میں کسی کی اہانت کرنا یا اسے ذلیل کرنا مقصد نہیں ہوتا یہ جائز ومحمود ہے جیسا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے متعدد مواقع پر اس کا اظہار فرمایا۔

بَابُ الْكُنْيَةِ بِالْأَسْبَابِ
اسباب کے ساتھ کنیت رکھنے کا بیان

[404] أَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أُمَيَّةَ مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا أَبُو مَعْشَرٍ، قَالَ: ثنا أَبُو حَازِمٍ، ثنا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: وَقَعَ بَيْنَ عَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا كَلَامٌ، فَخَرَجَ عَلِيٌّ، فَأَلْقَى نَفْسَهُ عَلَى التُّرَابِ، فَسَأَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كَانَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ شَيْءٌ، فَخَرَجَ مُغْضَبًا. فَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَهُ نَائِمًا عَلَى التُّرَابِ، فَأَيْقَظَهُ وَجَعَلَ يَمْسَحُ التُّرَابَ عَلَى ظَهْرِهِ، وَيَقُولُ:)إِنَّمَا أَنْتَ أَبُو تُرَابٍ(قَالَ سَهْلٌ: فَكُنَّا نَمْدَحُهُ بِهَذَا، فَإِذَا نَاسٌ يَعِيبُونَهُ بِهِ نَوْعٌ آخَرُ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت علی اور حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے مابین قدرے تلخی ہو گئی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ باہر نکل آئے اور آ کر مٹی پر لیٹ گئے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدہ رضی اللہ عنہا سے ان (حضرت علی) کے بارے میں دریافت کیا تو حضرت سیدہ نے عرض کی: میرے اور ان کے درمیان کچھ واقعہ ہوا ہے تو وہ غصے میں باہر نکل گئے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو انہیں (یعنی حضرت علی) مٹی پر لیٹے ہوئے پایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو جگایا اور ان کی پیٹھ سے مٹی جھاڑنے لگے اور آپ فرما رہے تھے: بلاشبہ تو ابوتراب ہے۔ حضرت سہل فرماتے ہیں کہ ہم ان (حضرت علی) کی اس نام سے تعریف کرتے تھے حلانکہ لوگ اسے معیوب سمجھتے تھے۔ ②

① قال الہیثمی فی المجمع، 56/8: رواہ الطبرانی، وفیہ جبارۃ بن المغلس وثقۃ ابن نمیر، ونسبہ غیر واحد الی الکذب۔
② رواہ مسلم رقم 2409 فی فضائل الصحابۃ: باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ۔

[405] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ يَقُولُ:)سَمَّى رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلِيَّ بْنَ اَبِي طَالِبٍ اَبَا تُرَابٍ.

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کا نام ''ابوتراب'' رکھا۔ ①

بَابُ الْكُنْيَةِ بِالْاَبْقَالِ

سبزی کے ساتھ کنیت رکھنے کا بیان

[406] اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِينَ الْفَرْغَانِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ، ثنا فَهْدُ بْنُ حِبَّانَ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَنْظَلِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَنَّانِي رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ اجْتَنَيْتُهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت اس سبزی کے نام پر رکھی جسے میں چنا کرتا تھا۔ ②

بَابُ الْكُنْيَةِ بِالْاَفْعَالِ

سبزیوں کے ساتھ کنیت رکھنے کا بیان

[407] اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ زَيْدَانَ الْبَجَلِيُّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ:)اَنَا اَوَّلُ، مَنْ نَزَلَ إِلَى رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الطَّائِفِ، وَتَدَلَّيْتُ بِبَكْرَةٍ، فَكَنَّانِي اَبَا بَكْرَةَ.

---

① قطعة من حديث رواه البخری 446/1 فی الصلاة: باب نوم الرجال فی المساجد، وفی فضائل اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم۔ باب مناقب علی بن ابی طالب رضی الله عنه، وفی الادب: باب التکنی بابی تراب، وفی الستئذان: باب القائلة فی المسجد، ومسلم رقم 2409 فی فضائل الصحابة، باب من فضائل علی بن ابی طالب رضی الله عنه۔ قال الحافظ: وفیه من الفوائد: جواز القائلة فی المسجد وممازحة المغضب بما لا یغضب منه بل یحصل به تانیسه، وفیه التکنیة بغیر الولد، وتکنیة من له کنیة، والتقلیب بالکنیة لمن لا یغضب، وفیه مداراة الصهر وتسکینه من غضبه، ودخول الوالد بیت ابنته بغیر اذن زوجها جیث یعلم رضاه۔

② فهد بن حبان ضعیف، ورواه الترمذی رقم 3829 فی المناقب: باب مناقب انس ابن مالک رضی الله عنه، من حدیث جابر بن یزید الجعفی عن ابی نصر خیثمة بن ابی خیثمة البصری، واسناده ضعیف، وقالا لترمذی: بذا حدیث غریب لا نعرفه الا من بذا الوجه من حدیث جابر الجعفی عن ابی نصر۔ والبقلة التی جناها انس کان فی طعمها الذع فسمیت حمزة والحمزة التی فی طعمها حموضة۔

حضرت عبدالرحمن بن ابوبکرہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں وہ پہلا شخص ہوں جو طائف کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں آیا سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا نام اسی بنا پر ''ابوبکرہ'' (سب سے پہلے آنے والا) رکھا۔ ①

بَابُ تَكْنِيَةِ مَنْ لَمْ يُولَدْ لَهُ بَعْدُ

جس کا کوئی بچہ نہ ہوا اس کی کنیت رکھنے کا بیان

[408] اَخْبَرَنِي ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الزُّبَيْرِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ عُثْمَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى صُهَيْبٍ حَائِطًا بِالْعَالِيَةِ، فَقَالَ لَهُ: " يَا صُهَيْبُ، مَا مِنْكَ شَيْءٌ اَعِيبُهُ إِلَّا ثَلَاثَ خِصَالٍ، لَوْلَاهُنَّ مَا قَدَّمْتُ عَلَيْكَ اَحَدًا؟ قَالَ: مَا هِيَ؟ قَالَ: اَرَاكَ تُبَذِّرُ مَالَكَ، وَتُكْنَى بِاسْمِ نَبِيٍّ بِاَبِي يَحْيَى، وَتُنْسَبُ عَرَبِيًّا وَلِسَانُكَ اَعْجَمِيٌّ. فَقَالَ: اَمَّا تَبْذِيرِي فِي مَالِي فَمَا اُنْفِقُهُ إِلَّا فِي حَقِّهِ، وَاَمَّا اكْتِنَائِي، فَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَنَّانِي بِاَبِي يَحْيَى فَلَا اَتْرُكُهَا لِقَوْلِكَ، وَاَمَّا انْتِسَابِي إِلَى الْعَرَبِ فَإِنَّ الرُّومَ سَبَتْنِي وَاَنَا صَغِيرٌ، وَاَذْكُرُ اَهْلِي، وَلَوْ اَنِّي انْفَلَقَتْ عَنِّي رَوْثَةٌ لَانْتَسَبْتُ إِلَيْهَا.

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ نکلا حتی کہ وہ عالیہ میں حضرت صہیب رضی اللہ عنہ کے باغ میں داخل ہوئے تو انہوں نے ان سے کہا: اے صہیب! تم میں کوئی ایسی چیز نہیں جس کی بنا پر میں تم کو عیب لگاؤں سوائے تین عادتوں کے، اگر وہ نہ ہوتیں تو میں تم پر کسی ایک کو بھی مقدم نہ کرتا۔ انہوں نے کہا وہ کون سی ہیں؟ فرمایا: (حضرت عمر نے) کہ میں دیکھتا ہوں کہ تم اپنے مال میں فضول خرچی کرتے ہیں اور تم نبی کے نام پر اپنی کنیت رکھتے ہو ابو یحییٰ اور تم اپنے آپ کو عرب سے منسوب کرتے ہو حالانکہ تمہاری زبان عجمی ہے۔ تو انہوں (یعنی حضرت صہیب) نے کہا: بہرحال میرے مال میں میری فضول خرچی تو یہ ہے کہ میں اسے اس کے حق کے بغیر خرچ نہیں کرتا اور رہ گئی میری کنیت تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری کنیت ''ابو یحییٰ'' رکھی ہے میں اسے آپ کے کہنے پر نہیں ترک کروں گا اور میرا عرب کی طرف منسوب ہونا یوں ہے کہ مجھے بچپن میں رومیوں نے قیدی بنالیا تھا اور میں اپنے گھر والوں کو یاد کرتا تھا اور (اس وقت) اگر مجھ سے لید بھی نکلتی تو میں اپنی نسبت اس کی طرف کرتا۔ ②

① فی اسنادہ سفیان بن وکیع، قال الحافظ فی ،التقریب، کان صدوقاً الا انہ ابتلی بوراقہ فادخل علیہ مالیس من حدیثہ فنصح فلم یقبل فسقط حدیثہ، وفیہ ایضاً علی بن زید بن جدعان التیمی وھو ضعیف۔

② رجالہ ثقات خلا عبداللہ والد مصعب فانہ لم یوثقہ غیر ابن حبان وضعفہ ابن معین واخرجہ بنحوہ ابن سعد 3/226-227 من طریق عبیداللہ بن عمرو عن عبداللہ بن محمد بن عقیل عن حمزۃ بن صہیب عن ابیہ۔ انظر، سیر اعلام النبلاء، 2/20-21، و، اسد الغابۃ، 3/39 و، الاصابۃ، 5/162، و، تہذیب ابن عساکر، 6/455۔

بَابُ تَكْنِيَةِ الْأَطْفَالِ

بچوں کی کنیت رکھنے کا بیان

[409] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَالِطُنَا كَثِيرًا، حَتّٰى إِنَّهُ كَانَ لَيَقُولُ لِأَخٍ لِي صَغِيرٍ:)يَا اَبَا عُمَيْرٍ، مَا فَعَلَ النُّغَيْرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ساتھ بہت زیادہ گھل مل جاتے تھے حتیٰ کہ آپ میرے چھوٹے بھائی سے فرماتے: اے ابوعمیر! نغیر نے کیا کیا؟[1]

نوٹ:

حضرت عمیر نے بچپن میں ایک بلبل پال رکھی تھی اس کے ساتھ کھیلتے تھے وہ مرگئی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے بطور مزاح فرمایا: اے ابوعمیر! تیری نغیر نے کیا کیا؟

بَابُ تَكْنِيَةِ الرَّجُلِ بِاسْمِ وَلَدِهِ وَإِنْ كَانَتْ لَهُ كُنْيَةٌ غَيْرُهَا

آدمی کی اس کے بیٹے کے نام پر کنیت رکھنا اگرچہ اس کے علاوہ بھی اس کی کنیت ہو

[410] حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْمِصْرِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا وَلَدَتْ أُمُّ إِبْرَاهِيمَ اَتَى جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا إِبْرَاهِيمَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ کی والدہ نے انہیں جنا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں آئے اور کہا: اے ابوابراہیم السلام علیک۔[2]

---

① رواہ الترمذی رقم 333 فی الصلاۃ: باب فی الصلاۃ علی البسط، ورواہ ایضاً بلفظ آخر البخاری 10/436 فی الادب: باب الانبساط الی الناس، وباب الکنیۃ للصبی وقبل ان یولد، ومسلم رقم 2150 فیہ الادب: باب استحباب تحنیک الولد عند ولادتہ، وابو داؤد رقم 4969 فی الادب: باب ماجاء فی الرجل یتکنی ولیس لہ ولد۔

② رجالہ ثقات وسماع ابن وھب من ابن لہیعۃ صحیح معتمد بہ عند علماء الحدیث۔

بَابُ تَرْخِيمِ الْأَسْمَاءِ
ناموں کومختصر کرنے کا بیان

[411] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ يَحْيَى، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، اَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ حَدَّثَهُ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّتِهِ الَّتِي حَجَّهَا، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا أُسَيْمُ(قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَكَذَلِكَ كَانَ يَدْعُوهُ، يُرَخِّمُهُ.

حضرت خارجہ بن زید بن ثابت سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے اس حج میں جو آپ نے کیا تو رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے اسیم! امام زہری نے کہا: اور اسی طرح آپ ﷺ انہیں ترخیم کے ساتھ پکارا کرتے تھے۔ ①

نوٹ:

ترخیم کا مطلب ہوتا ہے کہ چیز کو مختصر کرنا۔ یعنی کسی کے نام کو آدھا کرنا یا مختصر لینا۔ جیسے کہ آقا کریم علیہ السلام حضرت عائشہ صدیقہ کو ''یا عائش'' اور حضرت ابوہریرہ کو ''اباہر'' کہتے تھے

بَابُ تَرْخِيمِ الْكُنٰى
کنیتوں کو مختصر کرنے کا بیان

[412] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَذِنَ لِي، فَإِذَا هُوَ بِلَبَنٍ فِي قَدَحٍ، فَقَالَ:)اَبَا هِرٍّ، الْحَقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ(. ثُمَّ قَالَ:)اَبَا هِرٍّ(. قُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ:)خُذْ فَنَاوِلْهُمْ. قَالَ: فَنَاوَلْتُهُمْ رَجُلًا رَجُلًا، فَشَرِبَ، فَإِذَا رَوِيَ اَخَذْتُهُ، فَنَاوَلْتُهَا الْآخَرَ، حَتَّى رَوِيَ الْقَوْمُ، ثُمَّ انْتَهَيْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَأْسَهُ

①فی اسنادہ معاویۃ بن یحی الصدفی، وھو ضعیف کما قال الحافظ فی، التقریب۔

فَتَبَسَّمَ، ثُمَّ قَالَ:)اَبَا هِرٍّ، بَقِيتُ اَنَا وَاَنْتَ(. قُلْتُ: صَدَقْتَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ. قَالَ:)خُذْ فَاشْرَبْ.

حضرت مجاہد سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے سو آپ نے مجھے اجازت دی تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک پیالے میں دودھ ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے ابوہر! اہل صفہ کے پاس جاؤ اور انہیں بلا لاؤ پھر فرمایا: ابوہر! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں حاضر ہوں: فرمایا کہ (یہ پیالہ) لے اور انہیں (پینے کے لیے) دے تو میں نے ان میں سے ایک ایک آدمی کو دیا تو اس نے پیا سو جب وہ سیر ہو گیا تو میں نے اس سے لے کر دوسرے کو دے دیا حتیٰ کہ پوری قوم سیر ہو گئی پھر میں آخر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے کر پہنچا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اوپر اٹھایا تو تبسم فرمایا پھر ارشاد فرمایا کہ ابوھر! باقی میں اور تو بچ گئے۔ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ نے سچ فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لے اور پی۔ ①

بَابُ نِسْبَةِ الرَّجُلِ بِمَا قَدْ شُهِرَ بِهِ مِنْ اٰبَائِهِ

آدمی کا اپنے مشہور آباء میں سے کسی کی طرف اپنے آپ کو منسوب کرنے کا بیان

[413] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ اَبِي الْمُعَلَّى، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا مِنَ النَّاسِ اَمَنُّ فِي صُحْبَتِهِ وَذَاتِ يَدِهِ مِنَ ابْنِ اَبِي قُحَافَةَ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ اَبِي قُحَافَةَ، وَلَكِنْ وُدٌّ وَإِخَاءُ إِيمَانٍ، وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت ابن ابوالمعلی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سے کوئی بھی اپنی صحبت میں اور اپنے مال میں ابوقحافہ سے زیادہ مجھ پر احسان کرنے والا نہیں ہے اور اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابن ابی قحافہ (یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) کو بناتا لیکن (میری) محبت اور اخوت ایمان (ان کے ساتھ برقرار ہے) اور بلاشبہ تمہارے صاحب اللہ عزوجل کے خلیل ہیں۔ ②

① البخاری 11/240-246 فی الرقاق: باب کیف کان عیش النبی صلی اللہ علیہ وسلم، وفی الاستئذان: باب اذا دعی الرجل فجاء ہل یستاذن، واحمد فی المسند 2/515۔

② رواہ الترمذی رقم 3360 فی المناقب: مناقب ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ وھو حدیث حسن بشواہدہ انظرھا فی جامع الاصول رقم 6405 و 6406۔

بَابُ انْتِسَابِ الرَّجُلِ إِلَى جَدِّهِ

آدمی کا اپنے دادا کی طرف منسوب ہونے کا بیان

[414] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، أنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ جَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا عُمَارَةَ، وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ؟ فَقَالَ: فَأَمَّا أَنَا فَأَشْهَدُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَمْ يُوَلِّ، وَلَكِنْ عَجِلَ سَرَعَانَ الْقَوْمِ، فَرَشَقَتْهُمْ هَوَازِنُ، وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ آخِذٌ بِرَأْسِ بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ، وَهُوَ يَقُولُ:)أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبَ، أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ.

حضرت ابو اسحاق سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے سنا ایک آدمی ان کے پاس آیا تو اس نے کہا: اے ابو عمارہ! تم جنگ حنین کے دن پیٹھ پھیر گئے تھے (یعنی جنگ سے بھاگ گئے تھے) تو فرمایا: سو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر گواہی دیتا ہوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیٹھ نہیں پھیری تھی لیکن قوم نے جلد بازی کی تھی سو انہیں قبیلہ ہوازن نے اپنے تیروں کا نشانہ بنایا تھا اور حضرت ابو سفیان بن الحارث نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید خچر کی لگام پکڑی ہوئی تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے:

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ
أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

''میں نبی ہوں اس میں کوئی جھوٹ نہیں اور میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں۔''[1]

بَابُ نِسْبَةِ الرَّجُلِ إِلَى مَنْ أُشْهِرَ بِهِ مِنْ أُمَّهَاتِهِ

آدمی کا اپنی مشہور ماؤں میں سے کی طرف اپنی نسبت کرنا

[415] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَقْرَأَ الْقُرْآنَ رَطْبًا كَمَا أُنْزِلَ، فَلْيَقْرَأْهُ عَلَى قِرَاءَةِ ابْنِ أُمِّ عَبْدٍ.

---

[1] البخاری 8/21-37 فی المغازی: باب قول الله تعالیٰ: (ویوم حنین اذا اعجبتکم کثرتکم فلن تغن عنکم شیئا)، وفی کتب اخری، ومسلم رقم 1776 فی الجهاد: باب غزوة حنین، والترمذی رقم 1688 فی الجهاد: باب ماجاء فی الثبات عند القتال۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس آدمی کو یہ بات خوش کرتی ہے کہ وہ قرآن پاک کو تروتازہ پڑھے جیسا کہ وہ نازل ہوا تو اسے چاہیے کہ وہ ابن ام عبد (یعنی حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) کی قراءت کے مطابق پڑھے۔ ①

بَابُ مَا جَاءَ فِي كُنَى النِّسَاءِ

عورتوں کی کنیت کا بیان

[416] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كُلُّ نِسَائِكَ لَهُنَّ كُنًى غَيْرِي. قَالَ:)فَاكْتَنِي بِابْنِكِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ(فَكَانَتْ تُدْعَى أُمَّ عَبْدِ اللَّهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کی تمام ازواج کی کنیت ہے سوائے میرے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے بیٹے عبداللہ بن زبیر کے ساتھ اپنی کنیت رکھ لے سو اسی وجہ سے آپ رضی اللہ عنہا کو ام عبداللہ پکارا جاتا تھا۔ ②

نوٹ:

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضرت عبداللہ بن زبیر کی سگی خالہ ہیں اور خالہ بمنزلہ والدہ کے ہوتی ہے سو اسی وجہ سے آپ ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہا کو ان کے نام پر اپنی کنیت رکھنے کا حکم فرمایا اور اہل عرب اس طرح کنیتیں رکھا کرتے تھے۔

[417] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُؤَمَّلِ النَّاقِدُ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أَيُّوبَ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ الْمُحَبَّرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: أَسْقَطْتُ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمَّاهُ عَبْدَ اللَّهِ، وَكَنَّانِي بِأُمِّ عَبْدِ اللَّهِ. قَالَ مُحَمَّدٌ: وَلَيْسَ فِينَا امْرَأَةٌ اسْمُهَا عَائِشَةُ إِلَّا كُنِيَتْ أُمَّ عَبْدِ اللَّهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم ﷺ سے ایک کچے نامکمل بچہ کو جنم دیا۔ سو آپ ﷺ نے اس کا نام عبداللہ رکھا تو میری کنیت آپ نے (اس کے نام پر) ام عبداللہ رکھی۔ راوی محمد کا کہنا ہے کہ ہم میں جو

① رواه احمد فی المسند 1/25-26، واسناده ضعیف، ولکن یشهد له حدیث عبدالله بن مسعود رضی الله عنه، الذی رواه احمد فی المسند 1/455و454، ولفظه: من احب ان یقرا القرآن غضا کما انزل فلیقرا قراءة ابن ام عبد، واسناده حسن۔

② رواه ابو داود رقم 4970 فی الادب: باب فی المراة تکنی واسناده قوی۔

کوئی بھی عائشہ نام کی عورت ہوتی تو اس کی کنیت ام عبداللہ ہی رکھی جاتی۔ ①

نوٹ:

یہ روایت ضعیف ومجہول ہے محدثین نے اس کی صحت سے انکار کیا ہے اور وضاحت کی ہے کہ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ جو حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ عنہا سے پیدا ہوئے کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی۔ ان کے علاوہ آپ کی کسی اولاد کا کسی زوجہ محترمہ سے ثبوت نہیں ہے۔

بَابُ مُمَازَحَةِ الرَّجُلِ إِخْوَانَهُ

آدمی کا اپنے بھائیوں کے ساتھ خوش طبعی کرنا

[418] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ سَيَّارٍ، ثنا اَبُو مَعْشَرٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّكَ تَمْزَحُ مَعَنَا. قَالَ:)إِنِّي لَا اَقُولُ إِلَّا حَقًّا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ ہمارے ساتھ مزاح فرماتے ہیں، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ میں جو بات بھی کرتا ہوں سچ ہی کہتا ہوں۔ ②

نوٹ:

صحابہ کرام نے مزاح کی اجازت طلب کی تھی کہ آپ ہمارے ساتھ مزاح کرتے ہیں ہم بھی آپس میں کیا کریں تو اس کے جواب میں یہ بیان فرمایا۔ اور اس کی اجازت نہ دی کہ (ان کے آپس کے) مزاح میں کہیں خلاف حقیقت اور کسی کی دل آزاری والا پہلو نہ نکلے۔

بَابُ مُمَازَحَةِ الصِّبْيَانِ

بچوں سے خوش طبعی کرنے کا بیان

[419] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَزِيرِ بْنِ الْحَكَمِ، ثنا هَارُونُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ

① وفی اسنادہ داود بن المحبر، ابو سلیمان البصری، وھو متروک، کما قال الحافظ فی التقریب۔
② ورواہ الترمذی رقم 1991 فی البر والصلۃ: باب ما جاء فی المزاح، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن۔ وھو کما قال۔

اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ:)كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَفْكَهِ النَّاسِ مَعَ صَبِيٍّ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ بچوں کے ساتھ دل لگی کرنے والے تھے۔[1]

بَابُ كَيْفَ مُمَازَحَةُ الصِّبْيَانِ

بچوں کے ساتھ کیسے خوش طبعی ہو؟

[420] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو إِسْحَاقَ بْنُ اَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا ذَا الْاُذُنَيْنِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: ''اے دو کانوں والے''۔[2]

بَابُ بَقِيقِ الصِّبْيَانِ

بچوں کو اپنے اوپر چڑھانے کا بیان

[421] اَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِي مُزَرِّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: بَصُرَ عَيْنَايَ هَاتَانِ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِ الْحَسَنِ اَوِ الْحُسَيْنِ، وَهُوَ يَقُولُ:)تَرَقَّ عَيْنَ بَقَّةٍ(فَوَضَعَ الْغُلَامُ قَدَمَهُ عَلَى صَدْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اللّٰـهُمَّ إِنِّي اُحِبُّهُ فَاَحِبَّهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میری ان دونوں آنکھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن یا حضرت حسین رضی اللہ عنہما (میں سے کسی ایک کو) پکڑا ہوا تھا آپ فرما رہے: ''چھوٹی آنکھوں والے چڑھتا آ'' سو اس بچے نے اپنے قدم کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سینہ مبارک پر رکھا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے کہا: اے اللہ! بے شک میں اس

---

[1] وفیہ ابن لہیعۃ وھو ضعیف۔

[2] رواہ الترمذی رقم 1993 فی البر والصلۃ: باب ما جاء فی المزاح، وابو داود رقم 5002 فی الادب: باب ما جاء فی المزاح وفیہ شریک القاضی وھو حدیث حسن کما قال الالبانی فی، تخریج المشکاۃ، رقم 4887۔ فی المصریۃ: باب ممازحۃ الصبیان۔

سے محبت کرتا ہوں سوتو بھی اس سے محبت فرما۔ ①

[422] حَدَّثَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ أَبِي الزِّنَادِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: " كُنْتُ أَتَعَلَّقُ بِشَعْرٍ فِي ظَهْرِ أَبِي الزُّبَيْرِ، وَهُوَ يَرْتَجِزُ وَيَقُولُ:أَبْيَضُ مِنْ آلِ أَبِي عَتِيقٍ مُبَارَكٌ مِنْ وَلَدِ الصِّدِّيقِ أَلَذُّهُ كَمَا أَلَذُّ رِيقِي قَالَ الزُّبَيْرُ: وَحَدَّثَنِي مُصْعَبٌ، عَنْ جَدِّي عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُصْعَبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ بِمِثْلِهِ.

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں حضرت ابوالزبیر کی پیٹھ کے بالوں سے چمٹا ہوا تھا اور وہ یہ رجزیہ کلمات پڑھ رہے تھے:

ابیض من ال ابی عتیق
مبارک من ولد صدیق

”آل ابی عتیق کا کتنا سفید بچہ ہے حضرت ابوبکر صدیق کی اولاد برکتوں والی ہے۔“

حضرت زبیر نے کہا اور مجھ سے حضرت مصعب نے از جد خود حضرت عبداللہ بن مصعب از ہشام بن عروہ از والد خود اسی کی مثل روایت بیان کی ہے۔ ②

بَابُ مَا يُلَقَّنُ الصَّبِيُّ إِذَا أَفْصَحَ بِالْكَلَامِ

جب بچہ بولنے کے قابل ہو تو اسے کیا تلقین کی جائے؟

[423] حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثنا حَمْزَةُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا أَبُو أُمَيَّةَ - يَعْنِي: عَبْدَ الْكَرِيمِ - عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي الَّذِي حَدَّثَهُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)إِذَا أَفْصَحَ أَوْلَادُكُمْ فَعَلِّمُوهُمْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، ثُمَّ لَا تُبَالُوا مَتَى مَاتُوا، وَإِذَا أَثْغَرُوا فَمُرُوهُمْ بِالصَّلَاةِ نَوْعٌ آخَرُ.

① قال فی المجمع، 176/9: رواه الطبرانی، وفیه ابو مزرد ولم اجد من وثقه۔ قلت: الا قوله، اللهم انی احبه فاحبه، فهو فی الصحیحین حیث اخرجه البخاری 286/4 و 287 فیه البیوع باب ما ذکر فی الاسواق، وفی اللباس باب السخاب للصبیان، و مسلم فی فضائل الصحابة باب فضائل الحسن والحسین رضی الله عنهما۔ انظر، جامع الاصول، رقم 2552، 2555، 2556، 2557۔

② الرجز فی، لسان العرب، 507/3، لذذ۔

حضرت عمرو بن شعیب سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دادا کی کتاب میں لکھا پایا انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے حدیث روایت کی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تمہارے بچے بولنے لگیں تو انہیں کلمہ طیبہ "لا الہ الا اللہ" کہنا سکھاؤ پھر: ...... ①

[424] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدَانَ الْبَجَلِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ وَكِيعٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ أَبِي أُمَيَّةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَفْصَحَ الْغُلَامُ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ عَلَّمَهُ هَذِهِ الْآيَةَ: " وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا.

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضور نبی کریم ﷺ جب بنی عبدالمطلب میں سے کوئی بچہ بولنے لگتا تو اسے یہ آیت سکھاتے:

﴿وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا.﴾

"اور یوں کہو! تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے اپنے لیے اولاد نہیں بنائی، اور نہ اس کی بادشاہی میں اس کا کوئی شریک ہے، اور نہ کمزوری میں اس کا کوئی حمایت کرنے والا ہے، اور اسی کی بڑائی بیان کرنے کے لیے تکبیر کہو۔" ②

بَابُ أَوَّلِ مَا يُوصَى بِهِ الصَّبِيُّ إِذَا عَقَلَ

جب بچہ سمجھدار ہو جائے تو اسے کیا وصیت کی جائے؟

[425] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ الْحَجَّاجِ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنْتُ خَلْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: " يَا غُلَامُ، إِنِّي مُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ: احْفَظِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَحْفَظْكَ، احْفَظِ اللّٰهَ تَجِدْهُ أَمَامَكَ، وَإِذَا سَأَلْتَ فَاسْأَلِ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَإِذَا اسْتَعَنْتَ فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَاعْلَمْ أَنَّ الْأُمَّةَ لَوِ اجْتَمَعَتْ عَلَى أَنْ يَنْفَعُوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَنْفَعُوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَكَ، وَلَوِ اجْتَمَعُوا

① وهو حديث ضعيف، كما قال الالبانی فی، ضعيف الجامع، رقم 488۔
② فی اسناده عبدالكريم بن ابی امية بن المخارق وهو ضعيف، وسفيان بن وكيع، وهو ضعيف۔

عَلَى اَنْ يَضُرُّوكَ بِشَيْءٍ لَمْ يَضُرُّوكَ إِلَّا بِشَيْءٍ قَدْ كَتَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَيْكَ، جَفَّتِ الْاَقْلَامُ، وَطُوِيَتِ الصُّحُفُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کے پیچھے تھا آپ ﷺ نے فرمایا: اے لڑکے! میں تجھے کچھ کلمات سکھاتا ہوں: تو اللہ عزوجل (کے احکام) کی حفاظت کر وہ تیری حفاظت کرے گا۔ اللہ کی حفاظت کر، اسے تو اپنے سامنے پائے گا، اور جب تو سوال کرے تو اللہ سے سوال کرنا اور جب تو مدد مانگے تو اللہ تعالیٰ سے مدد مانگنا، اور جان لے کہ اگر پوری امت اس بات پر جمع ہوجائے کہ وہ تجھے نفع دے تو وہ تجھے کوئی نفع نہیں دے سکے گی مگر وہی کچھ جو اللہ عزوجل نے تیرے لیے لکھ دیا ہے، اور اگر (تمام لوگ) اس بات پر جمع ہوجائیں کہ وہ تجھے کوئی نقصان دینا چاہیں تو وہ تجھے (ذرا بھر) نقصان نہیں دے سکیں گے مگر وہی کچھ جو اللہ عزوجل نے تیرے لیے لکھ دیا ہے، قلم خشک ہوچکے اور صحیفے لپیٹ دیئے گئے۔ [1]

بَابُ مَا يَقُولُ لِوَلَدِهِ إِذَا زَوَّجَهُ

جب اپنے بیٹے کی شادی کرے تو کیا پڑھے؟

[426] اَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا بَكَّارُ بْنُ عَمْرِو بْنِ اَبِي الْجَارُودِ الْبَصْرِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنَّى، عَنْ عَمِّهِ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اضْرِبُوا عَلَى الصَّلَاةِ لِسَبْعٍ، وَاعْزِلُوا فِرَاشَهُ لِتِسْعٍ، وَزَوِّجُوهُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ إِنْ كَانَ، فَإِذَا فَعَلَ فَلْيُجْلِسْهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ لِيَقُلْ: لَا جَعَلَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِتْنَةً فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْآخِرَةِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: (بچوں کو) سات سال (کی عمر) والے کو نماز (نہ پڑھنے) پر مارو اور نو سال (کی عمر) پر اس کے بستر کو (اپنے بستروں سے) الگ کردو اور جب سترہ سال کے ہوجائیں تو ان کی شادیاں کردو۔ سو جب وہ یہ (یعنی شادی) کرے تو اسے اپنے سامنے بٹھاؤ پھر پڑھو:

﴿لَا جَعَلَكَ اللّٰهُ عَلَيَّ فِتْنَةً فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ﴾

[1] رواہ الترمذی رقم 2518 فی صفة القیامة: باب رقم 60، واحمد فی المسند، 1/293 و 303 و 307، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح، وھو کما قال: قال الحافظ ابن رجب الحنبلی فی، جامع العلوم والحکم، صفحہ 161: وقد روی ہذا الحدیث عن ابن عباس من طرق کثیرہ من روایة ابنہ علی و مولاء عکرمة، وعطاء بن ابی رباح، وعمرو بن دینار، وعبید اللہ بن عبد اللہ، وعمر مولی عفرة، وابن ابی ملیکة وغیرہم۔ وقد جمع الحافظ طرق ہذا الحدیث وشرحه شرحاً وافیاً فی رسالة سماہا، نور الاقتباس فی وصیة ابن عباس۔

"اللہ تعالیٰ تجھے میرے لیے فتنہ نہ بنائے نہ دنیا میں اور نہ ہی آخرت میں۔"①

بَابُ مَا يَجِبُ عَلَى الرَّجُلِ إِذَا جَلَسَ بِفِنَاءِ دَارِهِ

آدمی جب اپنے گھر کے صحن میں بیٹھے تو اس پر کیا لازم ہے؟

[427] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ رَزِينٍ الْحِمْصِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ زِبْرِيقٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «لَا خَيْرَ فِي الْجُلُوسِ عَلَى الطُّرُقَاتِ، إِلَّا مَنْ هَدَى السَّبِيلَ، وَرَدَّ التَّحِيَّةَ، وَغَضَّ الْبَصَرَ، وَأَعَانَ عَلَى الْحَمُولَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: راستوں میں بیٹھنے میں کوئی بھلائی نہیں ہے سوائے اس شخص کے جو راستے کی راہنمائی کرنے والا ہوں اور سلام کا جواب دینے والا، اور نظروں کو جھکانے والا اور وزن اٹھانے میں مدد کرنے والا ہو۔②

بَابُ مَا يَجِبُ عَلَيْهِ مِنْ نُصْرَةِ أَخِيهِ إِذَا ذُكِرَ عِنْدَهُ

آدمی پر اپنے بھائی کی امداد کرنے میں کیا واجب ہے؟

[428] أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ سَنْجِرُ، ثنا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ دَاوُدَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، أَنَّهُ سَمِعَ مُوسَى بْنَ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَنْ أُذِلَّ عِنْدَهُ مُؤْمِنٌ فَلَمْ يَنْصُرْهُ، وَهُوَ يَقْدِرُ عَلَى أَنْ يَنْصُرَهُ، إِلَّا أَذَلَّهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى رُءُوسِ الْخَلَائِقِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے سامنے کسی مومن کو ذلیل کیا جائے اور وہ اس کی مدد نہ کرے حالانکہ وہ اس کی مدد کرنے پر قادر ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو قیامت کے دن ساری مخلوق کے سامنے ذلیل فرمائے گا۔③

① فيه عبدالله بن المثنى وفيه مقال وفيه ايضاً من لا يعرف۔
② فى اسناده يحيى بن عبيدالله فهو متروك وافحش الحاكم فرماه بالوضع۔
③ فى اسناده ابن لهيعة وهو ضعيف۔ وقال الالبانى، ضعيف الجامع، رقم 5387: حديث ضعيف۔ قوله (محمد بن اسحاق سنجر) فى المصرية محمد بن سنجر۔

بَابُ ثَوَابِ مَنْ نَصَرَ أَخَاهُ

اپنے بھائی کی مدد کرنے کے ثواب کا بیان

[429] أَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: نَالَ رَجُلٌ مِنْ عِرْضِ أَخِيهِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَدَّ عَلَيْهِ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ رَدَّ عَنْ عِرْضِ أَخِيهِ كَانَ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ.

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اپنے بھائی کی عزت کے درپے ہوا تو ایک آدمی نے لوگوں میں سے اسے جواب لوٹائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنے بھائی کی عزت کے درپے شخص کو جواب دیتا ہے تو وہ اس کے لیے دوزخ سے آڑ بن جاتا ہے۔ [1]

بَابُ مَا يَجِبُ عَلَيْهِ إِسْمَاعُ الْأَصَمِّ

بہرے کو سنانے پر اجر و ثواب کا بیان

[430] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، أَنَّ سَعِيدَ بْنَ أَبِي هِلَالٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، مَوْلَى الْمَهْرِيِّ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)لَيْسَ نَفْسٌ مِنْ بَنِي آدَمَ إِلَّا عَلَيْهَا صَدَقَةٌ فِي كُلِّ يَوْمٍ طَلَعَتْ فِيهِ الشَّمْسُ(. قِيلَ: وَمَا هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ وَمِنْ أَيْنَ لَنَا صَدَقَةٌ نَتَصَدَّقُ بِهَا؟ قَالَ:-" إِنَّ أَبْوَابَ الْخَيْرِ كَثِيرٌ: التَّسْبِيحُ وَالتَّحْمِيدُ وَالتَّكْبِيرُ وَالتَّهْلِيلُ، وَتَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَتَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ، وَتُمِيطُ الْأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ، وَتُسْمِعُ الْأَصَمَّ، وَتَهْدِي الْأَعْمَى.

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بنی آدمی کا کوئی نفس ایسا نہیں مگر یہ کہ اس پر صدقہ کرنا ہر روز جس میں سورج طلوع ہوتا ہے لازم ہے عرض کیا گیا: یا رسول اللہ اوہ (صدقہ) کیا ہے اور ہمارے لیے صدقہ (اتنی مقدار

[1] ورواہ الترمذی رقم 1932 فی البر و الصلۃ: باب ماجاء فی الذب عن عرض المسلم، واحمد فی المسند، وھو حدیث صحیح۔

میں) کہاں سے آئے جسے ہم صدقہ کریں؟ آپ ﷺ نے فرمایا، بلاشبہ بھلائی کے دروازے بہت زیادہ ہیں، سبحان اللہ، الحمدللہ، اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ کہنا اور نیکی کا حکم کرنا اور برائی سے منع کرنا اور راستے سے تکلیف دہ چیز ہٹانا اور بہرے کو سنانا اور اندھے کو راستہ دکھانا (یہ سب اعمال کرنا صدقہ ہیں)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا ذُكِّرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

جب اللہ عزوجل کی یاد آئے تو کیا پڑھے؟

[431] اَخْبَرَنَا اَبُو اَيُّوبَ سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَلْقَمَةَ نَصْرُ بْنُ خُزَيْمَةَ، اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِيهِ مَحْفُوظِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنِ ابْنِ عَائِشَةَ، قَالَ: قَالَ عَوْفُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: إِنَّ رَجُلًا خَوَّنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ ائْتَمَنَهُ عَلَى بَعْضِ الْاَمَانَةِ، فَقَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ. قَالَ: فَانْتَهَرْتُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)دَعُوهُ، اللّٰهُمَّ إِنِّي اَذْكُرُكَ إِذَا ذُكِّرْتُ بِكَ(. قَالَ الرَّجُلُ: إِنِّي اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ. قَالَ: فَانْتَهَرْتُهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)دَعُوهُ، اللّٰهُمَّ إِنِّي اَنْشُدُكَ إِذَا نُشِدْتُ بِكَ.

حضرت ابن عائذ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ایک آدمی نے حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ خیانت کی اور آپ ﷺ نے اسے بعض امانات پر امین مقرر کیا تھا اس نے حضور نبی کریم ﷺ سے عرض کی کہ میں آپ کو اللہ عزوجل کی یاد دلاتا ہوں کہتے ہیں کہ میں نے اس کو جھڑکا تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو، اے اللہ! بے شک میں تجھے یاد کرتا ہوں جب مجھے تو یاد دلایا جائے تو اس آدمی نے کہا بلاشبہ میں آپ کو اللہ عزوجل کی قسم دلاتا ہوں۔ کہتے ہیں کہ میں نے اسے جھڑکا تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے چھوڑ دو اے اللہ! بے شک میں تیری ذات کی قسم اٹھاتا ہوں جب مجھے تیری ذات کی قسم دلائی جائے۔ ②

---

① رجالہ ثقات۔

② فیہ نصر بن خزیمۃ بن عبادۃ بن محفوظ لم اجدلہ ولا لابیہ ترجمۃ فی ما بین یدی من کتب الرجال قولہ (ابن عائشۃ) فی المصریۃ (ابن عائذ)۔

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ جَهِلَ عَلَيْهِ وَهُوَ صَائِمٌ

جس کے ساتھ جھگڑا کیا جائے اور وہ روزہ دار ہو تو کیا کہے؟

[432] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا بَكَّارُ بْنُ قُتَيْبَةَ، ثنا اَبُو الْمُطَرِّفِ بْنُ اَبِي الْوَزِيرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْمَدَنِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جُهِلَ عَلَى اَحَدِكُمْ وَهُوَ صَائِمٌ، فَلْيَقُلْ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْكَ، إِنِّي صَائِمٌ .

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک سے جھگڑا کیا جائے اور وہ روزہ دار ہو تو اسے چاہیے کہ وہ یہ کہے: ''میں اللہ تعالیٰ کی تجھ سے پناہ مانگتا ہوں بے شک میں روزہ دار ہوں۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَمِعَ مَنْ يَدْعُو بِدُعَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ

جب کوئی جاہلیت کی پکار کو سنے تو کیا کہے؟

[433] اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُمَرَ الْقَلْزُمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ خَلَفٍ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ عُجْرِ بْنِ مِدْرَاعٍ التَّمِيمِيِّ، قَالَ: يَا آلَ تَمِيمٍ - وَكَانَ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ - فَقَالَ وَهُوَ عِنْدَ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، فَقَالَ اُبَيٌّ اَعَضَّكَ اللّٰهُ بِهَنِ اَبِيكَ. قَالُوا: مَا عَهِدْنَاكَ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ فَحَّاشًا. قَالَ:)إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا مَنِ اعْتَزَى بِعَزَاءِ الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ نُسَمِّيَهُ وَلَا نَكْنِيَهُ.

حضرت مکحول سے روایت ہے کہ حضرت عجر بن مدراع تمیمی نے کہا: اے آل تمیم! اور وہ بنی تمیم سے تھے کہتے ہیں کہ وہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پاس تھے سو انہوں نے کہا: اے ابی! اللہ تعالیٰ نے ان کے بدلے تیرے باپ کو کاٹا۔ لوگوں نے کہا: اے ابو منذر! ہم نے تو آپ کو بدگو نہیں پایا تھا۔ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا جو شخص جاہلیت کی طرح تعزیت کرے تو ہم اس کا نام لیں اس کی کنیت نہ لیں۔②

① ضعیف جداً، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 558۔

② فیہ سعید بن بشیر وفیہ ضعف وقد رواہ البخاری فی، الادب المفرد، رقم 963 و 964 واحمد فی، المسند، 5/136 ورجالہ ثقات۔ انظر تخریجہ مفصلاً فی، الصحیحۃ، للالبانی رقم 269۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَتَمَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ

جب سورۂ بقرہ ختم کرے تو کیا پڑھے؟

[434] أَخْبَرَنِي أَبُو عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ نَصْرٍ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا حَنْظَلَةُ بْنُ أَبِي الْمُغِيرَةِ الْقَاضِي، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: صَلَّيْتُ خَلْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَأَ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، فَلَمَّا خَتَمَهَا قَالَ: (اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ) قُلْتُ لِعَبْدِ الْكَرِيمِ: كَمْ مَرَّةً؟ قَالَ: سَبْعَ مَرَّاتٍ. ثُمَّ قَرَأَ الَّتِي بَعْدَهَا، فَلَمَّا خَتَمَهَا قَالَ نَحْوًا مِنْ ذَلِكَ حَتَّى بَلَغَ سَبْعًا.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ بقرہ پڑھی تو جب اسے ختم کیا تو کہا:

﴿اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ﴾

''اے اللہ! ہمارے پروردگار! تیرے لیے ہی تمام تر تعریفیں ہیں۔''

میں نے عبدالکریم سے کہا کتنی دفعہ؟ انہوں نے کہا، سات دفعہ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بعد والی سورۃ پڑھی سو جب اسے ختم کیا تو اسی کی مثل کہا حتیٰ کہ سات تک پہنچے۔ (یعنی سات مرتبہ اللهم ربنا لك الحمد پڑھا)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قَرَأَ شَهِدَ اللّٰهُ

جب ''اشهد ان لا اله الا الله'' پڑھا تو یہ کہے؟

[435] أَخْبَرَنِي أَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي السَّرِيِّ، ثنا أَبُو سَعِيدٍ عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ ثَابِتِ بْنِ زُرَارَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ قَرَأَ هَذِهِ الْآيَةَ: شَهِدَ اللّٰهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (وَأَنَا أَشْهَدُ أَنَّكَ أَيْ رَبِّ.

① فی اسنادہ عبدالکریم البصری ابن ابی المخارق وهو ضعیف، کما قال الحافظ فی التقریب، وحنظلہ بن ابی المغیرۃ القاضی، قال ابن معین: لا یکتب حدیثه.

حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا جس وقت آپ نے یہ آیت پڑھی:

﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴾

''اللہ تعالیٰ نے گواہی دی کہ بے شک اس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور فرشتوں اور علم والوں نے انصاف پر قائم رہتے ہوئے کہ نہیں ہے کوئی لائق عبادت مگر وہی غالب حکمت والا۔''

حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اور میں بھی گواہی دیتا ہوں اے میرے رب![1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اَتَى عَلَى آخِرِ لَا أُقْسِمُ وَالْمُرْسَلَاتِ وَالتِّينِ

سورۂ قیامہ، سورۂ مرسلات اور سورۂ تین کے آخر میں کیا پڑھے؟

[436] حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَعْرَابِيًّا، مِنْ اَهْلِ الْبَادِيَةِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا قَرَاَ اَحَدُكُمْ: لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَانْتَهَى إِلَى آخِرِهَا: اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلَى اَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَى فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَاَنَا عَلَى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ، آمَنَّا بِاللّٰهِ، وَإِذَا قَرَاَ: وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا، فَانْتَهَى إِلَى آخِرِهَا: فَبِاَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ فَلْيَقُلْ: آمَنَّا بِاللّٰهِ، وَإِذَا قَرَاَ اَحَدُكُمْ: وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ، فَانْتَهَى إِلَى آخِرِهَا: اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَاَنَا عَلَى ذٰلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ " قَالَ إِسْمَاعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ: ذَهَبْتُ أُعِيدُ عَلَى الْبَدَوِيِّ، لِاَنْظُرَ كَيْفَ اَحْفَظُهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ اَخِي، اَتُرَانِي لَمْ اَحْفَظْ، لَقَدْ حَجَجْتُ سِتِّينَ حَجَّةً اَوْ سَبْعِينَ حَجَّةً، مَا مِنْهَا حَجَّةٌ إِلَّا وَاَنَا اَعْرِفُ الْبَعِيرَ الَّذِي حَجَجْتُ عَلَيْهِ.

حضرت سفیان بن عیینہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم سے حضرت اسماعیل بن امیہ نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا کہ میں نے دیہاتیوں میں سے ایک دیہاتی سے سنا اس نے کہا کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک پڑھے:

[1] رواہ احمد فی المسند، 1/166، والطرانی، وابن ابی حاتم، واسنادہ ضعیف، وقد ساق اسانیدہ الحافظ ابن کثیر فی، تفسیر، 2/21-22 عن قولہ تعالیٰ: (شہد اللہ انہ لا الٰہ الا ہو۔۔۔) الایۃ۔

﴿لَا اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾

سے لے کر

﴿اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلٰى اَنْ يُّحْيِيَ الْمَوْتٰى﴾

تک تو وہ کہے: کیوں نہیں اور میں اس پر گواہوں میں سے ہوں میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا۔ اور جب ﴿وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا﴾ سے ﴿فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ﴾ تک تو کہے: ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے۔ اور جب تم میں سے کوئی ﴿وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ﴾ سے آخر ﴿اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ﴾ تک پڑھے تو کہے: کیوں نہیں اور میں بھی اس پر گواہوں میں سے ہوں۔ حضرت اسماعیل بن امیہ نے کہا کہ میں اس دیہاتی پر (یہ حدیث) لوٹانے گیا تا کہ دیکھوں کہ اسے یاد بھی ہے کہ نہیں تو اس نے کہا: اے بھتیجے! تیرا کیا خیال ہے کہ یہ مجھے یاد نہیں ہے۔

بلاشبہ میں نے ساٹھ حج کیے ہیں یا ستر حج کیے ہیں اور ان میں سے کوئی حج بھی ایسا نہیں ہے کہ میں اس اونٹ کو نہ جانتا ہوں جس پر بیٹھ کر میں نے وہ حج کیا۔ (یعنی جو جو حج میں نے جس جس اونٹ پر کیا وہ اونٹ بھی مجھے نہیں بھولا یاد ہے تو یہ روایت کیسے بھول سکتا ہوں)۔ ①

بَابُ ثَوَابِ مَنْ قَرَاَ خَمْسِينَ آيَةً فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ

جو شخص دن اور رات میں پچاس آیتیں پڑھے اس کے ثواب کا بیان

[437] حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ يُوسُفَ الْفَحَّامُ، ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا حُمَيْدُ بْنُ مِخْرَاقٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)مَنْ قَرَاَ فِي يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ خَمْسِينَ آيَةً لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِينَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دن اور رات میں پچاس آیتیں پڑھتا ہے وہ غافلین میں سے نہیں لکھا جاتا۔ ②

① رواہ ابو داود رقم 887 فی الصلاۃ: باب مقدار الرکوع والسجود، وفی اسنادہ جہلاۃ، وضعف الحدیث الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5796۔

② فیہ ابن لہیعۃ وھو ضعیف، لکن للحدیث شواہد یحسن بھا۔ انظر والاحادیث الصحیحۃ، رقم 642 و 644 و 657۔

بَابُ ثَوَابِ مَنْ قَرَأَ مِائَةَ آيَةٍ فِي الْيَوْمِ

جو شخص دن میں سو آیتیں پڑھے اس کے ثواب کا بیان

[438] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي سَمِينَةَ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ قَرَاَ مِائَةَ آيَةٍ فِي الْيَوْمِ كُتِبَ لَهُ قُنُوتُ لَيْلَتِه.

حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص دن میں سو آیتیں پڑھتا ہے اس کے لیے (پوری) رات کے قیام کا اجر و ثواب لکھا جاتا ہے۔[①]

بَابُ تَفْدِيَةِ الرَّجُلِ اَخَاهُ

آدمی کا اپنے بھائی پر فدا ہونے کا بیان

[439] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ - اَوْ ذَكَرْتُ - الْفِتْنَةَ، فَقَالَ:)إِذَا النَّاسُ مَرَجَتْ عُهُودُهُمْ، وَخَفَّتْ اَمَانَاتُهُمْ، كَانُوا هَكَذَا(، وَشَبَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ؟ فَقُلْتُ: كَيْفَ اَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ جَعَلَنِي اللّٰهُ فِدَاكَ عِنْدَ ذَلِكَ؟ فَقَالَ:)الْزَمْ بَيْتَكَ، وَاَمْسِكْ لِسَانَكَ، وَخُذْ بِمَا تَعْرِفُ، وَدَعْ مَا تُنْكِرُ، وَعَلَيْكَ بِاَمْرِ خَاصَّةِ نَفْسِكَ، وَدَعْ اَمْرَ الْعَامَّةِ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر تھے کہ آپ ﷺ نے ذکر کیا یا میں نے (آپ سے) فتنہ کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: جب لوگوں کے عہد ٹوٹ جائیں گے اور ان کی امانتیں ہلکی

① قال الالبانی فی ،الاحادیث الصحیحة، رقم 644: اخرجه الدارمی 3453: حدثنا یحیی بن بسطام، ثنا یحیی بن حمزة، حدثنی زید بن واقد، عن سلیمان بن موسیٰ عن کثیر بن مرة عن تمیم الداری ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال۔۔۔ فذکره۔ قلت: وہذا اسناد حسن، رجاله ثقات معروفون غیر، یحیی بن بسطام، قال ابن ابی حاتم 4/2/132: سالت ابی عنه؟ فقال: شیخ صدوق، مابحدیثه باس قدری، ادخله البخاری فی، کتاب الضعفاء، فیحول من ہناک۔ ثم رایته فی ،المسند، 4/103 من طریق الہیشم بن حمید عن زید بن واقد به، فصح الحدیث، والحمدللہ۔ اه۔

ہوجائیں گی اور وہ اس طرح ہوجائیں گے اور رسول اللہ ﷺ نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں داخل کیں تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! میں (اس وقت) کیسے کروں؟ اللہ تعالیٰ مجھے آپ پر قربان کردے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے گھر کو لازم پکڑنا اور اپنی زبان کو روک کر رکھنا جسے تو پہچانتا ہے اسے پکڑ لینا اور جو تجھے ناپسند ہو اسے چھوڑ دینا اور بالخصوص تو اپنی ذات کو لازم پکڑنا اور لوگوں کے معاملہ کو چھوڑ دینا۔ ①

بَابُ التَّفْدِيَةِ بِالْاَبَوَيْنِ

اپنے والدین کو فدا کرنے کا بیان

[440] اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: قَالَ سَعْدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: " لَقَدْ جَمَعَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَبَوَيْهِ اَوْ كِلَيْهِمَا. يُرِيدُ حِينَ قَالَ: فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي، وَهُوَ يُقَاتِلُ.

حضرت ابن مسیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے میرے لیے جنگ احد کے دن اپنے والدین کو یا دونوں کو جمع فرمایا اس وقت آپ ﷺ نے فرمایا:

﴿فِدَاكَ اَبِي وَاُمِّي﴾

''میرے ماں باپ تجھ پر قربان۔''

اور وہ لڑائی کررہے تھے۔ ②

بَابُ التَّفْدِيَةِ بِالْوَجْهِ

اپنے چہرے کو فدا کرنے کا بیان

[441] حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ

① رواہ ابو داؤد رقم 4343 فی الملاحم: باب الامر والنہی، واحمد 212/2۔ والحاکم 525/4 وصححہ ووافقہ الذہبی، وھو کما قالا۔ انظر، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 205۔

② رواہ البخاری 66/7 فی فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم: باب مناقب سعد بن ابی وقاص، و 286/7 فی المغازی: باب (واذ ہمت طائفتان ان تفشلا)، و مسلم رقم 2412 فی فضائل الصحابۃ: باب من فضائل سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ، والترمذی رقم 3755 فی المناقب: باب مناقب سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ۔

جُدْعَانَ، سَمِعَ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ يَقُولُ: كَانَ أَبُو طَلْحَةَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ إِذَا لَقِيَ مَعَ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَدُوَّ جَثَا بَيْنَ يَدَيْهِ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، وَنَثَرَ كِنَانَتَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَقَالَ:)وَجْهِي لِوَجْهِكَ الْوِقَاءُ، وَنَفْسِي لِنَفْسِكَ الْفِدَاءُ، وَعَلَيْكَ سَلَامُ اللّٰـهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ.

حضرت علی بن زید بن جدعان سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ جب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کسی دشمن سے ملاقات کرتے (یعنی دشمن سے لڑتے) تو آپ ﷺ کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ جاتے اور اپنے ترکش کو آپ کے سامنے الٹ دیتے اور فرماتے: میرا چہرہ آپ کے چہرہ مبارک کا بچاؤ کرنے والا ہے، میری جان آپ کی ذات پر قربان اور آپ کی ذات پر اللہ تعالیٰ کا کبھی نہ ختم ہونے والا اسلام ہو۔ [1]

بَابُ التَّفْدِيَةِ بِالْأَمْوَالِ وَالْأَوْلَادِ

مال اور اولاد کو فدا کرنے کا بیان

[442] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي الْمُعَلَّى، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)إِنَّ رَجُلًا خَيَّرَهُ اللّٰـهُ تَعَالَى بَيْنَ أَنْ يَعِيشَ فِي الدُّنْيَا مَا شَاءَ أَنْ يَعِيشَ فِيهَا، يَأْكُلُ مَا شَاءَ أَنْ يَأْكُلَ مِنْهَا، وَبَيْنَ لِقَاءِ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَاخْتَارَ لِقَاءَ رَبِّهِ(فَبَكَى أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: بَلْ نَفْدِيكَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ بِأَمْوَالِنَا وَأَبْنَائِنَا. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا مِنَ النَّاسِ أَمَنُّ عَلَيَّ فِي صُحْبَتِهِ وَذَاتِ يَدِهِ مِنَ ابْنِ أَبِي قُحَافَةَ، وَلَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا خَلِيلًا لَاتَّخَذْتُ ابْنَ أَبِي قُحَافَةَ خَلِيلًا، وَلَكِنْ وُدٌّ وَإِخَاءُ إِيمَانٍ، وَإِنَّ صَاحِبَكُمْ خَلِيلُ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت ابن ابو المعلیٰ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ہمیں رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیا تو ارشاد فرمایا: بے شک ایک بندے کو اللہ تعالیٰ نے اس بات کا اختیار عطا فرمایا ہے کہ وہ دنیا میں جتنا چاہے زندگی گزارے اور جو کھانا چاہے وہ اس سے کھائے اور اپنے رب عزوجل کی ملاقات کے درمیان تو اس بندے نے اپنے رب عزوجل سے ملاقات کرنے کو اختیار فرمایا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رو پڑے اور عرض کیا: یا رسول اللہ! ہمیں اللہ تعالیٰ اپنے مالوں اور اپنے بیٹوں سمیت آپ پر فدا

[1] وفیہ علی بن زید بن جدعان۔ وھو ضعیف، کما قال الحافظ فی التقریب۔

کرے تو رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگوں میں سے کسی کا بھی اپنی صحبت اور اپنے مال کے ساتھ ابن ابی قحافہ بڑھ کر ہم پر احسان نہیں ہے اور اگر میں کسی کو خلیل بناتا تو ابن ابی قحافہ کو خلیل بناتا لیکن محبت واخوت ایمان (اس کے ساتھ برقرار) ہے اور بے شک تمہارے صاحب اللہ عزوجل کے خلیل ہیں۔ ①

بَابُ مَنْ يَرُدُّ عَلَى مَنْ يَفْدِيهِ

فدا ہونے والے کو کیا جواب دیا جائے؟

[443] اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، اَخْبَرَنِي رَبَاحُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ بَلَغَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ قَائِلٌ: نَفْدِيكَ بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّمَا يُفْدَى الْحَبِيبُ بِالْحَبِيبِ قَالَ اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ: كَمَا تَقُولُ فَدَيْتُكَ.

حضرت رباح بن محمد اپنے والد سے وہ حضور نبی کریم ﷺ سے مرفوعا روایت کرتے ہیں کہ آپ سے ایک عرض کرنے والے نے عرض کیا: آپ پر ہماری مائیں اور باپ قربان، تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ دوست دوست پر قربان کرتا ہے۔ احمد بن صالح نے کہا: جیسا کہ تو کہتا ہے: میں تجھ پر قربان ہو جاؤں۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا انْتَهَى إِلَى مَجْلِسٍ يَجْلِسُ فِيهِ

جب کوئی مجلس میں آئے اور اس میں بیٹھے تو کیا پڑھے؟

[444] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، وَحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ حَفْصٍ - وَهُوَ ابْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ - عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحَلْقَةِ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ، فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَى الْقَوْمِ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ. فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ(. فَلَمَّا جَلَسَ الرَّجُلُ قَالَ: الْحَمْدُ

① سبق تخريجه تحت رقم 413۔
② في اسناده جهالة وانقطاع۔

لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا أَنْ يُحْمَدَ، وَيَنْبَغِي لَهُ وَيَرْضَى. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)كَيْفَ قُلْتَ؟(فَرَدَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَالَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْقَوْمِ: " وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدِ ابْتَدَرَهَا عَشَرَةُ أَمْلَاكٍ، كُلُّهُمْ حَرِيصٌ عَلَى أَنْ يَكْتُبَهَا، فَمَا دَرَوْا كَيْفَ يَكْتُبُونَهَا حَتَّى رَفَعُوهَا إِلَى ذِي الْعِزَّةِ، فَقَالَ: اكْتُبُوهَا كَمَا قَالَ عَبْدِي.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حلقہ میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک آدمی آیا اور اس نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا اور لوگوں کو السلام علیکم کہا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سلام کے جواب میں فرمایا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ، سو جب وہ آدمی بیٹھ گیا تو اس نے کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا أَنْ يُحْمَدَ، وَيَنْبَغِي لَهُ وَيَرْضَى﴾

”تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں بہت زیادہ، پاکیزہ، بابرکت جیسا کہ ہمارا رب پسند کرتا ہے کہ اس کی تعریف کی جائے اور اس کی ذات کے لیے جو (تعریفیں) مناسب ہیں اور جن پر وہ راضی رہے۔“

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے کیسے کہا؟ تو اس نے جیسے کہا تھا اسی طرح وہ کلمات حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دوبارہ سنائے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے دس فرشتے ان کلمات کی طرف حرص کرتے ہوئے لپکے ہیں کہ وہ اسے لکھیں لیکن انھیں یہ معلوم نہیں کہ وہ اسے کیسے لکھیں (یعنی اس کے اجر وثواب کو) حتی کہ وہ اسے (یعنی مذکورہ دعا کو) اٹھا کر اللہ رب العزۃ کی بارگاہ میں لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس کو ایسے ہی لکھو جس طرح میرے بندے نے یہ (کلمات) کہے ہیں۔[1]

بَابُ السَّلَامِ إِذَا انْتَهَى الرَّجُلُ إِلَى الْمَجْلِسِ

آدمی جب مجلس میں پہنچے تو سلام کرے

[445] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْخَطَّابِ، ثنا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ ح وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا ابْنُ أَبِي عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

[1] نسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 341، فی إسنادہ خلف بن خلیفۃ اختلط فی۔

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا مِنْ قَوْمٍ جَلَسُوا مَجْلِسًا، فَيَقُومُونَ عَنْ غَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، إِلَّا كَأَنَّمَا تَفَرَّقُوا عَنْ جِيفَةِ حِمَارٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ الْمَجْلِسُ عَلَيْهِمْ حَسْرَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو لوگ بھی کسی مجلس میں بیٹھتے ہیں اور اللہ عزوجل کے ذکر کے بغیر اٹھ جاتے ہیں تو گویا کہ وہ مردار گدھے کے پاس سے جدا ہوئے ہیں اور یہ مجلس (جس میں اللہ کا ذکر نہیں کیا گیا) قیامت کے دن ان کے لیے باعث حسرت (ندامت) ہوگی۔ [1]

بَابُ مَا يَدْعُو بِهِ الرَّجُلُ لِجُلَسَائِهِ

آدمی مجلس میں بیٹھنے والوں کے لیے کیا دعا کرے؟

[446] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ اَبِي عِمْرَانَ، عَنْ نَافِعٍ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا إِذَا جَلَسَ مَجْلِسًا لَمْ يَقُمْ حَتَّى يَدْعُو لِجُلَسَائِهِ بِهٰذِهِ الْكَلِمَاتِ، وَزَعَمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو بِهِنَّ لِجُلَسَائِهِ:)اللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُولُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ إِلَى جَنَّتِكَ، وَمِنَ الْيَقِينِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا، اللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا اَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا.

حضرت نافع سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما جب کسی مجلس میں بیٹھتے تو اس وقت تک نہ اٹھتے جب تک کہ شرکاء مجلس کے لیے ان کلمات کے ساتھ دعا نہ کر لیتے اور ان کا گمان یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے ہم مجلسوں کے لیے یہ دعا کرتے تھے:

[1] رواه ابو داود رقم 4855 فی الادب: باب کراہیۃ ان یقول الرجل من مجلسه ولا یذکر الله، والحاکم 492/1، وقال الحاکم: صحیح علی شرط مسلم، ووافقه الذهبی وهو کما قالا۔ انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 77۔

﴿اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا تَحُولُ بِهِ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيكَ، وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ إِلَى جَنَّتِكَ، وَمِنَ الْيَقِينِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مَصَائِبَ الدُّنْيَا، اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلَى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلَى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيبَتَنَا فِي دِينِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا﴾

''اے اللہ! ہمیں اپنی ذات کا اتنا خوف عطا فرما جو ہمارے اور تیری ذات کی نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے اور ہمیں اپنی اتنی اطاعت کی توفیق عطا فرما جو ہمیں تیری جنت تک پہنچا دے، اور اتنا یقین جو ہماری دنیا کی مصیبتوں کو آسان کر دے۔ اے اللہ! ہمیں ہماری سماعتوں اور بصارتوں اور قوتوں سے نفع عطا فرما جتنا تو ہمیں زندہ رکھنا چاہے، اور اسے تو ہمارا وارث بنا دے اور تو ہمارا بدلہ ان سے لے جنھوں نے ہم پر ظلم کیا، اور ہماری ان کے خلاف مدد فرما جو ہمارے دشمن ہیں، اور تو اسے ہمارے دین میں مصیبت نہ بنا اور نہ تو دنیا کو ہمارے لیے سب سے بڑا غم، اور ہمارے علم کی انتہا نہ بنانا اور تو اس کو ہم پر مسلط نہ فرمانا جو ہم پر رحم نہ کرے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا جَلَسَ مَجْلِسًا كَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ

جب کوئی کسی مجلس میں بیٹھے اور اس میں بے ہودگی زیادہ ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[447] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَخْبَرَنِي عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ الْوَرَّاقُ، أنا الْحَجَّاجُ، أنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَلَسَ مَجْلِسًا كَثُرَ فِيهِ لَغَطُهُ، ثُمَّ قَالَ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ، غُفِرَ لَهُ مَا كَانَ فِي مَجْلِسِهِ ذٰلِكَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی ایسی مجلس میں بیٹھا جس میں بہت زیادہ بے ہودگی ہو پھر وہ اٹھنے سے پہلے یہ پڑھ لے:

﴿سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ﴾

[1] رواہ الترمذی رقم 3497 فی الدعوات: باب رقم 83 ورواہ ایضا الحاکم فی المستدرک، 528/1 ووافقہ الذہبی واسنادہ حسن کما قال الالبانی فی، تخریج الکلم، 225۔

''پاک ہے تیری ذات اے اللہ! اور تیری ذات ہی کے لیے حمد ہے، تیری ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری ذات کی طرف رجوع کرتا ہوں۔''

تو اس کے لیے جو اس مجلس میں بے ہودگی ہوئی وہ سب معاف کر دی جائے گی۔ ①

بَابُ كَمْ مَرَّةً يَسْتَغْفِرُ فِي الْمَجْلِسِ

کتنی دفعہ استغفار کیا جائے؟

[448] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ، ثنا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ: إِنْ كُنَّا لَنَعُدُّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَجْلِسِ الْوَاحِدِ يَقُولُ مِائَةَ مَرَّةٍ:)رَبِّ اغْفِرْ لِي، وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ ﷺ کا کسی بھی ایک مجلس میں سو مرتبہ یہ دعا پڑھنا شمار کر لیتے تھے:

﴿رَبِّ اغْفِرْ لِي، وَتُبْ عَلَيَّ، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ﴾

''اے میرے رب! میری مغفرت فرما اور میری توبہ قبول فرما، بے شک تو توبہ قبول فرمانے والا رحم فرمانے والا ہے۔'' ②

نوٹ:

آقا کریم ﷺ کا مغفرت طلب کرنا اور توبہ کرنا تعلیم امت کے لیے ہے۔ جمہور علمائے ملت اسلامیہ کا اس پر اجماع ہے کہ انبیاء کرام بالخصوص آقا کریم ﷺ معصوم ومحفوظ عن الخطاء ہیں یا پھر آپ ﷺ کا توبہ واستغفار کرنے بارگاہ رب ذوالجلال میں بطور تواضع وانکساری ہے ورنہ توبہ کے لیے اور طلب مغفرت کے لیے گناہ کا صدور لازم آئے گا اور جس سے گناہ صادر ہو وہ نبی نہیں ہوسکتا تو لامحالہ آقا کریم ﷺ کی نبوت کا انکار لازم آئے گا اور کسی بھی نبی کی نبوت کا انکار کفر ہے۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔

① رواہ الترمذی رقم 3429 فی الدعوات: باب مایقول الرجل اذا قام من مجلسه، وصححه الحاکم 1/536 وابن حبان فی صحیحه، رقم 2366، موارد، وھو حدیث صحیح کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 6068۔

② تقدم تخریجه برقم 370۔

بَابُ الصَّلَاةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ التَّفَرُّقِ مِنَ الْمَجْلِسِ

مجلس سے اٹھتے وقت حضور نبی کریم ﷺ پر درود پڑھنے کا بیان

[449] حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثنا سَوَّادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَاضِي، ثنا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ، عَنْ صَالِحٍ، مَوْلَى التَّوْاَمَةِ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَيُّمَا قَوْمٍ جَلَسُوا فَاَطَالُوا، ثُمَّ تَفَرَّقُوا قَبْلَ اَنْ يَذْكُرُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَيُصَلُّوا عَلَى نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِلَّا كَانَتْ عَلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تِرَةً، إِنْ شَاءَ عَذَّبَهُمْ، وَإِنْ شَاءَ غَفَرَ لَهُمْ.

حضرت صالح سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ حضرت ابو القاسم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو قوم کسی مجلس میں دیر تک بیٹھی رہی پھر انھوں نے جدا ہونے سے پہلے اللہ عز وجل کا ذکر نہ کیا اور اپنے نبی ﷺ پر درود نہ پڑھا تو یہ مجلس قیامت کے دن ان پر باعث حسرت ہوگی اگر وہ (اللہ تعالیٰ کی ذات) چاہے تو انہیں عذاب دے اور اگر چاہے تو ان کی مغفرت فرمادے۔ ①

بَابُ السَّلَامِ عَلَى اَهْلِ الْمَجْلِسِ إِذَا اَرَادَ اَنْ يَقُومَ

جب کوئی مجلس سے اٹھنے کا ارادہ کرے تو اہل مجلس کو سلام کرے

[450] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا اَتَى اَحَدُكُمْ مَجْلِسًا فَلْيُسَلِّمْ، فَإِنْ بَدَا لَهُ اَنْ يَجْلِسَ جَلَسَ، وَإِنْ اَرَادَ اَنْ يَقُومَ فَلْيُسَلِّمْ، فَلَيْسَتِ الْاُولَى بِاَحَقَّ مِنَ الْاُخْرَى.

① قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحة، رقم 73: اخرجه الترمذی رقم 3377، والحاکم 1/496 واسماعیل القاضی فی، فضل الصلاة علی النبی صلی اللہ علیه وسلم رقم 54، وابن السنی رقم 449، واحمد فی، المسند، 2/446 و 453 و 481 و 484 و 495 وابو نعیم فی، الحلیة، 8/130 عن سفیان الثوری صالح مولی التوامة عن ابی ہریرة مرفوعاً۔ قال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابی ہریرة مرفوعاً ثم رواه من طریق ابی اسحاق عن الاغر ابی مسلم عن ابی ہریرة وابی سعید مرفوعاً قال:،، مثله، ولم یسبق لفظه۔ کذا قال: مثله، وعندی وقفة فی کون حدیث الاغر مثله فقد اخرجه مسلم 8/72 وابن ماجة 4182 اھ۔ وانظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 75-80۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک مجلس میں آئے تو وہ سلام کرے سو اگر وہ اس مجلس میں بیٹھنا چاہے تو بیٹھ جائے اور اگر اٹھنے کا ارادہ کرے تو پھر سلام کرے سو پہلا (سلام لقاء کرنا) دوسرے (سلام وداع) سے زیادہ حقدار نہیں۔ ①

بَابُ الِاسْتِغْفَارِ قَبْلَ أَنْ يَقُومَ

(مجلس سے) اٹھنے سے پہلے استغفار کرنے کا بیان

[451] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، أنا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا جَلَسَ قَوْمٌ فِي مَجْلِسٍ فَخَاضُوا فِي حَدِيثٍ، وَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَبْلَ اَنْ يَتَفَرَّقُوا، إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمْ مَا خَاضُوا فِيهِ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بھی قوم کسی مجلس میں بیٹھی سو وہ کسی بات میں محو ہوگئی اور اس نے متفرق (یعنی مجلس سے جدا) ہونے سے پہلے اللہ عزوجل سے استغفار کرلیا تو اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمادے گا اس بات میں جس میں وہ مشغول ہو گئے تھے (اللہ کے ذکر کو چھوڑ کر)۔ ②

بَابُ كَمْ يَسْتَغْفِرُ إِذَا قَامَ مِنَ الْمَجْلِسِ

جب مجلس سے اٹھے تو کتنی مرتبہ استغفار کرے؟

[452] اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:)كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسَ فَاَرَادَ اَنْ يَقُومَ اسْتَغْفَرَ اللّٰهَ عَشْرًا إِلَى خَمْسَ عَشْرَةَ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب (کسی مجلس میں) بیٹھتے تو آپ کا اٹھنے کا ارادہ ہوتا تو آپ دس سے پندرہ مرتبہ تک اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتے۔ ③

① البخری فی، لادب المفرد رقم 1007 و 1008 و ابو داود رقم 5208 والترمذی رقم 2707 و احمد فی، المسند، 2/230 و 287 و 439، و اسناده حسن وھو حدیث صحیح کما قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 183۔

② فی اسناده جعفر بن الزبیر وھو متروک الحدیث۔

③ فی اسناده جعفر بن الزبیر، ایضاً، وھو متروک الحدیث۔

[453] وَاَخْبَرَنِي اَبُو اَيُّوبَ الْخُزَاعِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو عَلْقَمَةَ نَصْرُ بْنُ خُزَيْمَةَ، اَخْبَرَنِي اَبِي، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِيهِ مَحْفُوظٍ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، قَالَ: قَالَ ابْنُ نَاسِخٍ عَبْدُ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَامَ مِنَ الْمَجْلِسِ اسْتَغْفَرَ عِشْرِينَ مَرَّةً فَاَعْلَنَ.

حضرت ابن عائذ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ حضرت ابن ناسخ عبداللہ حضرمی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ جب کسی مجلس سے اٹھتے تو بیس مرتبہ استغفار کرتے (تاکہ اہل مجلس کو پتہ چل جائے اور وہ بھی اس پر عمل کریں)۔ [1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا غَضِبَ

جب غصہ آئے تو کیا پڑھے؟

[454] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ مُعَاذٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اسْتَبَّ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَغَضِبَ اَحَدُهُمَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنِّي اَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ غَضَبُهُ: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ دو آدمی حضور نبی کریم ﷺ کی موجودگی میں گالی گلوچ کرنے لگے سو ان میں سے ایک غصے میں آ گیا تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: میں ایک کلمہ جانتا ہوں اگر وہ (غصے والا) اسے پڑھ لے تو اس کا غصہ چلا جائے گا (وہ کلمہ ہے):

﴿اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ.﴾

''اے اللہ! میں تیری شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں۔'' [2]

---

[1] ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4450 انظر، الاحادیث الضعیفة، له رقم 1371۔

[2] رواه الترمذی رقم 3448 فی الدعوات باب ما یقول عند الغضب۔ وابو داود رقم 4780 فی الادب: باب ما یقال عند الغضب، وھو حدیث حسن بشاھده، قال الترمذی: وفی الباب عن سلیمان بن صرف قال: وھذا حدیث مرسل، عبدالرحمن بن ابی لیلی لم یسمع من معاذ بن جبل، مات معاذ فی خلافة عمر بن الخطاب رضی الله عنه، و قتل عمر بن الخطاب و عبدالرحمن بن ابی لیلی غلام ابن ست سنین۔ وھکذا روی شعبة عن الحکم عن عبدالرحمن بن ابی لیلی اه۔لکن یشھد له حدیث سلیمان بن صرف رضی الله عنه وھو حدیث متفق عیه انظر، جامع الاصول، رقم 6203۔

[455] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ، ثنا اَبُو الْعُمَيْسِ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، قَالَ: كَانَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا إِذَا غَضِبَتْ عَرَكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَنْفِهَا، ثُمَّ يَقُولُ: " يَا عُوَيْشُ، قُولِي: اللّٰـهُمَّ رَبَّ مُحَمَّدٍ، اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِي، وَاَجِرْنِي مِنْ مُضِلَّاتِ الْفِتَنِ.

حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا جب غصے میں ہوتیں تو حضور نبی کریم ﷺ ان کی ناک کو پکڑ کر ملتے پھر فرماتے: اے عویش! کہو! اے اللہ: حضرت محمد (ﷺ) کے رب میرے گناہ کی مغفرت فرما اور میرے دل کے غصے کو ختم فرما، اور مجھے گمراہ کن فتنوں سے پناہ عطا فرما۔ ①

بَابُ كَيْفَ يُسَلِّمُ الرَّجُلُ إِذَا دَخَلَ بَيْتَهُ

جب آدمی اپنے گھر میں داخل ہو تو کیسے سلام کرے؟

[456] اَخْبَرَنَا اَبُو اللَّيْثِ الْفَرَائِضِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰـهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْمِقْدَادِ بنِ الْاَسْوَدِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: " قَدِمْتُ اَنَا وَصَاحِبَانِ لِي قَدْ ذَهَبَتْ اَسْمَاعُنَا وَاَبْصَارُنَا مِنَ الْجَهْدِ، فَجَعَلْنَا نَعْرِضُ اَنْفُسَنَا عَلَى اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَيْسَ اَحَدٌ يَقْبَلُنَا، فَانْطَلَقْنَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقَ بِنَا إِلَى اَهْلِهِ، فَإِذَا ثَلَاثَةُ اَعْنُزٍ، فَقَالَ لَنَا:)احْتَلِبُوا هَذَا اللَّبَنَ، فَاقْتَسِمُوا بَيْنَكُمْ(. قَالَ: فَكُنَّا نَفْعَلُ، وَنَرْفَعُ لِرَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَصِيبَهُ، فَيَجِيءُ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ، فَيُسَلِّمُ تَسْلِيمًا لَا يُوقِظُ نَائِمًا، وَيُسْمِعُ يَقْظَانَ، ثُمَّ يَأْتِي الْمَسْجِدَ وَيُصَلِّي، ثُمَّ يَأْتِي شَرَابَهُ فَيَشْرَبُهُ.

حضرت مقداد بن اسود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں اور میرے دو ساتھی آئے اس حال میں کہ ہماری سماعتیں (یعنی کان) اور ہماری بصارتیں (یعنی آنکھیں) تکلیف و مشقت کی وجہ سے ختم ہو گئی تھیں ہم اپنی جانوں کو رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کرام پر پیش کرتے تھے تو ہمیں کوئی ایک بھی قبول نہ کرتا تھا سو ہم رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ پر پہنچے تو آپ ہمیں اپنے ایک گھر کی طرف لے گئے وہاں پر تین بکریاں تھیں آپ ﷺ سے فرمایا: ان کا دودھ دوھو اور اسے اپنے درمیان بانٹ لو۔ کہتے ہیں

①ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4440۔

سو ہم اسی طرح کرتے اور رسول اللہ ﷺ کا حصہ اٹھا رکھتے تھے۔ کہتے ہیں کہ پس رسول اللہ ﷺ رات کو کسی وقت تشریف لاتے سو آپ سلام کرتے یوں کہ کوئی سوتا ہوا جاگے نہ اور جاگتے ہوئے سن لیں پھر آپ مسجد میں تشریف لاتے پس نماز ادا کرتے پھر اپنے (دودھ) پینے والے حصہ کی طرف آتے تو اسے نوش فرماتے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قُرِّبَ إِلَيْهِ الطَّعَامُ

جب کھانا کسی کے قریب کیا جائے تو وہ کیا پڑھے؟

[457] حَدَّثَنِي فَضْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي الزُّعَيْزِعَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الطَّعَامِ إِذَا قُرِّبَ إِلَيْهِ:)اللَّهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ، بِسْمِ اللَّهِ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ کی طرف جب کھانا قریب کیا جاتا تو آپ پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيمَا رَزَقْتَنَا. وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ. بِسْمِ اللّٰهِ﴾

''اے اللہ! جو تو نے ہمیں رزق دیا اس میں ہمارے لیے برکت عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب بچا، اللہ کے نام سے میں شروع کرتا ہوں۔'' ②

بَابُ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ الطَّعَامِ

کھانا کھانے کے وقت بسم اللہ پڑھنے کا بیان

[458] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا الْأَعْمَشُ، عَنْ خَيْثَمَةَ، عَنْ أَبِي حُذَيْفَةَ، عَنْ حُذَيْفَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا إِذَا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدُعِينَا إِلَى طَعَامٍ، لَمْ نَضَعْ أَيْدِيَنَا حَتَّى يَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَدُعِينَا إِلَى طَعَامٍ، فَلَمْ يَضَعْ رَسُولُ

① مسلم رقم 2055 فی الاشربة: باب اکرام الضیف و فضل ایثاره، والترمذی رقم 2719 فی الاستئذان: باب کیف السلام، واحمد فی المسند، 3/6۔

② قال ابن علان فی الفتوحات الربانية، 5/178: قال الحافظ: ہذا حدیث غریب، وفیہ سنده ابن ابی الزعیزعة، قال البخاری: منكر الحديث جداً، وقد ذكر ابن عدی ہذا الحدیث فیما انكر علیہ، وقال: لا یتابع علی احادیثه، وذكره ابن حبان فی الضعفاء ووہاه۔

اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ، فَكَفَفْنَا أَيْدِيَنَا، فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ كَأَنَّمَا يُطْرَدُ، فَأَهْوَى بِيَدِهِ إِلَى الْقَصْعَةِ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ فَأَجْلَسَهُ، ثُمَّ جَاءَتْ جَارِيَةٌ فَأَهْوَتْ بِيَدِهَا إِلَى الْقَصْعَةِ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّيْطَانَ لَمَّا أَعْيَاهُ أَنْ نَدَعَ ذِكْرَ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى طَعَامِنَا جَاءَ بِهَذَا الْأَعْرَابِيِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهِ طَعَامَنَا، فَلَمَّا حَبَسْنَاهُ جَاءَ بِهَذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا طَعَامَنَ، فَوَاللّٰـهِ إِنَّ يَدَهُ فِي يَدِي مَعَ يَدِهَا (ثُمَّ ذَكَرَ اسْمَ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے تھے سو ہمیں کھانے کے لیے بلایا جاتا تو ہم اپنے ہاتھ (کھانے پر) نہ رکھتے جب تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنا ہاتھ مبارک نہ رکھ لیتے۔ سو (ایک دفعہ) ہمیں کھانے کے لیے بلایا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک (کھانے پر) نہ رکھا (کھانے کے لیے) تو ہم نے بھی اپنے ہاتھ روک لیے تو ایک اعرابی آیا گویا کہ اسے پیچھے ہٹایا جا رہا تھا سو اس نے اپنا ہاتھ پیالے کی طرف بڑھایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا اور اسے بٹھا لیا پھر ایک لونڈی آئی تو اس نے اپنے ہاتھ کو پیالے کی طرف بڑھایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک شیطان جب مایوس ہو گیا کہ ہم کھانے پر اللہ عزوجل کا نام لینا نہیں چھوڑیں گے تو وہ اس اعرابی (دیہاتی) کے ساتھ آیا تا کہ اس کے ساتھ ہمارے کھانے کو (اپنے لیے) حلال کر لے تو جب ہم نے اس کو روک لیا تو وہ اس لونڈی کے ساتھ آیا تا کہ ہمارے کھانے کو اس کے ذریعے (اپنے لیے) حلال کر لے تو اللہ کی قسم! بے شک اس (یعنی شیطان) کا ہاتھ میرے ہاتھ میں اس کے (یعنی لونڈی کے) ہاتھ کے ساتھ ہے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ عزوجل کا نام لے کر کھانا کھایا۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا نَسِيَ التَّسْمِيَةَ فِي أَوَّلِ طَعَامِهِ

جب کوئی کھانے کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا بھول جائے تو وہ کیا پڑھے؟

[459] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا شَبَابُ خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ، ثنا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُوسَى الْجُهَنِيَّ، يَقُولُ: أَخْبَرَنِي الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَسْعُودٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰـهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى

---

[1] رواہ مسلم رقم 2017 فی الاشربة: باب آداب الطعام والشراب واحکامها، وابو داود رقم 3866 فی الاطعمة: باب التسمية على الطعام۔

اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ نَسِيَ اَنْ يَذْكُرَ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي اَوَّلِ طَعَامِهِ فَلْيَقُلْ حِينَ يَذْكُرُ: بِسْمِ اللّٰـهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، فَإِنَّهُ يَسْتَقْبِلُ مِنْ طَعَامِهِ جَدِيدًا، وَيَمْتَنِعُ الْخَبِيثُ مِمَّا كَانَ يُصِيبُ مِنْهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کھانے کے شروع میں اللہ عزوجل کا نام لینا بھول جائے تو جب اسے یاد آئے یہ کہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ اَوَّلَهٗ وَاٰخِرَهٗ﴾

بلاشبہ وہ اپنے نئے کھانے سے استقبال کرے گا (یعنی گویا کہ اس نے ابھی کھانا شروع کیا ہے) اس کا بسم اللہ پڑھنا خبیث کو روک دے گا۔ جو وہ اس (یعنی کھانے) سے حاصل کر رہا تھا۔ ①

[460] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ حَمْزَةَ النَّصِيبِيِّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ نَسِيَ اَنْ يُسَمِّيَ عَلَى طَعَامِهِ، فَلْيَقْرَأْ: قُلْ هُوَ اللّٰـهُ اَحَدٌ إِذَا فَرَغَ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے کھانے پر اللہ کا نام لینا (یعنی بسم اللہ پڑھنا) بھول جائے تو اسے چاہیے کہ جب وہ (کھانا کھا کر) فارغ ہو جائے تو

﴿قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ﴾

پڑھ لے۔ ②

بَابُ التَّسْمِيَةِ عَلٰى اٰخِرِ الطَّعَامِ

کھانے کے آخر میں بسم اللہ پڑھنے کا بیان

[461] حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ صُبْحٍ، حَدَّثَنِي الْمُثَنَّى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخُزَاعِيُّ، وَصَحِبْتُهُ إِلَى وَاسِطَ، وَكَانَ إِذَا اَكَلَ يُسَمِّي، وَإِذَا كَانَ فِي آخِرِ لُقْمَةٍ قَالَ: بِسْمِ اللّٰـهِ اَوَّلَهُ وَآخِرَهُ. قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ: إِنَّ جَدِّي اُمَيَّةَ بْنَ مَخْشِيٍّ حَدَّثَنِي - وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اَنَّ

① رواه ابن حبان رقم 1340، موارد، واسناده صحيح۔ انظر، الاحاديث الصحيحة، رقم 198۔

② فی اسناده حمزة النصيبی، وهو متروک متهم بالوضع، كما قال الحافظ فی، التقريب، 199/1، وقد اشتد انكار الامام البيهقی علی ابی محمد الجوينی فی ادخاله هذا الحديث فی كتابه، المحيط، وذكر الذهبی الحديث فی، الميزان، وعده من مناكير حمزة هذا۔

رَجُلًا كَانَ يَأْكُلُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُسَمِّ، فَلَمَّا كَانَ فِي آخِرِ لُقْمَةٍ قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَازَالَ الشَّيْطَانُ يَأْكُلُ مَعَكَ حَتَّى سَمَّيْتَ؛ فَقَاءَ الشَّيْطَانُ مَا أَكَلَ.

حضرت جابر بن صبح سے روایت ہے کہ مجھے حضرت مثنی بن عبدالرحمن الخزاعی نے حدیث بیان کی اوران کی ان کے ساتھ واسط شہر میں صحبت رہی کہ وہ جب کھانا کھاتے تو تسمیہ (بسم اللہ) پڑھتے سو جب ان کا آخری لقمہ ہوتا تو کہتے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ﴾

کہتے ہیں کہ میں نے ان سے اس بارے عرض کی تو انہوں نے کہا: میرے دادا حضرت امیہ بن مخشی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے حدیث بیان کی اور وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے تھے کہ ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس کھانا کھایا تو بسم اللہ نہ پڑھی سو جب اس کا آخری لقمہ تھا تو اس نے پڑھا:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهُ وَآخِرَهُ﴾

توحضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: شیطان تیرے ساتھ کھانے میں شریک رہا حتی کہ تو نے بسم اللہ پڑھی تو شیطان نے جو کھایا تھا اسے قے کر دیا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ يَأْكُلُ مَعَهُ

اپنے ساتھ کھانا کھانے والے کو کیا کہے؟

[462] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَبِيبِ بْنِ بُدَيَّةَ، ثنا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَطْعَمُ، فَقَالَ: «ادْنُ وَكُلْ وَسَمِّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ.

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور آپ کھانا تناول فرما رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (مجھ سے) فرمایا: قریب آ کھانا کھا اور اللہ عزوجل کا نام لے اور اپنے دائیں طرف سے کھا اور وہاں سے کھا جو تیرے نزدیک ہے۔ (یعنی اپنی طرف سے اپنے سامنے سے کھا)۔ ②

① رواہ ابو داود رقم 3868 فی الاطعمة: باب التسمیة علی الطعام، واحمد فی المسند، 336/4 والحاکم 4/108-109، واسنادہ ضعیف، قال الحافظ فی تخریج الاذکار، 189/5 بعد تخریج الحدیث: ہذا حدیث غریب، لکن الحدیث صحیح بشواہدہ۔ انظر، الارواء، رقم 1965۔
② ورواہ ابو داود رقم 3777 فی الاطعمة: باب الاکل بالیمین، والترمذی رقم 1858 فی الاطعمة: باب ما جاء فی التسمیة علی الطعام، ورواہ البخاری و مسلم بلفظ آخر، انظر، الارواء، رقم 1968 و، جامع الاصول، رقم 5445۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَكَلَ مَعَ ذِي عَاهَةٍ

جب کسی کے ساتھ کوڑھ والا کھانا کھائے تو وہ کیا کہے؟

[463] حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ فَضَالَةَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ الشَّهِيدِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَذَ بِيَدِ مَجْذُومٍ، فَوَضَعَهَا مَعَهُ فِي الْقَصْعَةِ، فَقَالَ:)كُلْ بِسْمِ اللّٰهِ، ثِقَةً بِاللّٰهِ، وَتَوَكُّلًا عَلَيْهِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک کوڑھی شخص کا ہاتھ پکڑا اور اسے اپنے ساتھ پیالے میں رکھا پھر آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا نام لے کر اللہ کی ذات پر پختہ یقین اور توکل کرتے ہوئے کھا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَكَلَ

جب کھائے تو کیا پڑھے؟

[464] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّسَائِيُّ، أنا أَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الرَّهَاوِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ رِيَاحٍ، - وَقَالَ مَرَّةً: أَخْبَرَنِي رِيَاحٌ - عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ طَعَامًا قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِينَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ جب کھانا تناول فرماتے تو پڑھتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِيْنَ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔'' ②

---

① رواه ابو داود رقم 3925، فی الطب: باب فی الطيرة، والترمذی رقم 1818 فی الاطعمة: باب ما جاء فی الاكل مع المجزوم۔ وفی اسناده المفضل بن فضالة بن ابی امية البصيری ابو مالک اخو مبارک بن فضالة، وهو ضعيف، كما قال فی ،التقريب،، وقد قال الترمذی: هذا حديث غريب لا تعرفه الا من حديث يونس بن محمد عن المفضل من فضالة۔ انظر ،الفتوحات الربانية، 216/5۔

② رواه ابو داود رقم 3850 فی الاطعمة: باب ما يقول الرجل اذا طعم، والترمذی رقم 3453 فی الدعوات: باب ما يقول اذا فرغ من الطعام، وابن ماجه رقم 3283، واحمد فی ،المسند، 32/3۔ قال الحافظ: هذا حديث حسن، وذكره فی ،الفتح، وسكت عنه۔ وقال الالبانی فی ،تخريج الكلم، رقم 188: ضعيف۔

[465] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جُبَيْرٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ رَجُلٍ، خَدَمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَ سِنِينَ، اَنَّهُ كَانَ يَسْمَعُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قُرِّبَ إِلَيْهِ طَعَامُهُ يَقُولُ:)بِسْمِ اللّٰـهِ(. فَإِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهِ قَالَ:)اللّٰـهُمَّ اَطْعَمْتَ وَسَقَيْتَ، وَاَغْنَيْتَ، وَاَقْنَيْتَ وَهَدَيْتَ، وَاَحْيَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى مَا اَعْطَيْتَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبدالرحمن بن جبیر سے روایت ہے وہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں جس نے حضور نبی کریم ﷺ کی آٹھ سال خدمت کی کہ انہوں نے حضور نبی کریم ﷺ کو جب آپ کے سامنے کھانا پیش کیا جاتا یہ پڑھتے ہوئے سنا: بسم اللہ (اللہ کے نام سے شروع) اور جب آپ اپنے کھانے سے فارغ ہوجاتے تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَطْعَمْتَ وَسَقَيْتَ، وَاَغْنَيْتَ، وَاَقْنَيْتَ وَهَدَيْتَ، وَاَحْيَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا اَعْطَيْتَ﴾

"اے اللہ! تو نے مجھ کو کھلایا اور پلایا اور غنی کیا، اور جائے پناہ دی، اور ہدایت دی اور زندگی دی، تیری ہی ذات کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں اس پر جو کچھ تو نے مجھے عطا فرمایا۔"①

[466] حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ سُمَيْعٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي الزُّعَيْزِعَةِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الطَّعَامِ إِذَا فَرَغَ:)الْحَمْدُ اللّٰـهِ الَّذِي مَنَّ عَلَيْنَا وَهَدَانَا، وَالَّذِي اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا، وَكُلَّ الْإِحْسَانِ آتَانَا نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ جب کھانا کھا کر فارغ ہوجاتے تو کہتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ مَنَّ عَلَيْنَا وَهَدَانَا، وَالَّذِيْ اَشْبَعَنَا وَاَرْوَانَا، وَكُلَّ الْإِحْسَانِ اٰتَانَا﴾

① رواه احمد فی ،المسند، 62/4 و 337 و 375/5۔ قال الحافظ بعد تخریج الحدیث۔ ہذا حدیث صحیح۔ اخرجه النسائی فی ،الکبری من طریق یونس بن عبدالاعلی عن ابن وہب عن سعید بن ابی ایوب بن بکر عن عمرو عن ابن ہبیرۃ، یعنی عبداللہ عن عبدالرحمن ابن جبیر عن رجل خدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم وابن السنی من طریق عبداللہ بن یزید المقری، عن سعید، وساقه الشیخ۔ یعنی الامام النووی۔ علی لفظه، وقلوه: باسناد حسن۔ قال الحافظ: فی اقتصاره علی حسن نظر، فان رجال سنده من یونس الی الصحابی اخرج لهم مسلم، وقد صرح التابعی بان الصحابی حدثه فی روایة المقری، فلعله۔ ای الامام النووی۔ خفی علیه حال ابن ہبیرۃ، انظر ،الفتوحات الربانیة، 236/5۔

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے ہم پر احسان فرمایا، اور ہمیں ہدایت عطا فرمائی اور وہ ذات جس نے ہمیں شکم سیر کیا، اور ہمیں ٹھکانہ دیا اور ہر بھلائی ہمیں عطا کی۔''①

[467] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، وَاَبُو خَيْثَمَةَ، وَاَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ قَالُوا: ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِئُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، حَدَّثَنِي اَبُو مَرْحُومٍ عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ اَكَلَ طَعَامًا، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي اَطْعَمَنِي هَذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ، غَفَرَ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ.

حضرت سہل بن معاذ بن انس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے کھانا کھایا سو کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ، غَفَرَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا، اور میری بغیر مشقت اور قوت (ضرور کرنے) کے مجھے رزق عطا فرمایا، تو اللہ تعالیٰ اس کے سابقہ گناہ معاف فرما دیتا ہے۔''②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا شَبِعَ مِنَ الطَّعَامِ

جب پیٹ بھر کر کھائے تو کیا پڑھے؟

[468] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاَبُو الْحَسَنِ بْنُ جُوصَاءَ، قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، ثنا السَّرِيُّ بْنُ يَنْعُمَ الْجُبْلَانِيُّ، حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ جَشِيبٍ، حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: دُعِينَا إِلَى وَلِيمَةٍ وَهُوَ مَعَنَا، فَلَمَّا شَبِعَ مِنَ الطَّعَامِ قَالَ: اَمَا إِنِّي لَسْتُ اَقُومُ مَقَامِي هَذَا خَطِيبًا، كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَبِعَ مِنَ الطَّعَامِ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰـهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبُّنَا نَوْعٌ آخَرُ

① تقدم تخریجه بر قم 457۔

② رواه الترمذی رقم 3454 فی الدعوات: باب مایقول اذا فرغ من الطعام، وابو داود رقم 4023 فی اللباس: باب رقم 1، وابن ماجه رقم 3285 فی الاطعمة: باب مایقال اذا فرغ من الطعام، واحمد فی المسند 3/439، والحاکم 1/507 و 4/192، و اسناده حسن، وحسنه الحافظ فی تخریج الاذکار، کما فی الفتوحات 1/304 تقدم بر قم 271۔

حضرت خالد بن معدان حضرت ابوامامہ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ فرماتے ہیں کہ ہمیں ایک کھانے کی دعوت دی گئی اور وہ ہمارے ساتھ تھے سو جب وہ کھانا کھا کر سیر ہو گئے تو فرمایا: بلاشبہ میں اس مقام پر کوئی خطبہ دینے کھڑا نہیں ہوا بات یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا کھا کر سیر ہو جاتے تو پڑھتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبُّنَا﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں بہت زیادہ پاکیزہ، بابرکت جو منقطع نہ ہو اور جو ایک بار آنے کے بعد دوبارہ نہ آئے اور نہ ایسی جس کی طرف حاجت نہ رہے، اے ہمارے رب!"[1]

[469] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، ثنا اللَّيْثُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَمَّنْ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يَفْرُغُ مِنْ طَعَامِهِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَطْعَمَنِي فَاَشْبَعَنِي، وَسَقَانِي فَاَرْوَانِي، بِلَا حَوْلٍ مِنِّي وَلَا قُوَّةٍ، فَقَدْ اَدَّى شُكْرَ ذَلِكَ الطَّعَامِ.

حضرت سعید بن ہلال اس شخص سے روایت کرتے ہیں جس نے اس حدیث کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے کھانے سے فارغ ہو جائے وہ یہ دعا پڑھے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ فَاَشْبَعَنِيْ ، وَسَقَانِيْ فَاَرْوَانِيْ ، بِلَا حَوْلٍ مِنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے کھلایا سو سیر کر دیا، اور مجھے پلایا اور مجھے ٹھکانہ دیا بغیر میری محنت (صرف کرنے) کے اور قوت کے۔"[2]

تو بلاشبہ اس نے اس کھانے کا شکریہ ادا کر لیا۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا شَرِبَ

جب پیئے تو کیا پڑھے؟

[470] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو هَمَّامٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي عَقِيلٍ الْقُرَشِيِّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ اَبِي اَيُّوبَ الْاَنْصَارِيِّ، رَضِيَ

[1] فی سندہ بقیۃ بن الولید، وھو ضعیف، ورواہ من طریق آخر البخاری 9/501، 502 فی الاطعمۃ: باب ما یقول اذا فرغ من طعامہ، والترمذی رقم 3452 فی الدعوات: باب ما یقول اذا فرغ من الطعام۔

[2] فی اسنادہ جہالۃ ویشہد لہ الحدیث رقم 473 الاتی۔

اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ إِذَا أَكَلَ وَشَرِبَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي أَطْعَمَ وَسَقَى وَسَوَّغَهُ، وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا.

حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کھانا تناول فرماتے اور پانی نوش فرماتے تو کہتے:

﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهُ، وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا﴾

”تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے کھلایا اور پلایا اور اسے اندر پہنچایا اور اس کے نکلنے کا راستہ بنایا۔“①

[471] أَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا الْمُعَلَّى بْنُ عُرْفَانَ، عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ:) كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَرِبَ فِي الْإِنَاءِ تَنَفَّسَ ثَلَاثَةَ أَنْفَاسٍ، يَحْمَدُ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي كُلِّ نَفَسٍ، وَيَشْكُرُهُ فِي آخِرِهِنَّ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ جب برتن میں پیتے تو تین سانسیں لیتے ہر سانس پر اللہ عزوجل کی حمد کرتے اور آخری (سانس) پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرتے۔②

[472] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا ابْنُ أَبِي أُوَيْسٍ، ثنا ابْنُ أَبِي فُدَيْكٍ، ثنا شِبْلُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ سُمَيٍّ، مَوْلَى أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ نَوْفَلِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الدُّؤَلِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ:) كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ بِثَلَاثَةِ أَنْفَاسٍ، يُسَمِّي اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ فِي أَوَّلِهِ، وَيَحْمَدُهُ فِي آخِرِهِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت نوفل بن معاویہ الدولی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ تین سانسوں میں پیتے تھے۔ اس کے شروع میں اللہ عزوجل کا نام لیتے (یعنی بسم اللہ پڑھتے) اور اس کے آخر میں اس کی حمد کرتے (یعنی الحمد للہ کہتے)۔③

---

① رواہ ابو داود رقم 3851 فی الاطعمة: باب مایقول الرجل اذا طعم، وابن حبان فی، صحیحہ، رقم 1351، موارد، واسنادہ صحیح۔ قال الحافظ فی، تخریج الاذکار: الحدیث صحیح، واشار الی ان الطبرانی اخرجہ فی کتاب الدعاء۔ انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 705۔

② فی اسنادہ المعلی بن عرفان، قال الذہبی فی، المیزان: قال ابن معین: لیس بشیء، وقال البخاری: منکر الحدیث، وقال النسائی: متروک الحدیث، ولہ شاہد من حدیث نوفل بن معین الاتی بعدہ، وسندہ ضعیف۔ واصل تثلیث النفس فی الشرب رواہ البخاری 10/81، ومسلم رقم 2028، من حدیث انس بن مالک رضی اللہ عنہ، دون التحمید والشکر، انظر، الفتوحات، 5/240-241۔

③ اسنادہ ضعیف، ولکن لہ شاہد من حدیث عبد اللہ۔ مسعود الذی تقدم قبلہ۔ وقال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 4832: صحیح انظر والاحادیث الصحیحة، رقم 1277۔

[473] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الشَّامِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا حَرْبُ بْنُ سُرَيْجٍ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، قَالَ: تَغَدَّيْتُ عِنْدَ اَبِي بُرْدَةَ، فَقَالَ: اَلَا أُحَدِّثُكَ مَا حَدَّثَنِي بِهِ عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ قَيْسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ؟ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ اَكَلَ فَشَبِعَ، وَشَرِبَ فَرَوِيَ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي اَطْعَمَنِي فَاَشْبَعَنِي، وَسَقَانِي فَاَرْوَانِي، خَرَجَ مِنْ ذُنُوبِهِ كَيَوْمِ وَلَدَتْهُ اُمُّهُ.

حضرت عبداللہ بن قیس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس نے کھایا پس سیر ہوگیا اور پیا جی بھر کر پھر کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنِيْ فَاَشْبَعَنِيْ، وَسَقَانِيْ فَاَرْوَانِيْ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے کھلایا تو خوب سیر کر دیا اور پلایا تو خوب سیری سے۔"

تو وہ اپنے گناہوں سے یوں نکل جاتا ہے جیسے اس کی ماں نے اس کو جس دن جنا تھا۔ (تو وہ گناہوں سے پاک تھا)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا شَرِبَ اللَّبَنَ

جب دودھ پیئے تو کیا پڑھے؟

[474] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ جُدْعَانَ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ حَرْمَلَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ اَطْعَمَهُ اللّٰـهُ طَعَامًا فَلْيَقُلِ: اللّٰـهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ، وَمَنْ سَقَاهُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ لَبَنًا فَلْيَقُلِ: اللّٰـهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَزِدْنَا مِنْهُ، فَإِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ يُجْزِئُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ غَيْرُ اللَّبَنِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس آدمی کو اللہ تعالیٰ کھانا کھلائے تو وہ کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَاَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ﴾

"اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھلا۔"

① قال الهيثمي في المجمع، 29/5: رواه ابو يعلى وفيه من لم اعرفه۔ انظر الاحاديث الضعيفة للالباني رقم 1141۔

اور جس آدمی کو اللہ تعالیٰ دودھ پلائے تو وہ یہ کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ، وَزِدْنَا مِنْهُ﴾

''اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت فرما اور ہمارے لیے اس میں زیادتی فرما۔''

کیونکہ کوئی بھی چیز کھانے اور پینے میں دودھ کے سوا کفایت نہیں کرتی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ سَقَاهُ

پلانے والے کو کیا دعا دے؟

[475] اَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الضَّحَّاكِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَنْجِرَ، ثنا اَبُو مُسْهِرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنِي إِسْحَاقُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي فَرْوَةَ، حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ جَدَّتِهِ مَيْمُونَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ الْخُزَاعِيِّ، اَنَّهُ سَقَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبَنًا، فَقَالَ: (اللّٰهُمَّ اَمْتِعْهُ بِشَبَابِهِ) فَمَرَّتْ عَلَيْهِ ثَمَانُونَ سَنَةً لَمْ يَرَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ.

حضرت عمرو بن الحمق الخزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دودھ پلایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان کے لیے بطور دعا) فرمایا:

﴿اَللّٰهُمَّ اَمْتِعْهُ بِشَبَابِهِ﴾

''اے اللہ! اسے اپنی جوانی سے نفع عطا فرما۔''

سوان پر اسی سال گزر گئے (یعنی ان کی عمر اسی سال ہوگئی) لیکن ان کا بال بھی سفید نہیں ہوا۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اَكَلَ عِنْدَ قَوْمٍ

جب قوم کے پاس کھائے تو کیا پڑھے؟

[476] حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُمَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ

---

① رواه ابو داود رقم 3730 فی الاشربة: باب مایقول اذا شرب اللبن، والترمذی رقم 3451 فی الدعوات: باب مایقول إذا اکل طعاماً، وفی اسناده علی بن زید بن جدعان، وهو ضعیف، ومع ذلک فقد حسنه الترمذی، والالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 374 و5921۔

② فی اسناده اسحاق بن عبدالله بن ابی فروة، وهو متروک؛ قال الحافظ: وللحدیث شاهد عن عمرو بن ثوبة الجهنی عند الطبرانی، وآخر عند ابن السنی عن انس من وجهین، والله اعلم۔ انظر، الاصابة، رقم 5813 فی ترجمة عمرو بن الحمق ففیه عن جده معاویة ولکن ذکر فی، التهذیب، فی ترجمة عمرو بن الحمق عن جدته میمونة والله اعلم۔

بْنِ بُسْرٍ السُّلَمِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَبِي، فَأَتَاهُ بِطَعَامٍ وَحَيْسَةٍ وَسَوِيقٍ وَتَمْرٍ، ثُمَّ أَتَاهُ بِشَرَابٍ، فَنَاوَلَ مَنْ عَنْ يَمِينِهِ. قَالَ: وَكَانَ يَأْكُلُ التَّمْرَ، وَيَضَعُ النَّوَى عَلَى ظَهْرِ أُصْبُعِهِ السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى، ثُمَّ يَرْمِي بِهِ، ثُمَّ دَعَا لَهُمْ، فَقَالَ:)اللّٰـهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ.

حضرت عبداللہ بن بُسر السلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے والد گرامی کے پاس تشریف لائے تو انہوں نے کھانا اور حیسہ (یہ وہ کھانا ہے جو پنیر، مکھن اور جو ملا کر بنایا جاتا ہے) اور ستو اور کھجور آپ کی خدمت میں پیش کیے پھر آپ کے پاس پینے کے لیے (مشروب) لے کر آئے تو آپ ﷺ نے اس میں سے اپنی دائیں طرف سے کچھ لیا۔ کہتے ہیں اور کھجوریں کھائیں اور گٹھلی کو اپنی شہادت والی درمیانی انگلی پر رکھ کر پھر اسے پھینکا پھر ان کے لیے دعا کی تو کہا:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ، وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ﴾

''اے اللہ انہیں برکت عطا فرما اس میں جو تو نے انہیں رزق دیا ہے اور ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ اَمَاطَ الْاَذٰى عَنْ طَعَامِهٖ وَشَرَابِهٖ

جو کسی کے کھانے اور پینے کی چیز سے تنکا وغیرہ دور کرے اسے کیا دعا دے؟

[477] اَخْبَرَنَا اَبُو شَيْبَةَ دَاوُدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا اَبُو تُمَيْلَةَ يَحْيَى بْنُ وَاضِحٍ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ، حَدَّثَنِي اَبُو نَهِيكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ اَخْطَبَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: اِسْتَسْقَى رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فِي جُمْجُمَةٍ وَفِيهَا شَعْرَةٌ، فَأَخْرَجْتُهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) اللّٰـهُمَّ جَمِّلْهُ(قَالَ: فَرَأَيْتُهُ ابْنَ ثَلَاثٍ وَتِسْعِينَ اَسْوَدَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ.

حضرت حسین بن واقد سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت ابن نہیک نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عمرو بن اخطب رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے پانی طلب فرمایا تو میں آپ ﷺ کے پاس ایک لکڑی کے بنے پیالہ میں پانی لے کر آیا تو اس میں ایک بال تھا سو میں نے اس کو باہر نکال دیا تو رسول اللہ ﷺ نے (مجھے دعا دیتے ہوئے) کہا:

﴿اَللّٰهُمَّ جَمِّلْهُ﴾

''اے اللہ اس کو جمال (حسن) عطا فرما دے۔''

① رواہ مسلم رقم 2042 فی الاشربۃ: باب استحباب وضع النوی خارج التمر، وابو داود رقم 3729 فی الاشربۃ: باب الفتح فی الشراب والتنفس فیہ، والترمذی رقم 3571 فی الدعوات: باب ماجاء فی دعاء الضیف۔ انظر روایات الحدیث فی، جامع الاصول، روم 5458۔

تو میں نے ان کوترانوے سال کی عمر میں دیکھا تو ان کے سر اور داڑھی کے بال کالے تھے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَفْطَرَ

جب افطاری کرے تو کیا دعا کرے؟

[478] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَخْبَرَنِي قُرَيْشُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ، ثنا مَرْوَانُ الْمُقَفَّعُ، قَالَ: رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ قَبَضَ عَلَى لِحْيَتِهِ، فَقَطَعَ مَا زَادَ عَلَى الْكَفِّ، وَقَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَفْطَرَ قَالَ:)ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ، وَثَبَتَ الْاَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت حسین بن واقد کا بیان ہے کہ ہم سے حضرت مروان المقفع نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ انہوں نے اپنی ڈاڑھی کو مٹھی میں لیا اور جو ہتھیلی سے زیادہ تھی اسے کاٹ دیا اور فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ جب روزہ افطار کرتے تو پڑھتے:

﴿ذَهَبَ الظَّمَأُ، وَابْتَلَّتِ الْعُرُوقُ، وَثَبَتَ الْاَجْرُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ﴾

''پیاس ختم ہوگئی اور رگیں تر ہوگئیں اور اجر وثواب ثابت ہوگیا اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا۔'' ②

[479] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شَاكِرٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ اَسَدٍ الْقَطِيعِيُّ، ثنا اَبُو النَّضْرِ، حَدَّثَنَا الْاَشْجَعِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ زُهْرَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَفْطَرَ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي اَعَانَنِي فَصُمْتُ، وَرَزَقَنِي فَاَفْطَرْتُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت معاذ بن زہرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب (روزہ) افطار کرتے تو پڑھتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَعَانَنِيْ فَصُمْتُ، وَرَزَقَنِيْ فَاَفْطَرْتُ﴾

① قال الحافظ في، تخريج الاذكار، بعد تخريجه: حديث حسن، اخرجه احمد و ابن حبان و الحاكم 1/139، ورجاله رجال الصحيح، الا ابانهيك، واسمه عثمان بن نهيك بصري صدوق، قال الحافظ: وجاء من وجه آخر بلفظ آخر عن ابي زيد عمرو بن اخطب الانصاري- قال: مسح رسول الله صلى الله عليه وسلم يده على وجهي ودعالي بالجمال، اخرجه الترمذي واخرجه احمد وقال في روايته: اللهم جمله و ادم جماله، اه الفتوحات الربانية، 5/255، و، المسند، 5/340۔

② ورواه ابو داود رقم 2357 في السوم: باب القول عند الفطار، والدار قطني 2/185، والحاكم 1/422، وفيه مروان بن سالم المقنع، وثقه ابن حبان، وحسن حديثه الدار قطني وابن حجر، وباقي رجاله ثقات۔ وقول الحاكم: وقد احتج البخاري بمروان، وهم منه، فان مروان المق احتج به البخاري غير مروان هذا، انظر، ارواء الغليل، للالباني رقم 920۔

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے میری امداد فرمائی تو میں نے روزہ رکھا اور مجھے رزق دیا تو میں نے افطار کیا۔''①

[480] حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُكْتِبُ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هَارُونَ بْنِ عَنْتَرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَفْطَرَ يَقُولُ:)اللّٰـهُمَّ لَكَ صُمْنَا، وَعَلَى رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا، فَتَقَبَّلْ مِنَّا، إِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب افطاری کرتے تو (یہ دعا) پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْنَا، وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا، فَتَقَبَّلْ مِنَّا، اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾

''اے اللہ! تیری ذات (کی خوشنودی) کے لیے ہم نے روزہ رکھا اور تیرے (دیے ہوئے) رزق سے ہم نے افطار کیا سو تو ہم سے (اس روزہ کو) قبول فرما، بے شک تو سننے والا جاننے والا ہے۔''②

بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْإِفْطَارِ

افطاری کے وقت کی دعا کا بیان

[481] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰـهِ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي مُلَيْكَةَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ لِلصَّائِمِ عِنْدَ فِطْرِهِ لَدَعْوَةً مَا تُرَدُّ(. قَالَ ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ إِذَا اَفْطَرَ:)اللّٰـهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ اَنْ تَغْفِرَ لِي.

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: بے شک روزہ دار کے لیے اس کے افطار کرنے کے وقت ایک دعا ہے جو رد نہیں کی جاتی۔ حضرت ابن ابی ملیکہ نے فرمایا کہ میں نے حضرت ابن عمرو کو جب وہ افطار کرتے یہ پڑھتے سنا:

---

① ورواہ ابو داود رقم 2358 فی الصوم: باب القول عند الافطار، و معاذ بن زہرۃ تابعی لم یوثقہ غیر ابن حبان فھو مرسل، ولکن للحدیث شواہد بقوی بھا، انظر، ارواء الغلیل، رقم 919۔

② فی اسنادہ عبدالملک بن ہارون بن عنترۃ، ضعفہ احمد والدار قطنی، وقال یحیی: کذاب، وقال ابو حاتم: متروک ذاہب الحدیث، وقال ابن حبان: یضع الحدیث۔ انظر: ارواء الغلیل، رقم 919۔

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ اَنْ تَغْفِرَ لِيْ﴾

''اے اللہ! بلاشبہ میں تجھ سے تیری ایسی رحمت کا سوال کرتا ہوں جو ہر شے کو وسیع ہے کہ تو میری مغفرت فرما دے۔''①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا اَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ

جب قوم کے پاس افطاری کرے تو کیا دعا کرے؟

[482] حَدَّثَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ بَيَانٍ، ثنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَفْطَرَ عِنْدَ قَوْمٍ دَعَا لَهُمْ، فَقَالَ:)اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم کے پاس افطاری کرتے تو ان کے لیے دعا کرتے کہتے:

﴿اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ، وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ، وَصَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ﴾

''(اللہ کرے) تمہارے پاس روزہ دار لوگ افطاری کریں اور تمہارا کھانا نیک لوگ کھائیں اور فرشتے تم پر رحمت بھیجیں۔''②

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا رُفِعَ طَعَامُهُ

جب کھانا اٹھا لیا جائے تو کیا پڑھے؟

[483] اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ قَحْطَبَةَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِسْحَاقَ الْعَطَّارُ، ثنا مِنْدَلُ، عَنْ عَبْدِ الْوَارِثِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ

① قال الالبانی فی ,ارواء الغلیل, رقم 921: اسناده ضعیف، وبین علته، وقال البوصیری فی ,الزوائد, رقم 1753: اسناده صحیح، لان اسحاق بن عبداللہ بن الحارث، قال النسائی: لیس به باس، وقال ابو زرعة: ثقة، وذکره ابن حبان فی الثقات، وباقی رجال الاسناده علی شرط البخاری۔

② ورواه ابو داود, رقم 3854 فی الاطعمة: باب ما جاء فی الدعاء لرب الطعام۔ واحمد فی ,المسند, 3/138، والبیهقی فی ,سنه, 7/287، والطبرانی فی الدعاء، واسناده حسن، وهو حدیث صحیح انظر ,الفتوحات الربانیة, 343 و, آداب از فاف, صفحه 91-92۔

اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنَّ الرَّجُلَ لَيَضَعُ طَعَامَهُ، فَمَا يُرْفَعُ حَتَّى يُغْفَرَ لَهُ(. قَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: " يَقُولُ: بِسْمِ اللّٰـهِ إِذَا وَضَعَ طَعَامَهُ، وَإِذَا رَفَعَ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ كَثِيرًا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک ایک آدمی اپنا کھانا (کھانے کے لیے) رکھتا ہے سو وہ اسے (کھا کر) نہیں اٹھاتا حتی کہ اس کی بخشش کر دی جاتی ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کیا: یا رسول اللہ! وہ کیسے؟ فرمایا کہ وہ جب اپنا کھانا رکھتا ہے تو پڑھتا ہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ.﴾

اور جب وہ فارغ ہوتا ہے تو کہتا ہے:[1]

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا﴾

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رُفِعَتْ مَائِدَتُهُ

جب دستر خوان اٹھا لیا جائے تو کیا پڑھے؟

[484] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يَزِيدَ السَّيَّارِيُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ حَبِيبٍ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ اَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رُفِعَتْ مَائِدَتُهُ قَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰـهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ، غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب آپ کا دستر خوان اٹھا دیا جاتا تو یہ دعا پڑھتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ. غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں بہت زیادہ تعریف پاکیزہ، بابرکت جو منقطع نہ ہو اور جو ایک بار آنے کے بعد دوبارہ نہ آئے اور نہ ایسی جس کی طرف حاجت نہ رہے اے ہمارے رب!''[2]

---

[1] فی اسنادہ عبد الوارث الراوی عن انس، ضعفہ الدار قطنی، وقال البخاری: منکر الحدیث، وقال ابن معین: مجھول، ومندل بن علی ضعفہ احمد والدار قطنی۔

[2] رواہ البخری 501/9 فی الاطعمة: باب ما یقول اذا فرغ من طعامه، وابو داود رقم 3849 فی الأطعمة باب ما یقول الرجل اذا طعم، والترمذی رقم 3452 فی الدعوات: باب ما یقول اذا فرع من الطعام، وابن ماجه رقم 3284 فی الأطعمة: باب ما یقال اذا فرغ من الطعام واحمد فی المسند 253/5 و 256 و 261 و 267۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا غَسَلَ يَدَيْهِ

جب اپنے ہاتھوں کو دھوئے تو کیا پڑھے؟

[485] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: دَعَا رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ اَهْلِ قُبَاءَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْنَا مَعَهُ، فَلَمَّا طَعِمَ وَغَسَلَ يَدَهُ - اَوْ قَالَ يَدَيْهِ - قَالَ:) الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ، مَنَّ عَلَيْنَا فَهَدَانَا، وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكُلَّ بَلَاءٍ حَسَنٍ اَبْلَانَا، الْحَمْدُ لِلّٰـهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ رَبِّي وَلَا مُكَافَأٍ وَلَا مَكْفُورٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ، الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ، وَاَسْقَى مِنَ الشَّرَابِ، وَكَسَا مِنَ الْعُرْيِ، وَهَدَى مِنَ الضَّلَالَةِ، وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمَى، وَفَضَّلَ عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَهُ تَفْضِيلًا، الْحَمْدُ لِلّٰـهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اہل قباء کے انصار میں سے ایک آدمی نے حضور نبی کریم ﷺ کو دعوت دی۔ کہا کہ ہم بھی آپ ﷺ کے ساتھ چل پڑے سو جب آپ نے کھانا کھا لیا اور اپنے ہاتھ مبارک دھوئے یا فرمایا کہ دونوں ہاتھ مبارک دھوئے تو پڑھا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ، مَنَّ عَلَيْنَا فَهَدَانَا، وَاَطْعَمَنَا وَسَقَانَا، وَكُلَّ بَلَاءٍ حَسَنٍ اَبْلَانَا، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ غَيْرَ مُوَدَّعٍ رَبِّيْ وَلَا مُكَافِئٍ وَلَا مَكْفُوْرٍ، وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَ مِنَ الطَّعَامِ، وَاَسْقٰى مِنَ الشَّرَابِ، وَكَسَا مِنَ الْعُرْيِ، وَهَدٰى مِنَ الضَّلَالَةِ، وَبَصَّرَ مِنَ الْعَمٰى، وَفَضَّلَ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَهٗ تَفْضِيْلًا﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جو کھلاتا ہے اور خود کھاتا نہیں، اس نے ہم پر احسان فرمایا سو ہمیں ہدایت دی اور ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہر بہترین آزمائش میں ہمیں آزمایا، تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں نہ چھوڑی جانے والیں اے میرے رب! اور نہ وہ کافی ہیں اور نہ ناشکری والیں، اور نہ اس سے بے پرواہی ہے۔ تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے کھانے سے ہمیں کھلایا اور پینے سے ہمیں

پلایا اور ننگ پر ہمیں کپڑا پہنایا، اور گمراہی سے ہدایت بخشی اور اندھے پن پر بینائی عطا فرمائی، اور بہت زیادہ مخلوق پر جسے اس نے پیدا کیا فضیلت عطا کی۔"①

بَابُ ثَوَابِ مَنْ حَمِدَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلَى طَعَامِهِ

جو اپنے کھانے پر اللہ کی حمد کرے اس کے ثواب کا بیان

[486] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَا: ثنا زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ يَأْكُلُ الْاَكْلَةَ، اَوْ يَشْرَبُ الشَّرْبَةَ يَحْمَدُهُ عَلَيْهَا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس بندے سے راضی ہوتا ہے جو کوئی لقمہ کھاتا ہے یا پینے کا گھونٹ پیتا ہے تو اس پر اس کی حمد کرتا ہے۔②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ غَدَائِهِ وَعَشَائِهِ

جب صبح اور شام کے کھانے سے فارغ ہو تو کیا پڑھے؟

[487] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ هِلَالٍ السُّلَمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ الْحَارِثِ الْاَزْدِيِّ، اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ غَدَائِهِ وَعَشَائِهِ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَطْعَمْتَ وَاَسْقَيْتَ، وَاَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ غَيْرَ مَكْفُورٍ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ(وَذَكَرَ اَبُو عُبَيْدَةَ اَنَّ عُبَادَةَ بْنَ نُسَيٍّ حَدَّثَهُ اَنَّ عَبْدَ الْاَعْلَى حَدَّثَهُ اَنَّ الْحَارِثَ لَمْ يَجْعَلْ لَهَا مِنْ دُونِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْتَهًى.

①فی اسنادہ زہیر بن محمد التمیمی، وھو ضعیف۔

②رواہ مسلم رقم 2834 فی الذکر والدعاء باب استحباب حمد اللہ تعالیٰ بعد الاکل والشرب، والترمذی رقم 1817 فی الاطعمۃ: باب ما جاء فی الحمد اذا فرغ من الطعام۔

حضرت حارث بن حارث الازدی سے روایت ہے کہ وہ جب صبح یا شام کے کھانے سے فارغ ہوتے تو یہ پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَطْعَمْتَ وَاَسْقَيْتَ، وَاَشْبَعْتَ وَاَرْوَيْتَ، فَلَكَ الْحَمْدُ غَيْرَ مَكْفُورٍ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ﴾

''اے اللہ! تیری ہی ذات کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں تو نے ہی کھلایا اور پلایا ہے اور سیر کیا ہے اور پیاس بجھائی ہے، سو تیرے لیے ہی تمام تر تعریفیں ہیں چھپائی گئیں اور نہ ایک بار مل کر جو دوبارہ نہ ملے اور نہ ایسی کہ اس کی حاجت نہ رہے۔''①

بَابُ ذِكْرِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ بَعْدَ الطَّعَامِ

کھانے کے بعد اللہ عزوجل کا ذکر کرنے کا بیان

[488] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ ابْنِ اَخِي خَالِدٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَا: ثنا بَزِيعٌ اَبُو الْخَلِيلِ، ثنا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَذِيبُوا طَعَامَكُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَالصَّلَاةِ، وَلَا تَنَامُوا عَلَيْهِ فَتَقْسُوَ لَهُ قُلُوبُكُمْ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اپنے کھانے کو اللہ تعالیٰ کے ذکر اور نماز کے ساتھ لذت دار بناؤ اور اس پر (یعنی کھانا کھا کر) نہ سوؤ کہ تمہارے دل سخت ہو جائیں گے۔②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا حَضَرَ الطَّعَامُ وَهُوَ صَائِمٌ

جب کھانا حاضر کیا جائے اور وہ روزہ دار ہو تو کیا پڑھے؟

[489] اَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ ح وَاَنَا ابْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ نَصْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الْفَرَّاءِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ،

---

① الحديث موقوف، قال الهيثمي في «المجمع» 29/5: رواه احمد، وفيه عبدالله بن عامر الاسلمي وهو ضعيف۔

② ورواه ابن حبان في «الضعفا» 199/1 وفي اسناده بزيع بن حسان متهم بالكذب، قال ابن حبان: ياتي عن الثقات باشياء موضوعات كانه المتعمد لها وذكر الحديث الذهبي في «الميزان» 306/1 وعده من منكرات بزيع بن حسان۔ ورواه ايضا كما ذكر الذهبي في «الميزان» 272/1: اصرم بن حوشب عن هشام بن حوشب عن هشام عن ابيه، واصرم هذا قاله عنه يحيى: كذاب خبيث، وقال ابن حبان: كان يضع الحديث على الثقات ا هـ۔ وذكر الالباني في «الاحاديث الضعيفة» رقم 115 بانه موضوع۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ فَلْيُجِبْ، فَإِنْ كَانَ مُفْطِرًا فَلْيَأْكُلْ، وَإِنْ كَانَ صَائِمًا دَعَا لَهُ بِالْبَرَكَةِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی کو دعوت دی جائے تو اسے چاہیے کہ وہ (دعوت) قبول کرے۔ سو اگر اس کا روزہ نہ ہو تو کھانا کھائے اور اگر روزہ دار ہو تو اسے چاہیے کہ (دعوت دینے والے کے حق میں) دعائے برکت کرے۔ ①

بَابُ كَيْفَ يُدْعَى إِلَى الطَّعَامِ

کھانے کی دعوت کیسے دی جائے؟

[490] اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُورٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، ثنا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ: اذْهَبْ إِلَى رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْ: إِنْ رَاَيْتَ اَنْ تَتَغَدَّى عِنْدَنَا فَافْعَلْ. فَجِئْتُ فَبَلَّغْتُهُ، فَقَالَ:)وَمَنْ عِنْدِي(؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:) انْهَضُوا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے (مجھ سے) فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں جاؤ اور آپ سے عرض کرو کہ اگر آپ مناسب خیال فرمائیں تو ہمارے ساتھ صبح کا کھانا کھائیں، سو میں نے ایسا ہی کیا میں نے آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو پیغام پہنچا دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اور جو میرے پاس ہیں (کیا انہیں بھی کھانے کی دعوت ہے؟) میں نے عرض کیا: جی ہاں! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان سے) فرمایا: چلو اٹھو۔ (دعوت کھانے چلتے ہیں)۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَرَجَ فِي سَفَرٍ

جب کوئی سفر میں نکلے تو کیا پڑھے؟

[491] اَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنْ بَقِيَّةَ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنِ ابْنٍ لِعُثْمَانَ بْنِ

① قال الالبانی فی الارواء، رقم 1953: رواہ الطبرانی فی الکبیر، 2/83/3، وابن السنی۔ قلت: وھذا باسناد صحیح۔ اھ۔
② [illegible]

عَفَّانَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ يُرِيدُ سَفَرًا، فَقَالَ حِينَ يَخْرُجُ: آمَنْتُ بِاللّٰـهِ، وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰـهِ، وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰـهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰـهِ، رَزَقَهُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرَ ذَلِكَ الْمَخْرَجِ، وَصَرَفَ عَنْهُ شَرَّ ذَلِكَ الْمَخْرَجِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے گھر سے سفر کے ارادے سے نکلے اور وہ نکلتے وقت یہ پڑھے:

﴿آمَنْتُ بِاللّٰهِ، وَاعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ، وَتَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

''میں اللہ تعالیٰ کی ذات پر ایمان لایا، اور میں نے اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھاما، اور میں نے اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کیا گناہ سے بچنے اور نیکی کرنے کی ہمت وقوت اللہ تعالیٰ کی توفیق کے بغیر نہیں۔''

تو اللہ عزوجل اس کو جہاں سے وہ نکل رہا ہے بہتر رزق عطا فرمائے گا اور اس سے اس نکل کر جانے والی جگہ کے شر کو دور فرمادے گا۔[1]

[492] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ، عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰـهِ بْنِ سَرْجِسَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ قَالَ:)اللّٰـهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ، اللّٰـهُمَّ اصْحَبْنَا فِي سَفَرِنَا، وَاخْلُفْنَا فِي أَهْلِنَا، اللّٰـهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ، وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ، وَدَعْوَةِ الْمَظْلُومِ، وَسُوءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ. نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ جب سفر کرتے تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ، اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِيْ سَفَرِنَا، وَاخْلُفْنَا فِيْ اَهْلِنَا، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَآءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ، وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ، وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ، وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْاَهْلِ وَالْمَالِ﴾

''اے اللہ! تو ہی ہمارا سفر میں ساتھی ہے اور ہماری اھل میں تو ہی خلیفہ ہے اے اللہ! ہمارے سفر میں ہمارا ساتھ دینا اور ہمارے اہل میں ہمارا خلیفہ رہنا، اے اللہ! بلاشبہ میں تجھ سے سفر کی صعوبت سے اور بری واپسی

[1] فی اسناد ابن السنی ضعف وجهالة، وقال الهيثمی فی مجمع، 10/128: رواه احمد عن رجل عن عثمان، وبقية رجاله ثقات۔

اور بسنے کے بعد اجڑنے اور مظلوم کی بددعا اور اپنے اہل و مال میں بری واپسی کی پناہ مانگتا ہوں۔"[1]

[493] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا جَرِيرٌ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا خَرَجَ إِلَى السَّفَرِ قَالَ: ﴿اللّٰهُمَّ بَلَاغًا يَبْلُغُ خَيْرًا، وَمَغْفِرَةً مِنْكَ وَرِضْوَانًا، بِيَدِكَ الْخَيْرُ، إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ، اللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، وَاطْوِ لَنَا الْاَرْضَ، إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت براء (ابن عازب) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے لیے نکلتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَلَاغًا يَبْلُغُ خَيْرًا، وَمَغْفِرَةً مِّنْكَ وَرِضْوَانًا، بِيَدِكَ الْخَيْرُ، إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ. اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، وَاطْوِ لَنَا الْاَرْضَ، إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ﴾

"اے اللہ! اس تبلیغ تک پہنچا دے جو تیری طرف سے بھلائی اور بخشش اور خوشنودی والی ہو، تیرے ہی دست قدرت میں بھلائی ہے بلاشبہ تو ہر شے پر قادر ہے، اے اللہ! تو ہی سفر میں (میرا) ساتھی ہے اور (میرے) اہل میں خلیفہ ہے اے اللہ! ہم پر سفر (کی صعوبت) کو آسان فرما دے اور زمین کو ہمارے لیے لپیٹ دے، اے اللہ! بلاشبہ میں تجھ سے سفر کی صعوبت کی بری واپسی کی پناہ مانگتا ہوں۔"[2]

[494] اَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، أنا يَزِيدُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا خَرَجَ مُسَافِرًا قَالَ: ﴿اللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ، وَالصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، اللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ الْبِرَّ وَالتَّقْوَى، وَاشْغَلْنَا بِمَا تُحِبُّ وَتَرْضَى، اللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلَى سَفَرِنَا، وَاطْوِ لَنَا بُعْدَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کے لیے نکلتے تھے تو یہ پڑھتے تھے:

[1] ورواه الترمذی رقم 3435 فی الدعوات: باب ما يقول اذا خرج مسافراً، وابن ماجه رقم 3888۔ ورواه ايضاً مسلم رقم 1343 فی الحج: باب ما يقول اذا ركب الی سفر الحج وغيره، والنسائی 8/272 فی الاستعاذة: باب الستعاذة من الحور بعد الكور، بلفظ، كان رسول الله صلی الله عليه وسلم اذا سافر يتعوذ من وعشا السفر وكابة المنقلب، ومن الحور بعد الكور ودعوة المظلوم، وسوء المنظر فی الاهل والمال۔

[2] قال الهيثمی فی المجمع، 10/130: رواه ابويعلی ورجاله رجال الصحيح، غير فطر بن خليفة، وهو ثقة، وجرير هو جرير بن عبد الحميد۔

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ، وَالصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْاَلُكَ الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى، وَاشْغَلْنَا بِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى. اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى سَفَرِنَا، وَاطْوِ لَنَا بُعْدَهٗ﴾

''اے اللہ! تو ہی (میرا میرے) اہل میں خلیفہ ہے اور (میرا) سفر میں ساتھی، اے اللہ! میں تجھ سے اپنے سفر میں نیکی اور تقویٰ (اختیار کرنے) کا سوال کرتا ہوں اور ہمیں اس کام میں مشغول رکھنا جو تجھے پسند ہو اور جس پر تو راضی ہو، اے اللہ! ہمارے سفر میں ہماری مدد فرما اور ہمارے لیے اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ (یعنی کم کردے)۔''[1]

[495] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، وَاَبُو جَعْفَرِ بْنُ زُهَيْرٍ، وَاَبُو يَعْلَى قَالُوا: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسَاوِرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمْ يُرِدْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَفَرًا قَطُّ إِلَّا قَالَ حِينَ يَنْهَضُ مِنْ جُلُوسِهِ: اللّٰهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَإِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ، وَبِكَ اعْتَصَمْتُ، اللّٰهُمَّ اَنْتَ ثِقَتِي وَرَجَائِي، اللّٰهُمَّ اكْفِنِي مَا اَهَمَّنِي، وَمَا لَا اَهْتَمُّ بِهِ، وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِ مِنِّي، وَزَوِّدْنِي التَّقْوَى، وَاغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَوَجِّهْنِي لِلْخَيْرِ حَيْثُ مَا تَوَجَّهْتُ ثُمَّ خَرَجَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی سفر کا ارادہ نہیں کیا مگر جب اس کے لیے بیٹھے ہوئے اٹھے تو اس وقت پڑھا:

﴿اَللّٰهُمَّ بِكَ انْتَشَرْتُ، وَإِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ. وَبِكَ اعْتَصَمْتُ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ ثِقَتِيْ وَرَجَائِيْ، اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ، وَمَا لَا اَهْتَمُّ بِهٖ. وَمَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ. وَزَوِّدْنِي التَّقْوٰى، وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ. وَوَجِّهْنِيْ لِلْخَيْرِ﴾

''اے اللہ! میں تیرے ہی (کرم کے) بھروسہ پر سفر کرتا ہوں اور تیری ہی ذات کی طرف توجہ کرتا ہوں اور تیری ہی رسی کو مضبوطی سے تھامے ہوئے ہوں۔ اے اللہ! تو ہی میرا بھروسہ اور میری امید ہے۔ اے اللہ! میرے غم میں تو ہی کفایت فرما اور اس چیز کا جس کا میں اہتمام نہ کرسکوں، اور جس کا تو مجھ سے زیادہ علم رکھتا ہے اور تو میرے تقویٰ میں زیادتی فرما، اور میرے گناہ میرے لیے معاف فرما دے، اور مجھے بھلائی (کے حصول) کی طرف متوجہ فرما۔''[2]

[1] ورواہ الترمذی رقم 434 فی الدعوات: باب مایقول اذا خرج مسافراً، وابو داود رقم 2598 فی الجہاد: باب مایقول اذا سافر، والنسائی مختصراً 274/8 فی الاستعاذة: باب الاستعاذة من كآبة المنقلب، وحسنه الترمذی وھو کما قال۔

[2] ورواہ البیہقی فی السنن، 5/250 وفی اسنادہ عمرو بن ماور۔ قال البخاری: منکر الحدیث، وضعفه غیرہ انظر الفتوحات الربانیة، 5/111-112

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ

جب رکاب میں اپنا پاؤں رکھے تو کیا پڑھے؟

[496] أَخْبَرَنِي أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبِيعَةَ الْأَسَدِيِّ، قَالَ: رَأَيْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَتَى بِدَابَّتِهِ، فَلَمَّا وَضَعَ رِجْلَهُ فِي الرِّكَابِ قَالَ: " بِسْمِ اللّٰهِ. فَلَمَّا اسْتَوَى قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ، سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ. ثُمَّ كَبَّرَ ثَلَاثًا، وَحَمِدَ اللهَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ، إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي، فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ. وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمًا مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ اسْتَضْحَكَ، فَقُلْتُ: مِمَّ اسْتَضْحَكْتَ؟ قَالَ: " لِعَجَبِ رَبِّنَا عَزَّ وَجَلَّ، قَالَ: عَلِمَ عَبْدِي أَنَّ لَهُ رَبًّا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ.

حضرت علی بن ربیعہ الاسعدی سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دیکھا کہ وہ سواری کے پاس آئے تو جب انہوں نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو کہا: ﴿بسم الله﴾ پھر جب سیدھے ہوکر (سواری پر) بیٹھ گئے تو کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ،سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ. وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ﴾

"تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے ہمارے لیے اس (سواری) کو مسخر کیا اور ہم اسے اپنے قابو میں کرنے والے نہ تھے اور بلاشبہ ہم نے اپنے رب ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔"

پھر تین دفعہ ﴿اللهُ اَكْبَر﴾ کہا اور تین دفعہ ﴿الحمد لله﴾ کہا۔ پھر کہا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ. إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ. فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ. إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ﴾

"نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے تیرے، تیری ذات پاک ہے، بے شک میں نے اپنی جان پر ظلم کیا سو میری میرے گناہوں پر مغفرت فرما کیونکہ تیری ذات کے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں۔"

اور فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اسی طرح فرمایا تھا پھر آپ ہنس پڑے تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کس بات پر آپ ہنسے۔ فرمایا کہ اپنے رب کے تعجب کرنے پر کہ (اس نے) فرمایا: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہوں کی

بخشش فرماتا ہے۔ ①

بَابُ التَّسْمِيَةِ عِنْدَ الرُّكُوبِ

سوار ہوتے وقت بسم اللہ پڑھنے کا بیان

[497] حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ الْجَمَّالُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعْدٍ الْعَوْفِيُّ، ثنا ابْنُ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ عَلَى ظَهْرِ كُلِّ بَعِيرٍ شَيْطَانًا، فَإِذَا رَكِبْتُمُوهَا فَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰـهِ.

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ہر اونٹ کی پیٹھ پر شیطان ہے سو جب تم اس پر سوار ہو تو کہو: ②

﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَكِبَ

جب سوار ہو تو کیا پڑھے؟

[498] اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا ابْنُ اَبِي عَدِيٍّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ اَبِي زُرْعَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ قَالَ بِإِصْبَعِهِ - وَمَدَّ شُعْبَةُ إِصْبَعَهُ - قَالَ)اللّٰـهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْاَهْلِ، اللّٰـهُمَّ

① ورواه الترمذی رقم 3443 فی الدعوات: باب ما جاء مایقول اذارکب دابة، وابو داود رقم 2602 فی الجهاد: باب مایقول الرجل اذا سافر۔ وقال الترمذی: حدیث حسن صحیح، وهو کما قال، ورواه ابن حبان فی، صحیحه، رقم 2381، موارد، وذکره الحافظ فی، تخریج الاذکار، عن کتاب الدعاء للطبرانی وقال: رجاله کلهم موثقون من رجال الصحیح الا میسرة، وهو ثقة انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 1653۔

② قال الالبانی فی، تخریج حقیقة الصیام، صفحه 63: اخرجه بهذا اللفظ الحاکم 1/444 من حدیث ابی ہریرة مرفوعاً وزاد، فامتحنو بن بالرکوب، فانما یحمل الله عزوجل، واسناده حسن، وصححه الحاکم علی شرط مسلم ووافقه الذہبی، ثم اخرجه الحاکم والدارمی 2/286 من حدیث حمزة بن عمرو الاسلمی مرفوعاً بلفظ، فوق ظهر کل بعیر شیطان فاذا رکبتموه فاذکروا اسم الله، ولا تقصروا عن حاجة، وقال الحاکم: ، صحیح علی شرط مسلم، ووافقه الذہبی، وهو کما قالا۔ واخرجه الحاکم واحمد 4/321 من حدیث ابی لاس الخزاعی نحو من حدیث ابی ہریرة، واسناده حسن، وقال الحاکم: ، صحیح علی شرط مسلم، ووافقه الذہبی۔اه۔

اصْحَبْنَا بِنُصْحِكَ، وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ، اللّٰـهُمَّ ازْوِ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ، اللّٰـهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر کرتے سو اپنی سواری پر سوار ہوئے تو اپنی انگلی کے ساتھ اشارہ کیا، اور حضرت شعبہ نے اپنی انگلی کو بلند کیا، کہا:

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ. اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحِكَ، وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ. اَللّٰهُمَّ ازْوِ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ، وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ﴾

''اے اللہ! تو ہی سفر میں (میرا) ساتھی ہے اور (میری) اہل میں خلیفہ ہے، اے اللہ! بھلائی کے ساتھ ہماری اصلاح فرما اور (اپنی) ذمہ داری پر ہمیں لوٹا دے، اے اللہ! ہمارے لیے زمین کو سمیٹ دے اور ہم پر سفر کو آسان فرما دے، اے اللہ! بلاشبہ میں سفر کی صعوبت اور بری واپسی کی تجھ سے پناہ مانگتا ہوں۔''[1]

[499] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مَهْدِيٍّ الْعَطَّارُ، بِالْكُوفَةِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمُنْذِرِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَجْلَحِ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّهُ خَرَجَ مِنْ بَابِ الْقَصْرِ. قَالَ: فَوَضَعَ رِجْلَهُ فِي الْغَرْزِ، فَقَالَ: " بِسْمِ اللّٰـهِ. فَلَمَّا اسْتَوَى عَلَى الدَّابَّةِ قَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي كَرَّمَنَا وَحَمَلَنَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، وَرَزَقَنَا مِنَ الطَّيِّبَاتِ، وَفَضَّلَنَا عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا، سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هَذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ، ثُمَّ قَالَ:)رَبِّ اغْفِرْ لِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اَنْتَ(. ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " إِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ لَعَجِبَ مِنْ عَبْدِهِ إِذَا قَالَ: رَبِّ اغْفِرْ لِي، إِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا اَنْتَ.

حضرت حارث حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ وہ محل کے دروازے سے باہر نکلے۔ (یعنی کوفہ کے محل کے دروازے سے) کہتے ہیں سو انہوں نے اپنا پاؤں رکاب میں رکھا تو کہا: ﴿بسم اللہ﴾، پس جب اپنی سواری پر سیدھے ہو کر بیٹھے تو کہا:

[1] الترمذی رقم 3443 فی الدعوات: باب مایقول اذا خرج مسافرا، والنسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 505، وصححہ ابن حبان رقم 2378، موارد، والحاکم 2/98، وقال: علی شرط مسلم، وقال الذہبی: صحیح۔

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَرَّمَنَا وَحَمَلَنَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ، وَرَزَقَنَا مِنَ الطَّيِّبَاتِ، وَفَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلًا، سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ، وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے ہمیں عزت دی اور ہمیں خشکی اور تری میں سوار کیا اور ہمیں پاکیزہ رزق عطا فرمایا اور ہمیں بہت سی مخلوق پر فضیلت عطا فرمائی۔'' پھر کہا:

﴿رَبِّ اغْفِرْ لِيْ، إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ﴾

''اے میرے رب! میری مغفرت فرما کیونکہ تیری ذات کے سوا گناہوں کو بخشنے والا کوئی نہیں۔''

پھر فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: بے شک اللہ عزوجل اپنے بندے پر تعجب فرماتا ہے جب وہ (بندہ) کہتا ہے:

﴿رَبِّ اغْفِرْ لِيْ، إِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ﴾

''اے میرے رب! میری مغفرت فرما کیونکہ تیری ذات کے سوا کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَكِبَ سَفِينَةً

جب کشتی میں سوار ہو تو کیا پڑھے؟

[500] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُقَيْلِيِّ، عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أَمَانٌ لِأُمَّتِي مِنَ الْغَرَقِ إِذَا رَكِبُوا فِي السَّفِينَةِ أَنْ يَقُولُوا: بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرَاهَا وَمُرْسَاهَا، إِنَّ رَبِّي لَغَفُورٌ رَحِيمٌ، وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ.

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میری امت کے لیے ڈوبنے سے امان ہے جب وہ کشتی میں سوار ہوتے وقت یہ پڑھ لیں گے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٰىهَا وَمُرْسٰىهَا، إِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ، وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ اس کا چلنا اور رکنا ہے، بے شک میرا رب مغفرت فرمانے والا رحم فرمانے والا ہے۔

---

[1] فيه الاجلح وهو ضعيف، والحارث وهو الاعور وهو ضعيف ايضاً۔ انظر، الاحاديث الصحيحة، 4/211-212۔

اورانہوں نے اللہ تعالیٰ کی ذات کی اس طرح قدر نہیں کی جس طرح اس کی قدر کا حق تھا۔'' آخر آیت تک۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ خَرَجَ فِي سَفَرٍ

جوسفر کے لیے نکلے اسے کیا دعا دی جائے؟

[501] حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ، ثنا اَبُو كَامِلٍ، ثنا الْفُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ يُرِيدُ سَفَرًا، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، اَوْصِنِي. قَالَ:)اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰـهِ، وَالتَّكْبِيرِ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ(. قَالَ: فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) اللّٰـهُمَّ ازْوِ لَهُ الْاَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی آیا جس کا سفر کرنے کا ارادہ تھا اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمائیے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں تجھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی اور ہر بلندی پر چڑھتے وقت ﴿اللہ اکبر﴾ کہنے کی وصیت کرتا ہوں۔ سو جب وہ شخص مڑ کر چلا گیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ ازْوِلَهُ الْاَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ﴾

''اے اللہ! اس کے لیے زمین کو سمیٹ دے اور اس پر سفر کو آسان فرمادے۔'' ②

[502] اَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الصَّاغَانِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْوَاسِطِيُّ، ثنا سَيَّارُ بْنُ حَاتِمٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَجُلًا، اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، إِنِّي اُرِيدُ سَفَرًا، فَزَوِّدْنِي. قَالَ:)زَوَّدَكَ اللّٰـهُ التَّقْوَى(. قَالَ: زِدْنِي. قَالَ:)وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ. قَالَ: زِدْنِي. قَالَ:)وَوَجَّهَكَ لِلْخَيْرِ حَيْثُمَا تَوَجَّهْتَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا سفر کا ارادہ ہے مجھے زادِ راہ عنایت کیجیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

---

① واسنادہ ضعیف جداً، قال الحافظ: واخرجه ابن عدی فی الکامل، بسند فیه ضعفاء ومجهول، والطبرانی من تلک الطریق ومن طریق اخری۔ وذکر الحدیث الذہبی فی المیزان، وعدّہ من مناکیر یحیی بن العلاء۔

② ورواہ الترمذی رقم 3441 فی الدعوات: باب رقم 47 وابن ماجه رقم 2771 فی الجهاد: باب فضل الحرس والتکبیر فی سبیل اللہ، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن، وهو کما قال۔ وصححه الحاکم فی المستدرک، 2/98 ووافقه الذہبی، ورواہ ایضاً ابن حبان فی صحیحه، رقم 2378 و2379، موارد۔ انظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 1730۔

﴿زَوَّدَكَ اللهُ التَّقْوٰى﴾

''اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادراہ عطا فرمائے۔''

اس نے عرض کی کہ اور زیادہ کیجیے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

﴿وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ﴾

''اور اللہ تعالیٰ تیرے گناہوں کی مغفرت فرمائے۔''

اس نے عرض کی اور زیادہ کیجیے تو آپ ﷺ نے فرمایا:

﴿وَوَجَّهَكَ لِلْخَيْرِ حَيْثُمَا﴾

''اور اللہ تعالیٰ تجھے بھلائی کے لیے متوجہ فرمائے جدھر بھی بھلائی ہو۔''[1]

[503] اَخْبَرَنَا ابْنُ مُكْرَمٍ، حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي كُرَيْبٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مَيْسَرَةَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي أُرِيدُ السَّفَرَ. فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَتَى(؟ قَالَ: غَدًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ. فَاَتَاهُ، فَاَخَذَ بِيَدِهِ، فَقَالَ:) فِي حِفْظِ اللّٰهِ، وَفِي كَنَفِهِ، وَزَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ حَيْثُ تَوَجَّهْتَ(. اَوْ قَالَ:)اَيْنَمَا تَوَجَّهْتَ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا نبی اللہ! میرا سفر کرنے کا ارادہ ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے اس سے فرمایا: کب؟ اس نے عرض کی: کل انشاء اللہ تو آپ ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑ کر فرمایا:

﴿فِي حِفْظِ اللهِ، وَفِيْ كَنَفِهٖ، وَزَوَّدَكَ اللهُ التَّقْوٰى، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ حَيْثُ تَوَجَّهْتَ﴾

''اللہ کی حفاظت میں اور اس کے قرب میں رہ، اور اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادراہ عطا فرمائے، اور تیرے گناہوں کی مغفرت فرمائے اور تجھے بھلائی کی طرف متوجہ فرمائے جہاں بھی وہ ہو۔''

---

[1] ورواه الترمذی رقم 3440 فی الدعوات: باب رقم 46، والحاکم فی، المستدرک، 98/2 واسنادہ حسن۔ واوردہ الهیثمی فی، المجمع، بنحوه من حدیث قتادۃ الرهاوی 10/130-131، وقال: اخرجه الطبرانی فی، الکبیر، والبزار، ورجالهما ثقات۔

یا فرمایا: ﴿اَيْنَمَا تَوَجَّهْتَ﴾ ''جدھر بھی وہ خیر متوجہ ہو۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا شَيَّعَ رِجَالًا

جب آدمیوں کے ساتھ چلے تو کیا دعا کرے؟

[504] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا هِلَالُ بْنُ الْعَلَاءِ، ثنا عَفَّانُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ الْخَطْمِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْخَطْمِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا شَيَّعَ جَيْشًا، فَبَلَغَ ثَنِيَّةَ الْوَدَاعِ، فَقَالَ:)اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِينَكُمْ، وَاَمَانَتِكُمْ، وَخَوَاتِيمَ اَعْمَالِكُمْ.

حضرت عبداللہ بن یزید الخطمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کسی لشکر کو روانہ فرماتے تھے تو اس کے ساتھ ثنیۃ الوداع تک چلتے ہوئے پہنچ جاتے کو دعا کرتے:

﴿اَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكُمْ، وَاَمَانَتِكُمْ، وَخَوَاتِيْمَ اَعْمَالِكُمْ﴾

''میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں تمہارے دین کو اور تمہاری امانتوں کو اور تمہارے اعمال کے انجام کو۔''②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَدَّعَ رَجُلًا

جب کسی آدمی کو الوداع کرے تو کیا کہے؟

[505] اَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَسَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، اَنَّهُ سَمِعَ مُوسَى بْنَ وَرْدَانَ، يَقُولُ: اَتَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ اُوَدِّعُهُ لِسَفَرٍ اَرَدْتُهُ، فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ:

① رواہ الترمذی رقم 3440 فی الدعوات: باب رقم ما یقول اذا ودع انسانا، قال ابن علان فی، الفتوحات، 5/120: قال الحافظ: حدیث حسن۔ وجاء بانم من ہذا من وجہ آخر عن انس قال: جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال: یانبی اللہ انی ارید السفر، فقال: متی؟ فقال: غداً ان شاء اللہ تعالیٰ، فاتاہ فاخذ بیدہ، فقال لہ فی حفظ اللہ وفی کنفہ، زودک اللہ التقوی، وغفر ذنبک، ووجھک للخیر حیثما توجہت، او اینما توجہت۔ شک سعید ہو ابن ابی بن کعب احد رواتہ۔ اخرجہ الحافظ من طریق الطبرانی، وقال: اخرجہ الخرائطی فی، مکارم الاخلاق، واخرجہ المحاملی ایضاً عن قتادۃ الرہاوی رضی اللہ عنہ، قال: لما عقد لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی قومی اخذت بیدہ فقال: جعل اللہ التقوی زادک ۔۔۔ والباقی سواء، لکن قال فی آخرہ، حیث تکون۔ اھ۔

② ورواہ ابو داود رقم 2601 فی الجہاد: باب فی الدعاء عند الوداع، واسنادہ صحیح علی شرط مسلم، کما قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 15۔

اَلَا اُعَلِّمُكَ يَا ابْنَ اَخِي شَيْئًا عَلَّمَنِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقُولُهُ عِنْدَ الْوَدَاعِ؟ قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: قُلْ:)اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ.

حضرت حسن بن ثوبان سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت موسیٰ بن وردان کو فرماتے سنا کہ میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس جب سفر کے ارادہ کے لیے الوداع ہونے کے لیے آیا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے! کیا میں تجھے وہ چیز نہ سکھاؤں جو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھائی ہے کہ میں الوداع ہوتے وقت وہ کہوں! کہتے ہیں میں نے کہا: کیوں نہیں! فرمایا کہ کہہ:

﴿اَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا تَضِيْعُ وَدَائِعُهٗ﴾

''میں تجھے اس اللہ کے ذات کے سپرد کرتا ہوں جو امانتوں کو ضائع نہیں فرماتا''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَدَّعَ مَنْ يُرِيدُ الْحَجَّ

جو حج کا ارادہ کرے اسے الوداع کرتے وقت کیا دعا دے؟

[506] حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الرَّازِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ مَهْجَعٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ الْجُهَنِيُّ، اَمَامَ مَسْجِدِ بَنِي دَارِمٍ، حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ غُلَامٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي اُرِيدُ هَذَا الْوَجْهَ الْحَجَّ)يَا غُلَامُ، زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ، وَكَفَاكَ الْهَمَّ(. فَلَمَّا رَجَعَ الْغُلَامُ سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيْهِ، فَقَالَ:)يَا غُلَامُ، قَبِلَ اللّٰهُ حَجَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَاَخْلَفَ نَفَقَتَكَ.

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ایک لڑکا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا سو اس نے عرض کیا کہ میرا حج کرنے کا ارادہ ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ساتھ چلے پھر فرمایا: اے لڑکے!

﴿زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ، وَكَفَاكَ الْهَمَّ﴾

''اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادراہ عطا فرمائے اور تجھے بھلائی میں متوجہ رکھے اور غم میں تیری کفایت فرمائے۔''

تو جب وہ لڑکا واپس آیا تو اس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف اپنا سر مبارک اوپر

[1] وھو حديث حسن، حسن الحافظ وغيره۔ انظر، الاحاديث الصحيحة، رقم 16۔ و، الفتوحات، 5/114-115۔

اٹھایا پھر فرمایا: اے لڑکے! اللہ تعالیٰ تیرا حج قبول فرمائے اور تیرے گناہوں کی مغفرت فرمائے اور تجھے تیرے خرچ کا بدل عطا فرمائے۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ لِأَهْلِهِ إِذَا وَدَّعَهُمْ

اپنے اہل کو الوداع کرتے وقت کیا دعا دے؟

[507] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، ثنا بِشْرُ بْنُ حَسَّانَ بْنِ السَّرِيِّ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، قَالَ: قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ عَلَّمَنِيهِنَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ إِذَا أَرَدْتَ سَفَرًا أَوْ تَخْرُجُ مَكَانًا تَقُولُ لِأَهْلِكَ:)أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا يُخَيِّبُ وَدَائِعَهُ.

حضرت موسیٰ بن وردان سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تجھے ان کلمات کی تعلیم دیتا ہوں جن کی تعلیم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دی کہ جب تو سفر کرنے کا ارادہ کرے یا کسی مکان سے نکلے تو اپنے اہل سے کہے:

﴿أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا يُخَيِّبُ وَدَائِعَهُ﴾

''میں تمہیں اس اللہ کی ذات کے سپرد کرتا ہوں جو امانتوں کو ضائع نہیں فرماتا۔''[2]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّتُهُ

جب جانور بدک جائے تو کیا پڑھے؟

[508] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، ثنا مَعْرُوفُ بْنُ حَسَّانَ أَبُو مُعَاذٍ السَّمَرْقَنْدِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْفَلَتَتْ دَابَّةُ أَحَدِكُمْ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ فَلْيُنَادِ: يَا عِبَادَ اللّٰهِ احْبِسُوا، يَا عِبَادَ اللّٰهِ احْبِسُوا، فَإِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْأَرْضِ حَاضِرًا سَيَحْبِسُهُ.

---

① واخرجه الحافظ من طريق الطبراني، وقال: حديث غريب اخرجه ابن السني، قال الطبراني في، الاوسط، :لم يروه عن عبدالله بن عمر- يعني الراوي- عن نافع عن سالم عن ابيه ابنع مر الا مسلمة الجهمي ضعفه ابو داود۔

② فيه ابن لهيعة، قال الحافظ: ہذا حديث حسن، اخرجه النسائي 508 وابن السني و كلاہما في، عمل اليوم الليلة، وانظر بقية كلامه في، الفتوحات، 5/114-115، والاحاديث صحيحه، رقم 16۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں کسی کا جانور کسی زمین میں وحشی ہو کر بپھر جائے تو وہ ندا کرے:

﴿يَا عِبَادَ اللهِ احْبِسُوا﴾

''اے اللہ کے بندو! اسے روک لو۔''

کیونکہ اللہ عزوجل کا زمین میں کوئی رہنے والا عنقریب اسے روک لے گا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا عَثَرَتْ دَابَّتُهُ

جب جانور کو ٹھوکر لگے تو کیا پڑھے؟

[509] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حُمْرَانَ الْقَيْسِيُّ، ثنا خَالِدُ الْحَذَّاءُ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، عَنْ اَبِيهِ - وَهُوَ اُسَامَةُ بْنُ عُمَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَثَرَ بَعِيرُنَا، فَقُلْتُ: تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا تَقُلْ تَعِسَ الشَّيْطَانُ، فَإِنَّهُ يَعْظُمُ حَتَّى يَصِيرَ مِثْلَ الْبَيْتِ، وَيَقُولُ: بِقُوَّتِي، لَكِنْ قُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، فَإِنَّهُ يَصْغُرُ حَتَّى يَصِيرَ مِثْلَ الذُّبَابِ "

حضرت ابوالملیح اپنے والد حضرت اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں رسول اللہ ﷺ کا ردیف (سواری پر پیچھے بیٹھنے والا) تھا تو ہمارے اونٹ کو ٹھوکر لگی تو میں نے کہا:

﴿تَعِسَ الشَّيْطَانُ﴾

''شیطان نے پھیلایا۔''

توحضور نبی کریم ﷺ نے مجھ سے فرمایا یہ نہ کہہ:

﴿تَعِسَ الشَّيْطَانُ﴾

''شیطان نے پھیلایا۔''

کیونکہ وہ اس بڑائی سے پھول کر گھر کی مانند ہو جاتا ہے اور وہ یہ کہتا ہے: یہ میری طاقت سے ہوا ہے۔ لیکن تو یہ کہہ:

---

① قال فی، تخریج الاذکار، 150/5، حدیث غریب اخرجہ ابن السنی، واخرجہ بمعناہ الطبرانی، وفی السند انقطاع، وقد جاء بمعناہ حدیث آخر اخرجہ الطبرانی والسند منقطع عن عتبة بن غزوان بلفظ: اذا ضل احدکم او اراد عوناً۔ وہو بارض لیس بہا انس۔ فلیقل: یاعباداللہ اعینونی، ثلاثاً، فان للہ عباداً لا یراہم۔ انظر، الاحادیث الضعیفة، رقم 655۔

﴿بِسْمِ اللّٰهِ﴾

یونکہ یہ (کہنا) اس کو چھوٹا کر کے مکھی کے برابر بنا دیتا ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ عَلَى الدَّابَّةِ الصَّعْبَةِ

شوخی کرنے والے جانور پر کیا پڑھے؟

[510] اَخْبَرَنَا اَبُو اللَّيْثِ نَصْرُ بْنُ الْقَاسِمِ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا الْمِنْهَالُ بْنُ عِيسَى، ثنا يُونُسُ بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: " لَيْسَ رَجُلٌ يَكُونُ عَلَى دَابَّةٍ صَعْبَةٍ، فَيَقُولُ فِي اُذُنِهَا: اَفَغَيْرَ دِينِ اللّٰهِ يَبْغُونَ وَلَهُ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَاِلَيْهِ يُرْجَعُونَ ، اِلَّا وَقَفَتْ بِاِذْنِ اللّٰهِ تَعَالَى.

حضرت یونس بن عبید کا بیان ہے کہتے ہیں کہ جو آدمی اپنے شوخ جانور کے کان میں یہ پڑھ دے:

﴿اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ﴾

"کیا وہ اللہ کے دین کے سوا کچھ اور چاہتے ہیں حالانکہ اسی کے لیے فرمانبردار ہیں جو آسمانوں اور زمین میں ہیں چاہتے ہوئے اور نہ چاہتے ہوئے اور اسی کی طرف تم نے لوٹ کر جانا ہے۔"

تو وہ اللہ عزوجل کے حکم سے فرمانبردار ہو جائے گا۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا عَثَرَ فَدَمِيَتْ اُصْبُعُهُ

ٹھوکر لگنے سے انگلی خون آلود ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[511] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمِيَتْ

① رواہ احمد فی، المسند، 59/5 وابو داود رقم 4982 فی الادب: باب رقم 77۔ قال الہیثمی فی، المجمع، 132/10: رواہ الطبرانی ورجالہ الصحیح، غیر محمد ابن حمران وھو ثقۃ، وقال الالبانی فی، تخریج الکلم، رقم 237: اخرجہ ابو داود بسند صحیح وجہالۃ الصحابی لا تضر، علی ان ابن السنی رواہ بسند لا باس فیہ عن ابی العلیح عن ابیہ، وابو صحابی اسمہ اسامۃ، وہکذا رواہ النسائی، فی، عمل الیوم واللیلۃ، 554-556، وابن مردویہ فی تفسیرہ ورواہ الامام احمد۔ انظر، تخریج الکلم، رقم 237۔

② قال الحافظ فی، تخریج الاذکار، 152/5: ہو خبر مقطوع، ورواية عن المنہال بن عیسی، قال ابو حاتم: مجہول، وقد وجدتہ عن الی عن یونس، اخرجہ الثعلبی فی، التفسیر، بسند من طریق الحکم عن مجاہد عن ابن عباس۔

أُصْبُعُهُ فِي بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، فَقَالَ:)هَلْ اَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰـهِ مَا لَقِيتِ.

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی کسی جنگ میں انگلی خون آلود ہوگئی تو آپ نے پڑھا:

﴿هَلْ اَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ. وَفِي سَبِيْلِ اللهِ مَا لَقِيْتِ﴾

''نہیں ہے تو مگر ایک انگلی جو خون آلود ہوگئی اور اللہ کی راہ میں ہی تو نے اس سے ملاقات کی۔''[1]

بَابُ مَا يُحْدَى بِهِ فِي السَّفَرِ

سفر میں حدی خوانی کا بیان

[512] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنْبَانَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدِ اللّٰـهِ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَلِيٍّ الْمُقَدَّمِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ رَوَاحَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّهُ كَانَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيرٍ لَهُ، فَقَالَ:)يَا ابْنَ رَوَاحَةَ، انْزِلْ فَحَرِّكِ الرِّكَابَ(فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، قَدْ تَرَكْتُ ذَلِكَ. فَقَالَ عُمَرُ: اسْمَعْ وَاَطِعْ. فَرَمَى بِنَفْسِهِ، فَقَالَ اللّٰـهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا ... وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا ... وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا.

حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ حضور نبی کریم ﷺ کے ساتھ کسی سفر میں تھے تو آپ نے فرمایا: اے ابن رواحہ! اتر اور سواریوں کو حرکت دے تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے یہ (سواریوں کو تیز کرنے کے لیے شعر خوانی کرنا) چھوڑ دیا ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے (مجھ سے) فرمایا: سن اور اطاعت کر تو انہوں نے اپنے آپ کو گرایا (سواری کے اوپر سے) اور پڑھا:

واللہ لو لا انت ما اهتدينا
ولا تصدقنا ولا صلينا
فانزلنا سكينة علينا
و ثبت الاقدام ان لاقينا

[1] البخاری 10/447 فی الادب: باب ما یجوز من الشعر والرجز والحداء وما یکرہ منہ، و مسلم رقم 1796 فی الجہاد: باب مالقی النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اذا المشرکین والمنافقین، الترمذی رقم 3342 فی التفسیر: باب و من سورۃ الضحی و احمد فی، المسند 4/212

''اللہ کی قسم! اگر آپ نے ہوتے تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے۔ سو ہم پر سکون نازل فرما اور (ہمارے) قدموں کو ثابت رکھنا اگر ہم (دشمن سے) ملاقات کریں۔''①

[513] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهُ حَادٍ يُقَالُ لَهُ اَنْجَشَةُ، وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (رُوَيْدَكَ يَا اَنْجَشَةُ، لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيرَ) قَالَ قَتَادَةُ: يَعْنِي ضَعْفَةَ النِّسَاءِ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک حدی گانے والا تھا اسے ''انجشہ'' کہا جاتا تھا اور اس کی آواز بہت خوبصورت تھی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اے انجشہ! شیشوں کو نہ توڑنا حضرت قتادہ نے فرمایا: اس سے آپ کی مراد عورتوں کی کمزوری ہے۔②

نوٹ:

حدی لگانے سے اونٹ تیز رفتار ہو جاتے تھے اس لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کہ آرام سے انہیں چلاؤ کہ کہیں تیز رفتاری کی بنا پر اونٹوں پر سوار عورتیں اونٹوں کی تیز رفتاری کی بنا پر گر نہ پڑیں۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا كَانَ فِي سَفَرٍ فَأَسْحَرَ

جب سفر میں سحری ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[514] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أنا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلَى، عَنِ ابْنِ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي اَيْضًا، - يَعْنِي: سُلَيْمَانَ بْنَ بِلَالٍ - عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا كَانَ فِي سَفَرٍ فَاَسْحَرَ يَقُولُ: (سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا، رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا، عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر میں ہوتے تو سحری ہونے پر آپ پڑھتے:

﴿سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا، رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَاَفْضِلْ عَلَيْنَا، عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ﴾

---

① النسائی فی، عمل اليوم والليل، رقم 532، رجاله ثقات خلا عمر بن علی المقدمی فهو ثقة يدلس۔

② ورواه البخاری 10/456 فی الادب۔ باب ما يجوز من الشعر والرجز والحداء، وباب ما جاء فی قول الرجل: ويلك، وباب من دعا صاحبه فنقص من اسمه حرفاً، وباب المعاريض مندوحة عن الكذب، ومسلم رقم 2323 فی الفضائل: باب رحمة النبی صلی الله عليه وسلم النساء۔

''سننے والے نے اللہ تعالیٰ کی حمد کو سن لیا اور اس کے بہترین احسان کو جو ہمارے اوپر ہوا، اے ہمارے رب! ہمارا ساتھی بن اور ہم پر فضل فرما اللہ تعالیٰ کی آگ سے پناہ مانگتے ہوئے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ فِي السَّفَرِ

جب دوران سفر صبح کی نماز پڑھے تو کیا کہے؟

[515] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْدَانَ بْنِ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْبَزَّارُ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، ثني ابْنُ بُرَيْدَةَ الْأَسْلَمِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ - قَالَ: وَلَا اَعْلَمُهُ إِلَّا قَالَ: فِي سَفَرٍ - رَفَعَ صَوْتَهُ حَتَّى يَسْمَعَ اَصْحَابُهُ:)اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دِينِي الَّذِي جَعَلْتَهُ عِصْمَةَ اَمْرِي، اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - اللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي آخِرَتِي الَّتِي جَعَلْتَ إِلَيْهَا مَرْجِعِي - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، اللّٰهُمَّ اَعُوذُ بِكَ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ.

حضرت ابن بریدہ اسلمی اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کی نماز ادا کرتے۔ کہتے ہیں مجھے نہیں معلوم مگر یہی کہ آپ نے دوران سفر بآواز بلند فرمایا حتی کہ آپ کے صحابہ نے سن لیا:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي﴾

''اے اللہ! میرے دین کی درستگی فرما جسے تو نے میرے معاملے کی حفاظت کا ذریعہ بنایا، اے اللہ! میری دنیا کی درستگی فرما جسے تو میرے گزر اوقات کا ذریعہ بنایا۔''

اور تین مرتبہ یہ پڑھا:

﴿اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِي دُنْيَايَ الَّتِي جَعَلْتَ فِيهَا مَعَاشِي﴾

''اے اللہ! تو میری آخرت کی درستگی فرما جسے تو نے میرے لوٹنے کی جگہ بنایا۔''

اور تین مرتبہ یہ پڑھا:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ. اَللّٰهُمَّ اَعُوذُ بِكَ﴾

[1] ورواہ مسلم رقم 2718 فی الذکر والدعاء: باب التعوذ من شر ما عمل ومن شر ما لم یعمل، وابو داؤد رقم 5086 فی الادب: باب ما یقول اذا اصبح۔

"اے اللہ! میں تجھ سے تیری رضا کے ساتھ تیری ناراضگی کی پناہ مانگتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"

اور تین مرتبہ یہ پڑھا:

﴿لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدّ﴾

"اسے کوئی روکنے والا نہیں جسے تو عطا فرمائے اور جسے تو عطا نہ کرے اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی کوشش کرنے والے کو اس کی کوشش تیری ذات (کے عذاب) سے نفع نہیں دے سکتی۔"①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا صَعِدَ فِي عَقَبَةٍ

جب گھاٹی میں چڑھے تو کیا پڑھے؟

[516] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:)كُنَّا إِذَا كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى اَكَمَةٍ كَبَّرْنَا، وَإِذَا صَعِدْنَا عَلَى جَبَلٍ كَبَّرْنَا، وَإِذَا هَبَطْنَا سَبَّحْنَا نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں گھاٹی پر ہوتے تو ہم تکبیر (یعنی اللہ اکبر) کہتے اور جب ہم پہاڑ پر چڑھتے تو تکبیر کہتے اور جب اترتے (بلندی سے) تو ہم تسبیح (یعنی سبحان اللہ) کہتے۔②

[517] اَخْبَرَنَا مَحْمُودُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ عَبْدِ الْعَظِيمِ الْعَنْبَرِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَخَذَ الْقَوْمُ فِي عَقَبَةٍ - اَوْ قَالَ: فِي ثَنِيَّةٍ - كُلَّمَا عَلَا عَلَيْهَا رَجُلٌ نَادَى بِاَعْلَى صَوْتِهِ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ. قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنَّكُمْ لَا تَدْعُونَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا(. ثُمَّ قَالَ: " يَا اَبَا مُوسَى - اَوْ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَيْسٍ - اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ "؟ قُلْتُ: بَلَى. قَالَ: " تَقُولُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.

① الحدیث بطولہ سندہ ضعیف، وقد اخرج مسلم اولہ عن ابی ہریرۃ، ولیس فیہ، ثلاث مرات، ولقسمہ الاخر شواہد بمعناہ، فالحدیث حسن بشواہدہ دون تقییدہ بثلاث مرات۔

② ورواہ البخاری 6/94 فی الجہاد: باب التسبیح اذا ہبط وادیا، وباب التکبیر اذا علا شرفا۔

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ قوم نے ایک گھاٹی کا راستہ اختیار کیا تو جب بھی کوئی ایک آدمی بلندی پر چڑھتا تو بلند آواز سے پکارتا:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، وَاللهُ أَكْبَرُ﴾

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ تم کسی بہرے یا غائب کو نہیں پکار رہے، پھر فرمایا: اے ابوموسیٰ! یا فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تجھے جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے پر مطلع نہ کروں تو میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیوں نہیں۔ فرمایا تو کہا کر:

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ﴾

''برائی سے بچنے اور نیکی کرنے کی قوت اللہ کی توفیق کے بغیر ممکن نہیں۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَشْرَفَ عَلَى وَادٍ

جب کسی وادی میں چڑھے تو کیا پڑھے؟

[518] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الصَّفَّارُ، عَنْ سُوَيْدٍ، عَنْ زُهَيْرٍ، ثنا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ أَبِي عُثْمَانَ، حَدَّثَنِي أَبُو مُوسَى، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَأَشْرَفَ النَّاسُ عَلَى وَادٍ، فَجَهَرُوا بِالتَّهْلِيلِ وَالتَّكْبِيرِ: اللّٰهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَرَفَعَ عَاصِمٌ صَوْتَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا أَيُّهَا النَّاسُ، ارْبَعُوا عَلَى أَنْفُسِكُمْ، الَّذِي تَدْعُونَ لَيْسَ بِأَصَمَّ، إِنَّهُ سَمِيعٌ قَرِيبٌ، إِنَّهُ مَعَكُمْ(، أَعَادَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. قَالَ أَبُو مُوسَى: فَسَمِعَنِي أَقُولُ وَأَنَا خَلْفَهُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، قَالَ:)أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ؟(قُلْتُ: بَلَى، فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي. قَالَ:)لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ.

حضرت ابوعثمان سے روایت ہے کہ مجھ سے حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے حدیث بیان کی انہوں نے فرمایا کہ ہم کسی سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو لوگ ایک وادی کی بلندی پر آئے تو اونچی آواز میں اللہ اکبر اور لا الہ الا اللہ پڑھنے لگے اور حضرت عاصم نے اپنی آواز کو بلند کیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو جس ذات کو تم پکارتے ہو وہ

[1] رجالہ ثقات ورواہ الترمذی رقم 3371 و 3457 فی الدعوات باب رقم 3 و 59 وبنحوہ البخاری 11/159 فی الدعوات باب اذا علا عقبة، وفی القدر باب لا حول ولا قوة الا باللہ ومسلم رقم 27004 فی الذکر والدعاء باب استحباب خفض الصوت بالذکر، وابو داود رقم 1526 و 1527 و 1528 فی الصلاة باب الاستغفار کلھم من حدیث ابی موسی رضی اللہ عنہ۔

بہرا نہیں بے شک وہ قریب سے سننے والا ہے۔ بلاشبہ وہ تمہارے ساتھ ہے آپ ﷺ نے تین بار اس کا اعادہ فرمایا۔ حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: سو آپ نے مجھ سے وہ سنا جو میں کہہ رہا تھا اور میں آپ کے پیچھے تھا:

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ﴾

تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تیری جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی طرف راہنمائی نہ کروں؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں فرمایا: (وہ خزانہ ہے)۔ ①

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ﴾

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَوْفَى عَلَى فَدْفَدٍ مِنَ الْأَرْضِ

جب زمین کی اونچی جگہ پر چڑھے تو کیا پڑھے؟

[519] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَفَلَ مِنَ الْجُيُوشِ أَوِ السَّرَايَا أَوِ الْحَجِّ أَوِ الْعُمْرَةِ أَوْ فِي ثَنِيَّةٍ أَوْ فَدْفَدٍ، كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ:)لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ(. ثُمَّ قَالَ:)آيِبُونَ تَائِبُونَ حَامِدُونَ، لِرَبِّنَا سَاجِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی لشکر یا سفر یا حج وعمرہ یا کسی گھاٹی سے واپس آئے تو تین مرتبہ تکبیر پڑھی پھر کہا:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ﴾

''نہیں ہے کوئی لائق عبادت سوائے اللہ کے، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہی اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔''

① رواه البخاري 11/159 في الدعوات باب الدعاء اذا علا عقبة، وباب قول لا حول ولا قوة الا بالله، وفي الجهاد باب ما يكره من رفع الصوت في التكبير، وفي المغازي باب غزوة خيبر، وفي القدر باب لا حول ولا قوة الا بالله، وفي التوحيد باب قول الله تعالى (وكان الله سميعا بصيرا) ومسلم رقم 3704 في الذكر والدعاء باب استحباب خفض الصوت بالذكر۔ والنسائي في، عمل اليوم والليلة، رقم 538 انظر الحديث السابق۔ وسيرد برقم 521۔

پھر پڑھتے:

﴿آيِبُونَ تَائِبُوْنَ حَامِدُوْنَ، لِرَبِّنَا سَاجِدُوْنَ، لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ﴾

''لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، اپنے رب کی حمد کرنے والے، اپنے رب کے لیے سجدہ کرنے والے، اپنے رب کی حمد کرنے والے۔ سچ کر دکھایا اللہ نے اپنے وعدہ کو اور اس نے اپنے بندے کی مدد کی اور لشکروں کو اکیلے شکست دی۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا عَلَا شَرَفًا مِنَ الْأَرْضِ

جب زمین کی کسی بلندی پر چڑھے تو کیا پڑھے؟

[520] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، ثنا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: اَرَادَ رَجُلٌ سَفَرًا، فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، اَوْصِنِي. قَالَ: اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰـهِ، وَالتَّكْبِيرِ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے سفر کا ارادہ کیا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ اقدس میں آیا عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں تجھے اللہ تعالیٰ سے ڈرنے اور ہر بلندی پر چڑھتے وقت تکبیر کہنے کی وصیت کرتا ہوں۔②

[521] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ، فَكَانَ الْقَوْمُ إِذَا عَلَوْا شَرَفًا كَبَّرُوا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا اَيُّهَا النَّاسُ. ارْبَعُوا عَلَى اَنْفُسِكُمْ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْعُونَ اَصَمَّ وَلَا غَائِبًا، وَلَكِنْ تَدْعُونَ سَمِيعًا قَرِيبًا(. قَالَ: وَاَنَا اَقُولُ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰـهِ، فَقَالَ: "يَا عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ

① و [illegible] رى 1/160 فى الدعوات: باب الدعاء اذا اراد سفراً او رجع، وفى ابواب عدة، و مسلم رقم 1344 فى الحج: باب مايقول اذا قفل من سفر الحج وغيره، و الترمذى رقم 950 فى الحج: باب ما جاء فيما يقول عند القفول من الحج والعمرة، وابو داود رقم 2880 فى الجهاد: باب فى التكبير على كل شرف۔

② تقدم تخريجه برقم 501۔

قَيْسٍ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى كَنْزٍ مِنْ كُنُوزِ الْجَنَّةِ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں تھے اور لوگ جب بلندی پر چڑھتے تو تکبیر کہتے۔ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے لوگو! اپنی جانوں پر نرمی کرو کیونکہ تم کسی بہرے اور غائب کو نہیں پکار رہے لیکن تم سننے والے قریب کو پکارتے ہو، کہتے ہیں کہ میں پڑھ رہا تھا:

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تیری جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کی راہنمائی نہ کروں (وہ خزانہ):

﴿لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ﴾

کہنا ہے۔[1]

[522] اَخْبَرَنَا اَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، عَنْ زِيَادٍ النُّمَيْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَلَا شَرَفًا مِنَ الْاَرْضِ قَالَ: »اللّٰـهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ، وَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى كُلِّ حَالٍ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب زمین میں کسی بلندی پر چڑھتے تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَكَ الشَّرَفُ عَلَى كُلِّ شَرَفٍ، وَلَكَ الْحَمْدُ عَلَى كُلِّ حَالٍ﴾

''اے اللہ! تیرے لیے ہی ہر بزرگی پر بزرگی ہے اور تیرے لیے ہی ہر حال میں تمام تر تعریفیں ہیں۔''[2]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا تَغَوَّلَتِ الْغِيلَانُ

جب جنگلی بھوت بھٹکا دیں تو کیا پڑھے؟

[523] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُرَيْمِ بْنِ مَرْوَانَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا سُوَيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: »إِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ رَفِيقٌ يُحِبُّ الرِّفْقَ، فَإِذَا

---

[1] تقدم تخريجه رقم 518۔

[2] قال الحافظ في، تخريج الاذكار، 5/145: حديث غريب، اخرجه احمد عن عمارة بن زاذان، واخرجه ابن السنى من وجه آخر عن عمارة، وهو ضعيف۔

سَافَرْتُمْ فِي الْخَصْبِ فَأَمْكِنُوا الرِّكَابَ أَسِنَّتَهَا، وَلَا تَجَاوَزُوا بِهَا الْمَنَازِلَ، وَإِذَا سِرْتُمْ فِي الْجَدْبِ فَاسْتَبِقُوا، وَعَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ، وَإِنْ تَغَوَّلَتْ بِكُمُ الْغِيلَانُ فَنَادُوا بِالْأَذَانِ، وَإِيَّاكُمْ وَالصَّلَاةَ عَلَى جَوَادِ الطَّرِيقِ، فَإِنَّهَا مَمَرُّ السِّبَاعِ، وَمَأْوَى الْحَيَّاتِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور نرمی کرنے کو پسند کرتا ہے سو جب تم سبزے والی زمین میں سفر کرو تو انہیں چرنے دو اور تم مقررہ کردہ منزلوں سے آگے نہ بڑھو اور جب تم خشک زمین میں سفر کرو تو گزرنے میں تیزی کرو اور رات کا سفر لازم پکڑو کیونکہ رات کو زمین لپیٹ دی جاتی ہے، سو جب تمہیں بھوت بھٹکا دیں تو آذان دو اور اپنے آپ کو راستے میں نماز پڑھنے سے بچاؤ کیونکہ یہ (یعنی راستے) درندوں کی گزرگاہ اور سانپوں کا ٹھکانہ ہوتا ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى قَرْيَةً يُرِيدُ دُخُولَهَا

جب کوئی کسی بستی میں داخل ہونے کا ارادہ کرے تو کیا پڑھے؟

[524] أَخْبَرَنَا أَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي السَّرِيِّ الْعَسْقَلَانِيُّ، قَالَ: قُرِئَ عَلَى حَفْصِ بْنِ مَيْسَرَةَ الصَّنْعَانِيِّ وَأَنَا أَسْمَعُ: ثني مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي مَرْوَانَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ كَعْبًا، حَلَفَ بِالَّذِي فَلَقَ الْبَحْرَ لِمُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ أَنَّ صُهَيْبًا حَدَّثَهُ أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَرَ قَرْيَةً يُرِيدُ دُخُولَهَا إِلَّا قَالَ حِينَ يَرَاهَا:)اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِينِ وَمَا أَضْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَإِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هَذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ أَهْلِهَا، وَنَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ أَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا.

حضرت عطاء بن ابی مروان اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے اس ذات کی قسم کھائی جس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لیے دریا کو پھاڑا کہ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ نے ان سے حدیث بیان کی کہ حضرت محمد ﷺ کو انہوں نے کسی بستی میں نہیں دیکھا جس میں آپ کے داخل ہونے کا ارادہ ہوتا مگر یہ کہ آپ ﷺ اس کو دیکھتے ہی پڑھتے:

---

① ورواه احمد فی، المسند، 305/3 و 382، وهو جزء من حديث طويل من رواية الحسن البصري عن جابر، والحسن لم يسمع من جابر عند الاكثر، ورواه ايضاً البزار من رواية الحسن عن سعد، ولا يعلم للحسن سماع من سعد، ورواه الطبراني عن ابي هريرة، وفي اسناد عدي بن الفضل وهو متروك كذا انظر، الفتوحات، 161/5۔

﴿اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَمَا اَظْلَلْنَ، وَرَبَّ الْاَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا اَقْلَلْنَ، وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا اَضْلَلْنَ، وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا ذَرَيْنَ، فَإِنَّا نَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ وَخَيْرَ اَهْلِهَا، وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ اَهْلِهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا﴾

''اے اللہ! سات آسمانوں کے رب اور جن پر یہ سایہ کیے ہوئے ہیں اور سات زمینوں کے رب اور جن کو یہ اٹھائے ہوئے ہے اور شیطانوں کے رب اور جن کو انہوں نے گمراہ کیا اور ہواؤں کے رب اور ان کے جنہیں انہوں نے اڑایا۔ سو بے شک میں تجھ سے اس بستی کی بھلائی اور جو بھلائی اس میں ہے اور اس کے اہل کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں، اور میں تیری ذات سے اس کے شر اور اس کے اہل کے شر اور جو شر اس میں ہے اس کی پناہ مانگتا ہوں۔''①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا اَشْرَفَ عَلَى مَدِيْنَةٍ

جب مدینہ منورہ کی طرف آئے تو کیا پڑھے؟

[525] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أنا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَالِمٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ سَهْلٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا كَانَ يَتَخَوَّفُ الْقَوْمُ حَيْثُ كَانُوا يَقُولُونَ إِذَا اَشْرَفُوا عَلَى الْمَدِينَةِ: اللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا فِيهَا رِزْقًا وَقَرَارًا؟ قَالَ:)كَانُوا يَتَخَوَّفُونَ مِنْ جَوْرِ الْوُلَاةِ، وَقُحُوطِ الْمَطَرِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوامامہ کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ ہم نے عرض کیا: یا رسول اللہ! لوگ کس چیز سے خوف کھاتے تھے جب وہ مدینہ منورہ کی طرف آتے ہیں تو (خوف سے) یہ پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا فِيْهَا رِزْقًا وَقَرَارًا﴾

''اے اللہ! ہمارے لیے اس میں رزق اور جائے قرار بنا دے۔''

آپ ﷺ نے فرمایا کہ وہ بادشاہوں کے ظلم اور بارش کے قحطوں سے ڈراتے تھے۔②

① النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 543، وابن حبان رقم 2377، موارد، والحاکم 2/100، وصححہ ووافقہ الذہبی وحسنہ الحفظ فی، تخریج الاذکار 5/154۔ انظر، تخریج الکلم الطیب، الالبانی رقم 178۔

② قال الہیثمی فی لمجمع، 10/135: رواہ البزار ورجالہ رجال الصحیح غیر قیس بن سالم، وہو ثقۃ۔ اہ۔ قال الذہبی فی، المیزان، قیس بن سالم: لم یکد یعرف واتی بخبر منکر۔

[526] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي إِسْحَاقَ، ثنا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْفَلَهُ مِنْ عُسْفَانَ، فَلَمَّا اَشْرَفَ عَلَى الْمَدِينَةِ قَالَ:)آيِبُونَ عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ(فَلَمْ يَزَلْ يَقُولُ ذَلِكَ حَتَّى دَخَلَ الْمَدِينَةَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم عسفان سے واپس آنے والے قافلے میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے سو جب آپ ﷺ مدینہ منورہ کے سامنے آئے تو آپ نے پڑھا:

﴿آيِبُونَ عَابِدُونَ. لِرَبِّنَا حَامِدُونَ﴾

''(ہم) لوٹنے والے، عبادت کرنے والے، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔''

آپ ﷺ مسلسل یہ (کلمات) پڑھتے رہے حتی کہ مدینہ منورہ میں داخل ہو گئے۔ ①

[527] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ الْبُهْلُولِ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ عِيسَى، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عِيسَى بْنِ مَيْمُونٍ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَشْرَفَ عَلَى اَرْضٍ يُرِيدُ دُخُولَهَا قَالَ:)اللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذِهِ الْاَرْضِ وَخَيْرِ مَا جَمَعْتَ فِيهَا، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَمَعْتَ فِيهَا، اللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حِمَاهَا، وَاَعِذْنَا مِنْ وَبَاهَا، وَحَبِّبْنَا إِلَى اَهْلِهَا، وَحَبِّبْ صَالِحِي اَهْلِهَا إِلَيْنَا.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی زمین میں داخل ہونے کے لیے متوجہ ہوتے تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذِهِ الْاَرْضِ وَخَيْرِ مَا جَمَعْتَ فِيهَا. وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَمَعْتَ فِيهَا. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا حِمَاهَا. وَاَعِذْنَا مِنْ وَبَاهَا. وَحَبِّبْنَا إِلَى اَهْلِهَا. وَحَبِّبْ صَالِحِيْ اَهْلِهَا إِلَيْنَا﴾

''اے اللہ! میں تجھ سے اس بستی کی بھلائی کا اور جو بھلائی تو نے اس میں جمع کر رکھی ہے اس کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے اس کے شر اور جو شر تو نے اس میں جمع کر رکھا ہے اس کی پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! ہمیں اس کی حمی (جہاں کسی کی حفاظت کی جائے) نصیب فرما اور ہمیں اس کی وباء سے پناہ عطا فرما، اور ہمارے لیے اس کے

① البخاری 6/133-134 فی الجهاد: باب ما يقول اذا رجع من الغزو، و 10/334 فی اللباس: باب ارداف المراة خلف الرجل ذا محرم، و فی الادب: باب قول الرجل: جعلنی الله فداک۔

اہل کو محبوب بنا دے اور اس کے رہنے والے نیک لوگوں کو ہمارے لیے محبوب بنا دے۔"①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا

جب کوئی کسی منزل پر اترے تو کیا پڑھے؟

[528] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ يَعْقُوبَ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيمٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ حَتَّى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ ذَلِكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی منزل پر اترے پھر یہ پڑھے:

﴿أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ﴾

"میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی کامل کلمات کے ساتھ ہر چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔"

تو اسے کوئی بھی چیز نقصان نہیں دے گی حتیٰ کہ وہ اس منزل سے کوچ کر جائے۔②

[529] أَخْبَرَنَا عَبْدَانُ، وَأَبُو عَرُوبَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: قَالَ شُعْبَةُ: حَدَّثَنِي قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:)كُنَّا إِذَا نَزَلْنَا سَبَّحْنَا حَتَّى تَحِلَّ الرِّحَالُ(قَالَ: يَعْنِي سَبَّحْنَا بِاللِّسَانِ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب ہم (سواریوں سے) اترتے تو تسبیح پڑھتے حتیٰ کہ کجاوے کھول دیے جاتے۔ حضرت شعبہ نے کہا: یعنی ہم زبان کے ساتھ تسبیح پڑھتے۔③

---

① قال الحافظ: في سنده ضعف، لكنه يعتضد بحديث ابن عمر، فساق سنده أليه، ثم قال: وفي سنده ضعف، لكن توبع، فرواه مبارك بن حسان عن نافع عن ابن عمر، قال: كنا تسافر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فاذا راى قرية يريد دخولها، قال: اللهم بارك لنا فيها، ثلاث مرات، اللهم ارزقنا جناها وجنبنا وباها...، وذكر بقية الحديث مثل حديث عائشة، وفي مبارك ايضاً مقال، لكن يعضد بهذه الطرق بعضاً. اه۔ قوله: عبدالله بن الفضل، في نسخة: عبدالله بن فضل، قوله: اسحاق بن البهلول، في نسخة اسحاق بن المنهال قوله: بهذه الارض، في نسخة: بهذه القرى۔ قوله: حمابا، في نسخة: جناها۔

② رواه مسلم رقم 2708 في الذكر: باب من التعوذ من سوء القضاء ودرك الشقاء وغيره، والترمذي رقم 3433 في الدعوات: باب ما يقول اذا نزل منزلاً، احمد في المسند، 377/6، 378 و409، والدارمي رقم 2783 في الاستئذان: باب ما يقول اذا نزل منزلاً۔

③ في اسناده بقية بن الوليد وهو ضعيف۔ قال الهيثمي في المجمع، 133/10: رواه الطبراني في الاوسط، واسناده جيد۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قَفَلَ مِنْ سَفَرِهِ

جب اپنے سفر سے واپس آئے تو کیا پڑھے؟

[530] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ، ثنا جُوَيْرِيَةُ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَفَلَ كَبَّرَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُونَ عَابِدُونَ تَائِبُونَ سَاجِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ.

حضرت عبداللہ (بن مسعود) رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے واپس آتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے پھر پڑھتے:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، آيِبُونَ عَابِدُونَ تَائِبُونَ سَاجِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ، صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ﴾

"اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے بادشاہی ہے، اوراسی کے لیے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے (ہم) لوٹنے والے، عبادت کرنے والے، توبہ کرنے والے، سجدہ کرنے والے، اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اوراپنے بندے کی مدد کی اور لشکروں کو اکیلے شکست دی۔"[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرِهِ فَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ

جب اپنے سفر سے واپس آئے اوراپنے اہل پر داخل ہو تو کیا پڑھے؟

[531] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، ثنا أَبُو الْأَحْوَصِ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ فِي سَفَرٍ قَالَ:)اللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي

[1] رجالہ ثقات۔

الْأَهْلِ، اللّٰـهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ، وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ، اللّٰـهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ(. فَإِذَا أَرَادَ الرُّجُوعَ قَالَ:)آيِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ(. فَإِذَا دَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ قَالَ:)تَوْبًا لِرَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر پر نکلنے کا ارادہ کرتے تو (یہ دعا) پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ، وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ، وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ. اَللّٰهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْأَرْضَ، وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ﴾

''اے اللہ! تو ہی سفر کا ساتھی ہے اور اہل میں خلیفہ، اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں دوران سفر ضائع ہونے سے اور واپسی پر برے منظر کے پیش آنے سے، اے اللہ! ہمارے لیے زمین کو لپیٹ دے اور ہم پر سفر کو آسان فرما دے۔''

پھر جب واپس لوٹ کر آتے تو پڑھتے:

﴿آيِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ، لِرَبِّنَا حَامِدُونَ﴾

''لوٹنے والے، توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے اور اپنے رب کی حمد کرنے والے ہیں۔''

سو جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل پر داخل ہوتے تو پڑھتے:

﴿تَوْبًا لِرَبِّنَا أَوْبًا، لَا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا﴾

''توبہ کرتے ہوئے اپنے رب سے ایسی توبہ کہ جو ہم پر کوئی بھی گناہ نہ چھوڑے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ قَدِمَ مِنَ الْغَزْوِ

جو غزوہ سے واپس آئے اسے کیا دعا دے؟

[532] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي طَلْحَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ

[1] رواہ احمد فی المسند، 1/256 و 300، قال الہیثمی فی المجمع، 10/130: رواہ احمد والطبرانی فی الکبیر، و الاوسط، و ابو یعلی و البزار، وزادوا کلہم علی واحمد: ایبون، ورجالہم رجال الصحیح الا بعض اسانید الطبرانی۔

صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)إِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَا تَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ تَصَاوِيرُ وَلَا كَلْبٌ(قَالَ زَيْدُ بْنُ خَالِدٍ الْجُهَنِيُّ لِأَبِي طَلْحَةَ: قُمْ بِنَا إِلَى عَائِشَةَ نَسْأَلُهَا عَنْ هَذَا. فَأَتَيَا عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا فَسَأَلَاهَا، فَقَالَتْ: أَمَّا هَذَا فَإِنِّي لَا أَحْفَظُهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَكِنْ كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَغْزًى لَهُ، فَتَحَيَّنْتُ قَفْلَهُ، فَكَسَوْتُ عَرْشَ بَيْتِي نَمَطًا، فَلَمَّا دَخَلَ اسْتَقْبَلَهُ، فَأَخَذْتُ بِيَدِهِ، فَقُلْتُ: الْحَمْدُ لِلّٰـهِ الَّذِي نَصَرَكَ وَأَعَزَّكَ وَأَكْرَمَكَ، فَنَظَرْتُ إِلَيْهِ، فَرَأَيْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِي وَجْهِهِ، حَتَّى تَمَنَّيْتُ أَنِّي لَمْ أَكُنْ فَعَلْتُهُ، فَنَزَعَ يَدَهُ مِنْ يَدِي، ثُمَّ أَتَى النَّمَطَ فَانْتَبَشَهُ، ثُمَّ قَالَ:)يَا عَائِشَةُ، إِنَّ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ لَمْ يَأْمُرْنَا فِيمَا رَزَقَنَا أَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَاللَّبِنَ(، فَجَعَلْتُهُ فِي وِسَادَتَيْنِ، فَجَلَسَ عَلَيْهِمَا رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَكْرَهْهُمَا.

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویریں اور کتا ہو۔ حضرت زید بن خالد جہنی نے حضرت ابوطلحہ سے کہا: اٹھو ہمارے ساتھ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس (چلتے ہیں) تاکہ ہم آپ سے اس بارے میں سوال کریں، سو وہ دونوں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے تو ان دونوں نے آپ سے اس بارے سوال کیا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: یہ جو ہے اس بارے میں تو مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے (اس کے متعلق حکم) کچھ یاد نہیں لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ایک غزوہ میں تھے سو مجھے آپ کی واپسی کا علم ہوا تو میں نے اپنے گھر کی چھت کو ایک کپڑا پہنا دیا سو جب آپ داخل ہوئے تو میں نے آپ کا استقبال کیا پس میں نے آپ کا ہاتھ پکڑ لیا میں نے کہا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَصَرَكَ وَاَعَزَّكَ وَاَكْرَمَكَ﴾

''تمام تر تعریفیں اس اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے آپ کی مدد فرمائی اور آپ کو عزت دی اور آپ کا اکرام کیا۔''

سو میں نے آپ کی طرف دیکھا تو میں نے آپ کے چہرہ انور پر ناپسندیدگی دیکھی حتی کہ میں نے یہ تمنا کی کہ کاش میں ایسا نہ کرتی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ مبارک میرے ہاتھ سے کھینچ لیا پھر آپ اس کپڑے کے پاس آئے اور اسے ہٹا دیا پھر ارشاد فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ عزوجل ہمیں یہ حکم نہیں دیتا کہ ہمیں جو اس نے رزق عطا کیا ہے اس میں سے پتھروں اور مٹی کو کپڑے پہنائیں تو میں نے اس کے (یعنی کپڑے کے) دو سرہانے بنا لیے پس آپ ان پر بیٹھے اور انہیں ناپسند نہیں فرمایا۔[1]

---

[1] قال الحافظ: اخرجه مسلم والنسائی وابو داود، قال الحافظ: ووقع لنا من وجه آخر بزیادة فی الذکر المذکور عن زید بن خالد الجهنی ولعل سعید بن یسار سمعه من زید بن خالد عن ابی طلحة وسمعه من ابی طلحة نفسه فکان یحدث تارة ہکذا وتارة ہکذا والله اعلم اھ۔ الفتوحات 5/174-175۔ قلت: رواه مسلم رقم 2106 و 2107 فی اللباس: باب تحریم تصویر صورة الحیوان۔۔۔ الخ وابو داود رقم 4153 و 4155، والنسائی 8/212-214 فی الزینة باب التصاویر، وفی، عمل الیوم واللیلة، رقم 558۔

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ يَقْدَمُ مِنْ حَجٍّ

جو حج سے واپس آئے اسے کیا دعا دی جائے؟

[533] حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى، ثنا عَاصِمُ بْنُ مَهْجَعٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ سَالِمٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ غُلَامٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنِّي أُرِيدُ هَذَا الْوَجْهَ الْحَجَّ. قَالَ: فَمَشَى مَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)يَا غُلَامُ، زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوَى، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ، وَكَفَاكَ الْمُهِمَّ(. فَلَمَّا رَجَعَ الْغُلَامُ سَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ: فَرَفَعَ رَأْسَهُ إِلَيْهِ، فَقَالَ:)يَا غُلَامُ، قَبِلَ اللّٰهُ حَجَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَأَخْلَفَ نَفَقَتَكَ.

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک لڑکا حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس نے عرض کی: میں اس سال حج کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اس کے ساتھ چلے پھر فرمایا: اے لڑکے!

﴿زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى، وَوَجَّهَكَ فِي الْخَيْرِ، وَكَفَاكَ الْمُهِمَّ﴾

"اللہ تعالیٰ تجھے تقویٰ کا زادراہ عطا فرمائے اور تجھے بھلائی میں متوجہ فرمائے اور غم میں تیری کفایت فرمائے۔"

پھر جب وہ لڑکا واپس آیا تو اس نے حضور نبی کریم ﷺ کو سلام کیا کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے اس کی طرف اپنا سر مبارک اٹھا کر فرمایا:

﴿يَا غُلَامُ، قَبِلَ اللّٰهُ حَجَّكَ، وَغَفَرَ ذَنْبَكَ، وَأَخْلَفَ نَفَقَتَكَ﴾

"اے لڑکے! اللہ تعالیٰ تیرا حج قبول فرمائے اور تیرے گناہ معاف فرمائے اور تیرے خرچ کا بدلہ عطا فرمائے۔"[1]

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ يَقْدَمُ عَلَيْهِ مِنْ سَفَرٍ

اس شخص کو جو سفر سے واپس آئے کیا دعا دے؟

[534] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، أنا الْمَخْزُومِيُّ، حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، ثنا

[1] تقدم تخريجه برقم 506۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ أَبِي السَّائِبِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - قَالَ: وَكَانَ يُشَارِكُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ - قَالَ: فَقَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)مَرْحَبًا بِأَخِي، لَا يُدَارِي وَلَا يُمَارِي.

حضرت سائب بن ابی السائب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور یہ دور جاہلیت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شریک ہوتے تھے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے تو فرمایا: میرے بھائی کو خوش آمدید، نہ تو زیادہ خاطر مدارات ہے اور نہ ہی جھگڑا کرنا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ

جب شخص مریض کے پاس جائے تو اسے کیا دعا دے؟

[535] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سِنَانِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَى أَعْرَابِيٍّ يَعُودُهُ وَهُوَ مَحْمُومٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّارَةٌ وَطَهُورٌ. فَقَالَ الْأَعْرَابِيُّ: حُمَّى تَفُورُ عَلَى شَيْخٍ كَبِيرٍ تُزِيرُهُ الْقُبُورَ. فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَرَكَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دیہاتی کے پاس اس کی عیادت کرنے کے لیے داخل ہوئے اور وہ بیمار تھا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: (یہ بیماری) کفارہ ہے (گناہوں کا) اور پاکیزگی ہے۔ اس دیہاتی نے عرض کی: یہ بخار ہے جو بڑے بوڑھے پر جوش مارتا ہے اسے قبروں کی زیارت کرائے گا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم (اس کے پاس سے) اٹھ آئے اور اسے چھوڑ دیا۔ ②

[536] أَخْبَرَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الصَّمَدِ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَصْرِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ الْمَدَنِيِّ، - وَلَيْسَ هُوَ يَحْيَى بْنَ سَعِيدِ بْنِ قَيْسٍ - عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ،

---

① رواہ احمد فی المسند 3/425 وبنحوہ ابو داود رقم 4836 فی الادب فی کراہیۃ المراء، وابن ماجہ رقم 2287 فی التجارات باب الشرکۃ والمضاربۃ والنسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 312 کلھم من حدیث مجاھد وفی سندہ اضطراب۔ انظر، تہذیب التہذیب، 3/449۔

② قال الحافظ: ہذا حدیث حسن غریب من ہذا الوجہ: اخرجہ احمد عن عفان عن حماد، واخرجہ ابن السنی عن ابی لیلی۔ اھ۔

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مِنْ تَمَامِ الْعِيَادَةِ أَنْ تَضَعَ عَلَى الْمَرِيضِ يَدَكَ، فَتَقُولَ: كَيْفَ أَصْبَحْتَ، أَوْ كَيْفَ أَمْسَيْتَ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مکمل تیمارداری یہ ہے کہ تو بیمار پر اپنا ہاتھ رکھے اور تو کہے:

﴿كَيْفَ أَصْبَحْتَ أَوْ كَيْفَ أَمْسَيْتَ.﴾

"تو نے کیسے صبح کی یا تو نے کیسے شام کی۔"①

بَابُ تَطْيِيبِ نَفْسِ الْمَرِيضِ
مریض کے دل کو خوش کرنے کا بیان

[537] أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْأَشَجِّ، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِذَا دَخَلْتُمْ عَلَى الْمَرِيضِ فَنَفِّسُوا لَهُ فِي أَجَلِهِ، فَإِنَّ ذَلِكَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا، وَهُوَ يُطَيِّبُ نَفْسَهُ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم کسی مریض کے پاس جاؤ تو اسے اس کی اجل (زندگی) کی امید دلاؤ کیونکہ یہ (مقدور نصیب میں سے) کسی چیز کو نہیں لوٹا سکتی لیکن یہ (امید دلانا) اس (بیمار) کی طبیعت کو خوشگوار کر دے گا۔②

بَابُ مَسْأَلَةِ الْمَرِيضِ عَنْ حَالِهِ
مریض سے اس کا حال پوچھنے کا بیان

[538] أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، وَأَبُو عَرُوبَةَ قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ بْنِ سِنَانٍ، ثنا أَبِي فَرْوَةُ يَزِيدُ بْنُ سِنَانٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ عَطَّافٍ الزُّهْرِيُّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي

① رواه الترمذی رقم 2732 فی الاستئذان: باب ما جاء فی المصافحة، وفی اسناده عبید الله بن زحر، وعلی بن یزید والقاسم ابی عبدالرحمن، انظر الکلام علیهم الحدیث رقم 116 و132 فالحدیث ضعیف کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 5302۔ قلت: ولا اصل وضع الید علی المریض شاہد من حدیث عائشة رضی الله عنها فی، الصحیحین،، ومن حدیث سعید بن ابی وقاص رضی الله عنه فی البخاری۔

② رواه الترمذی رقم 2088 فی الطب: باب رقم 35، وابن ماجه رقم 1438 فی الجنائز: باب ما جاء فی عیادة المریض، وفی اسناده موسی بن محمد بن ابراہیم التیمیی، وہو منکر الحدیث، انظر، الاحادیث الضعیفة، للالبانی رقم 184۔

رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَبِي سَلَمَةَ وَهُوَ مَرِيضٌ، قَالَ:) كَيْفَ تَجِدُكَ؟(قَالَ: صَالِحًا. قَالَ:)أَصْلَحَكَ اللّٰـهُ.

زوجہ حضور نبی کریم ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے جب کہ وہ بیمار تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو؟ تو انہوں نے کہا: ٹھیک ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل تجھے ٹھیک ہی رکھے۔ ①

بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ جَوَابِ الْمَرِيضِ

مریض کو پسندیدہ جواب دینے کا بیان

[539] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُمَرَ بْنِ شَقِيقٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ ثَابِتٍ، - أَحْسِبُهُ - عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ وَهُوَ فِي الْمَوْتِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَقَالَ:)كَيْفَ تَجِدُكَ(؟ قَالَ: بِخَيْرٍ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، أَرْجُو اللّٰـهَ، وَأَخَافُ ذُنُوبِي. قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لَنْ يَجْتَمِعَا فِي قَلْبِ رَجُلٍ عِنْدَ هَذَا الْمَوْطِنِ إِلَّا أَعْطَاهُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ رَجَاءَهُ، وَآمَنَهُ مِمَّا يَخَافُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کی مرض الموت میں عیادت کے لیے گئے تو آپ نے اسے سلام کیا اور فرمایا: اپنے آپ کو کیسا پاتے ہو اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! خیریت سے ہوں اللہ تعالیٰ سے (اس کی رحمت کی) امید ہے اور اپنے گناہوں کا خوف کھاتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہرگز کسی آدمی کے دل میں دو چیزیں جمع نہیں ہوتیں مگر یہ کہ اللہ عزوجل اسے اس کی امید عطا فرماتا ہے اور اس چیز سے اسے امن عطا فرماتا ہے جس کا اسے خوف ہوتا ہے۔ ②

---

① فی اسنادہ ابو فروۃ یزید بن سنان، وھو ضعیف و محمد بن یزید بن سنان، لیس بالقوی کما قال الحافظ فی التقریب۔

② رواہ الترمذی رقم 983 فی الجنائز: باب رقم 11، و ابن ماجہ رقم 4261 فی الزھد: باب ذکر الموت والاستعداد لہ، و اسنادہ حسن، کما قال الالبانی فی، احکام الجنائز و بدعھا، صصفحہ 3۔

بَابُ اشْتِهَاءِ الْمَرِيضِ
مریض کی خواہش پوری کرنے کا بیان

[540] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، ثنا اَبُو يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا الْاَعْمَشُ، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى رَجُلٍ يَعُودُهُ، فَقَالَ:)هَلْ تَشْتَهِي شَيْئًا؟ هَلْ تَشْتَهِي كَعْكًا؟(قَالَ: نَعَمْ. فَطَلَبَهُ لَهُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک آدمی کی عیادت کے لیے اس کے پاس آئے فرمایا: کیا تجھے کسی چیز کی خواہش ہے کیا تجھے "کعک" کی خواہش ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! پس وہ (کعک) اس کے لیے منگوائی گئی۔ ①

﴿کَعْك﴾

بَابُ تَلْقِينِ الْمَرِيضِ الصَّبْرَ
مریض کو صبر کی تلقین کرنے کا بیان

[541] حَدَّثَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ الْاَشْعَرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ عَادَ مَرِيضًا وَمَعَهُ اَبُو هُرَيْرَةَ مِنْ وَعْكٍ كَانَ بِهِ شَدِيدٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: هِيَ نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ فِي الدُّنْيَا؛ لِتَكُونَ حِطَّةً مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کسی مریض کی اس کی سخت بیماری میں عیادت کرنے گئے اور آپ کے ساتھ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بھی تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ اللہ عزوجل فرماتا ہے: یہ (بیماری) میری آگ ہے یہ میں اپنے مومن بندے پر دنیا میں مسلط کرتا ہوں تا کہ آخرت میں یہ جہنم کی آگ کو (اس آدمی کے لیے) بجھا دے۔ ②

---

① رواہ ابن ماجة رقم 1440 فی الجنائز: باب ما جاء فی عیادة المریض، ورقم 3441 فی الطب: باب المریض یشتهی الشیء وفی اسناد ابن السنی جهالة الرجل، وفی ابن ماجه: یزید بن ابان الرقاشی، وهو ضعیف۔ فالحدیث ضعیف۔ انظر، الفتوحات الربانیة، 4/88-89۔
② رجاله ثقات۔

مریض کو صبر کی تلقین کرنے کا بیان

[542] اَخْبَرَنِي اَبُو اَيُّوبَ الْخُزَاعِيُّ سُلَيْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَيَّاشٍ، ثنا اَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ تَمِيمٍ، حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُ رَجُلًا مَرِيضًا مِنْ اَصْحَابِهِ، وَعُدْنَاهُ مَعَهُ، فَقَبَضَ عَلَى يَدِهِ، وَوَضَعَ عَلَى جَبْهَتِهِ، وَكَانَ يَرَى ذَلِكَ مِنْ تَمَامِ عِيَادَةِ الْمَرِيضِ، ثُمَّ قَالَ: " إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: هِيَ نَارِي اُسَلِّطُهَا عَلَى عَبْدِي الْمُؤْمِنِ؛ لِتَكُونَ حِطَّةً مِنَ النَّارِ فِي الْآخِرَةِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کرام میں سے کسی آدمی کی بیماری میں اس کی عیادت کے لیے نکلے تو ہم نے بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کی عیادت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس کی پیشانی پر رکھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو مریض کی مکمل عیادت خیال فرماتے تھے پھر آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے یہ (بیماری) میری آگ ہے اسے میں اپنے بندہ مومن پر مسلط کرتا ہوں تا کہ یہ آخرت میں (اس کے لیے) دوزخ کی آگ سے رکاوٹ بن جائے۔ ①

بَابُ دُعَاءِ الْعُوَّادِ لِلْمَرِيضِ

عیادت کرنے والوں کا مریض کے لیے دعا کرنے کا بیان

[543] حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْبَصْرِيُّ، بِحَرَّانَ، ثنا مُوسَى بْنُ سَعِيدٍ الدَّنْدَانِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَمَّادٍ الْكُوفِيِّ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ قَالَ اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، اشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا(وَكَانَ حَمَّادٌ يَقُولُ:)لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ نَوْعٌ آخَرُ.

① قال الہیثمی فی المجمع، 2/298-299: رواه ابن ماجه باختصار، وفيه عبد الرحمن بن يزيد بن تميم، وهو ضعيف۔ وقال الحافظ فی تخريج الاذكار، 4/70: ہذا حديث غريب، اخرج ابن ماجه بعضه، واخرجه ابن السنی بتمامه، ورجاله ثقات الا عبد الرحمن بن يزيد بن تميم فانه ضعيف، وقد تفرد بوصله ورفعه، وخالفه سعيد بن عبد العزيز فرواه عن اسماعيل بن عبيد الله من قول كعب الاحبار ومن حديث سعد بن ابی وقاص فی البخاری۔اھ۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مریض کے پاس (اس کی عیادت کے لیے) تشریف لے جاتے تو دعا کرتے:

﴿اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ، اِشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا﴾

''اس تکلیف کو دور فرما اے لوگوں کے پالن ہار! شفاء عطا فرما تو شفاء عطا فرمانے والا ہے تیری شفا کے بغیر کوئی شفا نہیں ایسی شفاء جو بیماری کو بالکل ختم کر دے۔''

اور راوی حماد ﴿لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ﴾ (تیری شفاء کے بغیر کوئی شفا نہیں) کہا کرتے تھے۔ ①

[544] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْمِنْهَالَ بْنَ عَمْرٍو، يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَعُودُ مَرِيضًا لَمْ يَحْضُرْ اَجَلُهُ، فَيَقُولُ سَبْعَ مَرَّاتٍ: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ اَنْ يَشْفِيكَ وَيُعَافِيكَ، إِلَّا عُوفِيَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو بھی مسلمان شخص کسی ایسے مریض کی عیادت کرے جسے موت نہ آئی ہو تو وہ سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

﴿اَسْاَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَشْفِيَكَ وَيُعَافِيَكَ، إِلَّا عُوْفِيَ﴾

''میں سوال کرتا ہوں اللہ عظمت والے سے جو رب ہے عظمت والے عرش کا کہ وہ تجھے شفا عطا فرمائے اور عافیت عطا فرمائے۔'' ②

[545] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَخْبَرَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، حَدَّثَنَا مَعْنٌ، ثنا مَالِكٌ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ نَافِعَ بْنَ جُبَيْرٍ، اَخْبَرَهُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، قَالَ: " جَاءَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي مِنْ وَجَعٍ اشْتَدَّ بِي، فَقَالَ: " امْسَحْ بِيَمِينِكَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، وَقُلْ: اَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ

① رواه البخاری 10/175 فی الطب: باب رقیة النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ و ابو داود رقم 3890 فی الطب: باب کیف الرقی، والترمذی رقم 973 فی الجنائز: باب فی التعوذ للمریض۔

② رواه ابو داود رقم 3106 فی الجنائز: باب الدعاء للمریض عند العیادة، والترمذی رقم 2084 فی الطب: باب رقم 32، وهو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، تخریج المشکاة، رقم 1553۔

مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ)فَفَعَلْتُ ذَلِكَ، فَاَذْهَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا كَانَ بِي، فَلَمْ يَزَلْ آمُرُ بِهِ اَهْلِي وَغَيْرُهُمْ نَوْعُ آخَرُ.

حضرت عثمان بن ابی العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس میری عیادت کے لیے تشریف لائے اس درد میں جو مجھ پر شدت اختیار کر گیا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ (درد والی جگہ پر) سات مرتبہ پھیر اور پڑھ:

﴿اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی عزت اور اس کی قدرت کے ساتھ اس کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔''

(حضرت عثمان بن العاص کہتے ہیں) سو میں نے ایسے ہی کیا تو اللہ عزوجل نے وہ تکلیف جو مجھے تھی ختم کر دی سو میں ہمیشہ سے اپنے گھر والوں اور ان کے علاوہ لوگوں کو بھی یہی (پڑھنے کا) حکم دیتا ہوں۔[1]

[546] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ شَحَّانَ، ثنا حَرْبُ بْنُ مَيْمُونٍ، ثنا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: " خَرَجْتُ اَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَدُهُ فِي يَدِي - اَوْ يَدِي فِي يَدِهِ - فَاَتَى عَلَى رَجُلٍ رَثِّ الْهَيْئَةِ، فَقَالَ:)اَيْ فُلَانُ، مَا بَلَغَ بِكَ مَا اَرَى(؟ قَالَ: السَّقَمُ وَالضُّرُّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ:)اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ تُذْهِبُ عَنْكَ الضُّرَّ وَالسَّقَمَ؟(فَقَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ: اَلَا تُعَلِّمُنِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: " قُلْ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ: تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ، وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا قَالَ: فَاَتَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ حَسُنَتْ حَالُهُ، فَقَالَ:)مَهْيَمْ(؟ فَقَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَمْ اَزَلْ اَقُولُ الْكَلِمَاتِ الَّتِي عَلَّمْتَنِي نَوْعُ آخَرُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں اور رسول اللہ ﷺ نکلے اور آپ کا ہاتھ میرے ہاتھ میں یا میرا ہاتھ آپ کے ہاتھ مبارک میں تھا پس آپ ایک ایسے شخص کے پاس آئے۔ جس کی ہیئت پراگندہ حال تھی تو آپ نے فرمایا: اے فلاں! تجھ کو کیا (یہ مصیبت والی) حالت پہنچی ہے۔ جسے میں دیکھ رہا ہوں اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! غم اور تکلیف، آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں جو تجھ سے تیری تکلیف اور غم دور کر دیں تو حضورت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ مجھے وہ کلمات نہیں سکھائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابو ہریرہ پڑھ:

[1] رواہ مسلم رقم 2202 فی السلام: باب استحباب وضع یدہ علی موضع الالم، و، الموطا، 942/28 فی العین: باب التعوذ و الرقیۃ فی المرض، و ابو داود رقم 3891 فی الطب: باب کیف الرقی، والترمذی رقم 2081 فی الطب: باب رقم 29، و احمد فی، المسند، 217/4، و ابن ماجہ رقم 3523 فی الطب: باب ما عوذ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم و ما عوذ بہ۔

﴿تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوْتُ، وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَلَمْ يَكُنْ لَهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا﴾

"میں بھروسہ کرتا ہوں اس زندہ رہنے والی ذات پر جسے موت نہیں آتی، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ اس کا کوئی شریک ہے بادشاہی میں، اور نہ اس کا کوئی مددگار ہے کمزوری میں اور اس کی خوب خوب بڑائی بیان کرو۔"

فرمایا (حضرت ابوہریرہ نے) کہ پھر رسول اللہ ﷺ اس (پراگندہ حال آدمی) کے پاس آئے تو اس کی حالت بہت حسین تھی آپ ﷺ نے فرمایا: کیا حال ہے؟ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں ہمیشہ یہی کلمات جو آپ نے مجھے سکھائے ہیں پڑھتا رہوں گا۔ ①

[547] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ حُيَيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا جَاءَ الرَّجُلُ يَعُودُ مَرِيضًا، فَيَقُولُ: اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا، أَوْ يَمْشِي لَكَ إِلَى صَلَاةٍ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کوئی آدمی کسی مریض کی عیادت کے لیے آئے تو وہ کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا، أَوْ يَمْشِي لَكَ إِلَى صَلَاةٍ﴾

"اے اللہ! اپنے اس بندے کو شفا عطا فرما کہ تیرے دشمن کو تیر مارے یا تیرے لیے نماز کی طرف چلے۔" ②

[548] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ مَحْمُودٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْكُوفِيُّ، ثنا جَنْدَلُ بْنُ وَالِقٍ التَّغْلِبِيُّ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي رَاشِدٍ، بَيَّاعُ الْأَنْمَاطِ، عَنْ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ زَاذَانَ، عَنْ سَلْمَانَ، قَالَ: عَادَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَرِيضٌ، فَقَالَ:)يَا سَلْمَانُ، شَفَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ سَقَمَكَ، وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ، وَعَافَاكَ فِي دِينِكَ وَجِسْمِكَ إِلَى مُدَّةِ أَجَلِكَ.

① فی اسنادہ موسی بن عبیدة، وهو ضعيف، كما قال الحافظ في التقريب۔ وحرب بن ميمون الراوی عن موسی بن عبيدة، فان كان الاكبر ابو الخطاب الانصاری مولاهم فهو صدوق رمی بالقدر، وان كان الاصغر صاحب الاغمية فهو متروك الحديث مع عبادة۔ قوله: الصبر والسقم، في المطبوع: الضبر والغم۔

② رواہ احمد في المسند، 2/172، و ابو داود رقم 3107 في الجنائز: باب الدعاء للمريض عند العيادة، واسناده حسن، وصححه الحاكم 1/344 و 549 ووافقه الذهبی۔

حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میری عیادت کی اور میں بیمار تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے سلمان! اللہ عزوجل تجھے تیری بیماری سے شفاء عطا فرمائے اور تیرے گناہوں کو معاف فرمائے اور تیرے دین میں تجھے عافیت عطا فرمائے اور تیرے جسم میں تیری موت کی میعاد تک (تجھے عافیت عطا فرمائے)۔①

بَابُ دُعَاءِ الْمَرِيضِ لِنَفْسِهِ

مریض کا اپنی ذات کے لیے دعا کرنے کا بیان

[549] اَخْبَرَنِي اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى الْحَرَشِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ يَسَافٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اَلَا اُخْبِرُكَ بِاَمْرٍ هُوَ حَقٌّ، مَنْ تَكَلَّمَ بِهِ عِنْدَ الْمَوْتِ فَقَدْ نَجَا مِنَ النَّارِ؟ إِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ مِنْ مَرَضِكَ، فَاعْلَمْ اَنَّكَ إِذَا اَمْسَيْتَ لَمْ تُصْبِحْ، وَإِذَا اَصْبَحْتَ لَمْ تُمْسِ، إِذَا قُلْتَ ذَلِكَ عِنْدَ اَخْذِكَ مَضْجَعَكَ مِنْ مَرَضِكَ اَنْجَاكَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ، وَاَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ، اَنْ تَقُولَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ عَلَى كُلِّ حَالٍ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ كَبِيرًا، كِبْرِيَاءُ رَبِّنَا وَجَلَالُهُ وَقُدْرَتُهُ بِكُلِّ مَكَانٍ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ اَمْرَضْتَنِي لِتَقْبِضَ رُوحِي فِي مَرَضِي هَذَا، فَاجْعَلْ رُوحِي فِي اَرْوَاحِ مَنْ قَدْ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنْكَ الْحُسْنَى، فَإِنْ مُتَّ مِنْ مَرَضِكَ فَإِلَى رِضْوَانِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ وَجَنَّتِهِ، وَإِنْ كُنْتَ اقْتَرَفْتَ ذُنُوبًا تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا میں تجھے ایسے امر کی خبر نہ دوں جو حق ہے جو بھی شخص بوقت موت اس کے ساتھ کلام کرے گا تو بلاشبہ وہ دوزخ سے نجات پائے گا جب تو اپنے بستر پر آئے اپنی بیماری کی وجہ سے تو تو جان لے کہ جب تجھے شام میسر آ گئی تو صبح میسر نہیں آئے گی اور جب تجھے صبح میسر آ گئی تو شام تجھے میسر نہیں آئے گی۔ جب تو اپنی بیماری میں اپنے بستر پر آتے وقت یہ پڑھ لے گا تو اللہ تعالیٰ تجھے دوزخ سے نجات اور جنت میں داخل فرمائے گا:

① اسنادہ ضعیف۔ قال الحافظ بعد تخریجہ: ہذا حدیث غریب، اخرجہ الحاکم 549/1 و صححہ، و قال الذہبی فی مختصرہ: سندہ جید، ولیس کما قالا، وقد تم الوہم فیہ علیہ وعلی الحاکم قبلہ، فقد سقط من سندہ بین شعیب وابی ہاشم راو، وذلک الراوی ہو: ابو خالد، کما جاء فی روایۃ ابن السنی، وابو خالد ہو عمرو بن خالد الواسطی ضعیف جداً۔ انظر، الفتوحات، 70/4۔

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ، سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعِبَادِ وَالْبِلَادِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، وَاللهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا، كِبْرِيَاءُ رَبِّنَا وَجَلَالُهُ وَقُدْرَتُهُ بِكُلِّ مَكَانٍ، اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ أَمْرَضْتَنِيْ لِتَقْبِضَ رُوْحِيْ فِيْ مَرَضِيْ هٰذَا، فَاجْعَلْ رُوْحِيْ فِيْ أَرْوَاحِ مَنْ قَدْ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنْكَ الْحُسْنٰى﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ زندہ رکھنے والا موت دینے والا ہے، اور زندہ ہے اسے موت نہیں آتی۔ پاک ہے اللہ کی ذات جو رب ہے بندوں کا اور ملکوں کا، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں بہت زیادہ پاکیزہ، مبارک ہر حال میں، اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ ہمارے رب کی بڑائی اور اس کا جلال اور قدرت ہر جگہ ہے۔ اے اللہ! اگر تو راضی ہے اس بات پر کہ تو میری اس بیماری میں روح کو قبض کرے تو میری روح کو ان ارواح میں سے کر دے جن کے لیے تیری طرف سے حسنیٰ (بھلائی) ثابت ہو چکی ہے۔''①

[550] حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الضَّحَّاكُ، ثنا أَبُو مَرْوَانَ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَتَمَنَّيَنَّ أَحَدُكُمُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ نَزَلَ بِهِ، وَلٰكِنْ لِيَقُلِ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی بھی ہرگز موت کی تمنا نہ کرے اس سختی پر جو اس پر نازل ہوئی۔ لیکن اسے چاہیے کہ (موت کی تمنا کرنے کے بجائے) یوں کہے:۔

﴿اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّيْ، وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّيْ﴾

''اے اللہ! مجھے زندگی عطا فرما جب تک میرا زندہ رہنا میرے لیے بہتر ہو اور مجھے موت عطا فرما جب میرا مرنا میرے لیے بہتر ہو۔''②

[551] أَخْبَرَنِي أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، ثنا هُشَيْمٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي الضُّحَى، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا عَادَ مَرِيضًا يَضَعُ يَدَهُ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِي يَشْتَكِي الْمَرِيضُ، ثُمَّ يَقُولُ:)بِسْمِ

① فی سندہ عامر بن عبداللہ بن یساف قال فی المیزان 361/2: عامر بن عبداللہ بن یساف عن یحیی بن کثیر، ہو عامر بن یساف الیامی، قال ابن عدی: منکر الحدیث عن الثقات۔

② رواہ البخاری 107/10-108 فی المرضی: باب تمنی المریض الموت، وفی الدعوات: باب الدعاء بالموت والحیاۃ ومسلم رقم 2680 فی الذکر والدعاء: باب کراہیۃ تمنی الموت، والترمذی رقم 971 فی الجنائز: باب فی النہی عن تمنی الموت، وابو داود رقم 3108 و 3109 فی الجنائز: باب کراہیۃ تمنی الموت، والنسائی 3/4 فی الجنائز: باب تمنی الموت۔

اللّٰهِ، اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِي، لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا. قَالَتْ عَائِشَةُ: فَلَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعْتُ يَدِي عَلَيْهِ لَاَقُولَ هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ، فَنَزَعَ يَدِي عَنْهُ، وَقَالَ:)اللّٰهُمَّ الرَّفِيقَ الْاَعْلَى نَوْعٌ اٰخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی مریض کی عیادت فرماتے تو اس مریض کی اس جگہ پر ہاتھ مبارک رکھتے جہاں اسے تکلیف ہوتی پھر پڑھتے:

﴿بِسْمِ اللهِ، اَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِي،لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ، شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا﴾

''اللہ کے نام سے شروع، تکلیف کو دور فرما اے لوگوں کے رب! اور شفا عطا فرما تو شفاء عطا فرمانے والا ہے تیری شفاء کے سوا کوئی شفا نہیں ہے ایسی شفاء جو بیماری کو بالکل نہ چھوڑے۔''

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ جب حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیمار ہوئے تو میں نے آپ پر اپنا ہاتھ رکھا تا کہ میں یہ کلمات پڑھوں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سے میرا ہاتھ کھینچ لیا اور کہا:[1]

﴿اَللّٰهُمَّ الرَّفِيْقَ الْاَعْلٰى﴾

''اے اللہ! رفیق اعلیٰ میں''۔

[552] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أنا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَاشِدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَسَنٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ جَعْفَرٍ، دَخَلَ عَلَى ابْنٍ لَهُ مَرِيضٍ يُقَالُ لَهُ صَالِحٌ، فَقَالَ لَهُ: " قُلْ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيمُ الْكَرِيمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي، اللّٰهُمَّ ارْحَمْنِي، اللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنِّي، اللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّي، فَإِنَّكَ غَفُورٌ رَحِيمٌ. ثُمَّ قَالَ: هٰؤُلَاءِ الْكَلِمَاتُ عَلَّمَنِيهِنَّ عَمِّي، وَذَكَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَّمَهُنَّ إِيَّاهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبداللہ بن حسن سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ اپنے بیمار بیٹے کے پاس آئے جسے صالح کہا جاتا تھا تو اس سے فرمایا پڑھ:

[1] رواه البخری 10/176 فی الطب: باب ما جاء فی رقیة النبی صلی الله علیه وسلم، و مسلم رقم 2191 فی السلام: باب استحباب رقیة المریض۔

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ، اَللّٰهُمَّ تَجَاوَزْ عَنِّيْ، اَللّٰهُمَّ اعْفُ عَنِّيْ، فَإِنَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو بردبار کرم فرمانے والا ہے، پاک ہے اللہ کی ذات جو عظمت والے عرش کا رب ہے، اے اللہ! میری مغفرت فرما، اے اللہ! مجھ پر رحم فرما۔ اے اللہ مجھ سے درگزر فرما، اے اللہ! مجھے معاف فرما بے شک تو معاف فرمانے والا رحم فرمانے والا ہے۔''[1]

پھر فرمایا کہ مجھے یہ کلمات میرے چچا نے سکھائے ہیں اور انہوں نے ذکر کیا تھا کہ ان کو یہ کلمات رسول اللہ ﷺ نے سکھائے ہیں۔

[553] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَسَّانَ، أنا اَبُو عَتَّابٍ الدَّلَّالُ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمَنِ السُّلَمِيِّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: مَرِضْتُ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُودُنِي، فَعَوَّذَنِي يَوْمًا، فَقَالَ: " بِسْمِ اللّٰـهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ، أُعِيذُكَ بِاللّٰـهِ الْأَحَدِ الصَّمَدِ، الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا اَحَدٌ، مِنْ شَرِّ مَا تَجِدُ " فَلَمَّا اسْتَقَلَّ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا قَالَ:)يَا عُثْمَانُ، تَعَوَّذْ بِهَا، فَمَا تَعَوَّذَ مُتَعَوِّذٌ بِمِثْلِهَا.

حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ پس ایک دن میری عیادت فرمائی تو یہ دعا پڑھی:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، أُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ الْأَحَدِ الصَّمَدِ، الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، مِنْ شَرِّ مَا تَجِدُ﴾

''اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان رحم فرمانے والا ہے میں تجھے اس اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں جو ایک ہے، بے نیاز ہے نہ وہ کسی کا بیٹا ہے، اور نہ کسی کا باپ اور نہ کوئی اس کا برابری کرنے والا ہے، اس شر سے جو تجھے پہنچا ہے۔''

پس جب رسول اللہ ﷺ اٹھ کھڑے ہوئے تو فرمایا: اے عثمان! اس (دعا) کے ساتھ پناہ طلب کر کیونکہ کسی پناہ مانگنے والے نے اس کی مثل (دعا سے) پناہ نہیں مانگی۔[2]

---

[1] النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 645، رجالہ ثقات۔ انظر، الفتوحات، 8/4۔
[2] واسنادہ ضعیف۔ کما قال الحافظ، فی امالی الاذکار، الفتوحات، 72/4۔

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَرْضَى أَهْلِ الْكِتَابِ

اہل کتاب کے مریضوں کو کیا دعا دی جائے؟

[554] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا جَدِّي عَمْرُو بْنُ أَبِي عَمْرٍو، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ، عَنْ أَبِي حَنِيفَةَ، ثنا عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)اذْهَبُوا بِنَا نَعُودُ جَارَنَا الْيَهُودِيَّ(. قَالَ: فَأَتَيْنَاهُ، فَقَالَ:)كَيْفَ أَنْتَ يَا فُلَانُ(؟ فَسَأَلَهُ، ثُمَّ قَالَ يَا فُلَانُ، اشْهَدْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ(. فَنَظَرَ الرَّجُلُ إِلَى أَبِيهِ، فَلَمْ يُكَلِّمْهُ، ثُمَّ سَكَتَ ثُمَّ قَالَ: وَهُوَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَلَمْ يُكَلِّمْهُ، فَسَكَتَ، فَقَالَ:)يَا فُلَانُ، اشْهَدْ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ(. فَقَالَ لَهُ أَبُوهُ: اشْهَدْ لَهُ يَا بُنَيَّ. فَقَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَأَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ. فَقَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَعْتَقَ رَقَبَةً مِنَ النَّارِ.

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ نے فرمایا: ہمارے ساتھ چلو ہم ایک یہودی پڑوسی کی عیادت کرنے چلتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ پس ہم اس کے پاس آئے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے فلاں تو کیسا ہے؟ پس اس سے حال دریافت کیا پھر فرمایا: اے فلاں! اس بات کی گواہی دے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ بے شک میں اللہ کا رسول ہوں۔ تو اس آدمی نے اپنے باپ کی طرف دیکھا جو اس کے سرہانے کے پاس تھا تو اس نے کوئی بات نہ کی پس وہ خاموش ہو گیا، آپ ﷺ نے پھر فرمایا: اے فلاں! اس بات کی گواہی دے دے کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور یہ کہ بلاشبہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ تو اس کے باپ نے اس سے کہا: اے بیٹے! گواہی دے دے تو اس نے کہا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور بے شک آپ اللہ کے رسول ہیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جس نے میری وجہ سے ایک جان کو دوزخ سے آزادی عطا فرما دی۔[1]

[1] رواہ البخاری 3/176 فی الجنائز: باب اذا اسلم الصبی فمات ہل یصلی علیہ وہل یعرض علی الصبی الاسلام، وفی المرضی: باب عیادۃ المشرک، وابو داود رقم 3095 فی الجنائز: باب فی عیادۃ الذمی۔

بَابُ مَا يُكْرَهُ لِلْمَرِيضِ مِنَ الدُّعَاءِ

مریض کے لیے کیا دعا کرنا مکروہ ہے؟

[555] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ حُمَيْدًا، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " عَادَ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَدَخَلَ عَلَيْهِ وَهُوَ كَالْفَرْخِ الْمَنْتُوفِ جَهْدًا، فَقَالَ:) هَلْ كُنْتَ تَدْعُو بِشَيْءٍ وَتَسْأَلُهُ؟(قَالَ: نَعَمْ، كُنْتُ أَقُولُ: اللَّهُمَّ مَا كُنْتَ مُعَاقِبِي بِهِ فِي الْآخِرَةِ، فَعَجِّلْهُ لِي فِي الدُّنْيَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " سُبْحَانَ اللَّهِ، لَا تُطِيقُهُ وَلَا تَسْتَطِيعُهُ، فَهَلَّا قُلْتَ: اللَّهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ)؟ فَدَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَفَاهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ مسلمانوں میں سے کسی آدمی کی عیادت کے لیے اس کے پاس گئے اور وہ مشقت کی وجہ سے بے پر پرندے کی مثل تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو نے کسی چیز کی دعا کی ہے اور اس کے متعلق سوال کیا۔ اس نے عرض کی: جی ہاں! میں کہا کرتا ہوں کہ "اے اللہ! جو سزا تو نے مجھے آخرت میں دینی ہے تو وہ مجھے جلدی سے دنیا میں دے دے۔" تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! نہ تو اس کی طاقت رکھتا ہے اور نہ تجھے اس کی استطاعت ہے تو نے یہ دعا کیوں نہ کی:[1]

پس رسول اللہ ﷺ نے اس کے لیے دعا فرمائی تو اللہ عزوجل نے اسے شفاء عطا فرما دی۔

﴿اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً، وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ﴾

"اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھی اچھائی عطا فرما اور آخرت میں اچھائی عطا فرما اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچانا۔"

[556] أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ شَاكِيًا، فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

[1] مسلم 2688 فی الذکر والدعاء: باب کراہیۃ الدعاء بتعجیل العقوبۃ فی الدنیا، والترمذی رقم 3483 فی الدعوات: باب ما جاء فی عقد التسبیح۔

وَسَلَّمَ وَأَنَا أَقُولُ: اللّٰــهُمَّ إِنْ كَانَ أَجْلِي قَدْ حَضَرَ فَأَرِحْنِي، وَإِنْ كَانَ مُتَأَخِّرًا فَارْفَعْنِي، وَإِنْ كَانَ بَلَاءً فَصَبِّرْنِي. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) كَيْفَ قُلْتَ؟ (، فَأَعَادَ عَلَيْهِ، فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ:) اللّٰــهُمَّ عَافِهِ، اللّٰــهُمَّ اشْفِهِ (قَالَ: فَمَا شَكَوْتُ وَجَعِي ذَلِكَ بَعْدُ.

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں بیمار تھا تو رسول اللہ ﷺ میرے پاس سے گزرے اور میں کہہ رہا تھا: اے اللہ! اگر میری موت کا وقت آپہنچا تو مجھے (اس بیماری سے) راحت عطا فرما اور اگر اس میں دیر ہے تو مجھ سے (اس تکلیف کو) اٹھالے اور اگر یہ کوئی آزمائش ہے تو مجھے صبر عطا فرما۔ تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا کہا تو نے؟ سو میں نے آپ کے لیے (ان کلمات کو) دہرایا تو آپ ﷺ نے اپنے پاؤں سے مجھے مارا اور دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ عَافِهِ. اَللّٰهُمَّ اشْفِهِ﴾

''اے اللہ اسے عافیت عطا فرما، اے اللہ! اسے شفا عطا فرما۔''

(حضرت علی) فرماتے ہیں کہ اس (دعا) کے بعد مجھے درد کی کوئی شکایت نہ رہی۔ ①

بَابُ دُعَاءِ الْمَرِيضِ لِلْعُوَّادِ

عیادت کرنے والوں کے لیے مریض کا دعا کرنا

[557] أَخْبَرَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عِيسَى التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، ثنا كَثِيرُ بْنُ هِشَامٍ الْجَزَرِيُّ، عَنْ عِيسَى بْنِ إِبْرَاهِيمَ الْهَاشِمِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ مَيْمُونِ بْنِ مِهْرَانَ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) إِذَا دَخَلْتَ عَلَى مَرِيضٍ، فَمُرْهُ فَلْيَدْعُ لَكَ؛ فَإِنَّ دُعَاءَهُ كَدُعَاءِ الْمَلَائِكَةِ.

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تو کسی بیمار کے پاس جائے تو اسے کہہ کہ وہ تیرے لیے دعا کرے کیونکہ اس کی دعا فرشتوں کی دعا کی طرح ہے۔ ②

① رجاله ثقات عدا عبدالله بن سلمة فقد قال البخاری فیه: لا یتابع علی حدیثه، وقال ابو حاتم: یعرف وینکر، وقال ابن عدی: ارجو انه لا باس به۔

② وزرواه ابن ماجه رقم 1441 فی الجنائز: باب ما جاء فی عیادة المریض۔ قال السیوطی فی، تحفة الابرار، 38/1۔ب: قال الحافظ ابن حجر: فلا یکون صحیحاً ولو اعتضد لکان حسناً، لکن لم نجد له شاهداً یصلح للاعتبار، فقد جاء من حدیث انس ومن حدیث ابی امامة ومن حدیث جابر، وفی سند کل منها من نسب الی الکذب، قال: ثم وجدت فی سنده میمون علیه خفیة تمنع من الحکم بصحته وحسنه، وذلک ان ابن ماجه اخرجه عن جعفر بن مسافر۔ وهو شیخ واسط۔ قال فیه ابو حاتم: شیخ، وقال النسائی: صالح، وقال ابن حبان فی، الثقات،: یخطئ، رواه عن کثیر بن ہشام، وهو ثقة من رجال مسلم، عن جعفر بن برقان، وهو من رجال مسلم ایضاً، لکنه مختلف فیه، والراجح انه ضعیف فی الزہری خاصة، وہذا من حدیثه من غیر الزہری وهو میمون بن مهران، واخرجه ابن السنی من طریق الحسن بن عرفة وهو اقوی من جعفر بن مسافر عن کثیر بن ہشام، فادخل بین کثیر وجعفر بن برقان عیسی بن ابراہیم الہاشمی وهو ضعیف جدا، نسبوه الی »

بَابُ مَا يَقُولُ لِلْمَرِيضِ إِذَا بَرَأَ وَصَحَّ مِنْ مَرَضِهِ

جب مریض صحت یاب اور تندرست ہوجائے تو اسے کیا دی جائے؟

[558] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الرَّقِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَجَّاجٍ، عَنْ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتِ بْنِ صَالِحِ بْنِ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ خَوَّاتِ بْنِ جُبَيْرٍ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: مَرِضْتُ، فَعَادَنِي رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:)صَحَّ الْجِسْمُ يَا خَوَّاتُ(. قُلْتُ: وَجِسْمُكَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ. قَالَ:)اَوْفِ اللّٰـهَ بِمَا وَعَدْتَهُ(. قُلْتُ: مَا وَعَدْتُ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ شَيْئًا. قَالَ:)بَلَى، إِنَّهُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَمْرَضُ إِلَّا اَحْدَثَ لِلّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ خَيْرًا، اَوْفِ اللّٰـهَ بِمَا وَعَدْتَهُ.

حضرت خوات بن جبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں بیمار ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے خوات! جسم تندرست ہوگیا میں نے یارسول اللہ! آپ کا جسم مبارک بھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے کیا اپنا وعدہ پورا کر میں نے عرض کیا: میں نے اللہ عزوجل سے کسی چیز کا وعدہ نہیں کیا آپ نے فرمایا: کیوں نہیں۔ کوئی بھی بندہ بیمار نہیں ہوتا مگر وہ اللہ عزوجل سے (اپنی بیماری کے دوران) بھلائی کا ایک نیا وعدہ کرتا ہے، اپنا اللہ سے کیا ہوا وعدہ پورا کر جو تو نے اس سے کیا ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا ذَكَرَ مُصِيبَةً قَدْ أُصِيبَ بِهَا

جب پہنچی ہوئی مصیبت یاد آئے تو کیا پڑھے؟

[559] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ

»الوضع، فهذه علة قادحة تمنع من الحكم بصحته لو كان منصلاً، وكذا بحسنه۔ اه۔ وقال الحافظ فی، تہذيب التهذيب، 2/107: قال النووی فی، الاذکار: صحيح او حسن لکن ميمونا لم يدرک عمر، فمشی علی ظاہر السند، وعلته ان الحسن بن عرفة رواه عن کثير فادخل بينه وبين جعفر رجلاً ضعيفاً جداً وہو عيسی بن براہيم الهاشمی، کذلک اخرجه ابن السنی والبيهقی من طريق الحسن فکان جعفر کان يدلس تدليس التسوية الا انه وجدت فی نسختی من ابن ماجه تصريح کثير بتحديث جعفر له، فلعل کثيراً عنعنه، فرواه جعفر عنه بالتصريح لاعتقاده ان الصيغتين سواء من غير المدلس، لکن ما وقفت علی کلام احد وصفه بالتدليس، فان کان الامر کما ظننت اولاً والا فيسلم جعفر من التسوية ويثبت التدليس فی کثير، والله اعلم۔ اه۔

① قال الحافظ: ہذا حديث غريب، اخرجه ابن ابی الدنيا فی کتاب المرض والکفارات، وابن شاہين فی کتاب الصحابة، وابن قانع، کلهم ينتهون الی محمد بن الحجاج المصفر، سکتوا عنه، وہی عبارة عن الترک، قال ابن عدی۔ والضعف علی حديثه بين۔ وذکر الحديث الذہبی فی، الميزان، وعده من مناکيره۔

اَبِيهِ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْحُسَيْنِ، اَنَّهَا سَمِعَتْ اَبَاهَا الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)مَا مِنْ مُسْلِمٍ وَلَا مُسْلِمَةٍ يُصَابُ بِمُصِيبَةٍ، وَإِنْ قَدُمَ عَهْدُهَا، فَيُحْدِثُ لَهَا اسْتِرْجَاعًا، إِلَّا اَحْدَثَ اللّٰـهُ عَزَّوَجَلَّ لَهُ عِنْدَ ذَلِكَ، فَاَعْطَاهُ ثَوَابَ مَا وَعْدَهُ عَلَيْهَا يَوْمَ اُصِيبَ بِهَا.

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جو کوئی مسلمان مرد یا مسلمان عورت جسے کوئی مصیبت پہنچی ہو اگرچہ اس پر زمانہ گزر چکا ہو تو وہ کلمہ استرجاع (یعنی انا للہ و انا الیہ راجعون) پڑھے تو اللہ عزوجل اسے نیا اجروثواب اس پر عطا فرماتے ہیں جو اس نے اس سے وعدہ فرمایا اس دن سے جس دن اسے مصیبت پہنچی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا بَلَغَهُ وَفَاةُ رَجُلٍ

جب کسی آدمی کی وفات کی اطلاع پہنچے تو کیا پڑھے؟

[560] اَخْبَرَنِي اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَمْدُونُ بْنُ سَلَّامٍ الْحَذَّاءُ، ثنا يَحْيَى بْنُ إِسْحَاقَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ حُنَيْنِ بْنِ اَبِي حَكِيمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ فُلَانًا جَارِي يُؤْذِينِي. فَقَالَ: اصْبِرْ عَلَى اَذَاهُ، وَكُفَّ اَذَاكَ عَنْهُ . قَالَ: فَمَا لَبِثَ إِلَّا يَسِيرًا ثُمَّ جَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، جَارِي ذَاكَ مَاتَ. قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَى بِالدَّهْرِ وَاعِظًا، وَالْمَوْتِ مُفَرِّقًا.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا اس نے عرض کی: فلاں میرا پڑوسی مجھے اذیت دیتا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی اذیت پر صبر کر اور اپنی اذیت کو اس سے دور رکھ۔ تھوڑا ہی عرصہ گزرا تھا کہ وہ آدمی پھر آیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میرا پڑوسی مرگیا ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زمانہ نصیحت کرنے کے لیے کافی ہے اور موت جدا کرنے کے لیے۔ ②

---

① قال الہیثمی فی ،المجمع، 2/331: رواہ الطبرانی فی ،الاوسط، ، وفیہ ہشام بن زیادہ ابو المقدام وھو ضعیف اھ۔ قال الحافظ فی ،التقریب،: متروک۔

② فی اسنادہ ابن لہیعۃ وھو ضعیف فالحدیث ضعیف کما قال الالبانی فی ،ضعیف الجامع، رقم 4176۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا بَلَغَهُ وَفَاةُ أَخِيهِ

جب اپنے بھائی کی وفات کی اطلاع پہنچے تو کیا پڑھے؟

[561] حَدَّثَنِي سَلْمُ بْنُ مُعَاذٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْأَوْدِيُّ، ثنا أَبُو حَيَّانَ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ أَبِي هَاشِمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " الْمَوْتُ فَزَعٌ، فَإِذَا بَلَغَ أَحَدَكُمْ وَفَاةُ أَخِيهِ فَلْيَقُلْ: إِنَّا لِلّٰهِ ، وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ، اللّٰهُمَّ اكْتُبْهُ عِنْدَكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ، وَاجْعَلْ كِتَابَهُ فِي عِلِّيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي أَهْلِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَلَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: موت گھبراہٹ ہے۔ سو جب تمہیں اپنے کسی بھائی کی وفات کی اطلاع پہنچے تو اسے چاہیے کہ وہ کہے:

﴿إِنَّا لِلّٰهِ ، وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ، وَإِنَّا إِلَى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ، اَللّٰهُمَّ اكْتُبْهُ عِنْدَكَ مِنَ الْمُحْسِنِينَ، وَاجْعَلْ كِتَابَهُ فِي عِلِّيِّينَ، وَاخْلُفْهُ فِي أَهْلِهِ فِي الْغَابِرِينَ، وَلَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ، وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ﴾

"بے شک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور بے شک ہم نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اور بے شک ہم نے اپنے رب ہی کی طرف پلٹنا ہے، اے اللہ! اسے اپنے پاس نیک لوگوں میں سے لکھنا، اور اس کے نوشتہ تقدیر کو علیین میں کردے اور اس کے اہل میں پیچھے رہ جانے والوں کے لیے خلیفہ ہوجا، اور ہمیں اس کے اجر سے محروم نہ فرمانا اور ہمیں اس کے بعد آزمائش میں نہ ڈالنا۔"①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا بَلَغَهُ قَتْلُ رَجُلٍ مِنْ أَعْدَاءِ الْمُسْلِمِينَ

جب مسلمانوں کے دشمنوں میں سے کسی آدمی کے قتل کی اطلاع ملے تو کیا پڑھے؟

[562] أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَبُو صَخْرَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا أُمَيَّةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ

① قال الحفظ بعد تخریجه: حدیث غریب، اخرجه ابن السنی، وفی سنده قیس بن الربیع، وهو صدوق، لکنه تغیر فی الاخر، ولم یتمیز، فما انفرد به یکون ضعیفا۔ اه۔

اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ قَتَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ أَبَا جَهْلٍ، فَقَالَ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي نَصَرَ عَبْدَهُ، وَأَعَزَّ دِينَهُ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! اللہ عزوجل نے ابوجہل کو مار دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی:

﴿الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي نَصَرَ عَبْدَهُ، وَأَعَزَّ دِينَهُ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے اپنے بندے کی امداد فرمائی، اور اپنے دین کو معزز بنایا۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَصَابَهُ ضُرٌّ وَسَئِمَ الْحَيَاةَ

جب دنیاوی سختیوں اور مصیبتوں میں مبتلا ہو تو کیا پڑھے؟

[563] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا يَتَمَنَّ الْمُؤْمِنُ الْمَوْتَ مِنْ ضُرٍّ أَصَابَهُ، فَإِنْ كَانَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَلْيَقُلِ: اللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِي، وَتَوَفَّنِي مَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِي.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی ایماندار شخص کسی مصیبت پر موت کی تمنا نہ کرے جو اسے پہنچی ہے، سو اگر وہ ایسا کرنا ہی چاہتا ہے تو اسے چاہیے کہ یوں کہے:

﴿اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِي مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِّي، وَتَوَفَّنِي مَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِّي﴾

''اے اللہ! مجھے زندگی عطا فرما جب تک میرا زندہ رہنا میرے لیے بہتر ہے اور مجھے موت دے دینا جب موت میرے لیے بہتر ہو۔''[2]

---

[1] قال ابن علان فی، الفتوحات الربانية، 4/125: اخرج الحافظ الحديث عن ابن مسعود، قال:، قلت: يا رسول الله صلى الله عليه وسلم! ان الله قد قتل ابا جهل، قال: الحمد لله الذى اعز دينه النسائى فى كتاب، السير،، ولم يخرجه ابن السنى عن الثانى، وانما اخرجه فى، عمل اليوم والليلة، من طريق على بن المدينى عن امية بن خالد، ورجاله رجال الصحيح، لكن ابو عبيده بن عبدالله بن مسعود لم يسمع من ابيه، واخرجه احمد ايضاً، وسياقه اتم، ولفظه:، الحمد لله الذى صدق وعده، ونصر عبده، وہزم الاحزاب وحده ـــ الحديث وفى آخره فقال: ہذا فرعون ہذا الامة۔ انظر، المسند، 1/406 و422۔

[2] انظر تخريج الحديث برقم 550۔

بَابُ مَا يَقُولُ لِأَهْلِهِ إِذَا حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ

جب قریب المرگ ہو تو اپنے اہل سے کیا کہے؟

[564] أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ دَاوُدَ، ثنا آدَمُ بْنُ أَبِي إِيَاسَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: لَمَّا قَالَتْ فَاطِمَةُ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهَا: وَاكَرْبَاهُ، قَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ مِنْ أَبِيكِ مَا لَيْسَ اللّٰهُ بِتَارِكٍ مِنْهُ أَحَدًا: الْمُوَافَاةُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب حضرت سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے یوں کہا: واکرباہ! (ہائے رے مصیبت) تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: بے شک تیرے بابا کے لیے وہ چیز آنے والی ہے جس سے اللہ تعالیٰ کسی کو بھی چھوڑنے والا نہیں قیامت کے دن اس کا پورا پورا بدلہ ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَمِدَتْ عَيْنُهُ

جب آشوب چشم ہو تو کیا پڑھے؟

[565] أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ الْمَقْدِسِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ الْفَيَّاضِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَطِيَّةَ، ثنا يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَ الرَّمَدُ وَاحِدًا مِنْ أَصْحَابِهِ قَالَ:)اللّٰهُمَّ مَتِّعْنِي بِسَمْعِي وَبَصَرِي، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّي، وَأَرِنِي فِي الْعَدُوِّ ثَأْرِي، وَانْصُرْنِي عَلَى مَنْ ظَلَمَنِي.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کے اصحاب کرام میں سے جب کسی کو آشوب چشم ہوتا تو آپ ﷺ دعا کرتے:

﴿اَللّٰهُمَّ مَتِّعْنِيْ بِسَمْعِيْ وَبَصَرِيْ، وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنِّيْ، وَأَرِنِيْ فِي الْعَدُوِّ ثَأْرِيْ، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ﴾

① فی اسناد ابن السنی مبارک بن فضالۃ، قال الحافظ فی التقریب: صدوق یدلس ویسوی۔ ورواہ بمعناہ البخاری 8/113 فی المغازی باب مرض النبی صلی اللہ علیہ وسلم ووفاتہ، والنسائی 4/13 فی الجنائز باب فی البکاء علی المیت، واحمد فی المسند 3/197، والدارمی رقم 88، وابن ماجہ رقم 1629 فی الجنائز باب ذکر وفاتہ ودفنہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

''اے اللہ! مجھے اس کی سننے کی قوت اور دیکھنے کی قوت سے فائدہ عطا فرما، اور اسے میری طرف سے وارث بنا دے اور مجھے دشمن میں میرا بدلہ دکھا دے، اور میری مدد فرما اس کے خلاف جو مجھ پر ظلم کرے۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا صُدِعَ

جب سر درد ہو تو کیا پڑھے؟

[566] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ، ثنا ابْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ الْحُصَيْنِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعَلِّمُهُمْ مِنَ الْاَوْجَاعِ كُلِّهَا، وَمِنَ الْحُمَّى اَنْ يَقُولَ: بِسْمِ اللّٰـهِ الْكَبِيرِ، نَعُوذُ بِاللّٰـهِ الْعَظِيمِ مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ انہیں ہر قسم کے دردوں میں اور بخار میں (پڑھنے کے لیے) سکھاتے تھے کہ وہ یہ کہیں:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ﴾

''اللہ بلند و برتر کے نام سے، ہم عظمت والے اللہ کی جوش مارنے والی آگ کے شر سے، اور جلا دینے والی آگ کے شر سے پناہ مانگتے ہیں۔''②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا حُمَّ

جب بخار ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[567] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، ثنا إِسْرَائِيلُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ، عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)الْحُمَّى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ، فَاَبْرِدُوهَا بِالْمَاءِ. (وَدَخَلَ عَلَى ابْنٍ لِعَمَّارٍ، فَقَالَ:)اكْشِفِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، إِلَهَ النَّاسِ نَوْعٌ آخَرُ.

① فيه يزيد بن ابان الرقاشي، وهو ضعيف ويوسف بن عطية وهو متروك۔

② واحمد في، المسند، 1/300، والترمذي رقم 2075 في الطب: باب رقم 26، وابن ماجة رقم 3526 في الطب: باب ما يعوذ به من الحمى، واسناده ضعيف۔

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: بخار جہنم کی تپش سے ہے اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو، اور آپ ﷺ حضرت ابن عمار کے پاس تشریف لائے تو دعا کی:

﴿اِكْشِفِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ، إِلٰهَ النَّاسِ﴾

''تکلیف دور فرما دے اے لوگوں کے پالن ہار! لوگوں کے معبود۔''①

[568] اَخْبَرَنَا كَهْمَسُ بْنُ مَعْمَرٍ الْجَوْهَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا مَرْزُوقٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الشَّامِيُّ، ثنا سَعِيدٌ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ اَهْلِ الشَّامِ، ثنا ثَوْبَانُ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمُ الْحُمَّى، فَإِنَّمَا قِطْعَةٌ مِنَ النَّارِ، فَلْيُطْفِئْهَا عَنْهُ بِالْمَاءِ الْبَارِدِ، وَيَسْتَقْبِلْ نَهْرًا جَارِيًا، وَيَسْتَقْبِلُ جَرْيَةَ الْمَاءِ، وَيَقُولُ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ، وَصَدِّقْ رَسُولَكَ، بَعْدَ صَلَاةِ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، فَيَتَغَمَّسُ فِيهَا ثَلَاثَ غَمَسَاتٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي ثَلَاثٍ فَخَمْسٌ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي خَمْسٍ فَسَبْعٌ، فَإِنْ لَمْ يَبْرَأْ فِي سَبْعٍ فَتِسْعٌ، فَإِنَّهَا لَا تُجَاوِزُ التِّسْعَ بِإِذْنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو بخار ہو جائے تو کیونکہ بخار آگ کا ایک ٹکڑا ہے سو اسے ٹھنڈے پانی سے بجھائے اور جاری نہر کی طرف پانی کے بہاؤ کی طرف متوجہ ہو اور کہے:

﴿بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ، وَصَدِّقْ رَسُولَكَ﴾

''اللہ کے نام سے شروع، اے اللہ! اپنے بندے کو شفا عطا فرما، اور تیرے رسول نے سچ فرمایا۔''

نماز فجر کے بعد سورج طلوع ہونے سے پہلے اس میں تین دن تین ڈبکیاں لگائے اگر تین میں ٹھیک نہ ہو تو پانچ میں اور اگر پانچ میں بھی ٹھیک نہ ہو تو سات میں اور سات میں بھی ٹھیک نہ ہو تو نو دنوں میں، کیونکہ اللہ عزوجل کے حکم سے (اس کا بخار) نو دنوں سے آگے نہیں بڑھے گا۔②

---

① رواہ ابن ماجة رقم 3473 فی الطب: باب الحمی من فیح جہنم فابردوھا بالماء۔ و اسنادہ صحیح کما قال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحة، رقم 1526 انظر، صحیح الجامع، رقم 3186۔

② رواہ احمد فی المسند، 281/5، والترمذی رقم 2085 فی الطب: باب رقم 33 من حدیث مرزوق ابی عبداللہ الشامی عن سعید رجل من اہل الشام عن ثوبان رضی اللہ عنہ، وقد سماہ الحافظ فی، التہذیب، 9/4 سعید بن زرعة، وقال: قال ابو حاتم: مجہول، وذکرہ ابن حبان فی الثقات، وقال الحافظ فی، الفتح، : وفی سندہ سعید بن زرعة، وھو مختلف فیہ، ولذا قال الترمذی: ہذا حدیث غریب۔

بَابُ رُقْيَةِ الْحُمَّى

بخار کے دم کا بیان

[569] حَدَّثَنِي الْحَسَنُ بْنُ طَرِيفٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ مُحَمَّدٍ السُّكَّرِيُّ، ثنا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ، عَنْ أَبِي جَنَابٍ الْكَلْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْمَكِّيِّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَبِي الْحُسَيْنِ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ قُرَيْشٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: دَخَلْتُ أَنَا وَأَبُو بَكْرٍ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهِ حُمَّى شَدِيدَةٌ، مَنْصُوبٍ عَلَى فِرَاشِهِ. قَالَ: فَسَلَّمْنَا عَلَيْهِ فَمَا رَدَّ عَلَيْنَا، فَلَمَّا رَأَيْنَا مَا بِهِ خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِ، فَمَا مَشَيْنَا إِلَّا قَرِيبًا حَتَّى أَدْرَكَنَا رَسُولُهُ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ وَلَيْسَ بِهِ بَأْسٌ، وَهُوَ جَالِسٌ، فَقَالَ: " إِنَّكُمَا دَخَلْتُمَا عَلَيَّ، فَلَمَّا خَرَجْتُمَا مِنْ عِنْدِي نَزَلَ الْمَلَكَانِ، فَجَلَسَ أَحَدُهُمَا عِنْدَ رَأْسِي، وَالْآخَرُ عِنْدَ رِجْلَيَّ، فَقَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيَّ: مَا بِهِ؟ قَالَ الَّذِي عِنْدَ رَأْسِي: حُمَّى شَدِيدَةٌ. قَالَ الَّذِي عِنْدَ رِجْلَيَّ: عَوِّذْهُ. قَالَ: بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، وَمِنْ كُلِّ نَفْسٍ حَاسِدَةٍ، وَطَرْفَةِ عَيْنٍ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، خُذْهَا فَلْتُهْنِكَ. قَالَ: فَمَا نَفَثَ وَلَا نَفَخَ فَكُشِفَ مَا بِي، فَأَرْسَلْتُ إِلَيْكُمَا لِأُخْبِرَكُمَا.

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں پہنچے اور آپ کو شدید بخار تھا آپ اپنے بستر پر پڑے تھے۔ کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کو سلام کیا تو آپ نے ہمیں جواب نہ دیا سو جب ہم نے آپ کی یہ حالت زار دیکھی تو ہم آپ کے پاس سے واپس نکل آئے ہم تھوڑا ہی چلے تھے کہ ہمیں آپ کے قاصد نے آلیا تو ہم آپ ﷺ کے پاس آئے اور آپ کو کوئی تکلیف نہ تھی اور آپ بیٹھے ہوئے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: تم دونوں میرے پاس آئے تو جب تم دونوں میرے پاس سے واپس گئے تو دو فرشتے نازل ہوئے ان دونوں میں سے ایک میرے سر کے پاس بیٹھ گیا اور دوسرا میرے پاؤں کے پاس تو اس فرشتے نے جو میرے پاؤں کی طرف بیٹھا تھا اس نے کہا انہیں کیا ہوا؟ تو جو میرے سرہانے بیٹھا تھا اس نے کہا سخت بخار ہے تو میرے پاؤں کے پاس والے نے کہا: انہیں جھاڑ پھونک کرو تو اس نے پڑھا:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، وَمِنْ كُلِّ نَفْسٍ حَاسِدَةٍ، وَطَرْفَةِ عَيْنٍ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، خُذْهَا فَلْتُهْنِكَ﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ ہی ہر بیماری سے جو آپ کو تکلیف دینے والی ہے

سے شفا دینے والا ہے، اور ہر حسد کرنے والی جان سے اور بدنظری سے اللہ تعالیٰ آپ کو شفا عطا فرمائے اسے لے لیجیے آپ کو مبارک ہو۔"

فرمایا: کہ نہ اس نے تھتکارا اور نہ پھونک ماری سو جو مجھے تکلیف تھی وہ ختم ہوگئی پس میں نے اسے تم دونوں کی طرف بھیج دیا تا کہ تمہیں بتادے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اشْتَكَى

جب بیمار ہو جائے تو کیا پڑھے؟

[570] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ حَكِيمٍ، قَالَا: ثنا أَبُو بَحْرٍ الْبَكْرَاوِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، ثنا أَبُو نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَوْ جَابِرٍ - شَكَّ دَاوُدُ قَالَ: اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَاهُ جَبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ:) بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيكَ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيكَ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ حَاسِدٍ أَوْ عَيْنٍ، وَاللّٰهُ يَشْفِيكَ.

حضرت داؤد بن ابی ھند کہتے ہیں کہ ہم سے حضرت ابونضرہ نے حدیث بیان از حضرت ابوسعید یا حضرت جابر رضی اللہ عنہما (راوی حدیث) حضرت داؤد کو شک ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ بیمار ہوئے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے انہوں نے یہ دعا پڑھی:

﴿بِسْمِ اللهِ أَرْقِيْكَ، وَاللهُ يَشْفِيْكَ، مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُؤْذِيْكَ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ حَاسِدٍ أَوْ عَيْنٍ، وَاللهُ يَشْفِيْكَ﴾

"اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں، اور اللہ تعالیٰ ہی ہر بیماری سے جو آپ کو تکلیف دیتی ہے شفا دینے والا ہے، اور ہر حاسد کے شر سے اور بدنظری سے اور اللہ تعالیٰ ہی شفا دینے والا ہے۔" ②

بَابُ الْاِسْتِرْقَاءِ مِنَ الْعَيْنِ

بدنظری کے دم کا بیان

[571] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ،

① فی اسنادہ جہالۃ وضعفاء لکن انظر الحدیث الذی بعدہ فھو شاہد لہ۔

② فی اسناد ابن السنی ابو بحر عبدالرحمن بن عثمان البکراوی وھو ضعیف، ورواہ مسلم رقم 5186 فی السلام: باب الطب والمرضی والرقی، والترمذی رقم 972 فی الجنائز: باب ما جاء فی التعوذ للمریض، من حدیث جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما۔

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَنَا صَبِيٌّ يَشْتَكِي، فَقَالَ:)مَا لِهَذَا؟(قَالُوا: نَتَّهِمُ بِهِ الْعَيْنَ. قَالَ:)أَوَلَا تَسْتَرْقُونَ لَهُ مِنَ الْعَيْنِ.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمارے پاس ایک بچہ تھا جو بیمار تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کیا ہوا ہے انہوں نے عرض کی: اسے نظر لگی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اسے نظر لگنے کا دم نہیں کرتے۔ [1]

بَابُ الِاسْتِرْقَاءِ مِنَ الْعَقْرَبِ

بچھو کے ڈسنے پر دم کرانے کا بیان

[572] حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، وَأَبُو بَكْرِ بْنُ مُكْرَمٍ قَالَا: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا مُلَازِمُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَدْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ طَلْقٍ، عَنْ أَبِيهِ طَلْقِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:)لَدَغَتْنِي عَقْرَبٌ وَأَنَا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَقَانِي وَمَسَحَهَا.

حضرت طلق سے روایت ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے بچھو نے کاٹا اور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھا تو آپ نے مجھے دم کیا اور اس (جگہ) کو ملا۔ [2]

بَابُ رُقْيَةِ الْعَقْرَبِ

بچھو کے دم کا بیان

[573] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، ثنا مُوسَى بْنُ أَعْيَنَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ بَكْرٍ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: ذُكِرَ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُقْيَةُ الْحُمَةِ، فَقَالَ:)اعْرِضْهَا(، فَعَرَضْتُهَا عَلَيْهِ: بِسْمِ اللّٰهِ شجة قرنية ملحة بحر قفطا.

---

① قال الهيثمي في المجمع، 112/5، رواه الطبراني في الاوسط، عن شيخه سهل بن مردود ولم اعرفه، وبقية رجاله رجال الصحيح۔

② رجاله ثقات: وطلق بن علي ہو الربعي الحنفي انظر ترجمته في الاصابة، رقم 4276۔

فَقَالَ:)هَذِهِ مَوَاثِيقُ أَخَذَهَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، وَلَا أَرَى بِهَا بَأْسًا(. فَلُدِغَ رَجُلٌ وَهُوَ مَعَ عَلْقَمَةَ، فَرَقَاهُ بِهَا، فَكَأَنَّمَا نَشِطَ مِنْ عِقَالٍ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں سانپ کے کاٹے کے دم کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اس کو پیش کرو سو میں نے اس کو آپ پر پیش کیا:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ شَجَّةٌ قَرْنِيَةٌ مِلْحَةٌ بَحْرٍ قِفْطًا.﴾

آپ ﷺ نے فرمایا: یہ حضرت سلیمان بن داود علیہ السلام کے پختہ عہد ہیں جو انہوں نے اس سے لیے اور میں اس میں حرج نہیں دیکھتا۔ پس ایک آدمی کو ڈس لیا گیا اور وہ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا تو انہوں نے اسے (انہی مذکورہ کلمات کے ساتھ) دم کیا تو گویا کہ وہ رسی سے بندھا ہوا تھا جو کھول دیا گیا۔ ①

بَابُ الِاسْتِرْقَاءِ مِنَ النَّظْرَةِ

نظر لگنے پر دم کرانے کا بیان

[574] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ الزُّبَيْدِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِجَارِيَةٍ كَانَتْ فِي بَيْتِ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرَأَى فِي وَجْهِهَا سَفْعَةً، فَقَالَ:)بِهَا نَظْرَةٌ، فَاسْتَرْقُوا لَهَا.

زوجۂ حضور نبی کریم ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک لونڈی سے فرمایا: جو زوجہ حضور نبی کریم ﷺ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے گھر میں تھی آپ نے اس کے چہرہ میں داغ دیکھا تو فرمایا کہ اسے نظر لگی ہے تم اسے دم کرو۔ ②

بَابُ رُقْيَةِ الْحُمَةِ وَالِاسْتِرْقَاءِ مِنَ الْحُمَةِ

سانپ کے زخم اور ڈسنے پر دم کرانے کا بیان

[575] أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ أَحْمَدَ بْنِ شُرَيْحٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ

① قال الہیثمی فی المجمع، 11/5: رواہا الطبرانی فی الاوسط، وفیہ من لم اعفہ۔ اہ۔ فی اسنادہ زید بن بکر الجوزی: منکر الحدیث جداً، قالہ الازدی، واسماعیل بن مسلم: متروک، واورد الذہبی احدیث فی المیزان، وعدہ من منکراتہم۔

② رجالہ ثقات۔

بُكَيْرٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ إِسْحَاقَ بْنِ رَافِعٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُ قَالَ: عَرَضْنَا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُقْيَةَ الْحُمَةِ، فَأَذِنَ لَنَا فِيهَا، وَقَالَ:)إِنَّمَا هِيَ مَوَاثِيقُ(وَالرُّقْيَةُ: بِسْمِ اللَّهِ شَجَّة مِلْحَةَ قَرْنَيْهِ بَحْرِي قَفْطِي. قَالَ عُمَرُ: وَبَلَغَنَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ التَّفْلِ بِهَا.

حضرت زید بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہم پر سانپ کا دم پیش کیا اور ہمیں اس کی اجازت دی اور فرمایا کہ یہ پختہ عہد اور دم جھاڑ ہیں:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ شَجَّةَ مِلْحَةَ قَرْنَيْهِ بَحْرِيْ قَفْطِي﴾

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہمیں اس (دم جھاڑ) میں رسول اللہ ﷺ نے پھونک مارنے سے منع فرمایا ہے۔ ①

بَابُ رُقْيَةِ الْقُرْحَةِ

پھوڑے پھنسی کے دم کا بیان

[576] حَدَّثَنَا أَبُو يَعْلَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا كَانَ فِي يَدِ الرَّجُلِ أَوِ الشَّيْءِ الْقُرْحَةُ - قَالَ بِإِصْبَعِهِ هَكَذَا - ثُمَّ قَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا، بِرِيقَةِ بَعْضِنَا، يُشْفَى سَقِيمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب کسی آدمی کے ہاتھ میں کوئی پھنسی وغیرہ کوئی چیز ہو اور آپ ﷺ نے اپنی انگلی سے اس طرح اشارہ کیا پھر فرمایا:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ، تُرْبَةُ أَرْضِنَا، بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا، يُشْفٰى سَقِيْمُنَا، بِإِذْنِ رَبِّنَا﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ ہماری زمین کی مٹی ہمارے بعض پیاروں کو ہمارے رب کے حکم سے دم جھاڑ پر شفا دیتی ہے۔'' ②

① فی اسنادہ اسحاق بن رافع، وھو ضعیف، وسعد بن معاذ الانصاری وھو مجھول، کما قال فی التقریب۔

② رواہ البخاری 176/10 و 177 فی الطب باب رقیۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ ومسلم رقم 2194 فی السلام، باب استحباب الرقیۃ من العین، وابو داود رقم 3895 فی الطب: باب کیف الرقی۔

بَابُ رُقْيَةِ الشَّيَاطِينِ

شیطانوں کے دم کا بیان

[577] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْبُزُورِيُّ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ شَيْبَةَ، ثنا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ حَالَ بَيْنِي وَبَيْنَ صَلَاتِي وَقِرَاءَتِي. قَالَ: " ذَلِكَ شَيْطَانٌ يُقَالُ لَهُ: خَنْزَبُ، فَإِذَا حَسَسْتَهُ فَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنْهُ، وَاتْفُلْ عَنْ يَسَارِكَ ثَلَاثًا " فَاَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِّي.

حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! بے شک شیطان میرے اور میری نماز اور میری قراءت کے درمیان حائل ہوجاتا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ وہ شیطان ہے جسے خنزب کہا جاتا ہے جب تو اسے محسوس کرے تو اللہ عزوجل سے پناہ مانگ اور اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک تو اللہ عزوجل نے اسے (میرے ایسا کرنے پر) مجھ سے دور کردیا۔ ①

بَابُ رُقْيَةِ الْاَوْجَاعِ

دردوں کے دم کا بیان

[578] حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا الرَّبِيعُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا شُعَيْبُ بْنُ اللَّيْثِ، ثنا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كُنْتُ كَاَذْكَرِ النَّاسِ، ثُمَّ دَخَلَنِي شَيْءٌ، فَنَسِيتُ بَعْضَهُ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى صَدْرِي، ثُمَّ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اَخْرِجْ عَنْهُ الشَّيْطَانَ(، فَاَذْهَبَ اللّٰهُ عَنِّي النِّسْيَانَ. قَالَ عُثْمَانُ: ثُمَّ جِئْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّةً اُخْرَى اَصَابَنِي وَجَعٌ، فَقَالَ لِي: " ضَعْ عَلَيْهِ يَدَكَ، وَقُلْ: اَعُوذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ سَبْعَ مَرَّاتٍ "، فَاَذْهَبَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِّي.

---

① رواه مسلم رقم 2203 في السلام: باب التعوذ من شيطان الوسوسة في الصلاة، واحمد في المسند، 4/216۔ وفي الباب عن عبيد بن رفاعة عند احمد، وعبدالرزاق، وابن ابي شيبة۔ قلت: محمد بن سعيد البزوري في الاصل البروزي۔

حضرت عثمان بن ابو العاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں لوگوں میں سب سے زیادہ یاد رکھنے والا شخص تھا پھر مجھ میں کوئی چیز داخل ہوگئی سو میں اس میں سے کچھ بھول گیا تو آپ ﷺ نے میرے سینے پر ہاتھ مبارک رکھا پھر دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ اَخْرِجْ عَنْهُ الشَّيْطَانَ﴾

''اے اللہ! اس سے شیطان کو نکال دے۔''

تو اللہ تعالیٰ نے (آپ کی دعا کی برکت سے) مجھ سے نسیان دور فرما دیا۔ حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ میں ایک دفعہ پھر رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور مجھے درد تھا تو آپ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اس (درد والی) جگہ اپنا ہاتھ رکھ اور سات مرتبہ پڑھ۔

﴿اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کی عزت اور اس کی قدرت کے ساتھ اس چیز کے شر سے جو میں پاتا ہوں۔''

تو اللہ عزوجل نے (وہ درد) مجھ سے دور کر دیا۔ [1]

بَابُ الدُّعَاءِ لِحِفْظِ الْقُرْآنِ

قرآن مجید کو حفظ کرنے کی دعا کا بیان

[579] اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ خُرَيْمِ بْنِ مَرْوَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، ثنا اَبُو صَالِحٍ، ثنا عِكْرِمَةُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، الْقُرْآنُ يَنْفَلِتُ مِنْ صَدْرِي. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَلَا اُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ يَنْفَعُكَ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِنَّ؟(قَالَ: نَعَمْ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " صَلِّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ، تَقْرَاُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُولَى بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَيس، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّانِيَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَحم الدُّخَانِ، وَفِي الرَّكْعَةِ الثَّالِثَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ وَالم تَنْزِيلُ السَّجْدَةِ، وَفِي الرَّكْعَةِ الرَّابِعَةِ بِفَاتِحَةِ الْكِتَابِ

[1] رواہ مسلم 2202 فی السلام باب استحباب وضع یدہ علی موضع الالم، وابو داود 3891 فی الطب باب کیف الرقی، والترمذی رقم 2081 فی الطب باب رقم 29۔

وَتَبَارَكَ الْمُفَصَّلِ، فَإِذَا فَرَغْتَ مِنَ التَّشَهُّدِ فَاحْمَدِ اللَّـهَ وَأَثْنِ عَلَيْهِ، وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّينَ، وَاسْتَغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِينَ، وَقُلْ: اللَّـهُمَّ ارْحَمْنِي بِتَرْكِ الْمَعَاصِي أَبَدًا مَا أَبْقَيْتَنِي، وَارْحَمْنِي مِنْ أَنْ أَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِينِي، وَارْزُقْنِي حُسْنَ النَّظَرِ فِيمَا يُرْضِيكَ عَنِّي، اللَّـهُمَّ بَدِيعَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ، ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِي لَا تُرَامُ، أَسْأَلُكَ يَا اللَّـهُ يَا رَحْمَنُ بِجَلَالِكَ وَنُورِ وَجْهِكَ أَنْ تُلْزِمَ قَلْبِي حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِي، وَارْزُقْنِي أَنْ أَتْلُوَهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِي يُرْضِيكَ عَنِّي، وَأَسْأَلُكَ أَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِي، وَتُطْلِقَ بِهِ لِسَانِي، وَتُفَرِّجَ بِهِ عَنْ قَلْبِي، وَتَشْرَحَ بِهِ صَدْرِي، وَتَسْتَعْجِلَ بِهِ بَدَنِي، وَتُقَوِّيَنِي عَلَى ذَلِكَ وَتُعِينَنِي عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ لَا يُعِينُ عَلَى الْخَيْرِ غَيْرُكَ، وَلَا يُوَفِّقُ لِذَلِكَ إِلَّا أَنْتَ. تَفْعَلُ ذَلِكَ ثَلَاثًا أَوْ خَمْسًا أَوْ سَبْعًا، تُجَابُ بِإِذْنِ اللَّـهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَمَا أَخْطَأَ مُؤْمِنًا قَطُّ ". فَأَتَى رَسُولَ اللَّـهِ صَلَّى اللَّـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ ذَلِكَ لِسَبْعِ جُمَعٍ، فَأَخْبَرَهُ بِحِفْظِ الْقُرْآنِ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مُؤْمِنٌ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، عَلِّمْ أَبَا حَسَنٍ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! قرآن پاک میرے سینے سے نکل رہا ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا میں تجھے وہ کلمات نہ سکھاؤں جن کے ذریعے اللہ عزوجل تجھے نفع دے۔ تو انہوں نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جمعرات کو چار رکعت نماز ادا کرنا پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ یٰسین پڑھنا اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور حٰم الدخان اور تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ الم تنزیل السجدۃ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۃ الملک (تبارک الذی) پڑھنا سو جب تو تشہد سے فارغ ہو جائے تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرنا اور نبی (ﷺ) پر درود بھیجنا اور مومنوں کے طلب مغفرت کرنا اور یہ دعا پڑھنا:

﴿اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَا اَبْقَيْتَنِيْ، وَارْحَمْنِيْ مِنْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ، وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ عَنِّيْ، اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ، اَسْاَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ، وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ الَّذِيْ يُرْضِيْكَ عَنِّيْ، وَاَسْاَلُكَ اَنْ تُنَوِّرَ بِكِتَابِكَ بَصَرِيْ، وَتُطْلِقَ بِهٖ لِسَانِيْ، وَتُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِيْ، وَتَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِيْ، وَتَسْتَعْجِلَ بِهٖ بَدَنِيْ، وَتُقَوِّيَنِيْ عَلٰى ذٰلِكَ

وَتُعِينَنِي عَلَيْهِ، فَإِنَّهُ لَا يُعِينُ عَلَى الْخَيْرِ غَيْرُكَ، وَلَا يُوَفِّقُ لِذٰلِكَ إِلَّا أَنْتَ﴾

''اے اللہ! مجھ پر گناہ کو ترک کرنے کے ساتھ رحم فرما ہمیشہ کے لیے، جب تک تو مجھے باقی رکھے، اور مجھ پر رحم فرما اس بات پر کہ میں تکلیف میں پڑ جاؤں ان میں جو فضول ہیں اور مجھے حسن نظر عطا فرما جو تیری ذات کو مجھ سے راضی کردے۔ اے اللہ! آسمانوں اور زمینوں کے پیدا فرمانے والے رعب و دبدبے اور عزت والے جو کبھی ختم نہیں ہونے والی میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے اللہ! اے مہربان ذات! اپنے جلال کے ساتھ۔ اور اپنی ذات کے نور کے ساتھ میرے دل کو اپنی کتاب کے یاد کرنے میں لازم کردے جیسا کہ تو نے مجھے سکھایا، اور مجھے اس کو تلاوت کرنے کی توفیق دے اس طریقے پر جو تجھے مجھ سے راضی کردے، اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنی کتاب کے ساتھ میری دیکھنے کی قوت کو منور فرما دے، اور میری زبان کے ساتھ اسے جاری کردے اور اس کے ساتھ میرے دل کو کشادگی عطا کر اور میرے سینے کو کھول دے، اور اسے میرے جسم کے ساتھ لازم کردے اور مجھے اس پر قوت دے اور میری اس پر مدد فرما کیونکہ تیری ذات کے سوا بھلائی پر کوئی مدد کرنے والا نہیں اور اس پر تیری ذات کے سوا کوئی توفیق دینے والا بھی نہیں۔''

ایسا تین یا پانچ یا سات مرتبہ کرنا اللہ عزوجل کے حکم سے تیری دعا قبول ہوگی اور اس کو مومن پڑھنے میں کبھی بھی غلطی نہ کرے گا۔ پس وہ (یعنی حضرت علی) رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں سات دفعہ ایسا کرنے کے بعد حاضر ہوئے اور آپ کو قرآن مجید یاد ہو جانے کی خبر دی۔ تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: مومن ہے رب کعبہ کی قسم! ابوالحسن (اسے لوگوں کو) آگے سکھاؤ۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ مَنْ أُصِيبَ بِمُصِيبَةٍ

جسے کوئی مصیبت آپہنچے وہ کیا پڑھے؟

[580] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِذَا أَصَابَتْ أَحَدَكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَقُلْ: ﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ أَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي فَأْجُرْنِي فِيهَا، وَأَبْدِلْنِي بِهَا خَيْرًا مِنْهَا".

---

① قال الذہبی فی، المیزان، 446/3: محمد بن ابراہیم القرشی، عنہ ہشام بن عمار فذکر خبر أموضوعا فی الدعاء لحفظ القرآن ساقہ العقیلی۔ آفتہ القرشی۔ قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 2171: موضوع۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی ایک کو مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ یوں کہے:

﴿إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ، اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيبَتِيْ فَأْجُرْنِيْ فِيهَا، وَاَبْدِلْنِيْ بِهَا خَيْرًا مِّنْهَا﴾

"بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اے اللہ! میری مصیبت کا حساب تیرے پاس ہے سو مجھے تو اس میں اجر عطا فرما، اور مجھے اس کے بدلے میں بھلائی عطا فرما۔"[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أُصِيبَ بِوَلَدِهِ

جب بچے (کی موت) کا دکھ پہنچے تو کیا پڑھے؟

[581] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي سِنَانٍ، قَالَ: دَفَنْتُ ابْنِي سِنَانًا، وَاَبُو طَلْحَةَ الْخَوْلَانِيُّ عَلَى شَفِيرِ الْقَبْرِ، فَلَمَّا اَرَدْتُ الْخُرُوجَ اَخَذَ بِيَدِي، ثُمَّ قَالَ: اَلَا اُبَشِّرُكَ؟ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَرْزَبٍ، عَنْ اَبِي مُوسَى الْاَشْعَرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا قُبِضَ وَلَدُ الْمُسْلِمِ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِلْمَلَائِكَةِ: قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِي؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: فَمَاذَا قَالَ؟ قَالُوا: اسْتَرْجَعَ وَحَمِدَ. قَالَ: ابْنُوا لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ، وَسَمُّوهُ بَيْتَ الْحَمْدِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو سنان سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے بیٹے سنان کو اور حضرت ابوطلحہ الخولانی کو ایک ہی قبر میں دفن کر دیا سو جب میں نے نکلنے کا ارادہ کیا تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ لیا پھر فرمایا کہ کیا میں تجھے خوشخبری نہ دوں۔ مجھ سے حضرت ضحاک ابن عبدالرحمن بن عرزب نے از حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت بیان کی انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کسی مسلمان کے بیٹے کو موت دی جاتی ہے تو اللہ عزوجل فرشتوں سے فرماتا ہے: تم نے میرے بندے کے بیٹے کی روح قبض کر لی۔ وہ (فرشتے) عرض کرتے ہیں: جی ہاں۔ (اللہ تعالیٰ) فرماتا ہے وہ (میرا بندہ) کیا کہتا ہے؟ تو (فرشتے) عرض کرتے ہیں: وہ انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھتا ہے اور تیری حمد بیان کرتا ہے۔ (اللہ تعالیٰ) فرماتا ہے:

[1] قال الالبانی فی ،ضعیف الجامع، رقم 476: رواہ ابو داود والحاکم عن لم سلمة، والترمذی وابن ماجه عن ابی سلمة، وهو حدیث ضعیف. ویغنی عنه الحدیث الذی رواہ مسلم رقم 918: ،ما من عبد تصیبه مصیبة فیقول: انا لله وانا الیه راجعون، اللهم اجرنی فی مصیبتی، واخلف لی خیراً منها، الا اجره الله فی مصیبته واخلف له خیراً منها۔

(فرشتوں سے) اس (بندے میرے) کے لیے جنت میں ایک گھر بنا دو اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔ ①

[582] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مَرْوَانَ، ثنا يُوسُفُ بْنُ الْغَرَقِ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ مِقْسَمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ اُصِيبَ بِمُصِيبَةٍ فَلْيَذْكُرْ مُصِيبَتَهُ بِي، فَإِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ الْمَصَائِبِ.

حضرت ابن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کو کوئی مصیبت پہنچے تو اسے چاہیے کہ وہ میرے ذریعے (یعنی میرے دنیا سے اٹھ جانے) سے جو اسے مصیبت (یعنی غم و دکھ) پہنچی ہے اسے یاد کرے کیونکہ وہ بہت بڑی مصیبتوں میں سے ہے۔ ②

[583] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خُرَيْمِ بْنِ مَرْوَانَ، ثنا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا فِطْرُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ اَصَابَتْهُ مِنْكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَذْكُرْ مُصِيبَتَهُ بِي، فَإِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ الْمَصَائِبِ.

حضرت عطاء بن ابی رباح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جس کو کوئی مصیبت پہنچے تو وہ میرے ذریعے (یعنی دنیا سے پردہ کر جانے) سے جو اسے مصیبت پہنچی ہے اسے یاد کرے کیونکہ یہ بہت بڑی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت ہے۔ ③

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَضَعَ مَيِّتًا فِي قَبْرِهِ

جب میت کو اس کی قبر میں رکھے تو کیا پڑھے؟

[584] اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

① رواہ الترمذی رقم 1021 فی الجنائز: باب فضل المصیبۃ اذا احتسب، واحمد فی المسند، 4/425، وابن حبان فی صحیحہ، رقم 726، موارد، وفی سندہ ابو سنان، واسمہ عیسی بن سنان القسملی وھو لین الحدیث، کما قال الحافظ فی التقریب، ولکن لہ شواھد بمعناہ یرتقی بھا، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن غریب، وقال الحافظ: حدیث حسن۔ انظر الفتوحات الربانیۃ، 3/296۔

② فی اسنادہ عثمان بن مقسم: ترکہ یحیی بن القطان وابن المبارک، وقال احمد حدیثہ منکر، وقال النسائی والدار قطنی: متروک، وقال ابن الفلاس: صدوق لکنہ کثیر الغلط صاحب بدعۃ۔ ویوسف بن الغرق، قال ابو الفتح الازدی: کذاب، وذکر الذھبی الحدیث فی المیزان، وعدہ من مناکیرہ۔ لکن للحدیث شواھد وروایات اخری یکون بھا صحیحاً۔ انظر الاحادیث الصحیحۃ، رقم 1106۔

③ رواہ الدارمی رقم 85 فی المقدمۃ: بب فی وفاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث مکحول، ورقم 86 م، ن حدیث عطاء مرسلاً، ولکن لہ شواھد یصح بھا منھا الحدیث الذی قبلہ۔

إِذَا وَضَعَ الْمَيِّتَ فِي الْقَبْرِ قَالَ: ﴿بِسْمِ اللّٰهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ جب کسی قبر میں کوئی میت رکھتے تو پڑھتے: ①

﴿بِسْمِ اللّٰهِ، وَعَلَى سُنَّةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ﴾

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ

جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو تو کیا پڑھے؟

[585] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا هِشَامُ بْنُ يُوسُفَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَحِيرٍ، أَنَّهُ سَمِعَ هَانِئًا، مَوْلَى عُثْمَانَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ قَالَ: ﴿اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ، وَسَلُوا اللّٰهَ التَّثْبِيتَ، هُوَ الْآنَ يُسْأَلُ.

حضرت عبداللہ بن بجیر کا بیان ہے کہ انہوں نے حضرت ہانی مولیٰ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے سنا انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو فرماتے کہ اپنے بھائی کے لیے مغفرت طلب کرو اور اللہ تعالیٰ سے (اس کی) ثابت قدمی کا سوال کرو۔ اس وقت اس سے سوال ہو رہے ہیں۔ ②

بَابُ تَعْزِيَةِ أَوْلِيَاءِ الْمَيِّتِ

میت کے وارثوں سے تعزیت کرنے کا بیان

[586] حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ يُونُسَ، ثنا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوقَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ﴿مَنْ عَزَّى مُصَابًا كَانَ لَهُ مِثْلُ أَجْرِهِ.

① رواہ الترمذی رقم 1046 فی الجنائز: باب مایقول اذا دخل المیت القبر، وابو داؤد رقم 3213 فی الجنائز: باب فی الدعاء للمیت اذا وضع فی قبرہ، وابن ماجہ رقم 1550 واحمد فی المسند 2/27 و 59 و 127-128، صححہ ابن حبان 773 والحاکم 1/366 ووافقہ الذہبی۔ وھو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی الارواء رقم 748۔

② رواہ ابو داود رقم 3221 فی الجنائز: باب الاستغفار عند القبر للمیت، والحاکم 1/370 وقال: صحیح الاسناد، ووافقہ الذہبی، وھو کما قالا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جو کسی مصیبت زدہ شخص کی تعزیت کرتا ہے تو اس کے لیے بھی اس (مصیبت زدہ) کی مثل اجر وثواب ہے۔ ①

[587] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنِي اَبُو مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْجَزَّارِ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيِّ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، وَعِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " قَالَ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ لِرَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ: مَا جَزَاءُ مَنْ عَزَّى الثَّكْلَى؟ قَالَ: اَجْعَلُهُ فِي ظِلِّي يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّي.

حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمران حصین رضی اللہ عنہما رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب عزوجل سے عرض کی: جو شخص کسی ایسے شخص سے تعزیت کرے جس کا بچہ فوت ہو گیا ہو تو اس کی جزاء کیا ہے تو (اللہ تعالیٰ نے) فرمایا کہ میں اس (تعزیت کرنے والے) کو اس دن اپنا سایہ عطا فرماؤں گا جس دن میرے سائے کے سوا کوئی دوسرا سایہ نہیں ہوگا۔ ②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا خَرَجَ إِلَى الْمَقَابِرِ
جب قبرستان کی طرف نکلے تو کیا پڑھے؟

[588] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ إِلَى الْمَقْبَرَةِ، فَقَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ عَنْ قَرِيبٍ بِكُمْ لَاحِقُونَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قبرستان کی طرف نکلے تو کہا:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ، وَإِنَّآ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ عَنْ قَرِيْبٍ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ﴾

① رواه الترمذی رقم 1073 فی الجنائز: باب ما جاء فی اجر من عزى مصاباً، و ابن ماجه رقم 1602 فی الجنائز: باب ما جاء فی ثواب من عزى مصاباً، و فی اسنادة حماد بن الوليد الازدی الكوفی، قال ابن عدی: مايرويه لا يتابع عليه، وسئل ابو حاتم عنه، فقال: شيخ، و قال ابن حبان: يسسرق الحديث ويلزق بالثقات ماليس من احاديثهم۔ وهو حديث ضعيف، كما قال الالبانی فی، الارواء، رقم 765۔

② وهو حديث ضعيف، كما قال الالبانی فی، ضعيف الجامع، رقم 4071۔

''تم پر سلامتی ہو مومنوں کے گھر والی قوم، بلاشبہ عنقریب ہم بھی تمہارے ساتھ آ کر ملنے والے ہیں۔''①

[589] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ الصَّفَّارُ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُهُمْ إِذَا خَرَجُوا إِلَى الْمَقَابِرِ، فَكَانَ قَائِلُهُمْ يَقُولُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰـهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ، وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ، نَسْاَلُ اللّٰـهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں سکھاتے تھے کہ جب وہ قبرستان کی طرف نکلیں تو ان کا کہنے والا یوں کہے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ. وَإِنَّا إِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ، اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ. وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ. نَسْاَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ.﴾

''تم پر سلامتی ہو اے مومنوں کے گھروں والو! بلاشبہ ہم اگر اللہ نے چاہا تو تمہارے ساتھ آ کر ملنے والے ہیں تم ہمارے لیے پیش رو ہو اور ہم تمہارے پیچھے آنے والے ہیں، ہم اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے اور تمہارے لیے عافیت کا سوال کرتے ہیں۔''②

[590] اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْغَرْبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ وَهْبٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عِيَاضٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا مَرَّ بِالْمَقَابِرِ قَالَ:)سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ، وَالصَّالِحِينَ وَالصَّالِحَاتِ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰـهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب قبرستان کے پاس سے گزرتے تو کہتے:

﴿سَلَامٌ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ، وَالصَّالِحِيْنَ وَالصَّالِحَاتِ، وَإِنَّآ إِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ﴾

---

① رواہ مسلم رقم 249 فی الطہارۃ: باب استحباب اطالۃ الغرۃ والتحجیل فی الوضوء، وابو داود رقم 3237 فی الجنائز: باب مایقول اذا زار القبور او مر بہا، واحمد فی المسند، 2/300 و 375 و 408۔ انظر الارواء، رقم 776۔

② رواہ مسلم رقم 975 فی الجنائز: باب ما یقال عند دخول القبور والدعاء لأہلہا، والنسائی 4/94 فی الجنائز: باب الامر بالاستغفار للمومنین، وابن ماجہ رقم 1547، واحمد فی المسند، 5/353 و 359- 360۔ انظر الارواء، رقم 776۔

''سلامتی ہو تم پر اے مومن مردو اور مومن عورتو! اور مسلمان مردو اور مسلمان عورتو! اور نیک مردوں اور نیک عورتوں کے گھروں والو! بلاشبہ اگر اللہ نے چاہا تو ہم بھی تم سے آکر ملنے والے ہیں۔''①

[591] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰـهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ عَامِرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: فَقَدْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعْتُهُ، فَاَتَى الْبَقِيعَ، فَقَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ، وَإِنَّا بِكُمْ لَاحِقُونَ، اللّٰـهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُمْ، وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُمْ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو گم پایا تو میں آپ کی تلاش میں نکلی تو آپ ﷺ بقیع کی طرف آئے سو آپ نے کہا:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ، اَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ، وَإِنَّا بِكُمْ لَاحِقُوْنَ، اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا اَجْرَهُمْ، وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُمْ﴾

''سلامتی ہو تم پر مومنوں کے گھر والو! تم ہمارے پیش رو ہو اور ہم تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں اے اللہ! ہمیں ان کے اجر سے محروم نہ رکھنا، اور ہمیں ان کے بعد گمراہ نہ کرنا۔''②

[592] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، اَخْبَرَنِي اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ شَرِيكِ بْنِ اَبِي نَمِرٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا كَانَتْ لَيْلَتِي مِنْهُ يَخْرُجُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ إِلَى الْبَقِيعِ، فَيَقُولُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ دَارِ قَوْمٍ مُؤْمِنِينَ، وَإِنَّا وَإِيَّاكُمْ وَمَا تُوعَدُونَ غَدًا مُؤَجَّلُونَ، وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللّٰـهُ بِكُمْ لَاحِقُونَ، اللّٰـهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ الْبَقِيعِ الْغَرْقَدِ(، يَسْتَغْفِرُ لَهُمْ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی جب بھی میرے پاس رات ہوتی تو آپ رات کے آخری حصہ میں بقیع کی طرف نکل جاتے پس دو یا تین مرتبہ ان کے لیے استغفار کرتے، کہتے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ دَارِ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ، وَإِنَّا وَإِيَّاكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُؤَجَّلُوْنَ، وَإِنَّا إِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِاَهْلِ الْبَقِيْعِ الْغَرْقَدِ﴾

---

① فی اسنادہ یزید بن عیاض وھو متروک، ویغنی عنہ الحدیث المتقدم برقم 588۔

② رواہ ابن ماجہ رقم 1546، واحمد فی المسند، 6/76 و71 و111، وفیہ شریک القاضی وھو سیء الحفظ وقد اضطرب، وعاصم بن عبید اللہ وھو ضعیف، ویشھد لہ الحدیث الاتی بعدہ۔ انظر، الاروای، رقم 776۔

"تم پر سلامتی ہو مومن قوم کے گھر والو! بلاشبہ ہم سے اور تم سے کل کا مقررہ وعدہ کیا گیا ہے اور بلاشبہ ہم تمہارے ساتھ آ کر ملنے والے ہیں اے اللہ! بقیع غرقد والوں کی مغفرت فرما۔"①

[593] اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَرِيرٍ الطَّبَرِيُّ، وَسَلْمُ بْنُ مُعَاذٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَمْرٍو الضَّحَّاكُ، ثنا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ حَامِدٍ التَّيْمِيُّ، ثنا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي رَزِينٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ الْجَبَّانَةَ يَقُولُ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الْفَانِيَةُ، وَالْاَبْدَانُ الْبَالِيَةُ، وَالْعِظَامُ النَّخِرَةُ، الَّتِي خَرَجَتْ مِنَ الدُّنْيَا وَهِيَ بِاللّٰهِ مُؤْمِنَةٌ، اللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلَيْهِمْ رُوحًا مِنْكَ، وَسَلَامًا مِنَّا.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب جبانہ میں داخل ہوتے تو کہتے:

﴿اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَيَّتُهَا الْاَرْوَاحُ الْفَانِيَةُ، وَالْاَبْدَانُ الْبَالِيَةُ، وَالْعِظَامُ النَّخِرَةُ، الَّتِيْ خَرَجَتْ مِنَ الدُّنْيَا وَهِيَ بِاللّٰهِ مُؤْمِنَةٌ، اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلَيْهِمْ رُوحًا مِّنْكَ، وَسَلَامًا مِّنَّا﴾

"سلامتی ہو تم پر اے فنا ہونے والی روحو اور گل سڑ جانے والے بدنو اور بوسیدہ ہو جانے والی ہڈیو! جو دنیا سے اس طرح نکلیں کہ اللہ کی ذات کے ساتھ ایمان لانے والی تھیں، اے اللہ! ان پر روح کو اپنی طرف سے داخل فرما ان پر ہماری طرف سے اور سلامتی (نازل) فرما۔"②

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا مَرَّ بِقُبُورِ الْمُشْرِكِينَ

جب مشرکین کی قبروں کے پاس سے گزرے تو کیا کہے؟

[594] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ شُرَيْحٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)إِذَا مَرَرْتُمْ بِقُبُورِنَا وَقُبُورِكُمْ مِنْ اَهْلِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَخْبِرُوهُمْ اَنَّهُمْ مِنْ اَهْلِ النَّارِ نَوْعٌ آخَرُ.

① رواہ مسلم رقم 974 فی الجنائز: باب ما يقال عند دخول المقابر، والنسائی 4/ 91-94 فی الجنائز: باب الامر بالاستغفار، واحمد فی المسند، 6/ 180۔ انظر، لارواء، رقم 776۔

② قال: الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4392 ضعیف اھ و فی اسنادہ: حبان ابن علی العنزی: ضعیف، وقیل: متروک۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا: جب تم ہماری اور اپنی قبروں کے پاس سے گزرو جو دورِ جاہلیت کی ہیں تو انہیں خبردار کردو کہ وہ اہل دوزخ سے ہیں۔ ①

[595] اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، وَالْقَاضِي اَبُو عُبَيْدٍ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ حَرْبٍ قَالَا: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَخْزَمَ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَنَّ اَعْرَابِيًّا، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِنَّ اَبِي كَانَ يَصِلُ الرَّحِمَ، وَيَفْعَلُ وَيَفْعَلُ، فَاَيْنَ هُوَ؟ قَالَ:)فِي النَّارِ. فَكَاَنَّ الْاَعْرَابِيَّ وَجَدَ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَاَيْنَ اَبُوكَ؟ فَقَالَ لَهُ:)حَيْثُ مَا مَرَرْتَ بِقَبْرِ كَافِرٍ فَبَشِّرْهُ بِالنَّارِ(. قَالَ: ثُمَّ إِنَّ الْاَعْرَابِيَّ اَسْلَمَ. قَالَ: فَقَالَ: لَقَدْ كَلَّفَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْثًا، مَا مَرَرْتُ بِقَبْرِ كَافِرٍ إِلَّا بَشَّرْتُهُ بِالنَّارِ.

حضرت عامر بن سعد اپنے والد (حضرت سعد) رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ ایک دیہاتی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرا باپ صلہ رحمی کرتا تھا اور یہ یہ فعل کرتا تھا تو وہ کہاں ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: دوزخ میں، تو اس دیہاتی نے کچھ محسوس کیا (اپنے دل میں) پھر اس نے عرض کیا: یا رسول اللہ! آپ کے والد کہاں ہیں؟ تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: تو جس بھی کافر کی قبر کے پاس سے گزرے اسے جہنم کی خوشخبری دے دے۔ کہتے ہیں کہ پھر وہ دیہاتی مسلمان ہوگیا تو اس نے کہا کہ بلاشبہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اس بات کا پابند کیا ہے کہ میں کسی بھی کافر کی قبر پر سے گزروں تو اسے دوزخی ہونے کی خوشخبری دوں۔ ②

بَابُ الْاِسْتِخَارَةِ عِنْدَ طَلَبِ الْحَاجَةِ

طلب حاجت کے وقت استخارہ کرنے کا بیان

[596] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنْبَاَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ اَبِي الْمَوَالِي، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا الْاِسْتِخَارَةَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ، يَقُولُ: "إِذَا هَمَّ

① قال الالبانی فی، احکام الجنائز، صفحہ 199: فی اسنادہ یحیی بن یمانٌ وھو سیء الحفظ عن محمد بن عمر ولم اعرفہ عن ابی سلمة عنه، لکن الظاہر انہ، ابن عمرو، سقط من الطابع حرف الواو، وھو حسن الحدیث لشواھدہ۔

② قال الالبانی فی، احکام الجنائز، صفحہ 198-199: اخرجہ الطبرانی فی، المعجم الکبیر، 1/191/1، وابن السنی، والضیاء المقدسی فی، الاحادیث المختارۃ، 1/333 بسند صحیح، وقال الہیثمی 1/117-118: رواہ البزار والطبرانی فی، الکبیر، ورجالہ رجال الصحیح، انظر بقیة کلامہ۔

اَحَدُكُمْ بِالْأَمْرِ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ غَيْرِ الْفَرِيضَةِ، ثُمَّ لْيَقُلْ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْتَخِيرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوبِ، اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هَذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِي فِي دِينِي وَمَعَاشِي وَعَاقِبَةِ أَمْرِي - أَوْ قَالَ: فِي عَاجِلِ أَمْرِي وَآجِلِهِ - فَقَدِّرْهُ لِي وَبَارِكْ لِي فِيهِ، وَإِنْ كَانَ شَرًّا لِي فَاصْرِفْهُ عَنِّي، وَاقْدُرْ لِي الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، وَرَضِّنِي بِهِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم کو اس طرح استخارہ کی تعلیم دیتے تھے جیسے ہمیں قرآن مجید کی سورۃ سکھاتے تھے۔ آپ فرماتے تھے کہ جب تم میں سے کوئی کسی اہم کام کا ارادہ کرے تو اسے چاہیے کہ فرض نماز کے علاوہ دو رکعت نماز ادا کرے پھر دعا کرے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ، وَأَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ، وَأَسْأَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ، فَإِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ، وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ، وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، اَللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ أَوْ قَالَ: فِيْ عَاجِلِ أَمْرِيْ وَآجِلِهِ فَقَدِّرْهُ لِيْ وَبَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَإِنْ كَانَ شَرًّا لِّيْ فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ، وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ، وَرَضِّنِيْ بِهِ﴾

''اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کے ساتھ بھلائی کا طلبگار ہوں اور تیری قدرت کے ساتھ تیری قدرت کا طلبگار ہوں، اور تجھ سے تیرے عظیم فضل کا سوال کرتا ہوں کیونکہ بلاشبہ تو قدرت رکھتا ہے اور میں قدرت نہیں رکھتا، اور تو جاننے والا ہے اور میں نہیں جانتا، اور تو ہی غیبوں کا علم جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تیرے علم میں ہے کہ یہ کام میرے لیے میرے دین اور میری معاشی زندگی اور میرے معاملے میں انجام کار بہتر ہے یا فرمایا: میرے دنیا کے معاملے اور آخرت کے معاملے میں تو اسے میرے لیے مقدر فرما دے، اور مجھے اس میں برکت دے اور اگر یہ میرے لیے برا ہے تو اس کو مجھ سے دور فرما دے اور میرے لیے بھلائی کو مقدر فرما دے جیسے بھی ہو، اور مجھے اس سے راضی کر دے۔''[1]

[1] رواہ البخاری 11/155-158 فی الدعوات: باب الدعاء عند الاستخارۃ، وفی التطوع: باب ما جاء فی التطوع مثنی و مثنی، وفی التوحید: باب قول اللہ تعالیٰ (قل ہو القادر)، وابو داود رقم 1538 فی الصلاۃ: باب فی الاستخارۃ، والترمذی رقم 480 فی الصلاۃ: باب ما جاء فی صلاۃ الاستخارۃ، والنسائی 6/80-81 فی النکاح، باب کیف الاستخارۃ، واحمد فی المسند، 3/344، وابن ماجۃ رقم 1383 فی اقامۃ الصلاۃ: باب ما جاء فی صلاۃ الاستخارۃ۔

[597] اَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الْإِمَامُ اَبُو مُحَمَّدٍ الدُّونِيُّ، اَخْبَرَنَا الْقَاضِي اَبُو نَصْرٍ الْكَسَّارُ، اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ ابْنُ السُّنِّيِّ قَالَ: أنا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ مُوسَى بْنِ حَيَّانَ، قَالَا: ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِي الْوَزِيرِ، ثنا زَنْفَلُ، نَزِيلُ عَرَفَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنْ اَبِي بَكْرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اَرَادَ الْاَمْرَ قَالَ:)اللّٰهُمَّ خِرْ لِي، وَاخْتَرْ لِي.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کرتی ہیں کہ انہوں نے فرمایا: حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی معاملہ کا ارادہ فرماتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ خِرْ لِيْ، وَاخْتَرْ لِيْ﴾

''اے اللہ! مجھے بھلائی عطا فرما، اور میرے لیے بھلائی کو ہی اختیار فرما۔'' ①

بَابُ كَمْ مَرَّةً يَسْتَخِيرُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

کتنی مرتبہ اللہ عزوجل سے استخارہ کرے؟

[598] اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ الْعَسْقَلَانِيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحِمْيَرِيِّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، ثنا اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا اَنَسُ، إِذَا هَمَمْتَ بِاَمْرٍ فَاسْتَخِرْ رَبَّكَ فِيهِ سَبْعَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ انْظُرْ إِلَى الَّذِي يَسْبِقُ إِلَى قَلْبِكَ، فَإِنَّ الْخَيْرَ فِيهِ.

حضرت نضر بن انس بن مالک اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے انس! جب تو کسی کام کا ارادہ کرے تو اپنے رب سے اس میں سات مرتبہ خیر طلب کر (یعنی استخارہ کر) پھر اس چیز کی طرف دیکھ جس کی طرف تیرا دل مائل ہوتا ہے کیونکہ خیر (بھلائی) اسی میں ہے۔ ②

① رواه الترمذی رقم 3511 فی الدعوات باب رقم 86 ثم قال: ہذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث زنفل وہو ضعیف عند اهل الحدیث، ویقال له زنفل العرفی، وکان مکن غرفات و تفرد بہذا الحدیث، ولا یتابع علیه۔ فالحدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4335۔

② قال النووی فی الاذکار رقم 358: اسناده غریب فان فیه من لا نعرفهم۔ وقال السیوطی فی، تحفة الابرار، 37/ا و 37/ب: قوله: قال العراقی: ہم معروفون لکن فیہم من ہو معروف بالضعف الشدید، وہو ابراہیم بن البراء فقد ذکره فی، الضعفاء، ابن عدی و ابن حبان وغیرہم، وقالوا: انه کان یحدث بالا باطیل عن الثقات، زاد ابن حبان: لا یحل ذکره الا علی سبیل القدح فیه، قال الحافظ ابن حجر: والراوی عنه فی ہذا السند عبید الله بن الموصبل الحمیری، لم اقف له علی ترجمة، والراوی عن عبید الله ابو العباس بن قتیبة اسمه محمد بن الحسن، وہو ابن اخی بکار بن فقیبة قاضی مصر، وکان ثقة، اکثر عنه ابن حبان فی، صحیحه۔ اه۔

بَابُ خُطْبَةِ النِّكَاحِ

خطبۂ نکاح کا بیان

[599] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَا: ثنا شُعْبَةُ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: عَلَّمَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ: الْحَمْدُ لِلَّهِ - أَوْ: إِنَّ الْحَمْدَ لِلَّهِ - نَسْتَعِينُهُ، وَنَعُوذُ بِاللَّهِ مِنْ شُرُورِ أَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ أَعْمَالِنَا، مَنْ يَهْدِهِ اللَّهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ، وَمَنْ يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ "، ثُمَّ يَقْرَأُ ثَلَاثَ آيَاتٍ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ، يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِنْ نَفْسٍ وَاحِدَةٍ الْآيَةَ، وَاتَّقُوا اللَّهَ الَّذِي تَسَاءَلُونَ بِهِ وَالْأَرْحَامَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيبًا ، يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا إِلَى قَوْلِهِ: فَوْزًا عَظِيمًا، ثُمَّ يُكَلِّمُ بِحَاجَتِهِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں یوں خطبہ نکاح سکھایا:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوْ: إِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَسْتَعِيْنُهٗ، وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا. مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ، وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ﴾

پھر یہ تین آیتیں پڑھے:

﴿يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ إِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ. يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ الْاٰيَةَ. وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَاءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ إِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا. وَيَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا إِلٰى قَوْلِهٖ: فَوْزًا عَظِيْمًا﴾

پھر وہ اپنے نکاح کی بات کرے۔ ①

① رواه ابو داود رقم 2118 في النكاح: باب في خطبة النكاح، والترمذي رقم 1105 في النكاح: باب ما جاء في خطبة النكاح، والنسائي 105/3 في الجمعة: باب كيف الخطبة، وابن ماجه رقم 1892 في النكاح: باخطبة النكاح، وهو حديث صحيح۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَفَادَ امْرَأَةً

جب بیوی سے ملاقات کرے تو کیا پڑھے؟

[600] أَخْبَرَنَا أَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، قَالَا: ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا أَفَادَ أَحَدُكُمُ امْرَأَةً أَوْ خَادِمًا أَوْ دَابَّةً، فَلْيَأْخُذْ بِنَاصِيَتِهَا، وَلْيَقُلْ: بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ، وَإِنْ كَانَ بَعِيرًا فَلْيَأْخُذْ بِسِنَامِهِ " يَعْنِي: وَلْيَقُلْ ذَلِكَ.

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک عورت یا خادم یا جانور سے فائدہ حاصل کرنا چاہے تو اس کی پیشانی کو پکڑ کر یہ کہے:

﴿بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَيْهِ﴾

”اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ! بے شک میں تجھ سے اس کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس کی بھلائی کا جو تو نے اس پر پیدا کی ہے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس کے شر سے جو تو نے اس پر پیدا کی ہے۔“

اور اگر اونٹ ہے تو اس کی کوہان پکڑ کر یہی دعا کرے۔ [1]

بَابُ مَا يَقُولُ لِلرَّجُلِ إِذَا تَزَوَّجَ

جب کوئی آدمی شادی کرے تو اسے کیا دعا دی جائے؟

[601] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ صُفْرَةً،

[1] قال الالبانی فی، اداب الزفاف، صفحه 18: اخرجه البخاری فی، افعال العباد، صفحه 77، وابو داود رقم 2160، وابن ماجه رقم 1718 والحاکم 2/185 والبیهقی 7/148 باسناد حسن و صححه الحاکم ووافقه الذهبی، وقال الحافظ العراقی فی، المغنی، 1/298: اسناده جید، واشار لصحته عبدالحق الاشبیلی فی، الاحکام الکبری، 2/42 بسکوته علیه کما نص فی المقدمة وکذا ابن دقیق العید فی، الالمام، 2/127۔اھ۔

فَقَالَ:)مَا هٰذَا؟(فَقَالَ: تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِنْ ذَهَبٍ. قَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)بَارَكَ اللّٰـهُ لَكَ(. ثُمَّ قَالَ لَهُ:)اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عبدالرحمن بن عوف پر زردی دیکھی تو فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے عرض کی: میں نے ایک عورت سے گٹھلی کے وزن کے برابر سونے پر نکاح کیا ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے پھر فرمایا کہ ولیمہ کروا گرچہ ایک بکری کے ساتھ۔ ①

[602] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ يُونُسَ بْنِ عُبَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، قَالَ: قَدِمَ عَقِيلُ بْنُ اَبِي طَالِبٍ الْبَصْرَةَ، فَتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِنْ بَنِي جُشَمَ، قَالُوا: بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِينَ. قَالَ: لَا تَقُولُوا ذٰلِكَ، فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ذٰلِكَ، وَاَمَرَنَا اَنْ نَقُولَ:)بَارَكَ اللّٰـهُ لَكَ، وَبَارَكَ اللّٰـهُ عَلَيْكَ.

حضرت یونس بن عبید سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت حسن سے سنا انہوں نے فرمایا کہ حضرت عقیل بن ابی طالب بصرہ آئے تو انہوں نے بنی جشم کی ایک عورت سے نکاح کرلیا تو لوگوں نے انہیں کہا:

﴿بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِيْنَ﴾

''خوش حال رہو اور بیٹوں کے ساتھ۔''

تو انہوں نے کہا کہ تم لوگ ایسے نہ کہو کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا کہنے سے منع فرمایا ہے اور ہمیں حکم فرمایا ہے کہ ہم یوں کہیں:

﴿بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ، وَبَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ﴾

''اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے اور اللہ تعالیٰ تم پر برکت نازل فرمائے۔'' ②

① رواہ البخاری 4/247-248 فی البیوع: باب ما جاء فی قول اللہ تعالی (فاذا قضیت الصلاۃ فانتشروا) وفی فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم: باب اخاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم بین المهاجرین والانصار، ومسلم رقم 1427 فی النکاح: باب الصداق وجواز کونہ تعلیم القرآن، وابو داود رقم 2109 فی النکاح: باب قلۃ المهر، والترمذی رقم 1094 فی النکاح: باب ما جاء فی الولیمۃ، والنسائی 6/137 فی النکاح: باب الهدیۃ لمن عرس۔

② قال الالبانی فی، آداب الزفاف، صفحہ 97-98: رواہ ابن ابی شیبۃ 7/52/2 والنسائی 2/91 وابن ماجۃ رقم 1906، والدارمی رقم 2180، وابن الاعرابی فی، معجمہ، 2/27 والبیهقی 7/148 واحمد 1/301 و 3/451، وقال الحافظ: ورجالہ ثقات الا ان الحسن لم یسمع من عقیل فیما یقال، قال بعض المحققین المعاصرین: وہذہ دعوی لا دلیل علیها، فالحسن سمع من صحابۃ اقدم من عقیل، قلت: لکن الحسن۔ وہو البصری۔ مدلس معروف بذلک، وہو لم یصرح بسماعہ ایاہا من عقیل، فہذا فی حکم المنقطع، لکن رواہ احمد من طریق اخری عن عقیل فہو قوی بمجموع الطریقین واللہ اعلم۔ ثم وجدت لہ طریقا ثالثا فی، الموضح، للخطیب البغدادی 2/225۔ اہ۔

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي ذَٰلِكَ

اس معاملہ میں رخصت کا بیان

[603] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْمَدِينِيُّ، بِعُمَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو سَعِيدٍ الْاَشَجُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ خَيْرٍ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَسْرُورًا، فَقَالَ:)يَا عَائِشَةُ، إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ زَوَّجَنِي مَرْيَمَ بِنْتَ عِمْرَانَ، وَآسِيَةَ بِنْتَ مُزَاحِمٍ فِي الْجَنَّةِ(. قَالَتْ: قُلْتُ: بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ " قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ السُّنِّيِّ: كَذَا كُتِبَتْ مِنْ كِتَابِهِ.نَوْعٌ آخَرُ مِنَ الْقَوْلِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس بڑے خوش خوش تشریف لائے۔ پس آپ ﷺ نے فرمایا: اے عائشہ! بے شک اللہ عزوجل نے میرا مریم بنت عمران اور آسیہ بنت مزاحم سے جنت میں نکاح کر دیا ہے۔ آپ فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کی:

﴿بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ﴾

امام ابو بکر ابن سنی نے کہا کہ ان کی کتاب میں اسی طرح لکھا ہے۔[1]

[604] حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْحَلَبِيُّ، ثنا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَفَّأَ رَجُلًا قَالَ:)بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِخَيْرٍ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی کو شادی کی مبارکباد دیتے تو کہتے:

﴿بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ، وَبَارَكَ عَلَيْكَ، وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا بِخَيْرٍ﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات تم میں برکت دے اور تم پر برکت نازل فرمائے اور تم دونوں کے درمیان بھلائی کو جمع فرمائے۔''[2]

---

① الحدیث منکر کما قال الالبانی فی، الاحادیث الضعیفة، رقم 812۔

② رواہ ابو داود رقم 2130 فی النکاح: باب مایقال للمتزوج، والترمذی رقم 1091 فی النکاح: باب فیما یقال للمتزوج، واحمد فی المسند، 381/2، والحاکم فی، المستدرک، 183/2 وصححه ووافقه الذہبی وابن حبان رقم 1284 وہو کما قالوا۔

بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ لِمَنْ يَخْطُبُ إِلَيْهِ

جس آدمی کو پیغام نکاح دیا جائے وہ کیا کہے؟

[605] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنْبَاَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الْاَعْلَى، وَاَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَاللَّفْظُ لَهُ - قَالَا: ثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ حُمَيْدٍ الرُّوَاسِيُّ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ سَلِيطٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: " اَنَّ نَفَرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ قَالُوا لِعَلِيٍّ: عِنْدَكَ فَاطِمَةُ. فَدَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، فَقَالَ:)مَا حَاجَةُ ابْنِ اَبِي طَالِبٍ(؟ قَالَ: ذَكَرْتُ فَاطِمَةَ ابْنَةَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ:)مَرْحَبًا وَاَهْلًا(، وَلَمْ يَزِدْهُ عَلَيْهِمَا. فَخَرَجَ إِلَى الرَّهْطِ مِنَ الْاَنْصَارِ يَنْتَظِرُونَهُ، فَقَالُوا: مَا ذَاكَ مَا قَالَ لَكَ؟ قَالَ: لَا اَدْرِي غَيْرَ اَنَّهُ قَالَ:)مَرْحَبًا وَاَهْلًا(. قَالُوا: يَكْفِيكَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدُهُمَا، وَقَدْ اَعْطَاكَ الْاَهْلَ وَالرُّحْبَ .

حضرت ابن بریدہ اپنے والد (بریدہ) رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انصار کرام کے ایک گروہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے کہا: تمہارے پاس حضرت فاطمہ ہو (یعنی ان سے تمہاری شادی ہو جائے) تو حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن ابی طالب کو کیا حاجت ہے؟ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت فاطمہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مرحبا واھلاً اور اس (جملہ) پر مزید کچھ نہ فرمایا۔ تو آپ (حضرت علی) گروہ انصار کی طرف نکلے جو ان کا انتظار کر رہے تھے کہنے لگے: کیا ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں کیا فرمایا؟ کہا کہ مرحبا واھلا کے سوا مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے کیا فرمایا۔ کہنے لگے (انصار کرام) کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تمہارے لیے ان دونوں میں سے ایک بھی کافی تھا بلاشبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں اپنا اہل بھی عطا کیا اور مبارکباد بھی دی ہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِلْعَرُوسِ لَيْلَةَ الْبِنَاءِ

شب عروسی کو دلہن کے لیے کیا کہے؟

[606] حَدَّثَنَا اَبُو شَيْبَةَ دَاوُدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةُ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ الْاَسْلَمِيُّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، -

① النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 258 رجالہ ثقات الاعبدالکریم بن سلیط لم یوثقہ غیر ابن حبان۔

وَذَكَرَ قِصَّةَ تَزْوِيجِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا - قَالَ: فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)ائْتُونِي بِمَاءٍ(. قَالَ عَلِيٌّ: فَعَلِمْتُ الَّذِي يُرِيدُ، فَقُمْتُ فَمَلَأْتُ الْقَعْبَ فَأَتَيْتُهُ بِهِ، فَأَخَذَهُ وَمَجَّ فِيهِ، ثُمَّ قَالَ لِي: تَقَدَّمْ فَصَبَّ عَلَى رَأْسِي وَبَيْنَ يَدَيَّ(، ثُمَّ قَالَ:) اللّٰهُمَّ إِنِّي أُعِيذُهُ بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، ثُمَّ قَالَ:)أَدْبِرْ(، فَأَدْبَرْتُ، فَصَبَّ بَيْنَ كَتِفَيَّ، ثُمَّ قَالَ: إِنِّي أُعِيذُهُ بِكَ وَذُرِّيَّتَهُ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ(، ثُمَّ قَالَ:)يَا عَلِيُّ، ادْخُلْ بِاسْمِ اللّٰهِ بِأَهْلِكَ عَلَى الْبَرَكَةِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے اور انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے شادی کا واقعہ ذکر کیا۔ فرمایا کہ حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ میرے پاس پانی لاؤ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں جان گیا کہ آپ ﷺ کا ارادہ کیا ہے سو میں اٹھ کھڑا ہوا پس میں نے ٹب بھرا پھر میں آپ ﷺ کے پاس لے کر آیا تو آپ ﷺ نے لے کر اس میں کلی کی پھر مجھ سے فرمایا: آگے آؤ پس میرے سر پر اور آگے (جسم پر) انڈیل دیا پھر یہ دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُعِيْذُهٗ بِكَ وَذُرِّيَّتَهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾

”اے اللہ! بے شک میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کی اور اس کی اولاد کی شیطان مردود سے۔“

پھر فرمایا: پیٹھ پھیرو سو میں نے پیٹھ پھیری تو میرے دونوں کندھوں کے درمیان انڈیلا پھر دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أُعِيْذُهٗ بِكَ وَذُرِّيَّتَهٗ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ﴾

”اے اللہ! بے شک میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس کی اور اس کی اولاد کی شیطان مردود سے۔“

پھر فرمایا: اے علی! اللہ کے نام کے ساتھ اپنی اہل کے پاس برکت کے ساتھ جاؤ۔[1]

[607] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ وَاصِلٍ، وَأَحْمَدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مَالِكُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ الرُّوَاسِيِّ، ثنا عَبْدُ الْكَرِيمِ بْنُ سَلِيطٍ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ - وَذَكَرَ تَزْوِيجَ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا - قَالَ: فَلَمَّا كَانَ لَيْلَةَ الْبِنَاءِ قَالَ:)يَا عَلِيُّ، لَا تُحْدِثْ شَيْئًا حَتَّى تَلْقَانِي(فَدَعَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ، فَتَوَضَّأَ مِنْهُ، ثُمَّ أَفْرَغَ عَلَى عَلِيٍّ، فَقَالَ:)اللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيهِمَا، وَبَارِكْ عَلَيْهِمَا، وَبَارِكْ لَهُمَا فِي شِبْلِهِمَا.

[1] هناده يحيى بن العلاء الا السلمي رمى بالوضع۔

حضرت ابن بریدہ اپنے والد (حضرت بریدہ) رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں اور انہوں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے نکاح کا ذکر کیا۔ کہتے ہیں کہ جب رخصتی کی رات ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے علی! مجھ سے ملے بغیر کوئی نیا کام نہ کرنا۔ پس حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی منگوایا اس سے وضو کیا پھر اسے حضرت علی پر ڈالا پس دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْهِمَا، وَبَارِكْ عَلَيْهِمَا، وَبَارِكْ لَهُمَا فِيْ شِبْلِهِمَا﴾

"اے اللہ! ان دونوں میں برکت دے اور ان دونوں پر برکت نازل فرما اور دونوں کی اولاد میں برکت دے۔"①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا جَامَعَ اَهْلَهُ

جب اپنی بیوی سے جماع کرے تو کیا دعا پڑھے؟

[608] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، حَدَّثَنِي رَجُلٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ كُرَيْبٍ، مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَكَرَ يَوْمًا مَا يُصِيبُ الصِّبْيَانَ، فَقَالَ: لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ إِذَا جَامَعَ اَهْلَهُ قَالَ بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَكَانَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ مِنْ ذٰلِكَ، لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطَانُ اَبَدًا.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے اس تکلیف کا ایک دن ذکر کیا جو بچوں کو پہنچتی ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک اپنی بیوی سے جماع کرے تو کہے:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا﴾

"اللہ کے نام سے اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچانا اور جو تو ہمیں اولاد دے اسے بھی شیطان سے بچانا۔"

سو اس عمل (جماع) سے اگر ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا تو اسے شیطان کبھی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔②

① رجاله ثقات الا عبد الكريم بن سليط لم يوثقه غير ابن حبان۔

② في اسناد ابن السني جهالة۔ والحديث متفق عليه رواه البخاري 240/6 في بدء الخلق: باب صفة ابليس وجنوده، ومسلم رقم 1434 في النكاح: باب ما يستحب ان يقول عن المنام، وابو داود رقم 2161 في النكاح: باب جامع النكاح، والترمذي رقم 1092 في النكاح: باب ما يقول اذا دخل على اهله، وابن ماجه رقم 1919 في النكاح: باب ما يقول الرجل اذا دخل عليه اهله، واحمد في المسند 217/1 و 220 و 243 و 283 و 286۔

بَابُ مُدَارَاةِ الرَّجُلِ اَهْلَهُ

مرد کا اپنی بیوی سے میل جول رکھنے کا بیان

[609] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ اَبِي إِسْرَائِيلَ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا عَوْفُ الْاَعْرَابِيُّ، عَنْ اَبِي رَجَاءٍ، عَنْ سَمُرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنَّ الْمَرْاَةَ خَلِقَتْ مِنْ ضِلْعٍ اَعْوَجَ، فَإِنْ اَقَمْتَهَا كَسَرْتَهَا، فَدَارِهَا تَعِشْ بِهَا ثَلَاثًا.

حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک عورت ٹیڑھی پسلی سے پیدا کی گئی ہے سو اگر اسے سیدھا کرنے کی کوشش کرے گا تو اسے توڑ دے گا پس اس کے ساتھ خاطر مدارت کر اس کے ساتھ زندگی گزار سکے گا یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔ ①

بَابُ مُلَاطَفَةِ الرَّجُلِ اَهْلَهُ

مرد کا اپنی بیوی سے پیار و محبت کرنا

[610] اَخْبَرَنَا عَبْدَانُ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، وَمَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَكْمَلُ الْمُؤْمِنِينَ إِيمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا، وَاَلْطَفُهُمْ لِاَهْلِهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومنوں میں کامل ایمان والا وہ ہے جس کے اخلاق اچھے ہوں اور جو اپنی بیوی کے ساتھ مہربان ہو۔ ②

---

① رواہ احمد فی، المسند، 8/5، وابن حبان 1308 والحاکم 174/4 من حدیث سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ، وھو حدیث صحیح، کما قال الالبانی فی، صحیح الجامع، رقم 1940۔

② رواہ الترمذی رقم 2615 فی الایمان: باب ماجاء فی استکمال الایمان وزیادتہ ونقصانہ، واحمد فی بلمسند، 47/6 و 49، والحاکم 53/1، وقال الترمذی: حدیث حسن ولا نعرف لابی قلابۃ سماعاً من عائشۃ۔ وقال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 284: الحدیث بھذا الاسناد واللفظ ضعیف، وقد روی ابن ابی شیبۃ رقم 19 الشطر الاول منہ۔ وقد صح عنہ بلفظ آخر۔ اھ۔ انظر فی، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 4 و 285۔

بَابُ مُمَازَحَةِ الرَّجُلِ امْرَأَتَهُ وَمُضَاحَكَتِهِ إِيَّاهَا

آدمی کا اپنی بیوی سے خوش طبعی کرنے اور اسے ہنسانے کا بیان

[611] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، أنا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰـهِ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا قَالَ: كُنْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يُكَلِّمُنِي وَيُمَازِحُنِي، فَقَالَ:)اَتَزَوَّجْتَ(؟ قُلْتُ: نَعَمْ. قَالَ:)بِكْرًا اَمْ ثَيِّبًا(؟ قُلْتُ: ثَيِّبًا. قَالَ:)فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ، وَتُضَاحِكُهَا وَتُضَاحِكُكَ، وَتُمَازِحُهَا وَتُمَازِحُكَ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا سو آپ مجھ سے گفتگو کرتے تو مزاح بھی کرتے آپ نے فرمایا: کیا تو نے شادی کی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری یا شوہر دیدہ سے، میں نے عرض کی: شوہر دیدہ سے۔ آپ نے فرمایا: کنواری سے کیوں نہ کی کہ تو اس سے کھیلتا اور وہ تجھ سے کھیلتی تو اسے ہنساتا اور وہ تجھے ہنساتی، تو اس سے مزاح کرتا اور وہ تجھ سے مزاح کرتی۔ ①

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اَنْ يَكْذِبَ الرَّجُلُ عَلَى امْرَأَتِهِ

آدمی کو اپنی بیوی سے جھوٹ بولنے کی اجازت کا بیان

[612] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَيُّوبَ بْنِ رَاشِدٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَامِعٍ، ثنا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنِ الزِّبْرِقَانِ، عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)كُلُّ الْكَذِبِ مَكْتُوبٌ لَا مَحَالَةَ كَذِبًا، إِلَّا اَنْ يَكْذِبَ الرَّجُلُ فِي حَرْبٍ، فَإِنَّ الْحَرْبَ خَدْعَةٌ، اَوْ يَكْذِبَ الرَّجُلُ بَيْنَ الزَّوْجَيْنِ لِيُصْلِحَ بَيْنَهُمَا، اَوْ يَكْذِبَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ لِيُرْضَاهَا بِذَلِكَ.

حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر جھوٹ لامحالہ طور پر جھوٹ ہی لکھا جاتا ہے سوائے اس کے کہ کوئی آدمی لڑائی میں جھوٹ بولے کیونکہ لڑائی دھوکہ ہے، یا کوئی آدمی میاں بیوی کے درمیان صلح کرانے کے لیے جھوٹ بولے، یا آدمی اپنے بیوی کو راضی کرنے کے لیے اس کے ساتھ جھوٹ بولے۔ ②

---

① متفق علیہ: انظر، جامع الاصول، رقم 340۔

② وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4220 و ما متنہ فصحیح یشھد لہ الحدیث الذی یلیہ برقم 613۔

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اَنْ تَكْذِبَ الْمَرْاَةُ زَوْجَهَا لِتُرْضِيَهُ

عورت کے لیے اپنے خاوند کو راضی رکھنے کے لیے جھوٹ بولنے کی اجازت

[613] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُنْبُورٍ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي حَازِمٍ، عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اُمِّهِ اُمِّ كُلْثُومٍ بِنْتِ عُقْبَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " لَا يُرَخَّصُ فِي شَيْءٍ مِنَ الْكَذِبِ إِلَّا فِي ثَلَاثٍ - كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا اَعُدُّهُ كَذِبًا الرَّجُلِ يُصْلِحُ بَيْنَ النَّاسِ يَقُولُ الْقَوْلَ يُرِيدُ بِهِ الصَّلَاحَ، وَالرَّجُلِ يَقُولُ الْقَوْلَ فِي الْحَرْبِ، وَالرَّجُلِ يُحَدِّثُ امْرَاَتَهُ، وَالْمَرْاَةِ تُحَدِّثُ زَوْجَهَا "

حضرت ام کلثوم بن عقبہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے وہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ کسی چیز میں جھوٹ بولنے کی اجازت نہیں دی گئی۔ سوائے تین کے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں اسے جھوٹ نہیں شمار کرتا (ایک) آدمی کا لوگوں کے درمیان صلح کرانے کے ارادہ سے کوئی (جھوٹا) قول کرنا اور (دوسرا) آدمی کا دوران جنگ کوئی (جھوٹا) قول کرنا اور (تیسرا) آدمی کا اپنی بیوی سے اور بیوی کا اپنے خاوند سے کوئی (جھوٹی) بات کرنا۔ (اسے راضی رکھنے اور آپس کے پیار محبت کو بحال رکھنے کے لیے یہ تینوں جھوٹ جائز ہیں)۔ ①

بَابُ التَّغْلِيظِ فِي إِفْشَاءِ الرَّجُلِ سِرَّ امْرَاَتِهِ

مرد کو اپنی عورت کے راز کو ظاہر کرنے کی سخت ممانعت کا بیان

[614] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا عُمَرُ بْنُ حَمْزَةَ الْعُمَرِيُّ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعِيدٍ، مَوْلَى سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)إِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْاَمَانَةِ عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ الرَّجُلَ يُفْضِي إِلَى امْرَاَتِهِ وَتُفْضِي إِلَيْهِ، ثُمَّ يَنْشُرُ سِرَّهَا.

① رواه البخاری 5/220 فی الصلح باب لیس الکاذب الذی یصلح بین الناس، و مسلم رقم 2605 فی البر و الصلة باب تحریم الکذب و بیان المباح منه، ابو داود رقم 4921 فی الادب باب فی اصلاح ذات البین، و الترمذی رقم 1939 فی البر و الصلة باب ما جاء فی اصلاح ذات البین، و احمد فی المسند 6/404۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بلاشبہ قیامت کے دن اللہ عزوجل کے نزدیک عظیم تر امانت یہ ہے کہ آدمی اپنی بیوی سے اور عورت اپنے خاوند سے خلوت میں ملے پھر اس راز کو ظاہر کرے (یوں کہ ہم نے رات کو اس طرح اس طرح کیا، یوں ملے وغیرہ)۔ ①

بَابُ كَرَاهِيَةِ الرَّجُلِ يُحَدِّثُ الرَّجُلَ بِمَا يَكُونُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ امْرَأَتِهِ

آدمی کا کسی کے سامنے اپنے اور اپنی بیوی کے درمیان ہونے والے معاملہ کو بیان کرنا مکروہ ہے

[615] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنِ الطُّفَاوِيِّ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " أَلَا هَلْ عَسَى رَجُلٌ يُغْلِقُ بَابَهُ، وَيُرْخِي سِتْرَهُ، وَيُسْتَرُ بِسِتْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَيَخْرُجُ فَيَقُولُ: فَعَلْتُ بِأَهْلِي وَفَعَلْتُ ". فَقَامَتْ جَارِيَةٌ كَعَابٌ، فَقَالَتْ: وَاللّٰهِ إِنَّهُمْ لَيَفْعَلُونَ، وَإِنَّهُنَّ لَيَفْعَلْنَ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:) أَفَلَا أُخْبِرُكُمْ بِمَثَلِ ذَلِكَ قَالُوا: وَمَا مَثَلُهُ؟ قَالَ:)مَثَلُ شَيْطَانٍ لَقِيَ شَيْطَانَةً فِي سِكَّةٍ، فَنَكَحَهَا وَالنَّاسُ يَنْظُرُونَ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خبردار! کیا کوئی ایسا آدمی ہے جو اپنے دروازے کو بند کرتا ہے اور پردہ گراتا ہے اور پردہ دار بن جاتا اللہ عزوجل کے پردہ کے ساتھ، پھر وہ باہر نکلے تو کہتا پھرے: میں نے اپنی بیوی سے یہ کیا اور یہ کیا۔ تو ایک لڑکی کھڑی ہوجاتی ہے سو کہتی ہے اللہ کی قسم! بے شک وہ (مرد) بھی ایسا کرتے ہیں اور یہ (عورتیں) بھی ایسا ہی کرتی ہیں (یعنی اپنی رات کی گزری کیفیت کو بتاتی ہیں) تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسے شخص کی مثل کی خبر نہ دوں؟ لوگوں نے عرض کیا: اس کی مثال کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی مثل شیطان کی سی ہے جو شیطانہ سے ملتا ہے عوامی راستے میں پس اس کے ساتھ صحبت کرتا ہے اور لوگ دیکھ رہے ہوتے ہیں۔ ②

① رواہ مسلم رقم 1437 فی النکاح: باب تحریم افشاء سر المراۃ، واحمد فی، المسند، 3/69۔ والحدیث وان اخرجہ مسلم فانہ ضعیف السند فقیہ عمر بن حمزۃ العمری، ضعفہ الحفظ فی، التقریب، 2/53، وقال الذہبی فی، المیزان،: ضعفہ یحیی بن معین والنسائی، وقال احمد: احادیثہ مناکیر، ثم اورد الذہبی لہ ہذا الحدیث، وقال: فہذا مما استنکر لعمر، وللحدیث شواہد منہا الاتی۔

② رواہ احمد فی، المسند، 2/541، و ابو داود رقم 2174 فی النکاح: باب ما یکرہ من ذکر الرجل ما یکون من اصابتہ اہلہ، وفی اسنادہ ضعف۔ ولکن للحدیث شواہد منہا الذی تقدم۔ وانظر، زاد المعاد، 2/274۔

بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اَنْ يُحَدِّثَ بِذَلِكَ

اس معاملہ کو (کسی مصلحت کی بنا پر) بیان کرنے کی رخصت کا بیان

[616] حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّ كُلْثُومٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ يُجَامِعُ اَهْلَهُ ثُمَّ يَكْسَلُ، هَلْ عَلَيْهِ مِنْ غُسْلٍ؟ وَعَائِشَةُ فِي الْبَيْتِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)إِنِّي لَاَفْعَلُ ذَلِكَ اَنَا وَهَذِهِ، ثُمَّ نَغْتَسِلُ.

زوجہ حضور نبی کریم ﷺ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا اس شخص کے متعلق جو اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے پھر وہ (جماع کرنے میں) سست پڑ جاتا ہے کیا اس پر غسل لازم ہے؟ (یعنی نامکمل جماع کرنے پر) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا گھر میں تھیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بلاشبہ میں بھی ایسا کرتا ہوں اور یہ (یعنی حضرت عائشہ) بھی پھر ہم غسل کرتے ہیں۔ ①

بَابُ مَا يُقَالُ لِلرَّجُلِ صَبِيحَةَ بِنَائِهِ بِاَهْلِهِ

شب عروسی کی صبح کو آدمی کو کیا دعا دی جائے؟

[617] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ صُهَيْبٍ، ثنا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ بَنَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ، وَبُعِثْتُ دَاعِيًا عَلَى الطَّعَامِ، فَدَعَوْتُ، فَيَجِيءُ الْقَوْمُ فَيَاْكُلُونَ وَيَخْرُجُونَ، ثُمَّ يَجِيءُ الْقَوْمُ فَيَاْكُلُونَ وَيَخْرُجُونَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ دَعَوْتُ حَتَّى مَا اَجِدُ اَحَدًا اَدْعُوهُ. قَالَ:)ارْفَعُوا طَعَامَكُمْ(. فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ مُنْطَلِقًا إِلَى حُجْرَةِ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ. قَالُوا: وَعَلَيْكَ السَّلَامُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ وَجَدْتَ اَهْلَكَ؟ فَاَتَى حُجَرَ نِسَائِهِ، وَقَالُوا مِثْلَ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا نَوْعٌ آخَرُ.

① فی سندہ عیاض بن عبداللہ افہری قال البخاری منکر الحدیث۔ وقال ابن حبان: لیس بالقوی۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت زینب بنت جحش سے شب عروسی گزاری، سو مجھے کھانے کی دعوت دینے کے لیے بھیجا تو میں نے لوگوں کو دعوت دی تو لوگ آئے پس انہوں نے کھانا کھایا اور نکل گئے پھر اور لوگ آئے سو انہوں نے کھایا اور نکل گئے میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں نے دعوت دی حتی کہ میں نے کسی ایک کو بھی نہیں چھوڑا جسے میں نے دعوت نہ دی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ اپنے کھانے کو اٹھالو۔ پس رسول اللہ ﷺ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرہ کی طرف چلتے ہوئے نکل گئے آپ نے فرمایا: اے اہل بیت: السلام علیکم۔ انہوں نے جوابا کہا: وعلیکم السلام یا رسول اللہ! آپ نے اپنی اہلیہ کو کیسے پایا۔ پس آپ اپنی ازواج کے حجروں کی طرف آئے اور وہ بھی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے قول کی مثل آپ سے کہہ رہی تھیں کہ (یا رسول اللہ! آپ نے اپنے اہل کو کیسا پایا۔) ①

[618] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ زَاذَانَ، ثنا ثَابِتٌ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا طَلْحَةَ، كَانَ لَهُ ابْنٌ يُكْنَى اَبَا عُمَيْرٍ، فَهَلَكَ الصَّبِيُّ، فَقَامَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ فَكَفَّنَتْهُ وَسَجَّتْ عَلَيْهِ ثَوْبًا، وَقَالَتْ: لَا يَكُنْ اَحَدٌ يُخْبِرُ اَبَا طَلْحَةَ حَتَّى اَكُونَ اَنَا الَّذِي أُخْبِرُهُ. فَجَاءَ اَبُو طَلْحَةَ كَالًّا - وَهُوَ صَائِمٌ - فَتَطَيَّبَتْ لَهُ، وَتَصَنَّعَتْ لَهُ، وَجَاءَتْ بِعَشَائِهِ، فَقَالَ: مَا فَعَلَ اَبُو عُمَيْرٍ؟ قَالَتْ: قَدْ فَرَغَ. فَتَعَشَّى، وَاَصَابَ مِنْهَا مَا يُصِيبُ الرَّجُلُ مِنِ امْرَاَتِهِ، فَقَالَتْ: يَا اَبَا طَلْحَةَ، أَرَاَيْتَ اَهْلَ بَيْتٍ اَعَارُوا اَهْلَ بَيْتٍ عَارِيَةً، فَطَلَبَهَا اَصْحَابُهَا، اَيَرُدُّونَهَا اَمْ يَحْبِسُونَهَا؟ فَقَالَ: بَلْ يَرُدُّونَهَا. فَقَالَتِ: احْتَسِبْ اَبَا عُمَيْرٍ. قَالَ: فَغَضِبَ، فَانْطَلَقَ كَمَا هُوَ إِلَى رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرَهُ بِقَوْلِ أُمِّ سُلَيْمٍ، فَقَالَ:)بَارَكَ اللّٰـهُ لَكُمَا فِي غَابِرِ لَيْلَتِكُمَا(قَالَ: فَحَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ایک بیٹے تھے اس کی کنیت ابوعمیر تھی پس وہ بچہ ہلاک ہوگیا تو حضرت ام سلیم رضی اللہ عنہا نے اسے کفن دیا اور اسے کپڑے میں لپیٹ دیا اور کہنے لگیں کہ کوئی بھی ابوطلحہ کو اس کی خبر نہ دے حتی کہ میں انہیں خود خبر دوں۔ پس حضرت ابوطلحہ آئے تو تھکے ہوئے تھے اور روزہ دار بھی تھے۔ سو انہوں نے (یعنی حضرت ام سلیم نے) ان کے لیے خود کو خوشبو میں بسایا اور ان کے لیے بناؤ سنگھار کیا اور ان کے پاس رات کا کھانا لے کر آئیں تو انہوں نے پوچھا ابوعمیر کیسا ہے؟ تو کہنے لگیں: پرسکون ہے سو انہوں نے شام کا کھانا کھایا اور اس کے ساتھ ہم بستر ہوئے جس طرح مرد اپنی عورت سے ہم بستر ہوتا ہے۔ تو کہنے لگیں: اے ابوطلحہ! ایک گھر کے افراد نے کسی گھر والوں سے کچھ عاریتاً لیا سو انہوں نے وہ واپس طلب کیا

① البخاری 8/405-407 فی تفسیر سورۃ الاحزاب: باب قولہ تعالیٰ (لا تدخلوا بیوت النبی الا ان یوذن لکم ـــ)، والنسائی فی عمل الیوم واللیلۃ، رقم 271۔ انظر روایات الحدیث فی جامع الاصول، رقم 765۔

تو کیا انہیں وہ واپس دے دینا چاہیے یا روک لینا چاہیے تو انہوں (یعنی حضرت ابوطلحہ) نے کہا بلکہ اسے واپس کر دینا چاہیے تو کہنے لگیں: ابوعمیر پر صبر کریں (یعنی اس کی وفات پر) کہتے ہیں کہ وہ (حضرت ابوطلحہ) غصے میں آ گئے تو اٹھ کر چل پڑے جیسے وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف جا رہے ہیں سو انہوں نے آپ ﷺ کو اس بات کی خبر دی جو حضرت ام سلیم نے کہی تو آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہیں تمہارے رات کے عمل میں برکت دے۔ کہتے ہیں (راوی حدیث حضرت انس) کہ پس وہ عبداللہ بن ابی طلحہ کے ساتھ حاملہ ہوئیں۔ ①

بَابُ مَا تُعَوَّذُ بِهِ الْمَرْاَةُ الَّتِي تُطْلَقُ

عورت کو دردزہ میں مبتلا ہونے پر کیا تعویذ دیا جائے؟

[619] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا عَسُرَ عَلَى الْمَرْاَةِ وَلَدُهَا، اَخَذَ إِنَاءً لَطِيفًا يَكْتُبُ فِيهِ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوعَدُونَ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوا إِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحَاهَا، وَ لَقَدْ كَانَ فِي قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِاُولِي الْاَلْبَابِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، ثُمَّ يُغْسَلُ، وَيَسْقِي الْمَرْاَةَ مِنْهُ، وَيَنْضَحُ عَلَى بَطْنِهَا وَفَرْجِهَا.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جب عورت پر اس کے بچے (کی پیدائش) کی وجہ سے دشواری ہو تو ایک پاک صاف عمدہ برتن لے کر اس میں لکھیں:

﴿كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ﴾

مکمل آیت اور

﴿كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا إِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحَاهَا. وَ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ﴾

مکمل آیت۔ پھر اس (برتن) کو دھو کر اس عورت کو اس میں سے پلا دیں اور اس کے پیٹ اور شرم گاہ پر اسے چھڑکیں۔ ②

① فی اسناد السنی ضعف۔ ورواہ البخاری 135/3 و 137 فی الجنائز: باب من لم یظهر حزنه عند المصیبة، وفی العقیقة: باب تسمیه المولود، و مسلم رقم 2144 فی الاداب: باب استحباب تحنیک المولود عند ولادته، ورقم 2144: 107 فی فضائل الصحابة: باب من فضائل ابی طلحة رضی اللہ عنه، واحمد فی المسند، 1896/3، وابو داود رقم 4951 فی الادب: باب فی تغیر الاسماء۔

② فی سندہ ابن ابی لیلی سی، الحفظ جداً، وعبداللہ بن محمد بن المغیرة، قال ابو حاتم: لیس بقوی، وقال ابن یونس: منکر الحدیث، وقال ابن عدی: عامة ما یرویه لا یتابع علیه۔

[620] حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ خُنَيْسٍ، حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَطَاءٍ، ثنا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيَّ بْنَ الْحُسَيْنِ، يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أُمِّهِ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا: " أَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَنَا وِلَادُهَا أَمَرَ أُمَّ سُلَيْمٍ، وَزَيْنَبَ بِنْتَ جَحْشٍ أَنْ تَأْتِيَا فَاطِمَةَ، فَتَقْرَآ عِنْدَهَا آيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰـهُ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَتُعَوِّذَاهَا بِالْمُعَوِّذَتَيْنِ .

حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کی ولادت کا وقت قریب آیا تو حضرت ام سلیم اور حضرت زینب بنت جحش کو حکم فرمایا کہ وہ حضرت فاطمہ کے پاس جائیں اور آیت الکرسی اور

﴿ان ربکم الذی خلقکم.﴾

پوری آیت پڑھیں اور معوذتین کے ساتھ اسے پناہ میں دیں۔[1]

بَابُ مَا تَدْعُو بِهِ الْمَرْأَةُ الْغَيْرَى

عورت کی تکلیف کے لیے کیا دعا پڑھی جائے؟

[621] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا أَبُو الْحَكَمِ الْمُنْتَجِعُ بْنُ مُصْعَبٍ الْعَبْدِيُّ، حَدَّثَتْنِي رَبِيعَةُ، قَالَتْ: حَدَّثَتْنِي مُنْيَةُ، عَنْ مَيْمُونَةَ بِنْتِ أَبِي عَسِيبٍ، أَنَّ امْرَأَةً، مِنْ بَنِي جُرَيْشٍ أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَعِيرٍ، فَنَادَتْ: يَا عَائِشَةُ، أَغِيثِينِي بِدَعْوَةٍ مِنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِتُسَكِّنِينِي بِهَا وَتُطَمْئِنِينِي بِهَا. وَإِنَّهُ قَالَ لَهَا: " ضَعِي يَدَكِ الْيُمْنَى عَلَى فُؤَادِكِ وَامْسَحِيهِ، وَقُولِي: بِسْمِ اللّٰـهِ، اللّٰـهُمَّ دَاوِنِي بِدَوَائِكَ، وَاشْفِنِي بِشِفَائِكَ، وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ، وَاحْذَرْ عَنِّي أَذَاكَ " قَالَتْ: فَدَعَوْتُ بِهِ، فَوَجَدْتُهُ جَيِّدًا. قَالَ الْمُنْتَجِعُ: وَأَظُنُّ أَنَّ رَبِيعَةَ قَالَتْ فِي ذَا الْحَدِيثِ: إِنَّ الْمَرْأَةَ كَانَتْ غَيْرَى نَوْعٌ آخَرُ.

---

[1] موضوع فی سندہ موسی بن محمد بن عطاء قال الذہبی: احد التالفین کذبہ ابو زرعۃ و ابو حاتم، وقال ابن حبان: لا تحل الروایۃ عنہ، کان یضع الحدیث، وفیہ ایضاً عیسی بن ابراہیم القرشی قال البخاری والنسائی: منکر الحدیث، وقال ابو حاتم: متروک، وکذلک موسی ابن ابی حبیب قال ابو حاتم ذاہب الحدیث۔ انظر تفصیل ذلک فی تخریج، الکلم الطیب، للالبانی رقم 209۔

حضرت میمونہ بنت ابی عسیب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ بنی جرش کی ایک عورت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اونٹ پر سوار ہوکر پس اس نے آواز دی اے عائشہ! میری دستگیری کرو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے ساتھ تاکہ مجھے اس کے ساتھ سکون ملے اور مجھے اطمینان حاصل ہو۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت سے فرمایا: اپنا دایاں ہاتھ اپنے دل پر رکھ اور اس پر پھیر اور پڑھ:

﴿بِسْمِ اللهِ، اَللّٰهُمَّ دَاوِنِيْ بِدَوَائِكَ، وَاشْفِنِيْ بِشِفَائِكَ، وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ، وَاحْذَرْ عَنِّيْ اَذَاكَ﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ اے اللہ! میری دوا اپنی دوا کے ساتھ کر، اور مجھے اپنی شفا سے شفا عطا فرما، اور مجھے اپنے فضل کے ماسوا سے غنی کر دے اور مجھے اس (مصیبت و تکلیف) سے بچا۔''

کہتی ہیں کہ پس میں نے ان کلمات کے ساتھ دعا کی تو میں نے اپنے آپ کو بہت بہتر محسوس کیا۔[1]

[622] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُونٍ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا غَضْبَى، فَاَخَذَ بِطَرَفِ الْمِفْصَلِ مِنْ اَنْفِي فَعَرَكَهُ، ثُمَّ قَالَ: " يَا عُوَيْشُ، قُولِي: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي، وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِي، وَاَجِرْنِي مِنَ الشَّيْطَانِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور میں غصے میں تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ناک کے کنارے کو پکڑ کر ہلایا پھر فرمایا: اے عویش! کہو:

﴿اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ، وَاَذْهِبْ غَيْظَ قَلْبِيْ، وَاَجِرْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ﴾

''اے اللہ! میرے گناہوں کی مغفرت فرما اور میرے دل سے غصے دور فرما اور مجھے شیطان سے پناہ عطا فرما۔''[2]

بَابُ مَا يَعْمَلُ بِالْوَلَدِ إِذَا وُلِدَ

جب بچہ پیدا ہو اس کے ساتھ کیا عمل کیا جائے؟

[623] اَخْبَرَنِي اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا جُبَارَةُ بْنُ الْمُغَلِّسِ، ثنا يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ مَرْوَانَ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْعُقَيْلِيِّ، عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

① فی اسنادہ من لا یعرف۔
② فیہ سلمۃ بن علی لم اجد لہ ترجمۃ۔

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَنْ وُلِدَ لَهُ مَوْلُودٌ، فَأَذَّنَ فِي أُذُنِهِ الْيُمْنَى، وَأَقَامَ فِي أُذُنِهِ الْيُسْرَى، لَمْ يَضُرَّهُ أُمُّ الصِّبْيَانِ.

حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ہاں بچہ پیدا ہو تو وہ اس کے دائیں کان میں آذان دے اور بائیں کان میں اقامت کہے تو اس بچے کو ام الصبیان (بچوں کی ایک بیماری) نہیں ہوگی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ مَنْ يُبْتَلَى بِالْوَسْوَسَةِ

جو وسوسوں میں مبتلا ہو وہ کیا پڑھے؟

[624] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاهِلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الرَّقِّيُّ، ثنا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْتِي الْعَبْدَ، فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَكَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ. فَيَقُولُ: مَنْ خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ؟ فَيَقُولُ: اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ. فَيَقُولُ: فَمَنْ خَلَقَ اللّٰـهَ؟ فَإِذَا أَحَسَّ أَحَدُكُمْ بِشَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ، فَلْيَقُلْ: آمَنْتُ بِاللّٰـهِ وَرَسُولِهِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک شیطان بندے کے پاس آتا ہے سو کہتا ہے: تجھے کس نے پیدا کیا تو وہ (بندہ) کہتا ہے: اللہ عزوجل نے، وہ (شیطان) کہتا ہے: زمین و آسمان کو کس نے پیدا کیا؟ بندہ کہتا ہے: اللہ عزوجل نے وہ (شیطان بدبخت) کہتا ہے: اللہ کو کس نے پیدا کیا۔ سو جب تم میں سے کوئی ایسا محسوس کرے تو وہ یوں کہے:

﴿اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ﴾

"میں اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے رسول مکرم پر ایمان لایا۔" ②

[625] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ نِزَارٍ، ثنا قَاسِمُ بْنُ مَبْرُورٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ: قَالَ

① وهو حديث موضوع كما قال الالبانی فی، الارواء، رقم 1174 و، الاحاديث الضعيفة، رقم 321۔

② رواه احمد 6/258، اما ابو يعلى، والبزار، والطبرانی فی الكبير والاوسط فورد من حديث عبدالله بن عمرو۔ ورواه مسلم 1/84 واحمد فی، المسند، 2/331 من طرق عن ہشام به دون قوله ،فان ذلك يذهب عنه، ورواه ابو داود 4121 الى قوله امنت بالله وهو رواية مسلم والحديث صحيح انظر، الاحاديث الصحيحة، للالبانی رقم 116 انظر، الفتوحات الربانية، 4/35-36۔

رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يَأْتِي الشَّيْطَانُ يَقُولُ: مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ مَنْ خَلَقَ كَذَا؟ فَإِذَا بَلَغَ ذَلِكَ، فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰـهِ مِنْهُ وَمِنْ فِتْنَتِهِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ شیطان (کسی آدمی کے پاس) آتا ہے پس کہتا ہے کہ فلاں کو کس نے پیدا کیا؟ فلاں چیز کو کس نے پیدا کیا؟ جب وہ اس بات پر پہنچے (کہ سب پیدا کرنے والے کو کس نے پیدا کیا) تو اس کو چاہیے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی اس (شیطان) سے اور اس کے فتنہ سے پناہ مانگے۔[1]

كَمْ مَرَّةً يَقُولُ ذَلِكَ
یہ دعا کتنی مرتبہ پڑھے؟

[626] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ خِدَاشٍ، ثنا عُبَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ الْقَيْسِيُّ، عَنْ لَيْثِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا قَالَتْ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ وَجَدَ مِنْ هَذَا الْوَسْوَاسِ شَيْئًا فَلْيَقُلْ: آمَنَّا بِاللّٰـهِ وَرَسُولِهِ ثَلَاثًا، فَإِنَّ ذَلِكَ يُذْهِبُ عَنْهُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اس قسم کے وسوسے میں سے کچھ محسوس کرے تو اسے چاہیے کہ یوں کہے:

﴿آمَنَّا بِاللّٰهِ وَرَسُولِهِ﴾

"ہم اللہ تعالیٰ کی ذات اور اس کے رسول مکرم پر ایمان لائے۔"

تین مرتبہ تو یہ (کہنا) اس سے اس (وسوسہ) کو دور لے جائے گا۔[2]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ
جب اس بارے کسی چیز کے متعلق سوال کیا جائے تو کیا کہے؟

[627] اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ سَيْفٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا ابْنُ

---

[1] رواه البخاري 6/240 في بدء الخلق باب صفة ابليس وجنوده، ومسلم رقم 134 في الايمان باب بيان الوسوسة من الايمان وابو داود رقم 4712 و 4722 في السنة باب الجهمية۔

[2] في اسناده: ليث بن سالم قال الذهبي: لا يعرف، روى عنه عبيد بن واقد خبراً منكراً۔ وعبيد بن واقد ضعيف۔ لكن يشهد له الحديث المتقدم برقم 624۔ انظر، الفتوحات الربانية 4/35-36.

إِسْحَاقَ، حَدَّثَنِي عُتْبَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " يُوشِكُ النَّاسُ يَتَسَاءَلُونَ بَيْنَهُمْ، حَتَّى يَقُولَ قَائِلُهُمْ: هَذَا اللَّهُ خَلَقَ الْخَلْقَ، فَمَنْ خَلَقَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ؟ فَإِذَا قَالُوا ذَلِكَ، فَقُولُوا: اللَّهُ أَحَدٌ، اللَّهُ الصَّمَدُ، لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ، ثُمَّ لِيَتْفُلْ أَحَدُكُمْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا، وَلْيَسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ لوگ شک میں مبتلا ہیں آپس میں سوال کرتے ہیں حتیٰ کہ کہنے والا کہتا ہے: یہ اللہ ہی ہے جس نے مخلوق کو پیدا کیا، تو اللہ عزوجل کو کس نے پیدا کیا؟ سو جب وہ لوگ یہ کہیں تو تم کہو:

﴿اَللّٰهُ اَحَدٌ. اَللّٰهُ الصَّمَدُ. لَمْ يَلِدْ. وَلَمْ يُوْلَدْ. وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ﴾

"اللہ کی ذات اکیلی ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اس کا کوئی بیٹا ہے نہ باپ اور نہ اس کا کوئی ہم سر ہے۔"

پھر تم میں سے کوئی ایک اپنی دائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہے۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ لِمَنْ ذَهَبَ بَصَرُهُ

جس کی بینائی چلی جائے وہ کیا پڑھے؟

[628] أَخْبَرَنِي أَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ فَرَجٍ الرِّيَاشِيُّ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ يَحْيَى الثَّوْرِيُّ، قَالَا: ثنا أَحْمَدُ بْنُ شَبِيبِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: ثنا أَبِي، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْمَدَنِيِّ وَهُوَ الْخَطْمِيُّ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ عَمِّهِ عُثْمَانَ بْنِ حُنَيْفٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَجَاءَ إِلَيْهِ رَجُلٌ ضَرِيرٌ، فَشَكَا إِلَيْهِ ذَهَابَ بَصَرِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)أَلَا تَصْبِرُ(؟ قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، لَيْسَ لِي قَائِدٌ، وَقَدْ شَقَّ عَلَيَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " ايتِ الْمِيضَاةَ فَتَوَضَّأْ، وَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ قُلْ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ، وَأَتَوَجَّهُ إِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي أَتَوَجَّهُ

① قال فی، الاحادیث الصحیحة، رقم 118: بذا اسناد حسن رجاله ثقات، وابن اسحاق قد صرح بالتحدیث فامنا یذلک تدلیسه۔ انظر بقیة کلامه۔

بِكَ إِلَى رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، فَتُجْلِي عَنْ بَصَرِي، اللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِي فِي نَفْسِي " قَالَ عُثْمَانُ: وَمَا تَفَرَّقْنَا، وَلَا طَالَ بِنَا الْحَدِيثُ حَتَّى دَخَلَ الرَّجُلُ كَأَنَّهُ لَمْ يَكُنْ ضَرِيرًا قَطُّ.

حضرت عثمان بن حنیف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا اور ایک نابینا آدمی آپ کے پاس حاضر ہوا اور اس نے اپنی بصارت کے چلے جانے کی آپ سے شکایت کی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تو صبر نہیں کرے گا، اس نے عرض کی: یا رسول اللہ! میری راہنمائی کرنے والا کوئی نہیں اور بلاشبہ یہ مجھ پر بہت شاق ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے (اس سے فرمایا) وضو والی جگہ جاؤ وضو کرو اور دو رکعت نماز ادا کرو پھر کہو:

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ، وَاَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَا نَبِيَّ الرَّحْمَةِ، يَا مُحَمَّدُ، اِنِّيْ اَتَوَجَّهُ بِكَ اِلٰى رَبِّيْ عَزَّ وَجَلَّ، فَتُجْلِيْ عَنْ بَصَرِيْ، اَللّٰهُمَّ شَفِّعْهُ فِيَّ وَشَفِّعْنِيْ فِيْ نَفْسِيْ﴾

''اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں اپنے نبی حضرت محمد ﷺ کو متوجہ کرتا ہوں پس تو میری بینائی کو روشنی عطا فرما، اے اللہ! ان کی شفاعت کو میرے حق میں قبول فرما اور میری شفاعت (سفارش) کو میرے حق میں قبول فرما۔''

حضرت عثمان فرماتے ہیں کہ ہم اس سے جدا بھی نہ ہوئے اور ہم نے آپس میں کوئی طویل گفتگو بھی نہیں کی تھی حتی کہ وہ آدمی اندر آیا گویا کہ وہ نابینا تھا ہی نہیں۔ [1]

فائدہ:

اس حدیث سے مندرجہ ذیل سبق حاصل ہوتے ہیں:

① حضور نبی کریم ﷺ کو اللہ کی بارگاہ میں بطور وسیلہ پیش کرنا جائز بلکہ سنت صحابہ ہے۔

② آپ ﷺ کو اپنی مشکلات اور مصائب میں پکارنا آپ کے اسم ذاتی یا صفاتی سے جیسے کہ ان صحابی نے پکارا: یا نبی الرحمۃ، یا محمد (ﷺ) شرک و بدعت نہیں عین ایمان ہے اگر یہ گناہ و شرک ہوتا تو صحابہ کرام جیسی ہستیوں سے ان کا صدور ناممکن تھا۔

③ آقا کریم ﷺ نے ان صحابہ کو خود تعلیم فرمائی۔ اپنی ذات کے وسیلہ سے رب تعالیٰ کی بارگاہ میں التجا کرنے کو کہا تو بقول معاندین ومخالفین کیا رسول کریم ﷺ نے شرک و بدعت کی تعلیم دی۔ معاذ اللہ۔ (فیاللعجب)

④ اور پھر اللہ عزوجل کا اس وسیلہ کو شرف قبولیت بخشنا نہ شرک ہے نہ بدعت۔ لہٰذا عقیدۂ مسلک حق اہلسنت و جماعت آقا کریم ﷺ کا وسیلہ بارگاہ الٰہی میں پیش کرنا حق و سچ اور عین ایمان ہے۔

[1] رواہ الترمذی رقم 3573 فی الدعوات: باب من ادعیۃ الاجابۃ، واحمد فی المسند، 526/1 وقد صححہ غیر واحد من العلماء۔

بَابُ ثَوَابِ مَنْ حَمِدَ اللّٰهَ عَلَى ذَهَابِ بَصَرِهِ

بینائی جانے پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرنے والے کے ثواب کا بیان

[629] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ هِشَامٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يَقُولُ: إِذَا اَنَا اَخَذْتُ كَرِيمَتَيْ عَبْدِي فَحَمِدَنِي فِي الصَّدْمَةِ الْاُولَى، لَمْ اَرْضَ لَهُ بِثَوَابٍ دُونَ الْجَنَّةِ اَنْ اُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ.

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ جب میں اپنے بندے کی دو آنکھوں کو لے لیتا ہوں تو وہ پہلے صدمہ میں میری حمد بیان کرتا ہے تو میں اس کے لیے جنت (دینے) کے ثواب کے علاوہ پر راضی نہیں حتیٰ کہ میں اسے (اس کی بینائی کے عوض) جنت میں داخل کروں گا۔ ①

بَابُ مَا يَقْرَأُ عَلَى مَنْ يُعْرَضُ لَهُ فِي عَقْلِهِ

جس کی عقل زائل ہو جائے اس پر کیا پڑھا جائے؟

[630] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ عَمِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اَقْبَلْنَا مِنْ عِنْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَيْنَا عَلَى حَيٍّ مِنَ الْعَرَبِ، فَقَالُوا: هَلْ عِنْدَكُمْ دَوَاءٌ؟ فَإِنَّ عِنْدَنَا مَعْتُوهًا فِي الْقُيُودِ. فَجَاءُوا بِالْمَعْتُوهِ فِي الْقُيُودِ، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً، اَجْمَعُ بُزَاقِي ثُمَّ اَتْفُلُهُ، فَكَاَنَّمَا نَشِطَ مِنْ عِقَالٍ فَاَعْطَوْنِي جُعْلًا، فَقُلْتُ: لَا. فَقَالُوا: سَلِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَاَلْتُهُ، فَقَالَ:)كُلْ، فَلَعَمْرِي مَنْ اَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ، لَقَدْ اَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ نَوْعٌ آخَرُ.

① فی اسنادہ علی بن یزید الالہانی ابو عبدالملک، قال البخاری: منکر الحدیث، وقال الدارقطنی: متروک۔ والقاسم ابو عبدالرحمن: قال احمد: روی عنہ علی بن زید اعاجیب وما اراہا الا من قبل القاسم۔ وفیہ من لا اعرفہم۔

حضرت خارجہ بن الصلت اپنے چچا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: ہم حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ سے عرب کے ایک قبیلہ کے پاس آئے تو انہوں نے کہا: (اہل قبیلہ نے) کیا تمہارے پاس کوئی دوا ہے کیونکہ ہمارے پاس ایک پاگل بیڑیوں میں جکڑا ہوا ہے سو وہ اس زنجیروں میں جکڑے ہوئے پاگل شخص کے پاس آئے تو میں نے اس پر سورۃ الفاتحہ تین دن صبح و شام پڑھی اور اپنا تھوک جمع کر کے اس پر تھوک دیا تو گویا کہ وہ (اس دم کرنے سے) رسیوں سے آزاد کر دیا گیا پس انہوں نے مجھے نذرانہ دیا تو میں نے کہا: نہیں (لوں گا) لوگوں نے کہا: حضور نبی کریم ﷺ سے پوچھ لیجئے۔ پس میں نے آپ ﷺ سے اس بارے دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کھاؤ (اس اجرت و نذرانہ میں سے) میری زندگی کی قسم! وہ بھی ہیں جو باطل دم جھاڑ کر کے کھاتے ہیں اور بلاشبہ تو نے تو حق دم جھاڑ کے ساتھ کھایا ہے۔ ①

[631] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ هُبَيْرَةَ، عَنْ حَنَشٍ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَرَأَ فِي أُذُنِ مُبْتَلًى، فَأَفَاقَ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا قَرَأْتَ فِي أُذُنِهِ؟(قَالَ: قَرَأْتُ: أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا حَتَّى فَرَغَ مِنْ آخِرِ السُّورَةِ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لَوْ أَنَّ رَجُلًا مُوقِنًا قَرَأَ بِهَا عَلَى جَبَلٍ لَزَالَ.

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک پاگل آدمی کے کان میں کچھ پڑھا تو اسے افاقہ ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا: تم نے اس کے کان میں کیا پڑھا؟ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی (میں نے پڑھا):

﴿أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا﴾ سورۃ کے آخر تک۔

حتی کہ میں فارغ ہو گیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی شخص یقین کامل کے ساتھ یہ پہاڑ پر پڑھ دے تو وہ بھی ہل جائے۔ ②

---

① رواه ابو داود في البيوع والاجارات باب كسب الاطباء رقم 3420 ورقم 3901 في الطب: باب كيف الرقى، والنسائي في، عمل اليوم والليلة، رقم 1032 واحمد في، المسند، 211/5 والحاكم 560/1 والطحاوي وهو حديث صحيح كما قال الالباني في، صحيح الجامع، رقم 4370۔ قوله: عن عمه رضي الله عنه، هو علاقة۔ قبل علاثة۔ بن صصحار التميمي السليطي، ويقال: البرجي، له صحبة ورواية عن رسول الله صلى الله عليه وسلم وقيل: غير ذلك، والله اعلم۔

② رواه ابو نعيم في، الحلية، 7/1، والحكيم الترمذي وابو يعلى وابن ابي حاتم وابن مردويه كلهم من حديث عبدالله بن لهيعة، وهو ضعيف۔ وقال الحافظ كما في، الفتوحات الربانية، 46/4: هذا حديث غريب اخرجه الطبراني في الدعاء، وابن ابي حاتم في التفسير۔ قال الذهبي في، الميزان، 176/2: قال عبدالله بن احمد بن حنبل: قال ابي: هذا موضوع، هذا حديث الكذابين۔

بَابُ مَا يَقْرَأُ عَلَى مَنْ بِهِ لَمَمٌ

جس پر جنات کا اثر ہو اس پر کیا پڑھا جائے؟

[632] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ حَمُّوَ ثنا صَالِحُ بْنُ عُمَرَ، ثنا أَبُو جَنَابٍ يَحْيَى بْنُ أَبِي حَيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ أَخِي بِهِ وَجَعٌ. فَقَالَ:)مَا وَجَعُ أَخِيكَ(؟ قَالَ: بِهِ لَمَمٌ. قَالَ:)فَابْعَثْ إِلَيَّ بِهِ(. قَالَ: فَجَاءَ، فَجَلَسَ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَقَرَأَ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ، وَأَرْبَعَ آيَاتٍ مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَاثْنَيْنِ مِنْ وَسَطِهَا: وَإِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ حَتَّى فَرَغَ مِنَ الْآيَةِ، وَآيَةَ الْكُرْسِيِّ، وَثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، وَآيَةً مِنْ أَوَّلِ سُورَةِ آلِ عِمْرَانَ: شَهِدَ اللَّهُ أَنَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَأُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، وَآيَةً مِنْ سُورَةِ الْأَعْرَافِ: إِنَّ رَبَّكُمُ اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ ، وَآيَةً مِنْ سُورَةِ الْمُؤْمِنِينَ: فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ، وَآيَةً مِنْ سُورَةَ الْجِنِّ: وَأَنَّهُ تَعَالَى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَلَا وَلَدًا، وَعَشْرَ آيَاتٍ مِنْ سُورَةِ الصَّافَّاتِ مِنْ أَوَّلِهَا، وَثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْحَشْرِ، وَقُلْ هُوَ اللَّهُ، وَالْمُعَوِّذَتَيْنِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عبدالرحمن بن ابو لیلیٰ ایک آدمی سے وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا: ایک آدمی حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس نے عرض کی کہ میرے بھائی کو سخت درد ہے آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے بھائی کو کیا درد ہے؟ اس نے عرض کی: اس کے ساتھ جن ہے آپ ﷺ نے فرمایا: اسے میرے پاس بھیجو کہتے ہیں کہ پس وہ شخص آیا اور آ کر آپ کے سامنے بیٹھ گیا تو حضور نبی کریم ﷺ نے اس پر سورۂ فاتحہ اور چار آیتیں سورۂ بقرہ کے شروع سے اور دو آیتیں ان کے درمیان سے:

﴿وَإِلَهُكُمْ إِلَهٌ وَاحِدٌ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ الرَّحْمَنُ الرَّحِيمُ﴾

اور

﴿إِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ﴾

تک پڑھیں حتی کہ فارغ ہو گئے اور آیت الکرسی اور تین آیتیں سورۂ بقرہ کے آخر سے اور ایک آیت سورۂ ال عمران کے شروع میں:

﴿شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَالْمَلَائِكَةُ وَاُولُو الْعِلْمِ قَائِمًا بِالْقِسْطِ﴾

آخر تک اور سورۃ الاعراف کی آیت:

﴿إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ﴾

اور سورۃ المومنین کی آیت:

﴿فَتَعَالَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ﴾

اور سورۂ جن کی آیت:

﴿وَاَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا﴾

اور دس آیتیں سورۂ صافات کے شروع سے اور تین آیتیں سورۂ حشر کے آخر سے اور سورۂ اخلاص اور معوذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) پڑھیں۔ (اور اس پر دم کیا)۔ ①

[633] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى، ثنا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنِ الْمَسْعُودِيِّ، عَنْ يُونُسَ بْنِ خَبَّابٍ، عَنِ ابْنِ لَيْلَى بْنِ مُرَّةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ امْرَاَةً، اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِابْنٍ لَهَا، فَقَالَتْ: إِنَّ ابْنِي هَذَا قَدْ اَصَابَهُ لَمَمٌ. فَتَفَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فِيهِ، ثُمَّ قَالَ:)بِسْمِ اللّٰهِ، مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ، اخْسَأْ عَدُوَّ اللّٰهِ(قَالَ: فَلَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ بَعْدُ.

① قال الحافظ: ابو جناب واسمه يحيى بن ابى حية وهو ضعيف ومدلس وصالح الراوى فيه مقال، وقد خولف عن شيخه فى سنده، فان ظاهره ان صحابى ہذا الحديث لم يذكر اسمه ولا كنيته، وبين غيره خلاف ذلك، ثم ساق سنداً ينتهى الى عبدة بن سليمان ثنا ابو جناب عن عبدالرحمن بن ابى ليلى عن ابيه ابى ليلى رضى الله عنه، قال: كنت جالساً عند النبى صلى الله عليه وسلم اذ جاءه اعرابى فقال لى: ان لى اخاً وجعاً۔۔۔ الخ۔ فذكر الحديث نحروه، وزاد بعد قوله: ,والمعوذتين،،، فقام الاعرابى وقد برا ليس به باس، ووقع فى روايته: ,واول آيات البقرة وآية من وسطها: (والهكم اله واحد) [البقرة 163] وقال فيه: ,وآيتين من خاتمها، وآية من آل عمران، قال: احسبها (شهد الله۔۔۔ [18] وآية من الاعراف: وآية من المومنين (ومن يدع مع الله۔۔۔) [117]، والباقى سواء۔ قال الحافظ: فبين عبدة بن سليمان وهو حافظ متفق على تخريج حديثه فى ,الصحيح، ان صحابى الحديث هو ابو ليلى والد عبدالرحمن، وتابعه محمد بن مسروق عن ابى جناب، اخرجه الطبرانى فى كتاب الدعاء، فعلى ہذا فالضمير فى قوله عن ابيه فى الرواية الاولى اى رواية ابن السنى يعود لعبد الرحمن، قلت: بدلاً من قوله: ,عن رجل، باعادة الجان، ولا يعود الضمير منه للرجل الذى لم يسم، فتفق الروايتان، لكن يسقط الرجل الذى لم يسم من الرواية الثانية، وكانه من تدليس ابن جناب اذ ہو ضعيف مدلس، فجوده مرة، وسواه اخرى۔ قال: وقد ظهر من عواية اخرى انه دلسه عن عبدالرحمن ايضاً، ثم ساق الحفظ سنده۔اه۔ ,الفتوحات، 42/4۔

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں اپنے بیٹے کے ساتھ آئی اس نے عرض کی کہ میرا بیٹا ہے اس کو جن چمٹ گیا ہے تو حضور نبی کریم ﷺ نے اس (بچے) کے منہ میں تھوتکارا پھر پڑھا:

﴿بِسْمِ اللّٰهِ، مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللّٰهِ، اِخْسَأْ عَدُوَّ اللّٰهِ﴾

''اللہ کے نام کے ساتھ محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں اے اللہ کے دشمن! دور ہو جا۔''

کہتے ہیں کہ اس کے بعد اس کو کسی چیز نے نقصان نہ پہنچایا۔ ①

بَابُ مَا يُعَوِّذُ بِهِ الصِّبْيَانَ

بچوں کو کس چیز کے ساتھ پناہ میں دیا جائے؟

[634] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ يُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ يَقُولُ أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ. وَيَقُولُ:)هٰكَذَا كَانَ اَبِي إِبْرَاهِيمُ يُعَوِّذُ إِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضور نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کو (اللہ کی) پناہ میں دیا کرتے تھے۔ آپ کہتے:

﴿أُعِيذُكُمَا بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ، وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ﴾

''میں تمہیں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ (اللہ کی) پناہ میں دیتا ہوں ہر شیطان اور زہریلے جانور سے اور ہر لگنے والی نظر سے۔''

اور آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ میرے والد حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی حضرت اسحاق و اسماعیل علیہما السلام کے لیے (اللہ سے انہی کلمات کے ساتھ) پناہ مانگا کرتے تھے۔ ②

①فی سندہ یحیی بن سعید العطار وھو ضعیف والمسعودی اختلط قبل موتہ۔

② رواہ البخاری 6/293 فی احادیث الانبیاء: باب قولہ تعالی (واتخذ اللہ ابراہیم خلیلا)، والترمذی رقم 2061 فی الطب: باب رقم 18، وابوداود رقم 4737 فی السنۃ: باب فی القرآن۔

بَابُ مَا يُعَوَّذُ بِهِ الْقُوبَةَ وَالْبَثْرَةَ

پھوڑے پھنسی سے بچاؤ کے لیے کیا پڑھا جائے؟

[635] اَخْبَرَنِي عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْغَفَّارِ الزُّرْقَانِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ، عَنْ مَرْيَمَ بِنْتِ اَبِي بُكَيْرٍ، عَنْ بَعْضِ، اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ: دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ خَرَجَ مِنْ اُصْبُعِي بَثْرَةٌ، فَقَالَ:)عِنْدَكِ ذَرِيرَةٌ؟(، فَوَضَعَهَا عَلَيْهَا، وَقَالَ:قُولِي: اللّٰهُمَّ مُصَغِّرَ الْكَبِيرِ، وَمُكَبِّرَ الصَّغِيرِ، صَغِّرْ مَا بِي " فَطَفِئَتْ.

حضرت عمرو بن یحییٰ بن عمارہ اور حضرت مریم بنت ابی بکر رضی اللہ عنہا حضور نبی کریم ﷺ کی کسی زوجہ محترمہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس آئے اور میری انگلی میں پھنسی تھی آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے پاس ذریرہ (ایک خوشبودار دوائی) ہے پس اسے اس (پھنسی) پر رکھا اور فرمایا کہ پڑھو:

﴿اَللّٰهُمَّ مُصَغِّرَ الْكَبِيرِ، وَمُكَبِّرَ الصَّغِيرِ، صَغِّرْ مَا بِيْ﴾

''اے اللہ! بڑے کو چھوٹا کرنے والے اور چھوٹے کو بڑا کرنے والے اسے بھی چھوٹا کردے جو میرے ساتھ ہے۔''

تو وہ ختم ہوگئی۔ ①

بَابُ مَا يُقْرَأُ عَلَى الْمَلْدُوغِ

ڈسے ہوئے پر کیا پڑھا جائے؟

[636] حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى، ثنا جَرِيرٌ، وَاَبُو مُعَاوِيَةَ

① قال ابن علان 4/48-49: قل الحفظ بعد تخريجه من طريق الامام احمد بن هنبل [المسند 5/370] وغيره بسنده الى مريم بن اياس بن البكير صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم عن بعض ازواجه صلى الله عليه وسلم انه دخل عليها فقال: هل عندك ذربرة؟، قالت: نعم، فدعا بها فوضعها على بثرة بين اصابع رجله، وفى رواية لبعض رواته: بين اصبعين من اصابع رجليه، ثم قال: اللهم مطفى الكبير، و مصغر الصغير- وفى رواية مطفى الصغير و مصغر الكبير- اطفئها عنى، فطفيت- حديث صحيح اخرجه النسائى فى اليوم والليلة رقم 1031 واخرجه الحاكم وقال: صحيح الاسناد، وهو كما قال، فان رواته من احمد الى منتهاه من رواة الصحيحين، الا مريم بنت اياس بن البكير صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم، وقد اختلف فى صحبتها، وابوها واعمامها من كبار لصحابة، ولاخيها محمد رؤية، واشار الحاكم الى ان الزوجة المبهمة زينب بنت جحش، واخرجه ابن السنى وخلف فى سياق المتن ظاهره، واتفاق الائمة على خلاف روايته دال على انه وقع له فى سنده وهم، فانه قال: بنت ابى كثير-اه-

الضَّرِيرُ - وَاللَّفْظُ لَهُ - عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ إِيَاسَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَرِيَّةٍ ثَلَاثِينَ رَاكِبًا، فَمَرَرْنَا بِأُنَاسٍ مِنَ الْأَعْرَابِ، فَسَأَلْنَاهُمْ أَنْ يُضَيِّفُونَا فَأَبَوْا، فَلُدِغَ سَيِّدُهُمْ، فَأَتَوْنَا، فَقَالُوا: أَفِيكُمْ أَحَدٌ يَرْقِي مِنَ الْعَقْرَبِ؟ قَالَ: قُلْتُ: نَعَمْ، أَنَا، وَلَكِنْ لَا أَرْقِيهِ - يَعْنِي إِلَّا عَلَى أَنْ تُعْطُونَا غَنَمًا. فَأَعْطَوْنَا ثَلَاثِينَ شَاةً، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ سَبْعَ مَرَّاتٍ، فَبَرَأَ، فَقَبَضْنَا الْغَنَمَ، فَعَرَضَ فِي أَنْفُسِنَا مِنْهَا، فَكَفَفْنَا عَنْهَا حَتَّى أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ:) وَمَا عَلِمْتَ أَنَّهَا رُقْيَةٌ؟ اقْتَسِمُوهَا، وَاضْرِبُوا لِي مَعَكُمْ بِسَهْمٍ.

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ مجھے رسول اللہ ﷺ نے ایک سریہ میں تیس سواروں میں بھیجا سو ہم کچھ دیہاتی لوگوں کے پاس سے گزرے تو ہم نے ان سے کہا کہ ہماری مہمان نوازی کرو تو انہوں نے انکار کردیا۔ سوان کے سردار کوڈس لیا گیا۔ تو وہ لوگ ہمارے پاس آئے انہوں نے کہا: تم میں کوئی بچھو کے کاٹے کا دم کرتا ہے کہتے ہیں کہ میں نے کہا: ہاں! میں ہوں لیکن میں اسے نہیں (دم) کروں گا یعنی جب تک تم مجھے بکریاں نہ دو۔ سوانہوں نے ہمیں تیس بکریاں دیں تو میں نے اس (ان کے سردار) پر ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ﴾ سات مرتبہ پڑھی تو وہ ٹھیک ہوگیا پس ہم نے وہ بکریاں قبضہ میں لے لیں تو ہمارے دل میں اس کے متعلق کھٹک پیدا ہوئی سو ہم حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور ہم نے اس کا ذکر آپ سے کیا آپ ﷺ نے فرمایا: تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ اس کے ساتھ دم کیا جاتا ہے انہیں آپس میں تقسیم کرلو اور میرا حصہ بھی نکالو۔ ①

بَابُ مَنْ يَخَافُ مِنْ مَرَدَةِ الشَّيَاطِينِ

جو سرکش شیطانوں سے خوف کھائے وہ کیا پڑھے؟

[637] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ الضُّبَعِيُّ، ثنا أَبُو التَّيَّاحِ، قَالَ: سَأَلَ رَجُلٌ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ خَنْبَشٍ - وَكَانَ شَيْخًا كَبِيرًا فَقَالَ: يَا ابْنَ خُنَيْسٍ، كَيْفَ صَنَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ كَادَتْهُ الشَّيَاطِينُ؟ فَقَالَ: انْحَدَرَتِ الشَّيَاطِينُ مِنَ الْأَوْدِيَةِ وَالشِّعَابِ يُرِيدُونَ رَسُولَ اللّٰهِ

① البخاری 10/178 فی الطب: باب النفث فی الرقیة وفی ابواب عدة، ومسلم رقم 2201 فی السلام: باب جواز اخذ الاجرة علی الرقیة بالقرآن والاذکار، وابوداود رقم 3900 فی الطب: باب کیف الرقی، والترمذی رقم 2064 و 2065 فی الطب: باب ماجاء فی اخذ الاجرة علی التعویذ، وابن ماجه رقم 2156 فی التجارات: باب اجر الراقی، واحمد فی المسند 3/2 و 10 و 44۔

صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَهَمَّ شَيْطَانٌ مَعَهُ شُعْلَةٌ مِنْ نَارٍ اَنْ يَحْرِقَ بِهَا رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَآهُمْ فَزِعَ، فَجَاءَهُ جِبْرَئِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْ: اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰـهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ، وَمَنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا، وَمِنْ شَرِّ مَا فِي الْأَرْضِ، وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، وَمَنْ شَرِّ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ، إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ، يَا رَحْمٰنُ قَالَ: فَطُفِئَتْ نَارُ الشَّيْطَانِ، وَهَزَمَهُمُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ.

حضرت ابو التیاح کا بیان ہے کہ ایک آدمی نے حضرت عبدالرحمن بن خنبش سے سوال کیا اور وہ بوڑھے بزرگ تھے انہوں نے کہا اے ابوخنیس! رسول اللہ ﷺ نے کیا کیا تھا جب شیطان نے آپ کے ساتھ دھوکہ کیا تھا؟ تو انہوں نے کہا کہ شیطان وادیوں اور گھاٹیوں میں اترے وہ رسول اللہ ﷺ کے قتل کا ارادہ رکھتے تھے تو ایک شیطان نے جس کے پاس آگ کا شعلہ تھا ارادہ کیا کہ اس کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کو جلا دیا جائے سو جب آپ ﷺ نے انہیں دیکھا تو آپ پر گھبراہٹ طاری ہوئی تو آپ کے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے انہوں نے کہا: اے محمد (ﷺ) پڑھیے:

﴿اَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ. وَمَنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيهَا. وَمِنْ شَرِّ مَا فِي الْأَرْضِ. وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا. وَمَنْ شَرِّ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ. وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ. إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ. يَا رَحْمٰنُ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کے ساتھ جن سے آگے کوئی نیک و بد بڑھ نہیں سکتا اس چیز کے شر سے جو آسمان سے نازل ہو اور اس شر سے جو اس میں اوپر چڑھے اور اس شر سے جو زمین میں ہے اور اس شر سے جو اس سے نکلتی ہے اور رات اور دن کے شر سے اور ہر رات کو آنے والے کے شر سے سوائے اس کے جو رات کو بھلائی کے ساتھ آئے اے مہربانی فرمانے والے۔''

آپ ﷺ نے فرمایا کہ پس شیطان کی آگ بجھ گئی اور اللہ عزوجل نے انہیں (یعنی شیطانوں کو) شکست دی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ مَنْ بُلِيَ بِالْوَحْشَةِ

جو وحشت میں مبتلا ہو وہ کیا پڑھے؟

[638] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادٍ السُّلَمِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

① رواہ احمد فی المسند، 419/3، واسنادہ صحیح انظر، المجمع، 127/10۔

الْوَلِيدِ الْبُسْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ الْوَلِيدِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي أَجِدُ وَحْشَةً. قَالَ: " إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَقُلْ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَشَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ، وَأَنْ يَحْضُرُونِ، فَإِنَّهُ لَا يَضُرُّكَ، وَبِالْحَرِيِّ إِنَّهُ لَا يَقْرَبُكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ولید بن ولید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں وحشت محسوس کرتا ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا کہ جب تو اپنے بستر پر جائے تو پڑھا کر:

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ، وَشَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کے غضب سے اور اس کے عذاب سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے کہ وہ حاضر ہوں۔''

بلاشبہ وہ تجھے کوئی نقصان نہیں دے گا اور کوشش کر کہ وہ تیرے قریب نہ آسکے۔ [1]

[639] أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَارِثِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ أَبَانَ، عَنْ دِرْمَكَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: أَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ، فَشَكَا إِلَيْهِ الْوَحْشَةَ، فَقَالَ: " أَكْثِرْ مِنْ أَنْ تَقُولَ: سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ، جَلَّلْتَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ بِالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوتِ " فَقَالَهَا بَعْدُ الرَّجُلُ، فَذَهَبَ عَنْهُ الْوَحْشَةُ.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں آیا اس نے اپنی وحشت کی شکایت کی تو آپ ﷺ نے فرمایا کثرت سے یہ پڑھا کرو۔

﴿سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ، رَبِّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوْحِ، جَلَّلْتَ السَّمٰوَاتُ وَالْاَرْضُ بِالْعِزَّةِ وَالْجَبَرُوْتِ﴾

''پاکی ہے اس بادشاہ کی جو بزرگی والا ہے فرشتوں اور جبرئیل کا رب ہے آسمان اور زمین اس کی عزت کے ساتھ اور بڑائی کے ساتھ روشن ہیں۔''

[1] رواه احمد في المسند، 4/57 و 6/6 وفي سنده انقطاع لان محمد بن يحيى بن حبان لم يدرك الوليد بن الوليد فالحديث ضعيف انظر، المجمع، 10/123۔

اس کے بعد اس آدمی نے یہ دعا پڑھی تو اس کی وحشت دور ہوگئی۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ

جب پہلی رات کا چاند دیکھے تو کیا پڑھے؟

[640] حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ، ثنا أَبُو يَزِيدَ عَمْرُو بْنُ يَزِيدَ الْجَرْمِيُّ، ثنا السَّمَيْدَعُ بْنُ وَاهِبٍ، عَنْ أَبِي الْمِقْدَامِ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هِلَالَ يُمْنٍ وَبَرَكَةٍ نَوْعُ آخَرُ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب پہلی رات کے چاند کو دیکھتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هِلَالَ يُمْنٍ وَّبَرَكَةٍ﴾

''اے اللہ! اس چاند کو ہمارے لیے باعث برکت بنا دے۔'' ②

[641] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ، وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَا: ثنا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ سُفْيَانَ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنِي بِلَالُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَأَى الْهِلَالَ قَالَ:)اللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ تَعَالَى نَوْعُ آخَرُ.

حضرت بلال بن یحییٰ بن طلحہ بن عبید اللہ اپنے والد سے وہ ان کے دادا رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ جب پہلی رات کا چاند دیکھتے تو کہتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ تَعَالٰى﴾

---

① قال الحافظ فی ،امالی الاذکار، 4/ 31: ہذا حدیث غریب و سندہ ضعیف اخرجہ ابن السنی عن محمد بن ابان، وہو جعفی کوفی ضعفوہ، وشیخہ درمک بن عمرو، وقالا ابو حاتم الرازی: مجہول، وذکرہ العقیل فی، کتاب الضعفاء، واوردلہ الحدیث وقال: لا یتابع علیہ ولا یعرف الا بہ۔اہ۔قال الہیثمی فی، المجمع، 10/ 128: رواہ الطبرانی وفیہ محمد بن ابان الجعفی وہو ضعیف۔

② رواہ الدارمی رقم 1694 فی الصوم: باب ما یقال عند رؤیۃ الہلال، وصححہ ابن حبان رقم 2374 فی الاذکار: باب ما یقول اذا رای الہلال۔وہو حدیث صحیح بشواہدہ، کما قال الالبانی فی، تخریج الکلم، رقم 161۔

''اے اللہ! اس چاند کو ہمارے لیے باعث امن اور ایمان وسلامتی والا بنا، میرا اور تیرا رب اللہ تعالیٰ ہے۔''①

[642] حَدَّثَنِي اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، ثنا مَعْمَرُ بْنُ سَهْلٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَامٍ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدِ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ:)هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - آمَنْتُ بِالَّذِي خَلَقَكَ(ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ يَقُولُ:)الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَاءَ بِالشَّهْرِ، وَذَهَبَ بِالشَّهْرِ.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب نیا چاند دیکھتے تو تین مرتبہ کہتے:

﴿هِلَالُ خَيْرٍ وَرُشْدٍ﴾

''یہ بھلائی اور ہدایت والا چاند ہے۔''

اور تین مرتبہ کہتے:

﴿اٰمَنْتُ بِالَّذِي خَلَقَكَ﴾

''میں اس ذات پر ایمان لایا جس نے اسے پیدا کیا۔''

پھر کہتے:

﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَآءَ بِالشَّهْرِ، وَذَهَبَ بِالشَّهْرِ﴾

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں جو ایک مہینے کو لے کر آیا اور ایک کو لے گیا۔''②

[643] حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عِيسَى الْخَشَّابُ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ زُهَيْرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حَرْمَلَةَ، عَنْ اَنَسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا نَظَرَ إِلَى الْهِلَالِ قَالَ:) اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هِلَالَ يُمْنٍ وَرُشْدٍ، وَآمَنْتُ بِاللّٰهِ الَّذِي خَلَقَكَ فَعَدَلَكَ، فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِينَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب (نئے) چاند کی طرف دیکھتے تو کہتے:

---

① رواہ الترمذی رقم 3447 فی الدعوات: باب مایقول عند رؤیة الهلال، والدارمی رقم 1695 فی الصوم: باب مایقال عند رؤیة الهلال، واحمد فی، المسند 162/1، والحاکم 285/4۔ قال الحافظ: ہذا حدیث حسن، وکذا قال الترمذی وانما حسنوہ لشواہدہ۔ وقال الالبانی فی، الاحادیث الصحیحة، رقم 1816: لکن الحدیث حسن لغیرہ وصحیح لکثرة شواہدہ۔

② وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4414۔

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ هِلَالَ يُمْنٍ وَرُشْدٍ، وَاٰمَنْتُ بِاللّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَعَدَلَكَ. فَتَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ﴾

''اے اللہ اس چاند کو برکت اور ہدایت کا باعث بنا، اور میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ کی ذات پر جس نے تجھے پیدا کیا سو تجھے بہترین بنایا، برکت والی ہے اللہ تعالیٰ کی ذات سب سے بہترین پیدا کرنے والی۔''[1]

[644] اَخْبَرَنِي مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ قَرِينٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْخَلِيلِ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْاَسْلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ عِمْرَانَ بْنِ اَبِي اَنَسٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ:)رَبِّي وَرَبُّكَ اللّٰهُ، آمَنْتُ بِالَّذِي اَبْدَاكَ ثُمَّ يُعِيدُكَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب چاند دیکھتے تو کہتے:

﴿رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ، اٰمَنْتُ بِالَّذِيْ اَبْدَاكَ ثُمَّ يُعِيْدُكَ﴾

''میرا اور تیرا رب اللہ تعالیٰ ہے میں اس ذات پر ایمان لایا جس نے تجھے ظاہر کیا پھر تجھے واپس لوٹائے گا۔''[2]

[645] اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاتِكَةِ، عَنْ شَيْخٍ، مِنْ اَشْيَاخِهِمْ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ، وَالْإِسْلَامِ، وَالسَّكِينَةِ وَالْعَافِيَةِ، وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ(فَقِيلَ لِلشَّيْخِ: مَنْ حَدَّثَكَ؟ قَالَ: صَاحِبُ الْفَرَسِ الْحَرُونِ، وَالرُّمْحِ الثَّقِيلِ فِي اَيْدِي الْغُزَاةِ فِي الْمُقَدِّمَةِ، وَفِي الرَّجْعَةِ فِي السَّاقَةِ اَبُو فَوْرَةَ حُدَيْرٌ السُّلَمِيُّ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عثمان بن ابی العاتکہ اپنے بزرگوں میں سے ایک بزرگ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب (نیا) چاند دیکھتے تو کہتے:

---

[1] قال الهيثمي في المجمع، 10/139: رواه الطبراني في الاوسط، وفيه احمد بن عيسى اللخمي ولم اعرفه، وبقية رجاله ثقات- اه- اقول فيه ايضاً احمد بن عيسى التنيسي الخشاب، قال ابن عدي: له مناكير، وقال الدارقطني: ليس بالقوي، وقال ابن طاهر: كذاب يضع الحديث، وذكره ابن حبان في الضعفاء-

[2] في اسناده: محمد بن عمر الاسلمي، قال احمد: هو كذاب، وقال ابن معين: ليس بثقة، وقال ابو حاتم: متروك، وقال ابو حاتم ايضاً والنسائي: يضع الحديث-

﴿اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالسَّلَامَةِ، وَالْإِسْلَامِ، وَالسَّكِينَةِ وَالْعَافِيَةِ، وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ﴾

''اے اللہ! اسے (یعنی چاند کو) ہم پر امن، ایمان اور سلامتی اور اسلام اور سکون اور عافیت اور بہترین رزق کے ساتھ داخل فرما۔''

اس بزرگ سے کہا گیا آپ سے یہ حدیث کس نے بیان کی اس نے کہا کہ تیز رفتار گھوڑے والے، اپنے ہاتھوں میں بھاری وزن والے، نیزے رکھنے والے نے، جہاد میں آگے رہنے والے اور واپسی پر پیچھے رہنے والے نے۔

ابو فوزہ حدیر السلمی۔

نے (مجھ سے یہ روایت بیان کی)۔[1]

[646] اَخْبَرَنَا اَبُو الْعَبَّاسِ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، أنا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ اَبِي عَمْرٍو الْاَزْدِيِّ، عَنْ بَشِيرٍ، مَوْلَى مُعَاوِيَةَ قَالَ: سَمِعْتُ عَشَرَةً، مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَحَدُهُمْ حُدَيْرٌ اَبُو فَرْوَةَ، يَقُولُونَ إِذَا رَاَوُا الْهِلَالَ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْ شَهْرَنَا الْمَاضِيَ خَيْرَ شَهْرٍ، وَخَيْرَ عَافِيَةٍ، وَاَدْخِلْ عَلَيْنَا شَهْرَنَا هَذَا بِالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، وَالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالْمُعَافَاةِ وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت بشیر مولیٰ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے دس صحابہ کرام سے سنا ان میں ایک حضرت ابوفروہ حدیر (السلمی) ہیں وہ کہتے ہیں کہ وہ لوگ جب (نیا) چاند دیکھتے تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ شَهْرَنَا الْمَاضِيَ خَيْرَ شَهْرٍ، وَخَيْرَ عَافِيَةٍ، وَاَدْخِلْ عَلَيْنَا شَهْرَنَا هٰذَا بِالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ، وَالْاَمْنِ وَالْإِيمَانِ، وَالْمُعَافَاةِ وَالرِّزْقِ الْحَسَنِ﴾

''اے اللہ! ہمارے گزشتہ مہینے کو خیر و عافیت والا بنا دے اور ہم پر یہ مہینہ سلامتی، اسلام اور امن و عافیت اور بہترین رزق کے ساتھ داخل فرما۔''[2]

[647] اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، حَدَّثَنِي شَيْخٌ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطَرِّفٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ:

---

[1] وهو حديث ضعيف، كما قال الالباني في، ضعيف الجامع، رقم 4412۔ وفي الاصل بعد سرف الحديث كله (موقوف) وهي وان كانت صحيحة من حيث المعنى لكنها مقحمة على متن الكتاب۔

[2] في سنده لين ولكن له شواہد يصح بها انظر، الاحاديث الصحيحة، رقم 1816 للالباني۔

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَقَلِّ النَّاسِ غَفْلَةً، كَانَ إِذَا رَاَى الْهِلَالَ قَالَ:)هِلَالُ خَيْرٍ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي ذَهَبَ بِشَهْرِ كَذَا وَكَذَا، وَجَاءَ بِشَهْرِ كَذَا وَكَذَا، اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هَذَا الشَّهْرِ، وَنُورِهِ وَبَرَكَتِهِ، وَهُدَاهُ وَطُهُورِهِ وَمُعَافَاتِهِ(قَالَ سُرَيْجٌ: فَقِيلَ لِمَرْوَانَ: فَسَمِّ الشَّيْخَ. فَقَالَ: اَخَذْنَا حَاجَتَنَا مِنْهُ، وَنُعْطِيهُ بِقَوْلِهِ.

حضرت عبداللہ بن مطرف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں میں سب سے زیادہ کم غفلت والے تھے آپ جب (نیا) چاند دیکھتے تو پڑھتے:

﴿هِلَالُ خَيْرٍ .اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ ذَهَبَ بِشَهْرِ كَذَا وَكَذَا .وَجَآءَ بِشَهْرِ كَذَا وَكَذَا. اَسْاَلُكَ مِنْ خَيْرِ هٰذَا الشَّهْرِ ، وَنُوْرِهٖ وَبَرَكَتِهٖ ، وَهُدَاهُ وَطُهُوْرِهٖ وَمُعَافَاتِهٖ﴾

''بھلائی والا چاند، تمام تر تعریفیں اس اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جو اس مہینے کو اس اس طرح لے گیا اور اس کے ساتھ اس اس طرح کا مہینے لے آیا۔ میں تجھ سے (اے اللہ) سوال کرتا ہوں اس مہینے کی بھلائی کا اور اس کے نور اور اس کی برکت کا اور اس کی ہدایت کا اور اس کی پاکیزگی کا اور اس کی عافیت کا۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا نَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ

آدمی جب چاند کی طرف دیکھے تو کیا پڑھے؟

[648] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا مَحْمُودُ بْنُ غَيْلَانَ، ثنا اَبُو دَاوُدَ الْحَفَرِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ ابْنِ اَبِي ذِئْبٍ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: اَخَذَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِي، فَإِذَا الْقَمَرُ حِينَ طَلَعَ قَالَ:)تَعَوَّذِي بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّ هَذَا الْغَاسِقِ إِذَا وَقَبَ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑا کہ اچانک آپ نے چاند کو دیکھا تو فرمایا: (اے عائشہ!) تو اللہ کی اس چھپ جانے والے کے شر سے پناہ مانگ جب یہ چھپ جائے۔[2]

---

① وهو حديث ضعيف، كما قال الالباني في، ضعيف الجامع، رقم 4413۔

② رواه احمد في المسند، 6/61 و 206 و 237، والترمذي رقم 3363 والحاكم 2/540-541، وقال الترمذي: حديث حسن صحيح۔ وصححه الحاكم ووافقه الذهبي وهو كما قالا ـ انظر، الفتوحات الربانية، 4/334، وه الاحاديث الصحيحة، رقم 372۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا سَمِعَ أَذَانَ الْمَغْرِبِ

جب مغرب کی آذان سنے تو کیا پڑھے؟

[649] حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، ثنا مُؤَمَّلُ بْنُ إِهَابٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، ثنا الْقَاسِمُ بْنُ مَعْنٍ الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ أَبِي كَثِيرٍ، مَوْلَى أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: عَلَّمَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أَقُولَ عِنْدَ أَذَانِ الْمَغْرِبِ:)اللّٰهُمَّ هَذِهِ أَصْوَاتُ دُعَاتِكَ، وَإِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَإِدْبَارُ نَهَارِكَ، فَاغْفِرْ لِي.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم دی کہ میں آذان مغرب کے وقت پڑھا کروں:

﴿اَللّٰهُمَّ هٰذِهِ أَصْوَاتُ دُعَاتِكَ، وَإِقْبَالُ لَيْلِكَ، وَإِدْبَارُ نَهَارِكَ، فَاغْفِرْ لِيْ﴾

''اے اللہ! یہ تجھے پکارنے والوں کی آوازیں ہیں اور رات کے آنے اور دن کے جانے کا وقت ہے پس تو میری مغفرت فرما۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَأَى سُهَيْلًا

جب سہیل (ستارے) کو دیکھے تو کیا پڑھے؟

[650] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الرُّخَامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَخِيهِ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى سُهَيْلًا قَالَ:)لَعَنَ اللّٰهُ سُهَيْلًا، فَإِنَّهُ كَانَ عَشَّارًا فَمُسِخَ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سہیل (ستارے) کو دیکھتے تو کہتے:

﴿لَعَنَ اللّٰهُ سُهَيْلًا، فَإِنَّهُ كَانَ عَشَّارًا فَمُسِخَ﴾

''اللہ تعالیٰ لعنت فرمائے سہیل (ستارے) پر کیونکہ وہ ٹیکس لینے والا تھا پس اسے مسخ کر دیا گیا۔ (یعنی اس کی شکل بگاڑ دی گئی)۔''②

---

① ابو داود رقم 530 والترمذی رقم 3583، وفی اسنادہ ابو کثیر مولی ام سلمۃ وھو مجھول، وقال الترمذی: حدیث غریب، وحفصۃ بنت ابی کثیر لا تعرفھا ولا اباھا۔

② فی اسنادہ جابر بن یزید الجعفی، وھو متھم بالکذب وکان یومن برجعۃ علی ویقول: انہ دابۃ الارض المذکورۃ فی القرآن۔ وھو حدیث ضعیف، کما قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 4416۔

[651] حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ مُوسَى بْنِ خَلَفٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ، - لَا اَرَاهُ إِلَّا رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَالَ:)لَعَنَ اللّٰـهُ سُهَيْلًا(فَقِيلَ لَهُ، فَقَالَ:)كَانَ رَجُلًا يَبْخَسُ النَّاسَ فِي الْاَرْضِ بِالظُّلْمِ، فَمَسَخَهُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ شِهَابًا.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ان کا گمان ہے کہ وہ اسے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا:

﴿لَعَنَ اللّٰـهُ سُهَيْلًا﴾

''اللہ تعالیٰ سہیل پر لعنت فرمائے۔''

ان سے اس بارے پوچھا گیا تو انہوں (یعنی حضرت علی) نے فرمایا کہ وہ ایک آدمی تھا جو زمین میں لوگوں سے دھوکہ کرتا تھا بطور ظلم تو اللہ عزوجل نے اسے شہاب کی صورت میں مسخ کر دیا۔[1]

[652] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، اَنَّهُ صَحِبَ عَبْدَ اللّٰـهِ بْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا، فَلَمَّا طَلَعَ سُهَيْلٌ قَالَ: لَعَنَ اللّٰـهُ سُهَيْلًا، فَإِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)كَانَ عَشَّارًا بِالْيَمَنِ، يَظْلِمُهُمْ وَيَغْصِبُهُمْ اَمْوَالَهُمْ، فَمَسَخَهُ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ شِهَابًا، فَعَلَّقَهُ حَيْثُ تَرَوْنَهُ.

حضرت عمرو بن دینار سے روایت ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے مصاحب تھے کہ جب سہیل (ستارہ) طلوع ہوا تو انہوں نے کہا: اللہ تعالیٰ سہیل پر لعنت فرمائے۔ بلاشبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ:

﴿كَانَ عَشَّارًا بِالْيَمَنِ، يَظْلِمُهُمْ وَيَغْصِبُهُمْ اَمْوَالَهُمْ. فَمَسَخَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ شِهَابًا، فَعَلَّقَهُ حَيْثُ تَرَوْنَهُ﴾

''یہ ٹیکس والا تھا یمن میں لوگوں پر ظلم کرتا تھا اوران کے مال غصب کرتا تھا تو اللہ عزوجل نے اسے شہاب (انگارے) کی شکل میں مسخ کر دیا تو اسے لٹکا دیا گیا جیسا کہ تم اسے دیکھتے ہو۔''[2]

---

[1] فيه ايضا جابر بن يزيد الجعفي۔

[2] ذكر الحديث الذهبي في الميزان، 3/433 وعده من مناكير مبشر بن عبيد۔

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا انْقَضَّ الْكَوْكَبُ

جب تارے کو ٹوٹتا دیکھے تو کیا پڑھے؟

[653] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى بْنِ السَّكَنِ الْأَنْصَارِيُّ، ثنا مُوسَى بْنُ إِسْمَاعِيلَ الْخُتَّلِيُّ، ثنا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: " أُمِرْنَا أَلَّا نُتْبِعَ أَبْصَارَنَا لِلْكَوْكَبِ إِذَا انْقَضَّ، وَأَنْ نَقُولَ عِنْدَ ذَلِكَ: مَا شَاءَ اللَّهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللَّهِ.

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ہمیں حکم دیا گیا کہ ہم اپنی نظروں کو ستاروں کے پیچھے نہ لگائیں جب وہ ٹوٹے اور یہ حکم دیا گیا کہ ہم اس وقت کہیں:

﴿مَا شَاءَ اللهُ، لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ﴾

''جو اللہ نے چاہا، اللہ کی توفیق کے بغیر نیکی کرنے کی کوئی طاقت نہیں۔''[1]

بَابُ مَا جَاءَ فِي الزُّهَرَةِ

زہرہ (ستارے) کا بیان

[654] أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ الْمُهَاجِرِ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ يَعْقُوبَ الرُّخَامِيُّ، ثنا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ أَخِيهِ إِسْرَائِيلَ بْنِ يُونُسَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ أَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ:)لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزُّهْرَةَ، فَإِنَّهَا فَتَنَتِ الْمَلَكَيْنِ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ''زہرۃ'' پر لعنت کی ہے کیونکہ اس نے دو فرشتوں کو فتنے میں ڈالا تھا۔[2]

---

① قال فی، المرقاة: اسناده لیس بثابت، وقال الحافظ بعد ان اورده باسناده الی الطبرانی: حدیث غریب اخرجه ابن السنی، قال الطبرانی: لم یروه عن حماد۔ یعنی ابن ابی سلیمان۔ الا عبدالاعلی، تفرد به موسی، قلت: عبدالاعلی ہذا ابن ابی المساور۔ بضم المیم وتخفیف المهملة۔ ضعیف جداً، وفی الراوی عنه ضعف ایضاً، وقال الحافظ فی باب مایقول اذا سمع الرعد: ان حدیث ابن مسعود تفرد به من اتهم بالکذاب، وهو عبداعلی، اه۔

② قال الالبانی فی، الاحادیث الضعیفة: موضوع رواه ابن السنی فی، عمل الیوم واللیل، رقم 654 وابن منده فی، تفسیره، کما فی، تفسیر ابن کثیر، 256/1 من طریق جابر عن ابی الطفیل عن علی رضی الله عنه قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم، وقال الحافظ ابن کثیر: لا یصح وهو منکر جداً۔ قلت: وآفته جابر۔ وهو ابن یزید الجعفی۔ وهو متهم بالکذب، وکان یومن برجعة علی، ویقول: انه دابة الارض المذکورة فی القرآن۔ والحدیث اورده السیوطی فی، الدر المنثور، 97/1 وکذا فی، الجامع الصغیر، من روایة ابن راہویه وابن مندة، وبیض له المناوی فلم یتعقبه بالشیئ، ومن العجیب ان السیوطی لم یورده فی، الجامع الکبیر، وهو کان احق به۔ اه۔

[655] حَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِي عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: " هَذِهِ الْكَوْكَبَةُ - يَعْنِي: الزُّهْرَةَ - تُدْعَى فِي قَوْمِهَا بيدخت.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ یہ جو ستارہ ''زہرہ'' ہے اسے اس کی قوم میں بے دخت کہا جاتا تھا۔ ①

[656] اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحَلَبِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا: " اَنَّهُ كَانَ إِذَا نَظَرَ إِلَى الزُّهْرَةِ قَذَفَهَا.

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ جب زہرہ کو دیکھتے تو اسے برا بھلا کہتے تھے۔ ②

[657] اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ، ثنا زُهَيْرٌ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " إِنَّ آدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا اَهْبَطَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى الْاَرْضِ، قَالَتِ الْمَلَائِكَةُ: اَيْ رَبِّ، اَتَجْعَلُ فِيهَا مَنْ يُفْسِدُ فِيهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاءَ؟ قَالُوا: رَبَّنَا، نَحْنُ اَطْوَعُ لَكَ " وَذَكَرَ قِصَّةَ زُهْرَةَ.

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: حضرت آدم علیہ السلام کو جب اللہ عزوجل نے زمین پر اتارا تو فرشتوں نے عرض کی: اے میرے رب! کیا تو اس میں اس کو خلیفہ بنائے گا جو اس میں فساد کرے گا اور خون ریزی کرے گا۔ کہنے لگے: اے ہمارے رب! ہم تیرے زیادہ اطاعت گزار ہیں اور زہرہ کا قصہ ذکر کیا۔ ③

بَابُ مَا يَقُولُ بَعْدَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ

نمازِ مغرب کے بعد کیا پڑھے؟ اس کا بیان

[658] حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي دَاوُدَ، ثنا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النَّهْشَلِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ الصَّلْتِ، ثنا

---

① رجاله ثقات الى ابن عباس وهو من كلامه ولا يصح مرفوعاً۔

② حديث موقوف۔

③ رواه احمد فی المسند، 2/134 وابن حبان فی صحیحه وهو باطل مرفوعاً قال الحافظ ابن کثیر: واقرب مایکون فی ہذا انه من روایة کعب الاحبار کما قال عبد الرزاق فی تفسیره فدار الحدیث ورجع الی نقل کعب عن کتب بنی اسرائیل۔ قال الامام احمد: ہذا منکر وانما یروی عن کعب، وقال ابن ابی حاتم فی العلل، 2/69 سالت ابی عن ہذا الحدیث؟ فقال: ہذا حدیث منکر۔ انظر تفصیل ہذا فی الاحادیث الضعیفة، رقم 170 للالبانی۔

عَطَاءُ بْنُ عَجْلَانَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْصَرَفَ مِنْ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ يَدْخُلُ فَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ يَقُولُ فِيمَا يَدْعُو:)يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قُلُوبَنَا عَلَى دِينِكَ(. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتَخْشَى عَلَى قُلُوبِنَا مِنْ شَيْءٍ؟ قَالَ:)مَا مِنْ إِنْسَانٍ إِلَّا قَلْبُهُ بَيْنَ أُصْبُعَيْنِ مِنْ أَصَابِعِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَإِنِ اسْتَقَامَ أَقَامَهُ، وَإِنْ أَزَاغَ أَزَاغَهُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ زوجہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز مغرب سے پلٹتے تو (میرے ہاں) تشریف لاتے پس دو رکعت نماز ادا کرتے پھر آپ اپنی دعا میں کہتے:

﴿يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ. ثَبِّتْ قُلُوبَنَا عَلَى دِينِكَ﴾

''اے دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو اپنے دین پر ثابت رکھنا۔''

تو میں نے عرض کیا: یارسول اللہ! کیا آپ کو ہمارے دلوں پر کسی چیز کا خوف ہے۔ فرمایا کہ کوئی بھی انسان ایسا نہیں جس کا دل اللہ عزوجل کی دو انگلیوں کے درمیان نہ ہو سو اگر وہ اسے سیدھا رکھے تو وہ سیدھا ہے اور اگر ٹیڑھا کر دے تو وہ ٹیڑھا ہے۔ (1)

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَهَلَّ شَهْرُ رَجَبٍ

جب ماہ رجب کا چاند نظر آئے تو کیا پڑھے؟

[659] أَخْبَرَنَا ابْنُ مَنِيعٍ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ الْقَوَارِيرِيُّ، ثنا زَائِدَةُ بْنُ أَبِي الرُّقَادِ، قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادٌ النُّمَيْرِيُّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دَخَلَ رَجَبٌ قَالَ:)اللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَبٍ وَشَعْبَانَ، وَبَلِّغْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ. قَالَ: وَكَانَ يَقُولُ:) إِنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ غَرَّاءُ، وَيَوْمَهَا يَوْمٌ أَزْهَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رجب (کا مہینہ) داخل ہوتا تو پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِي رَجَبٍ وَشَعْبَانَ. وَبَلِّغْنَا شَهْرَ رَمَضَانَ﴾

---

(1) فی سندہ عطاء بن عجلان وھو متروک کما قال الحافظ، ورواہ الترمذی رقم 3517 فی الدعوات باب رقم 90 واحمد فی المسند، 6/302-315 من حدیث ام سلمۃ رضی اللہ عنہا وفی مسندہا شہر بن حوشب قال فی التقریب۔ کثیر الارسال والاوہام۔ والحدیث ضعیف۔

''اے اللہ! ہمارے لیے رجب اور شعبان میں برکت دے اور ہمیں ماہ رمضان تک پہنچا۔''

اور یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ

﴿إِنَّ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ لَيْلَةٌ غَرَّآءُ، وَيَوْمَهَا يَوْمٌ أَزْهَرُ﴾

''بلاشبہ جمعہ کی رات چمک دار ہے اور جمعہ کا دن روشن۔''①

بَابُ الِاسْتِئْذَانِ

اجازت مانگنے کا بیان

[660] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، وَإِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، قَالَا: ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: اطَّلَعَ رَجُلٌ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَأْسَهُ، فَقَالَ:)لَوْ أَعْلَمُ أَنَّكَ تَنْظُرُ لَطَعَنْتُ بِهِ فِي عَيْنِكَ، إِنَّمَا جُعِلَ الِاسْتِئْذَانُ مِنْ أَجْلِ النَّظَرِ.

حضرت سھل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور نبی کریم ﷺ کے حجروں میں سے کسی حجرہ میں جھانکا اور حضور نبی کریم ﷺ کے دست مبارک میں سلائی تھی جس سے آپ اپنے سر انور کو کھجلا رہے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: اگر مجھے پتہ ہوتا کہ تو جھانک رہا ہے تو میں یہ تیری آنکھوں میں گھونپ دیتا اجازت مانگنے (کا حکم) نظر (پڑنے) ہی کی وجہ سے دیا گیا ہے۔②

بَابُ كَيْفَ الِاسْتِئْذَانُ

اجازت کیسے مانگی جائے؟

[661] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيٍّ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ " أَنَّهُ اسْتَأْذَنَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

① فی اسنادہ زائدۃ بن ابی الرقاد قال البخاری: منکر الحدیث، وقال ابو حاتم: یحدث عن زیاد النمیری عن انس احادیث مرفوعۃ منکرۃ، ولا ندری منہ او من زیاد، ولا اعلم روی عن غیر زیادہ فکنا نعتبر بحدیثہ۔ وذکر الحدیث الذہبی فی، المیزان، وعدہ من مناکیر زائدۃ۔ انظر، الباعث علی انکار الحوادث، لابی شامۃ صفحہ 117 طبعۃ مکتبۃ دار البیان بدمشق۔

② رواہ البخری 12/215 فی الدیات: باب من اطلع فی بیت قوم ففقؤوا عینہ فلا دیۃ لہ، وفی اللباس: باب الامتشاط، وفی الاستئذان: باب الاستئذان من اجل البصر، ومسلم رقم 2156 فی الادب: باب تحریم النظر فی بیت غیرہ، والترمذی رقم 2710 فی الاستئذان: باب من اطلع فی بیت قوم بغیر اذنہم، والنسائی 7/60-61 فی القسامۃ: باب فی العقول۔

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: أَأَلِجُ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اخْرُجُوا إِلَيْهِ، فَإِنَّهُ لَا يُحْسِنُ الِاسْتِئْذَانَ، فَقُولُوا لَهُ فَلْيَقُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَأَدْخُلُ "؟ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ ذَلِكَ، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَأَدْخُلُ؟ فَأَذِنَ لِي، فَدَخَلْتُ.

بنی عامر (قبیلہ) کے ایک شخص سے روایت ہے کہ اس نے حضور نبی کریم ﷺ سے (داخلے کی) اجازت مانگی تو اس نے کہا: کیا میں اندر آجاؤں تو حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کی طرف جاؤ کیونکہ اسے اچھی طرح اجازت مانگنا نہیں آتا اس سے کہو کہ کہے: السلام علیکم! کیا میں اندر آجاؤں؟ تو میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا لیا تو میں نے عرض کی: السلام علیکم! کیا میں اندر آجاؤں؟ تو آپ ﷺ نے مجھے اجازت دی سو میں اندر داخل ہو گیا۔ ①

بَابُ كَمْ مَرَّةً يَسْتَأْذِنُ

کتنی مرتبہ اجازت مانگی جائے؟

[662] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَحْيَى بْنِ بَرِّيٍّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي الشَّوَارِبِ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّ أَبَا مُوسَى، اسْتَأْذَنَ عَلَى عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَلَمْ يَأْذَنْ لَهُ، فَرَجَعَ، فَقَالَ عُمَرُ: مَا رَجَعَكَ؟ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِذَا اسْتَأْذَنَ الْمُسْتَأْذِنُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، فَإِنْ أُذِنَ لَهُ، وَإِلَّا فَلْيَرْجِعْ.

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے تین مرتبہ اجازت طلب کی۔ انہوں نے ان کو اجازت نہ دی تو یہ واپس لوٹ آئے حضرت عمر نے (ان سے) فرمایا: آپ واپس کیوں چلے گئے تو انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جب کوئی اجازت طلب کرے تو تین مرتبہ اجازت طلب کرے اگر اسے اجازت دے دی جائے تو ٹھیک (اندر چلا جائے) ورنہ واپس لوٹ جائے۔ ②

① رواہ ابوداود رقم 5177 و 5178 و 5179 فی الادب باب کیف الاستئذان و احمد فی، المسند، 5/369 و اسنادہ صحیح، کما قال النووی فی، الریاض، رقم 881 طبعة دار البیان بدمشق۔

② البخاری 11/23 فی الاستئذان: باب التسلیم و الاستئذان ثلاثاً و فی کتب اخری۔ و مسلم رقم 2153 فی الاداب: باب الستئذان، و ابو داود رقم 5180-5184 فی الادب: باب کم مرة یسلم الرجل فی الستئذان، والترمذی رقم 2691 فیه: باب ما جاء فی الاستئذان ثلاثاً، و احمد فی، المسند، 4/393 و 398 و 400 و 403 و 410 و 418۔ انظر روایات الحدیث فی، جامع الاصول، رقم 4819۔

بَابُ كَمْ مَرَّةً يُسَلِّمُ الْمُسْتَأْذِنُ

اجازت مانگنے والا کتنی مرتبہ سلام کرے؟

[663] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يُوسُفَ الصَّيْدَلَانِيُّ، ثنا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، ثنا ابْنُ أَبِي لَيْلَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ، فَقَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ(، فَرَدَّ سَعْدٌ وَخَافَتَ، ثُمَّ قَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ(، فَرَدَّ سَعْدٌ وَخَافَتَ، ثُمَّ قَالَ:)السَّلَامُ عَلَيْكُمْ(، فَرَدَّ سَعْدٌ وَخَافَتَ، فَلَمَّا رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ لَا يُؤْذَنُ لَهُ انْصَرَفَ، فَخَرَجَ سَعْدٌ فِي أَثَرِهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا مَنَعَنِي أَنْ أُسْمِعَكَ إِلَّا أَنِّي أَحْبَبْتُ أَنْ أَسْتَكْثِرَ مِنْ تَسْلِيمِكَ. فَرَجَعَ مَعَهُ، فَوَضَعَ لَهُ مَاءً فِي جَفْنَةٍ فَاغْتَسَلَ، ثُمَّ أَمَرَ بِمِلْحَفَةٍ مَصْبُوغَةٍ بِوَرْسٍ، فَالْتَحَفَ بِهَا، كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى أَثَرِ الْوَرْسِ فِي عُكَنِهِ، فَقَالَ:)اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْأَنْصَارِ، وَعَلَى ذُرِّيَّةِ الْأَنْصَارِ.

حضرت قیس بن سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ تشریف لائے تو آپ نے السلام علیکم کہا، سو حضرت سعد نے (سلام کا) جواب دیا آپ ﷺ نے پھر السلام علیکم کہا تو حضرت سعد نے جواب دیا اور ڈر گئے آپ ﷺ نے پھر (تیسری مرتبہ) السلام علیکم کہا تو حضرت سعد نے پھر (سلام کا) جواب دیا اور ڈر گئے سو جب حضور نبی کریم ﷺ نے ملاحظہ فرمایا کہ وہ آپ کو اجازت نہیں دے رہے تو آپ واپس مڑے تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ آپ کے پیچھے نکلے پس عرض کی: یا رسول اللہ! مجھے کسی چیز نے نہیں روکا کہ میں آپ کو (سلام کا جواب) سناؤں سوائے اس کے کہ میں نے یہ پسند کیا کہ آپ مجھے زیادہ سے زیادہ سلام کریں پس آپ ﷺ ان کے ساتھ واپس تشریف لے آئے۔ سو آپ کے لیے ایک ٹب میں پانی رکھا گیا آپ نے (اس سے) غسل کیا پھر ایک چادر لانے کا حکم دیا جو ورس کے رنگ میں رنگی ہوئی تھی آپ نے اس کو اپنے پر لپیٹا گویا کہ میں (اب بھی) آپ کے شکم اطہر پر ورس کا نشان دیکھ رہا ہوں، آپ ﷺ نے یہ دعا کی:

﴿اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْأَنْصَارِ، وَعَلَى ذُرِّيَّةِ الْأَنْصَارِ﴾

''اے اللہ! انصار پر اور انصار کی اولاد پر رحمت کا نزول فرما۔''[1]

[1] النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 324۔ورواہ ابو داود فی الادب رقم 5185 باب کم مرۃ یسلم الرجل فی الاستئزان واحمد فی، المسند، 6/6 مختصراً۔ کلھم عن محمد بن شرجیل قال فی، التھذیب، 9/221۔ محمد بن شرجیل، عن قیس بن سعد بن عبادۃ فی زیارۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایاہم، وعنہ محمد بن عبدالرحمن بن سعد بن زرارۃ قالہ وکیع عن ابن ابی لیلی عنہ، وتابعہ عمران بن محمد عن ابیہ، وقال: عیسی بن یونس عن ابن ابی لیلی عن محمد بن عبدالرحمن عن عمرو بن شرجیل وفیہ خلاف غیر ذلک، قلت: وذکر البخاری عن علی بن ہاشم بن البرید واحمد بن یونس مثل روایۃ عیسی بن یونس، قال البخاری ولم یصح اسنادہ۔

بَابُ إِخْرَاجِ مَنْ دَخَلَ بِغَيْرِ اسْتِئْذَانٍ وَلَا تَسْلِيمٍ

جو بغیر اجازت اور سلام کے داخل ہوا سے باہر نکالنے کا بیان

[664] حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عِيسَى الْحُلْوَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُبَارَكِ الْمُخَرِّمِيُّ، ثنا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ أَبِي سُفْيَانَ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَفْوَانَ، أَخْبَرَهُ أَنَّ كَلَدَةَ بْنَ الْحَنْبَلِ أَخْبَرَهُ أَنَّ صَفْوَانَ بْنَ أُمَيَّةَ بَعَثَهُ فِي الْفَتْحِ بِلَبَنٍ وَجِدَايَةٍ وَضَغَابِيسَ، وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَعْلَى الْوَادِي، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ أُسَلِّمْ، وَلَمْ أَسْتَأْذِنْهُ، فَقَالَ: " ارْجِعْ، فَقُلِ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ، أَدْخُلُ؟ " وَذَلِكَ بَعْدَمَا أَسْلَمَ صَفْوَانُ قَالَ عَمْرٌو: أَخْبَرَنِي بِهَذَا الْخَبَرِ أُمَيَّةُ بْنُ صَفْوَانَ، وَلَمْ يَقُلْ: سَمِعْتُهُ مِنْ كَلَدَةَ.

حضرت کلدہ بن الحنبل کا بیان ہے کہ حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ نے انہیں فتح (مکہ) میں بلبن اور جدایہ اور ضغابیس کے ساتھ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں وادی کے بلند حصے کی طرف بھیجا سو میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا اور میں نے نہ سلام کیا اور نہ ہی اجازت مانگی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس لوٹ جا اور کہہ: السلام علیکم! کیا میں اندر آسکتا ہوں؟ اور یہ واقعہ حضرت صفوان کے مسلمان ہونے کے بعد کا ہے۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے حضرت امیہ بن صفوان نے اس بات کی خبر دی اور یہ نہ کہا کہ میں نے اسے حضرت کلدہ سے سنا۔[1]

بَابُ كَرَاهِيَةِ الرَّجُلِ أَنْ يَقُولَ إِذَا اسْتَأْذَنَ أَنَا

آدمی کا اجازت مانگتے ہوئے "میں" کہنا مکروہ ہے

[665] أَخْبَرَنَا أَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَقُولُ: " أَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي دَيْنٍ عَلَى أَبِي، فَدَقَقْتُ الْبَابَ، فَقَالَ:)مَنْ ذَا؟(فَقُلْتُ: أَنَا. فَقَالَ:) أَنَا أَنَا(مَرَّتَيْنِ كَأَنَّهُ كَرِهَهَا.

حضرت محمد بن المنکدر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما کو فرماتے سنا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] رجالہ ثقات۔

کی بارگاہ میں اپنے والد محترم پر قرض کے سلسلہ میں (سفارش کرانے کے لیے) حاضر ہوا سو میں نے دروازہ کھٹکھٹایا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کون ہے میں نے عرض کی: میں ہوں! آپ ﷺ نے فرمایا: میں، میں گویا کہ آپ نے اسے ناپسند کیا ہے۔ ①

نوٹ:

صاحب خانہ کے پوچھنے پر ''میں، میں، نہ کہا جائے یہ لغو ہے اپنا تعارف کرانا چاہیے۔

بَابُ كَيْفَ الِاسْتِثْنَاءُ فِي الْمُخَاطَبَةِ

گفتگو میں استثناء کیسے کرے؟

[666] اَخْبَرَنِي اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ حُذَيْفَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " لَا تَقُولُوا: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ فُلَانٌ، وَلَكِنْ قُولُوا: مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کوئی یہ نہ کہے:

﴿مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ فُلَانٌ﴾

''جو اللہ چاہے اور فلاں چاہے۔''

بلکہ یہ کہو:

﴿مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ فُلَانٌ﴾

''جو اللہ نے چاہا پھر فلاں نے چاہا۔''①

[667] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنِ الْاَجْلَحِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: سَمِعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يَقُولُ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ، فَقَالَ: " اَجَعَلْتَ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ عَدْلًا، قُلْ: مَا شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ.

① رواہ البخاری 30/11 فی الاستئذان: باب اذا قال: من ذا؟ قال: انا، و مسلم رقم 2155 فی الادب: باب کراہۃ قول المستأذن: انا، اذا قیل: من ہذا؟، وابو داود رقم 5187 فی الادب: باب الرجل یساذن بالدق، والترمذی رقم 2712 فی الاستئذان: باب ما جاء فی التسلیم قبل الاستئذان۔

① رواہ ابو داود رقم 4980 فی الادب: باب لا یقال خبثت نفسی، واحمد فی المسند، 384/5 و 394 و 398، وہو حدیث صحیح۔ انظر، الاحادیث الصحیحۃ، رقم 137۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ کہتے سنا:

﴿مَا شَآءَ اللّٰهُ وَشِئْتَ﴾

''جو اللہ تعالیٰ چاہے اور تو چاہے۔''

تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تو نے اللہ عزوجل کے لیے برابری کر دی۔ یہ کہہ:

﴿مَا شَآءَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ﴾

''صرف اللہ ہی جو چاہے۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا الْتَقَى الْعَدُوَّ

جب دشمن سے ملے تو کیا پڑھے؟

[668] حَدَّثَنِي بَيَانُ بْنُ اَحْمَدَ، حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْحَكَمِ الْحِبَرِيُّ، حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ حُسَيْنٍ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا حَفْصُ بْنُ رَاشِدٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ خَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ: " لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ، فَإِنَّكُمْ لَا تَدْرُونَ مَا تُبْتَلَوْنَ بِهِ مِنْهُمْ، فَإِذَا لَقِيتُمُوهُمْ فَقُولُوا: اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا وَرَبُّهُمْ، وَقُلُوبُنَا وَقُلُوبُهُمْ بِيَدِكَ، وَإِنَّمَا تَغْلِبُهُمْ اَنْتَ، وَالْزَمُوا الْاَرْضَ جُلُوسًا، فَإِذَا غَشَوْكُمْ فَثُورُوا وَكَبِّرُوا.

حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے دن ارشاد فرمایا: تم دشمن سے مڈبھیڑ کی تمنا نہ کرو کیونکہ تم نہیں جانتے کہ تم ان میں سے کس چیز کے ساتھ آزمائے جاؤ۔ سو جب تم ان (دشمنوں) سے ملو تو کہو:

﴿اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبُّنَا وَرَبُّهُمْ، وَقُلُوبُنَا وَقُلُوبُهُمْ بِيَدِكَ، وَإِنَّمَا تَغْلِبُهُمْ اَنْتَ﴾

''اے اللہ! تو ہمارا بھی اور ان کا بھی رب ہے اور ہمارے اور ان کے دل تیرے قبضے میں ہیں اور بلاشبہ تو ہی ان پر غالب ہے۔''

---

① رواہ احمد فی المسند، 1/214 و 283 و 247، والبخاری فی الادب المفرد، رقم 783، وابن ماجۃ رقم 2117، واسنادہ حسن۔ کما قال الالبانی فی الاحادیث الصحیحۃ، رقم 139۔

اور بیٹھے ہوئے زمین کے ساتھ چمٹ جاؤ سو جب تم گھیر لیے جاؤ تو تم نعرہ لگاؤ اور تکبیر پڑھو (یعنی اللہ اکبر کہو)۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا طَعَنَهُ الْعَدُوُّ

جب اسے دشمن نیزہ مارے تو کیا پڑھے؟

① فی اسنادہ ہشام بن زیاد ابو المقدام، وھو متروک۔ قال الحافظ فی، امالی الاذکار، 3/166 فتوحات: وقع لنا ہذا المقدار من الحدیث عن جماعة من الصحابة غیر مفید بالنوم، منه عن جابر عند البزار، ومنها عن عبداللہ بن الشخیر عندہ وعندہ الطبرانی، ومنها عن کل عند الحاکم بسند رواته ظقات، وھو حدیث حسن، صححه الحاکم وفیه نظر لانقطاع فی السند، وفی الباب عن ابی ہریرة عند الترمذی وغیرہ، وعن ابن عمر عند الترمذی ایضاً، واللہ اعلم، اہ۔ورواہ الترمذی رقم 3476 فی الدعوات: باب رقم 67 من حدیث حبیب بن ابی ثابت عن عزوة عن عائشة۔ وقال الترمذی: سمعت محمداً۔ یعنی البخاری۔ یقول: حبیب بن ابی ثابت لم یسمع من عروة بن الزبیر شیئاً۔ وقال الحافظ فی، التھذیب، 2/179 بعد نقل کلام الترمذی ہذا؛ وقال ابن ابی حاتم فی کتاب، المراسیل، عن ابیه: اہل الحدیث اتفقوا علی ذلک، یعنی عدم سماعه منه، واتفاقهم علی شیء یکون حجة۔ اقول: وللحدیث شواہد یرتقی الی درجة الحسن، واللہ أعلم۔

''تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات کے لیے ہیں جو کفایت کرنے والی ہے، پاک ہے اللہ تعالیٰ بلند و برتر، مجھے اللہ کافی ہے اور اللہ نے جو چاہا کیا، سن لیا اللہ نے جس نے اسے پکارا، اللہ کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں اور نہ اللہ کے سوا کوئی جائے التجاء میں نے اللہ کی ذات پر بھروسہ کیا جو میرا اور تمہارا رب ہے، کوئی بھی حیوان ایسا نہیں جس کی پیشانی اس کے قبضۂ قدرت میں نہیں، بلاشبہ میرا رب سیدھی راہ پر ہے، تمام تر تعریفیں اللہ کی ذات کے لیے ہیں جس نے نہ کوئی اولاد بنائی اور نہ اس کی بادشاہی میں اس کا کوئی شریک ہے، اور نہ کوئی عاجزی کی بنا پر اس کا کوئی معاون و مددگار ہے، اور اسی کی خوب خوب بڑائی بیان کرو۔''

پھر حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان بھی اسے اپنے سونے کے وقت پڑھے اور پھر وہ شیطانوں اور کیڑے مکوڑوں (ایذاء دینے والی مخلوق) کے درمیان سو جائے تو وہ اسے کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔ [1]

[736] أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، ثنا جَرِيرٌ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ إِسْمَاعِيلَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: مَا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْذُ صَحِبْتُهُ يَنَامُ حَتَّى فَارَقَ الدُّنْيَا حَتَّى يَتَعَوَّذَ مِنَ الْجُبْنِ، وَالْكَسَلِ، وَالسَّآمَةِ، وَالْبُخْلِ، وَسُوءِ الْكِبَرِ، وَسُوءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَمِنَ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی صحبت میں میں جب سے ہوں آپ تب تک نہیں سوتے تھے حتی کہ آپ دنیا سے جدا ہو گئے جب تک آپ بزدلی سے اور سستی سے اور کاہلی سے اور بخیلی سے اور بری بڑائی سے اور اپنے اہل اور مال میں برا منظر دیکھنے سے اور عذاب قبر اور شیطان اور اس کے شرک سے پناہ نہ مانگ لیتے۔ [2]

[737] أَخْبَرَنِي ابْنُ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثنا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: كُنْتُ عِنْدَ عَمَّارٍ، فَقَالَ لِرَجُلٍ: أَلَا أُعَلِّمُكَ كَلِمَاتٍ كَانَ يَرْفَعُهُنَّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ إِذَا أَخَذْتَ مَضْجَعَكَ مِنَ اللَّيْلِ فَقُلْ:) اللَّهُمَّ أَسْلَمْتُ نَفْسِي إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِي إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ أَمْرِي إِلَيْكَ، وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي إِلَيْكَ، آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ، وَنَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ، اللَّهُمَّ نَفْسِي خَلَقْتَهَا، لَكَ مَحْيَاهَا وَمَمَاتُهَا، إِنْ قَبَضْتَهَا فَارْحَمْهَا، وَإِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِحِفْظِ الْإِيمَانِ نَوْعٌ آخَرُ.

---

[1] فی سندہ انقطاع وبعض رواتہ لم اجد ترجمتہ۔

[2] فی اسنادہ السری بن اسماعیل، وھو متروک، کما قال الحافظ فی ,التقریب۔ وقال الحافظ کما فی ,الفتوحات، 3/169: وقد جاء ہذا الحدیث متفرقا، فتقدم اولہ من حدیث انس، واما الاستعاذۃ من سوء المنظر فی الاھل والمال فسیاتی فی ادب المسافر، واما الاستعاذۃ من عذاب القبر، ففی اذکار التشہد من طرق واما الاستعاذۃ من سوء الشیطان وشرکہ، ففی حدیث لعبد اللہ ابن عمر وعند احمد وغیرہ۔

حضرت عطاء بن السائب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا میں حضرت عمار رضی اللہ عنہ کے پاس تھا تو انہوں نے ایک آدمی سے کہا: کیا میں تجھے کچھ کلمات نہ سکھاؤں اور وہ ان کلمات کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوعاً بیان کرتے تھے کہ جب تو رات کو اپنے بستر پر آئے تو پڑھ:

﴿اَللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِيْ إِلَيْكَ، وَوَجَّهْتُ وَجْهِيْ إِلَيْكَ، وَفَوَّضْتُ اَمْرِيْ إِلَيْكَ، وَاَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ إِلَيْكَ، اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الْمُنْزَلِ، وَنَبِيِّكَ الْمُرْسَلِ، اَللّٰهُمَّ نَفْسِيْ خَلَقْتَهَا، لَكَ مَحْيَاهَا وَمَمَاتُهَا، إِنْ قَبَضْتَهَا فَارْحَمْهَا، وَإِنْ اَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِحِفْظِ الْإِيْمَانِ﴾

''اے اللہ! میں نے اپنی جان کو تیرے سپرد کیا اور اپنے چہرے کو تیری ذات کی طرف متوجہ کیا، اور اپنا معاملہ تیرے حوالے کیا، اور اپنی پیٹھ کو تیری طرف سہارا دیا، میں تیری کتاب پر ایمان لایا جو تو نے نازل کی، اور تیرے نبی پر جسے تو نے مبعوث کیا۔ اے اللہ! میری جان کو تو نے پیدا کیا اس کا زندہ رہنا اور مرنا تیرے لیے ہے، اگر تو اسے قبض کر لے تو اس پر رحم فرمانا، اور اگر اسے زندہ رکھے تو اس کی ایمان کی حفاظت کے ساتھ حفاظت فرمانا۔''[1]

[738] اَخْبَرَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي دَاوُدَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، وَجَعْفَرُ بْنُ مُسَافِرٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ اَبِي فُدَيْكٍ، اَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ، - وَقَالَ جَعْفَرٌ عَبْدُ الْحَمِيدِ - عَنْ هِشَامِ بْنِ الْغَازِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ مَكْحُولٍ الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ حِينَ يُصْبِحُ اَوْ يُمْسِي: اللّٰهُمَّ إِنِّي اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيعَ خَلْقِكَ، اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ، اَعْتَقَ اللّٰهُ رُبُعَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَعْتَقَ اللّٰهُ نِصْفَهُ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا ثَلَاثًا اَعْتَقَ اللّٰهُ ثَلَاثَةَ اَرْبَاعِهِ مِنَ النَّارِ، وَمَنْ قَالَهَا اَرْبَعًا اَعْتَقَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ النَّارِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص صبح کو یا شام کو یہ پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَصْبَحْتُ اُشْهِدُكَ وَاُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ، وَمَلَائِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ، اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ﴾

[1] فیه عطاء بن السائب اختلط باخرة وسماع ابن فضيل منه بعد الاختلاط۔

''اے اللہ! بلاشبہ میں نے صبح کی میں تیری ذات (کے واحد ہونے) کی گواہی دیتا ہوں، اور میں گواہ بناتا ہوں تیرا عرش اٹھانے والوں کو اور سب فرشتوں کو اور تیری سب مخلوق کو کہ بلاشبہ تو اللہ ہے، تیری ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور بلاشبہ حضرت محمد ﷺ تیرے خاص بندے اور تیرے رسول ہیں۔''

تو اللہ تعالیٰ اس کا چوتھائی حصہ جسم کا آگ سے آزاد فرما دیتا ہے اور جس نے یہ دو مرتبہ پڑھا اللہ تعالیٰ اس کا نصف (جسم) آگ سے آزاد فرما دیتا ہے اور جس نے اسے تین مرتبہ پڑھا اللہ تعالیٰ اس کا تین چوتھائی حصہ آگ سے آزاد فرما دیتا ہے اور جس نے اسے چار مرتبہ پڑھا اللہ عزوجل اسے (مکمل طور پر) آگ (یعنی جہنم) سے آزاد فرما دیتا ہے۔①

[739] اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ زَيْدِ الْخَطَّابِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ جَعْفَرٍ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰـهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قُدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْيٍ، فَاَمَرْتُ فَاطِمَةَ اَنْ تَأْتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَخْدِمُهُ. قَالَ: وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَطْحَنُ وَتَعْجِنُ بِيَدِهَا حَتَّى تَنَفَّطَتْ، فَانْطَلَقَتْ فَاطِمَةُ - وَكَانَ يَوْمَ عَائِشَةَ - فَلَمْ تَجِدِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَرَجَعَتْ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ. قَالَ: وَلَمْ يَرْجِعْ حَتَّى صَلَّى الْعِشَاءَ. فَقَالَتْ عَائِشَةُ: يَا نَبِيَّ اللّٰـهِ، قَدْ جَاءَتْ فَاطِمَةُ الْيَوْمَ إِلَيْكَ مِرَارًا تَطْلُبُكَ كُلَّ ذَلِكَ لَا تَجِدُكَ - وَقَالَ: فِي لَيْلَةٍ بَارِدَةٍ - فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)مَا جَاءَ بِهَا الْيَوْمَ إِلَّا حَاجَةٌ(. فَخَرَجَ حَتَّى قَامَ عَلَى الْبَابِ. قَالَ عَلِيٌّ: وَقَدْ اَخَذْتُ اَنَا وَفَاطِمَةُ مَضَاجِعَنَا، فَلَمَّا اسْتَأْذَنَ تَحَرَّكْتُ لِاَقُومَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)كَمَا اَنْتُمَا عَلَى مَضَاجِعِكُمَا(فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَلَسَ عِنْدَ رُءُوسِهِمَا، وَاَدْخَلَ قَدَمَيْهِ بَيْنَهُمَا مِنَ الْبَرْدِ - قَالَ عَلِيٌّ: حَتَّى وَجَدْتُ بَرْدَ قَدَمَيْهِ عَلَى صَدْرِي - فَقَالَ:)مَا جَاءَ بِكِ الْيَوْمَ يَا فَاطِمَةُ(؟ قَالَتْ: طَحَنْتُ الْيَوْمَ يَا رَسُولَ اللّٰـهِ حَتَّى شَقَّ عَلَيَّ وَتَنَفَّطَتْ يَدَايَ، فَاَتَيْتُكَ تُخْدِمُنِي. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)اَلَا اَدُلُّكُمَا عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ مِنْ ذَلِكَ؟(فَقَالَ: قُلْتُ: بَلَى. قَالَ:)إِذَا اَخَذْتُمَا مَضْجَعَكُمَا فَكَبِّرَا اللّٰـهَ اَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، وَسَبِّحَاهُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَاحْمَدَاهُ

① رواه ابو داود رقم: 5069 فى الادب: باب ما يقول اذا اصبح، وهو حديث ضعيف كما قال الالبانى فى ،ضعيف الجامع، رقم 5843۔قوله: (وقال جعفر بن عبدالحميد) كذا فى الاصل ولعلها مقحمة والله اعلم۔

ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، فَهُوَ أَفْضَلُ مِنْ ذَلِكَ(قَالَ عَلِيٌّ: مَا تَرَكْتُهَا مُنْذُ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قَالَ ابْنُ الْكَوَّاءِ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ؟ قَالَ: وَيْلَكَ، مَا أَكْثَرَ مَا تُعَنِّتُنِي وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ، ذَكَرْتُهَا مِنْ آخِرِ السَّحَرِ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں کچھ قیدی آئے تو میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا کہ وہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے خادم طلب کریں۔فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ چکی پیستی تھیں اور اپنے ہاتھوں سے آٹا گوندھتی تھیں حتی کہ ان کے ہاتھوں پر چھالے پڑ گئے سو حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا گئیں اور یہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی باری کا دن تھا تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عشاء کی نماز پڑھی (یعنی بعد نماز عشاء واپس آئے) تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا نبی اللہ! آج آپ کی طرف حضرت فاطمہ کئی مرتبہ آپ سے ملنے آئیں ہر دفعہ انہوں نے آپ کو نہیں پایا۔فرماتے ہیں (حضرت علی) کہ یہ رات بڑی سخت ٹھنڈی تھی تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ آج کسی خاص حاجت کے لیے ہی آئی ہو گی سو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے حتی کہ (ہمارے) دروازے پر آ کھڑے ہوئے، حضرت علی فرماتے ہیں کہ میں اور حضرت فاطمہ اپنے بستروں میں جا چکے تھے پس جب آپ نے اجازت طلب کی تو میں نے حرکت کی تا کہ اٹھوں تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے بستروں پر اسی حال میں رہو، سو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اندر آئے پس آپ ہمارے سرہانے کے پاس بیٹھ گئے اور اپنے قدمین مبارک ہمارے درمیان داخل کیے۔حضرت علی فرماتے ہیں حتی کہ میں نے آپ کے قدمین مبارک کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے فاطمہ! آج تیرا آنا کیسے ہوا؟ تو انہوں (یعنی حضرت فاطمہ) نے عرض کی: یا رسول اللہ! آج میں نے چکی پیسی تو مجھے بہت مشقت اٹھانی پڑی اور میرے ہاتھوں پر چھالے پڑ گئے ہیں میں آپ کی خدمت میں اس لیے حاضر ہوئی تھی کہ آپ مجھے کوئی خدمت گزار دیں گے تو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تیری راہنمائی ایسی چیز پر نہ کروں جو اس (خادم کے ملنے) سے بہتر ہے۔فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنے بستروں پر جاؤ تو اللہ اکبر چونتیس مرتبہ اور سبحان اللہ تینتیس مرتبہ اور الحمد للہ تینتیس مرتبہ پڑھا کرو یہ اس (تمہارے لیے خادم ملنے) سے زیادہ بہتر ہے۔حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے میں نے اسے (پڑھنا) ترک نہیں کیا۔ابن کوا نے کہا: کیا صفین کی رات کو بھی نہیں آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تیری بربادی ہو تو کتنا زیادہ مجھے ملامت کرتا ہے میں نے صفین کی رات بھی انہیں پڑھنا نہیں چھوڑا میں نے اسے رات کے آخری حصے سحری میں پڑھا تھا۔[1]

[740] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰـهِ بْنِ أَبِي يَزِيدَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهَا أَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْتَخْدِمُهُ خَادِمًا، فَقَالَ

[1] انظر تخریج الحدیث الاتی رقم 740۔

لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)أَلَا أَدُلُّكِ عَلَى مَا هُوَ خَيْرٌ لَكِ مِنْهُ(؟ قَالَتْ: وَمَا هُوَ؟ قَالَ:) تُسَبِّحِينَ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ عِنْدَ مَنَامِكِ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتُكَبِّرِينَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَتَحْمَدِينَ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ(قَالَ عَلِيٌّ: فَمَا تَرَكْتُهَا مُنْذُ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. قِيلَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ؟ قَالَ: وَلَا لَيْلَةَ صِفِّينَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں خادم مانگنے کے لیے تشریف لائیں تو حضور نبی کریم ﷺ نے ان سے فرمایا: کیا میں تیری اس چیز پر راہنمائی نہ کروں جو اس سے بہتر ہے وہ کہنے لگیں: وہ کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ اللہ عزوجل کی اپنی نیند کے موقع پر تیرا تسبیح پڑھنا ہے تینتیس مرتبہ اور تینتیس مرتبہ اللہ اکبر کہنا اور چونتیس مرتبہ الحمد للہ کہنا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے میں نے یہ بات رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے انہیں پڑھنا نہیں چھوڑا ہے۔ کہا گیا کہ کیا صفین والی رات بھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں: جنگ صفین والی رات بھی (یہ کلمات پڑھنا میں نے نہیں چھوڑے)۔ ①

[741] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ عَمْرٍو، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُمَا أَنَّ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " خَصْلَتَانِ، مَنْ يَصْحَبْهُمَا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَهُمَا يَسِيرٌ، وَمَنْ يَعْمَلُ بِهِمَا قَلِيلٌ: يُسَبِّحُ أَحَدُكُمْ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلَاةٍ عَشْرًا، وَيَحْمَدُهُ عَشْرًا، وَيُكَبِّرُهُ عَشْرًا، فَذَلِكَ بِاللِّسَانِ خَمْسُونَ وَمِائَةٌ، وَبِالْمِيزَانِ أَلْفٌ وَخَمْسُمِائَةٍ. وَإِذَا أَوَى أَحَدُكُمْ إِلَى فِرَاشِهِ يُسَبِّحُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَيَحْمَدُ ثَلَاثًا وَثَلَاثِينَ، وَيُكَبِّرُ أَرْبَعًا وَثَلَاثِينَ، فَذَلِكَ مِائَةٌ بِاللِّسَانِ، وَأَلْفٌ بِالْمِيزَانِ، فَأَيُّكُمْ يُخْطِيهِ كُلَّ يَوْمٍ أَلْفَ وَخَمْسَمِائَةِ خَطِيئَةٍ "؟ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰـهِ، كَيْفَ لَا نُحْصِي هَذَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَأْتِي الشَّيْطَانُ أَحَدَكُمْ عِنْدَ ذَلِكَ، فَيُذَكِّرُهُ حَاجَةَ كَذَا وَحَاجَةَ كَذَا، وَإِذَا أَخَذَ مَضْجَعَهُ ذَكَّرَهُ حَاجَةَ كَذَا وَحَاجَةَ كَذَا(. قَالَ عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ عَمْرٍو:)وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْقِدُهُنَّ بِيَدِهِ.

---

① رواه البخاری 59/7 فی فضائل اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم: باب مناقب علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ، وفی ابواب عدۃ، و مسلم رقم 2727 فی الذکر والدعاء: باب التسبیح اول النہار و عند النوم، والترمذی رقم 3405 فی الدعوات: باب ما جاء فی التسبیح والتکبیر والتحمید عند المنام، وابو داود رقم 2988 و 2989 فی الخراج: باب بیان مواضع قسم الخمس وسہم ذی القربی، ورقم 5062 فی الادب: باب فی التسبیح عند النوم، واحمد فی المسند 1/96 و 107 و 136 و 146۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دو عادتیں ایسی ہیں جو بھی انہیں اختیار کرے گا جنت میں داخل ہوگا اور وہ دونوں بڑی آسان ہیں اور ان دونوں پر عمل کرنے والے بہت تھوڑے ہیں۔ تم میں سے ہر ایک کا ہر نماز کے بعد دس دفعہ (تسبیح) سبحان اللہ پڑھنا، اور دس دفعہ الحمدللہ پڑھنا اور دس دفعہ اللہ اکبر کہنا ہے یہ زبان پر تو ایک سو پچاس ہیں اور میزان پر پندرہ سو ہیں، اور جب تم میں سے کوئی اپنے بستر پر آئے تو تینتیس مرتبہ سبحان اللہ کہے، تینتیس مرتبہ الحمدللہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر کہے۔ یہ زبان پر تو سو ہیں اور میزان پر ایک ہزار۔ سو تم میں سے کون ایسا ہے جو ہر روز پندرہ سو غلطیاں کرتا ہے تو ایک آدمی نے عرض کیا: یا رسول اللہ! ہم اسے کیسے گن کر نہیں رکھیں گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں کس کے پاس اس وقت شیطان آتا ہے اور اسے اس کی فلاں اور فلاں حاجتیں یاد کراتا ہے اور جب وہ اپنے بستر پر آتا ہے تو اسے اس کی وہ وہ حاجت یاد کرا دیتا ہے۔ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ بلاشبہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ اپنے ہاتھ سے (یعنی انگلیوں سے) ان کو شمار کر رہے ہیں۔ [1]

بَابُ مَا يَقُولُ مَنِ ابْتُلِيَ بِالْأَهْوَالِ يَرَاهَا فِي مَنَامِهِ

جو شخص اپنی نیند میں خوفناک چیزیں دیکھے تو وہ کیا پڑھے؟

[742] أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ غَيْلَانَ، حَدَّثَنَا أَبُو هِشَامٍ الرِّفَاعِيُّ، ثنا وَكِيعُ بْنُ الْجَرَّاحِ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَا إِلَيْهِ أَهَاوِيلَ يَرَاهَا فِي الْمَنَامِ، فَقَالَ: " إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ فَقُلْ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ.

حضرت محمد بن منکدر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا تو اس نے اپنی نیند میں ڈراونی چیزیں دیکھنے کی آپ سے شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تو اپنے بستر پر آئے تو یہ پڑھا کر:

﴿أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ﴾

[1] رواه ابو داود رقم 5065 فی الادب: باب فی التسبیح عند النوم، والترمذی رقم 3407: باب رقم 65، والنسائی 3/74 و 75 وفی السہو: باب عدد التسبیح بعد التسلیم، واحمد فی المسند، 2/160 و 205، وابن ماجہ رقم 926 فی اقامۃ الصلاۃ: باب مایقال بعد التسلیم، وابن حبان رقم 2343، موارد، فی الاذکار: باب مایقول من الذکر بعد الصلاۃ، وقال الترمذی: ہذا حدیث حسن صحیح، وھو کما قال۔

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کے غضب اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔''①

بَابُ مَا يَسْأَلُ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ مِنَ الرُّؤْيَا

آدمی جب اپنے بستر پر آئے تو کیسے خوابوں کی تمنا کرے؟

[743] أَخْبَرَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، ثنا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، وَجَابِرُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، وَابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، ح وَحَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ أَحْمَدَ، ثنا أَبُو إِسْمَاعِيلَ التِّرْمِذِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا يَحْيَى بْنُ أَيُّوبَ، ثنا عَقِيلُ بْنُ خَالِدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، أَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، أَخْبَرَهُ عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهَا كَانَتْ إِذَا أَرَادَتِ النَّوْمَ تَقُولُ:)اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ رُؤْيَا صَالِحَةً، صَادِقَةً غَيْرَ كَاذِبَةٍ، نَافِعَةً غَيْرَ ضَارَّةٍ(وَكَانَتْ إِذَا قَالَتْ هَذَا قَدْ عَرَفُوا أَنَّهَا غَيْرُ مُتَكَلِّمَةٍ بِشَيْءٍ حَتَّى تُصْبِحَ، أَوْ تَسْتَيْقِظَ مِنَ اللَّيْلِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ وہ جب سونے کا ارادہ کرتیں تو پڑھتیں:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْأَلُكَ رُؤْيَا صَالِحَةً. صَادِقَةً غَيْرَ كَاذِبَةٍ. نَافِعَةً غَيْرَ ضَارَّةٍ﴾

''اے اللہ! بلاشبہ میں تجھ سے نیک سچے خواب کا سوال کرتی ہوں جو جھوٹا نہ ہو کفایت کرنے والا نفع مند ہو نقصان دینے والا نہ ہو۔''②

[744] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ، عَنْ جَرِيرٍ، عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ آخِرِ مَا يَقُولُ حِينَ يَنَامُ، وَهُوَ وَاضِعٌ يَدَهُ عَلَى خَدِّهِ الْأَيْمَنِ، وَهُوَ يَرَى أَنَّهُ مَيِّتٌ فِي لَيْلَتِهِ تِلْكَ:)اللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ وَالْفُرْقَانِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوَى، أَعُوذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، اللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ

---

① قال الالبانی فی الاحادیث الصحیحة، رقم 264: وہذا سند رجاله ثقات غیر ابی ہشام واسمه محمد بن محمد بن یزید الرفاعی العجلی۔ قال الذہبی: قال البخاری: رایتہم مجمعین علی ضعفه۔اہ۔ثم اورد شواہد للحدیث فبرتقی لدرجة الحسن۔

② قال الحافظ: موقوف صحیح الاسناداہ۔

بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُونَكَ شَيْءٌ، اقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ، وَأَغْنِنِي مِنَ الْفَقْرِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے آپ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت سوتے تو آپ اپنے ہاتھ کو اپنے دائیں رخسار کے نیچے رکھے ہوتے تھے اور آپ پر خیال فرماتے کہ آپ نے اسی رات کو وصال کر جانا ہے تو آخر میں یہ پڑھتے:

﴿اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ، وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى، اَعُوْذُ بِكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ، وَاَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ﴾

”زوجہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس شخص کے متعلق جو اپنی بیوی سے جماع کرتا ہے پھر وہ (جماع کرنے میں) سست پڑ جاتا ہے کیا اس پر غسل لازم ہے؟ (یعنی نامکمل جماع کرنے پر) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا گھر میں تھیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ میں بھی ایسا کرتا ہوں اور یہ بھی (یعنی حضرت عائشہ) پھر ہم غسل کرتے ہیں۔“[1]

[745] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ ابْتَدَرَهُ مَلَكٌ وَشَيْطَانٌ، فَقَالَ الْمَلَكُ: اللّٰهُمَّ اخْتِمْ بِخَيْرٍ، وَقَالَ الشَّيْطَانُ: اخْتِمْ بِشَرٍّ، فَإِنْ ذَكَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ ثُمَّ نَامَ، بَاتَ الْمَلَكُ يَكْلَؤُهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک آدمی جب اپنے بستر پر آتا ہے تو فرشتہ اور شیطان اس کی طرف لپکتے ہیں فرشتہ کہتا ہے: اے اللہ! بھلائی کے ساتھ ختم کر اور شیطان کہتا ہے: اے اللہ! شر کے ساتھ ختم کر، سو اگر اس نے اللہ عزوجل کا ذکر کیا پھر سو گیا تو فرشتہ اس کی حفاظت کرتا ہے۔[2]

---

[1] رجالہ ثقات، ورواہ من حدیث ابو ہریرۃ رضی اللہ عنہ، مسلم رقم 2713 فی الذکر: باب ما یقول عند النوم واخذ المضجع، وابو داود رقم 5051 فی الادب: باب ما یقول عند النوم، والترمذی رقم 3397 فی الدعوات: باب من الادعیۃ عند النوم، وابن ماجہ رقم 3873 فی الدعاء: باب ما یدعو بہ اذا اوی الی فراشہ، واحمد فی، المسند، 2/381 و 404 و 532 وتقدم الحدیث برقم 715۔

[2] وقال الهیثمی فی، المجمع، 10/120: رواہ ابو یعلی ورجالہ رجال الصحیح غیر ابراہیم بن السامی وهو ثقۃ۔ ورواہ النسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، مطولاً برقم 853 والحاکم 1/548 وصححہ ووافقہ الذہبی وابن حبان رقم 2362 موارد۔

[746] اَخْبَرَنَا اَبو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ نَجْدَةَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُوسَى، ثنا هِلَالُ بْنُ حَقٍّ، - قَدِيمُ السَّمَاعِ مِنَ الْجُرَيْرِيِّ - عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنْ رَجُلَيْنِ، مِنْ بَنِي حَنْظَلَةَ، عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ عَبْدٍ مُسْلِمٍ يَأْوِي إِلَى فِرَاشِهِ، فَيَقْرَأُ سُورَةً مِنْ كِتَابِ اللّٰـهِ عَزَّ وَجَلَّ حِينَ يَأْخُذُ مَضْجَعَهُ، إِلَّا وَكَّلَ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ مَلَكًا لَا يَدَعُ شَيْئًا يَقْرَبُهُ وَيُؤْذِيهِ حَتَّى يَهُبَّ مِنْ نَوْمِهِ مَتَى هَبَّ.

حضرت شداد بن اوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو مسلمان آدمی اپنے بستر پر آتا ہے پس وہ اللہ عزوجل کی کتاب سے کوئی سورت پڑھتا ہے جب اپنے بستر پر لیٹتا ہے تو اللہ عزوجل اس کی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے تو وہ (فرشتہ) کسی چیز کو نہیں چھوڑتا جو اس کے قریب آئے اور اس کو اذیت دے حتی کہ وہ اپنی نیند سے جاگ جائے جب بھی جاگے۔ [1]

بَابُ كَرَاهِيَةِ النَّوْمِ عَلَى غَيْرِ ذِكْرِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

اللہ عزوجل کے ذکر کے بغیر سونا مکروہ ہے

[747] اَخْبَرَنَا اَبو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اضْطَجَعَ مَضْجَعًا لَمْ يَذْكُرِ اللّٰـهَ عَزَّ وَجَلَّ فِيهِ، إِلَّا كَانَتْ عَلَيْهِ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ تِرَةٌ.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے بستر پر لیٹے اور اللہ عزوجل کا ذکر نہ کرے تو اللہ عزوجل کی طرف سے وہ اس کے لیے (سونا بغیر ذکر الٰہی سے) باعث حسرت ہوگا۔ [2]

---

[1] رواه الترمذی رقم 4304 فی الدعوات: باب سؤوال الثبات فی الامر، واحمد فی ،المسند، 125/4 فی اسناده جهالة الرجل من بنی حنظلة، وضعف اسناده النووی فی ،الاذکار، رقم 287 من طبعتنا۔ مکتبة دار البیان بدمشق، وقال الالبانی فی ،ضعیف الجامع، رقم 5222: الحدیث ضعیف۔

[2] رواه ابو داود رقم 4856 فی الادب: باب کراہیة ان یقوم الرجل من مجلسه ولا یذکر الله، ورقم 5059 فی الادب: باب مایقال عند النوم، واسناده حسن۔ انظر ،الاحادیث الصحیحة، رقم 78۔

بَابُ مَا يَقُولُ مَنْ يَفْزَعُ فِي مَنَامِهِ

جو اپنی نیند میں ڈر جائے وہ کیا پڑھے؟

[748] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ مُكْرَمٍ، ثنا يُونُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَا إِلَيْهِ أَنَّهُ يَفْزَعُ فِي مَنَامِهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا أَوَيْتَ إِلَى فِرَاشِكَ فَقُلْ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ ". فَقَالَهَا، فَذَهَبَ عَنْهُ. فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُعَلِّمُهَا مَنْ أَطَاقَ الْكَلَامَ مِنْ وَلَدِهِ، وَمَنْ لَمْ يُطِقْ كَتَبَهَا فَعَلَّقَهَا عَلَيْهِ.

حضرت عمرو بن شعیب از والد خود از جد خود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: ایک آدمی حضور نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں آیا اور اس نے اپنے نیند میں ڈر جانے کی آپ سے شکایت کی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تو اپنے بستر پر آئے تو پڑھا کر:

﴿أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَأَنْ يَحْضُرُونِ﴾

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کے غضب سے اور اس کی سزا سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور یہ کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔''

سو جب اس آدمی نے یہ دعا پڑھی تو اس کی (ڈرنے والا) شکایت دور ہوگئی۔ حضرت عبداللہ اپنی اولاد میں سے جو بھی بولنے کے قابل ہوتا اسے یہ کلام سکھاتے اور جو بولنے کے قابل نہ ہوتا لکھ کر اس کے گلے میں لٹکا یا دیتے۔ [1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَصَابَهُ الْأَرَقُ

جسے نیند نہ آنے کی بیماری ہو وہ کیا کرے؟

[749] أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحُصَيْنِ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَاثَةَ، عَنْ ثَوْرِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ أَبِيهِ

[1] رواه احمد فی المسند، 2/181، وابو داود رقم 3893 فی الطب: باب کیف الرقی والترمذی رقم 3519 فی الدعوات: باب رقم 96، وفیہ عنعنة ابن اسحاق، ولکن له شاهد من حدیث انس رواه مالک فی الموطا، فالحدیث حسن به۔ ناظر، الاحادیث الصحیحة، رقم 264۔

مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: شَكَوْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَقًا اَصَابَنِي، فَقَالَ: قُلِ اللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُومُ، وَهَدَاَتِ الْعُيُونُ، وَاَنْتَ حَيٌّ قَيُّومٌ، لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ، يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ، اَهْدِئْ لَيْلِي، وَاَنِمْ عَيْنِي " فَقُلْتُهَا، فَاَذْهَبَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ عَنِّي مَا كُنْتُ اَجِدُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نیند نہ آنے کی شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ پڑھا کرو:

﴿اَللّٰهُمَّ غَارَتِ النُّجُوْمُ، وَهَدَاَتِ الْعُيُوْنُ، وَاَنْتَ حَيٌّ قَيُّوْمٌ، لَا تَأْخُذُكَ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، اَهْدِئْ لَيْلِيْ، وَاَنِمْ عَيْنِيْ﴾

''اے اللہ! تارے ڈوبنے لگے اور آنکھیں تکنے لگیں اور تو زندہ قائم رہنے والا ہے تجھے نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند آتی ہے، اے زندہ، اے قائم رکھنے والے! رات کو ہدایت دے اور میری آنکھوں کو سلا دے۔''

سو میں نے یہ دعا پڑھی تو اللہ عزوجل نے میری تکلیف دور فرمادی۔ ①

[750] حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَامِرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ:)اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يُؤَرَّقُ - اَوْ اَصَابَهُ اَرَقٌ - فَشَكَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَعَوَّذَ عِنْدَ مَنَامِهِ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، وَمِنْ غَضَبِهِ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهِ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِينِ وَاَنْ يَحْضُرُونِ.

حضرت محمد بن محمد بن یحییٰ بن حبان سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن الولید رضی اللہ عنہ کو نیند آتی نہ تھی یا نیند نہ آنے کی انہیں کچھ تکلیف ہوگئی تو انہوں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم فرمایا کہ وہ اپنے نیند کے وقت پر پناہ مانگا کریں۔

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ، وَمِنْ غَضَبِهٖ، وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ، وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ.﴾

① قال الحافظ: حديث غريب اخرجه ابن السنى، وابو احمد بن عدى فى ،الكامل، والطبرانى فى ،الكبير، تفرد به عمرو بن الحصين الحرانى، وهو مظلم الحديث، وحدث عن الثقات بمناكير لا يرويها غيره۔ اھ۔ وقال ابن ابى حاتم: سمع منه ابى وترك الحديث عنه هو وابو زرعة۔ وقال الدار قطنى: متروك الحديث وشيخه [محمد بن عبدالله] بن علاثة مختلف فيه، وقد افرط فيه الازدى فى ،كتاب الضعفاء، فكذبه قال الخطيب: ولعله وقعت له احاديث من رواية عمرو بن الحصين عنه، وكان كذابا فضنها لابن علاثة، والعلم عندالله۔ اھ۔ الفتوحات، 177/3۔ قلت: وذكر الذهبى الحديث فى ،الميزان، وعده من مناكير عمرو بن الحصين۔

''میں پناہ مانگتا ہوں اللہ تعالیٰ کے کامل کلمات کے ساتھ اس کے غصہ سے اور اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے یہ کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں۔''①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ

جب کوئی رات کو جاگ جائے تو کیا پڑھے؟

[751] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُصَفَّى بْنِ بُهْلُولٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ، ثنا جُنَادَةُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ، حَدَّثَنِي عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ، رَبِّ اغْفِرْ لِي، إِلَّا غَفَرَ لَهُ، فَإِنْ قَامَ فَتَوَضَّاَ قُبِلَتْ صَلَاتُهُ نَوْعُ آخَرُ.

حضرت عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص رات کو نیند میں دھڑک کر جاگ جائے تو وہ پڑھے:

﴿لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ. وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ. لَهُ الْمُلْكُ. وَلَهُ الْحَمْدُ. وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ. سُبْحَانَ اللهِ. وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ. وَلَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ. وَاللهُ اَكْبَرُ. وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ. رَبِّ اغْفِرْ لِي﴾

''اللہ تعالیٰ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تر تعریفیں ہیں اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے، پاک ہے اللہ کی ذات اور تمام تر تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اور نہیں ہے کوئی لائق عبادت اللہ کے سوا اور اللہ بہت بڑا ہے، اور نہیں ہے گناہ سے پھرنے اور نیکی کرنے کی قوت سوائے اللہ بلند عظمت والے کی توفیق کے، اے میرے رب! مجھے بخش دے۔''②

تو اس کی بخشش کردی جاتی ہے سو اگر وہ اٹھ کر وضو کر کے نماز پڑھے تو اس کی نماز قبول ہوتی ہے۔

---

① قال الالبانی فی ،الاحادیث الصحیحة، رقم 264: رجاله ثقات غیر شیخه علی بن محمد بن عامر فلم اعرفه، ولکن یشهد له حدیث محمد بن اسحاق عن عمرو بن شعیب عن ابیه۔ انظر الفتوحات 179/3۔ اھ۔

② رواہ البخاری 33/3 فی التهجد: باب فضل من تعار من اللیل فصلی، والترمذی رقم 3411 فی الدعوات: باب ماجاء فی الدعاء اذا انتبه من اللیل، وابوداود رقم 5060 فی الادب: باب اذا تعار من اللیل۔ وابن ماجه رقم 3878 واحمد فی المسند، 313/5۔

[752] اَخْبَرَنِي عَبْدُ اللّٰـهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ كَعْبٍ الْاَسْلَمِيُّ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ قَالَ: كُنْتُ اَبِيتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَآتِيهِ بِوَضُوئِهِ وَطَهُورِهِ لِحَاجَتِهِ، وَكَانَ يَقُومُ مِنَ اللَّيْلِ فَيَقُولُ:) سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ، سُبْحَانَ رَبِّي وَبِحَمْدِهِ الْهَوَى(. ثُمَّ يَقُولُ:)سُبْحَانَ اللّٰـهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِينَ الْهَوَى(يَعْنِي الطَّوِيلَ مِنَ اللَّيْلِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ربیعہ بن کعب الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گزارتا تھا میں رات کو آپ کے وضو اور استنجا کے لیے پانی لاتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم رات کو اٹھتے تو پڑھتے:

﴿سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهٖ، سُبْحَانَ رَبِّيْ وَبِحَمْدِهِ الْهَوٰى﴾

''پاک ہے اللہ کی ذات اور اسی کی حمد ہے، پاک ہے میرا رب اور اسی کی حمد ہے حقیقت میں۔''

پھر پڑھتے:

﴿سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، سُبْحَانَ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ الْهَوٰى﴾

''پاک ہے اللہ کی ذات جو پالنہار ہے تمام جہانوں کا، پاک ہے اللہ کی ذات جو پالنہار ہے تمام جہانوں کا حقیقت میں۔'' یعنی رات کو دیر تک۔ ①

[753] اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰـهِ بْنِ بَشَّارٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ زَرْبِيٍّ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ ثَوْرٍ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰـهُ عَنْهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ، سَمِعَ رَسُولَ اللّٰـهِ صَلَّى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)إِذَا رَدَّ اللّٰـهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى الْعَبْدِ الْمُسْلِمِ نَفْسَهُ مِنَ اللَّيْلِ، فَسَبَّحَهُ وَاسْتَغْفَرَهُ وَدَعَاهُ تَقَبَّلَ مِنْه نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت جبیر بن ثور سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے ان سے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: جب اللہ عزوجل اپنے مسلمان بندے کی جان رات کو لوٹا دے تو وہ اس کی تسبیح بیان کرے اور اس سے مغفرت طلب کرے اور اس سے دعا کرے تو اس سے قبول کی جائے گی۔ ②

① رجالہ ثقات غیر ان الولید بن مسلم مدلس رواہ النسائی فی، عمل الیوم و اللیلۃ، رقم 862 و ابن ماجہ رقم 3879 و احمد فی، مسند، 4/57 رواہ مسلم رقم 489 و ابو داود رقم 1320 و الترمذی فی جامع الدعوات رقم 3416 مختصراً۔

② فی اسنادہ سعید بن زربی، وھو منکر الحدیث کما قال الحافظ فی، لتقریب،، وقد ضعف الحدیث الامام النووی فی، کتاب الاذکار، رقم 301 من طبعتنا، مکتبۃ دار البیان بدمشق وقال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 817: الحدیث ضعیف جداً۔

[754] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ نَصْرٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: " بَيْنَمَا نَحْنُ جُلُوسٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:)يَطْلُعُ الْآنَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ. فَطَلَعَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ تَنْطِفُ لِحْيَتُهُ مَاءً مِنْ وُضُوئِهِ، مُتَعَلِّقٌ نَعْلَيْهِ فِي يَدِهِ الشِّمَالِ، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْلُعُ عَلَيْكُمُ الْآنَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ(. فَطَلَعَ ذَلِكَ الرَّجُلُ عَلَى مِثَالِ مَرْتَبَةِ الْأُولَى، فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَطْلُعُ عَلَيْكُمُ الْآنَ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ(. فَطَلَعَ ذَلِكَ الرَّجُلُ عَلَى مِثْلِ مَرْتَبَةِ الْأُولَى، فَلَمَّا قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّبَعَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، فَقَالَ: إِنِّي غَاضَبْتُ أَبِي، فَأَقْسَمْتُ أَنْ لَا أَدْخُلَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَإِنْ رَأَيْتَ أَنْ تُؤْوِيَنِي إِلَيْكَ حَتَّى يَحِلَّ يَمِينِي فَعَلْتَ. قَالَ: نَعَمْ. قَالَ أَنَسٌ: فَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يُحَدِّثُ أَنَّهُ بَاتَ مَعَهُ لَيْلَةً أَوْ ثَلَاثَ لَيَالٍ، فَلَمْ يَرَهُ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ سَاعَةً، غَيْرَ أَنَّهُ إِذَا انْقَلَبَ إِلَى فِرَاشِهِ ذَكَرَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَكَبَّرَ حَتَّى يَقُومَ لِصَلَاةِ الْفَجْرِ، فَيُسْبِغَ الْوُضُوءَ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: غَيْرَ أَنِّي لَا أَسْمَعُهُ يَقُولُ إِلَّا خَيْرًا، فَلَمَّا مَضَتِ الثَّلَاثُ اللَّيَالِي كِدْتُ أَحْقِرُ عَمَلَهُ، قُلْتُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي غَضَبٌ وَلَا هِجْرَةٌ، وَلَكِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فِي ثَلَاثِ مَجَالِسَ: يَطْلُعُ الْآنَ عَلَيْكُمْ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ(، فَطَلَعْتَ أَنْتَ تِلْكَ الثَّلَاثَ مَرَّاتٍ، فَأَرَدْتُ آوِي إِلَيْكَ، فَأَنْظُرُ عَمَلَكَ، فَلَمْ أَرَكَ تَعْمَلُ كَثِيرَ عَمَلٍ، فَمَا الَّذِي بَلَغَ بِكَ مَا قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: مَا هُوَ إِلَّا مَا رَأَيْتَ. فَانْصَرَفْتُ عَنْهُ، فَلَمَّا وَلَّيْتُ دَعَانِي، فَقَالَ: مَا هُوَ إِلَّا مَا رَأَيْتَ، غَيْرَ أَنِّي لَا أَجِدُ فِي نَفْسِي غِلًّا لِأَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، وَلَا أَحْسُدُهُ عَلَى خَيْرٍ أَعْطَاهُ اللّٰهُ إِيَّاهُ. قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو: وَهَذِهِ الَّتِي بَلَغَتْ بِكَ، وَهِيَ الَّتِي لَا يُطِيقُ مُطِيقٌ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھے تھے آپ نے ارشاد فرمایا: ابھی ایک آدمی آئے گا جو اہل جنت سے ہوگا تو انصار کرام میں سے ایک آدمی نمودار ہوا اس کی داڑھی سے وضو کے

پانی کے قطرے گر رہے تھے اس کے بائیں ہاتھ میں جوتے لٹک رہے تھے سو جب اگلا دن آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ابھی تمہارے پاس ایک جنتی شخص آئے گا تو وہی آدمی اسی پہلی والی صورت میں نمودار ہوا پھر جب اس سے اگلا دن آیا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابھی تمہارے پاس ایک جنتی شخص آئے گا تو وہی شخص پہلی والی صورت وشکل میں نمودار ہوا۔ پس جب رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے تو حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ اس کے پیچھے گئے اس سے کہا کہ مجھ سے میرے والد ناراض ہیں سو میں نے قسم اٹھائی ہے کہ میں اس کے پاس تین راتوں تک نہ جاؤں گا اگر آپ مناسب سمجھیں تو مجھے اپنے پاس تین رات تک پناہ دے دیں حتی کہ میری قسم پوری ہو جائے اس آدمی نے کہا: ٹھیک ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن عمرو نے بیان کیا کہ انہوں نے اس آدمی کے ساتھ ایک رات یا تین راتیں گزاریں تو انہوں نے اس آدمی کو رات کو سوائے ایک ساعت کے قیام کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ سوائے اس کے کہ جب وہ اپنے بستر پر آتا تو اللہ عزوجل کا ذکر کرتا اور اس کی بڑائی بیان کرتا حتی کہ وہ نماز فجر کے لیے اٹھتا پس اچھے طریقے سے وضو کرتا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اس سے سوائے اس نیکی کے کچھ بھی نہیں سنا پس جب تین راتیں گزر گئیں تو قریب تھا کہ میں اس کے عمل کو حقیر جانتا میں نے کہا: اے اللہ کے بندے! بلاشبہ میری اور میرے والد کے درمیان کوئی ناراضگی نہیں اور نہ لاتعلقی ہے لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو تیرے متعلق تین مرتبہ مجلسوں میں فرماتے سنا کہ ابھی تم پر ایک جنتی شخص نمودار ہو گا تو تینوں مرتبہ تو ہی نمودار ہوا سو میں نے ارادہ کیا کہ میں تیرے پاس ٹھکانہ رکھوں تیرا عمل دیکھوں تو میں نے تجھے کوئی زیادہ عمل کرتے نہیں دیکھا تو اس مرتبہ تک کیسے پہنچا جو رسول اللہ ﷺ نے بیان فرمایا؟ تو اس آدمی نے کہا: وہ کچھ عمل بھی نہیں سوائے اس کے جو تو نے دیکھا پس میں اس کے پاس سے ہٹ آیا سو جب میں واپس لوٹا تو اس نے مجھے بلایا پس کہا کہ میرا عمل وہی ہے جو تو نے دیکھا سوائے اس کے کہ میں اپنے دل میں کینہ نہیں رکھتا مسلمانوں میں سے کسی ایک کے لیے بھی، اور نہ میں کسی کی اچھائی پر حسد کرتا ہوں، جو اسے اللہ تعالیٰ نے عطا کی ہے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہی وہ عمل ہے جس کے ذریعے تو اس مقام تک پہنچا اور یہی وہ چیز ہے جس کی کوئی طاقت رکھنے والا طاقت نہیں رکھتا۔ ①

[755] حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ هِشَامٍ الْبَعْلَبَكِّيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْحَرَّانِيُّ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ الْجَهْمِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ، عَنْ أَنَسٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا نَامَ الْعَبْدُ عَلَى فِرَاشِهِ - أَوْ عَلَى مَضْجَعِهِ مِنَ الْأَرْضِ الَّتِي هُوَ فِيهَا - فَانْقَلَبَ فِي لَيْلَتِهِ عَلَى جَنْبِهِ الْأَيْمَنِ أَوْ جَنْبِهِ الْأَيْسَرِ، ثُمَّ قَالَ: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ

① رواه احمد فی المسند، 3/166 و 356 و 380، قال الحافظ العراقی فی تخریج الاحیاء، 3/187: رواه احمد باسناد صحیح علی شرط الشیخین، ورواه البزار، وسمی الرجل فی روایة له سعداً، وفیها ابن لهیعة۔

الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَا يَمُوتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمَلَائِكَتِهِ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي هَذَا لَمْ يَنْسَنِي فِي هَذَا الْوَقْتِ، أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ رَحِمْتُهُ، وَغَفَرْتُ لَهُ ذُنُوبَهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب آدمی اپنے بستر پر یا زمین پر اپنے سونے کی جگہ پر سوتا ہے تو وہ اس پر رات کو اپنے پہلو بدلے دائیں یا بائیں تو یہ پڑھے:

﴿اَشْهَدُ اَنْ لَّا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيتُ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾

”میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کی ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کے لیے حقیقی بادشاہی ہے، وہی زندہ رکھتا ہے اور مارتا ہے اور وہ زندہ رہنے والا ہے اسے موت نہیں آتی، اسی کے دست قدرت میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔“

تو اللہ عزوجل اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے: میرے اس بندے کی طرف دیکھو یہ مجھے اس وقت بھی نہیں بھولا میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ بے شک میں نے رحم کیا اور میں نے اس کے گناہوں کو معاف کر دیا۔ ①

[756] اَخْبَرَنَا اَبُو يَحْيَى السَّاجِيُّ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ ح أنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، أنا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ ح قَالَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ: اَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ فَضَالَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، ثنا سَعِيدٌ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ ح وَحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَمْدَانِيُّ، ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ، - كَذَا قَالَ - عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا اسْتَيْقَظَ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ:)لَا إِلَهَ إِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ، اللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِي، وَاَسْاَلُكَ رَحْمَتَكَ، اللّٰهُمَّ وَزِدْنِي عِلْمًا، وَلَا تُزِغْ قَلْبِي بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنِي، وَهَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً، إِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو پڑھتے:

① فی اسنادہ یعقوب بن الجہم قال ابن عدی: البلاء منہ۔

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ، وَأَسْأَلُكَ رَحْمَتَكَ. اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا. وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنِيْ، وَهَبْ لِيْ مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً. إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ﴾

''تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، پاک ہے تیری ذات اے اللہ! بے شک میں تجھ سے اپنے گناہوں کی مغفرت مانگتا ہوں، اور تجھ سے تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں اے اللہ! میرے علم میں اضافہ فرما، اور میرے دل کو ٹیڑھا نہ کرنا اس کے بعد کہ تو نے مجھے ہدایت دے دی، اور مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرما بے شک تو عطا فرمانے والا ہے۔''①

[757] أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ رَحِيمٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْهَيْثَمِ أَبُو الْأَحْوَصِ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَثَّامُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَامِرِيُّ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: كَانَ - يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - إِذَا تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ:)لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيزُ الْغَفَّارُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ آپ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو پڑھتے:

﴿لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ، رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ﴾

''سوائے اللہ تعالیٰ کی ذات کے کوئی لائق عبادت نہیں، وہ اکیلا ہے زبردست ہے آسمانوں اور زمین اور جو ان کے درمیان ہے ان کا رب ہے غالب بخشنے والا۔''②

[758] أَخْبَرَنَا أَبُو الْقَاسِمِ بْنُ مَنِيعٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، ثنا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يَدْعُو، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ بِأَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللّٰهُ الَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ. فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)لَقَدْ دَعَا اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ بِاسْمِهِ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ نَوْعٌ آخَرُ.

---

① رواه ابو داود رقم 5061 فی الادب: باب ما يقول الرجل اذا تعار من الليل، وفی اسناده عبدالله بن الوليد التجيبی البصری، وهو لين الحديث، كما قال الحفظ فی التقريب، وباقی رجاله ثقات ومع ذلک فقه صححه ابن حبان رقم 2359 والحاكم 1/540 ووافقه الذهبی۔

② رواه النسائی فی عمل اليوم والليلة، رقم 764، وہو حديث صحيح كما قال الالبانی فی، صحيح الجامع، رقم 4569۔

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے جو یہ دعا کر رہا تھا:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّي اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللهُ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ، الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهٗ كُفُوًا اَحَدٌ﴾

''اے اللہ! میں تیری ذات سے سوال کرتا ہوں تیرے نام پاک کے ساتھ کہ بے شک میں گواہی دیتا ہوں کہ تو اللہ ہے وہ ذات کہ تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، تو اکیلا ہے بے نیاز ہے جس کی نہ کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔''

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس آدمی نے اللہ عزوجل کے اس نام مبارک کے ساتھ دعا کی ہے کہ جب اس کے ساتھ دعا کی جائے تو قبول کی جاتی ہے۔ ①

[759] اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ الْعَاصِ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ابْنُ جَابِرٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بَيْنَمَا اَنَا اَقُودُ بِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:)يَا عُقْبَةُ، اَلَا اُعَلِّمُكَ مِنْ خَيْرِ سُورَتَيْنِ قَرَاَ بِهِمَا النَّاسُ؟(قُلْتُ: بَلَى، بِاَبِي وَاُمِّي اَنْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ. قَالَ: فَقَرَاَ عَلَيَّ: قُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، وَقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ. قَالَ: فَلَمَّا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ - صَلَاةُ الصُّبْحِ - قَرَاَ بِهِمَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ مَرَّ بِي، فَقَالَ:)كَيْفَ رَاَيْتَ يَا عُقْبَةُ، اقْرَاْ بِهِمَا كُلَّمَا نِمْتَ وَقُمْتَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اس دوران کہ جب میں رسول اللہ ﷺ کو لے کر جا رہا تھا رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اے عقبہ! کیا میں تجھے دو بہترین سورتیں نہ سکھاؤں جن دو کی لوگوں نے قراءت کی ہو؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان جائیں کہتے ہیں کہ آپ ﷺ نے مجھ پر

﴿قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ﴾

اور

① رواہ ابو داود رقم 1492 فی الصلاۃ: باب الدعاء، والترمذی رقم 3471 فی الدعوات: باب ما جاء فی جامع الدعوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، واحمد فی مسند 5/360، وابن ماجہ رقم 3857 فی الدعاء: باب اسم اللہ الاعظم، وھو حدیث صحیح۔ وصححہ ابن حبان رقم 2383، موارد، والحاکم 1/504 ووافقہ الذہبی۔

﴿وَقُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ﴾

پڑھیں۔ پس جب نماز صبح کی اقامت کہی گئی تو رسول اللہ ﷺ نے انہی دو سورتوں کی تلاوت کی پھر میرے پاس سے گزرے تو فرمایا: اے عقبہ! تو نے کیسے دیکھا؟ ان دونوں سورتوں کو سوتے اور اٹھتے وقت پڑھا کر۔ [1]

[760] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا قَامَ إِلَى الصَّلَاةِ مِنْ جَوْفِ اللَّيْلِ يَقُولُ:)اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ نُورُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ قَيَّامُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ، وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ، اَنْتَ إِلٰهِي، لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب رات کو نماز کے لیے اٹھتے تھے تو پڑھتے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ قَيَّامُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ، وَلَكَ الْحَمْدُ، اَنْتَ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ، اَنْتَ الْحَقُّ، وَقَوْلُكَ الْحَقُّ، وَوَعْدُكَ الْحَقُّ، وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ، وَالْجَنَّةُ حَقٌّ، وَالنَّارُ حَقٌّ، وَالسَّاعَةُ حَقٌّ، اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَإِلَيْكَ اَنَبْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ، وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ، اَنْتَ إِلٰهِي، لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ﴾

”اے اللہ! تیرے لیے ہی تمام تر تعریفیں ہیں تو آسمانوں اور زمین کا نور ہے اور جو ان کے درمیان ہے تو حق ہے اور تیرا فرمان حق ہے اور تیرا وعدہ حق ہے اور تیری ملاقات حق ہے اور جنت حق ہے اور دوزخ حق ہے اور قیامت حق ہے۔ اے اللہ! میں تیرے ہی لیے فرمانبردار ہوں اور تیری ہی ذات پر میں نے بھروسہ کیا، اور تیری ہی طرف میں نے رجوع کیا اور تیری مدد کے ساتھ میں نے جھگڑا کیا، اور فیصلہ تیری ہی طرف سے ہے سو بخش دے

[1] مسلم رقم 814 فی صلاۃ المسافرین: باب فضل قراءۃ المعوذتین، وابو داود رقم 1462 فی الصلاۃ: باب فی المعوذتین، والترمذی رقم 2904 و 2905 فی ثواب القرآن: باب ماجاء فی المعوذتین، والنسائی 2/158 فی افتتاح الصلاۃ: باب القراءۃ فی الصبح بالمعوذتین وباب الفضل فی قرائۃ المعوذتین و 8/251-254 الاستعاذۃ فی فاتحہ، واحمد فی المسند، 4/144 و 150 و 151 و 152 و 153 و 155 و 158 و 201 انظر روایت الحدیث فی، جامع الاصول، رقم 6270۔

میرے لیے جو میں نے آگے کیا اور جو میں نے پیچھے کیا، اور جو میں نے پوشیدہ طور پر کیا اور جو علانیہ طور پر کیا، تو ہی میرا معبود (برحق) ہے تیری ذات کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔"①

[761] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، أنا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ، حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ جُعْثُمٍ، حَدَّثَنِي الْأَزْهَرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَرَازِيُّ، حَدَّثَنِي شَرِيقٌ الْهَوْزَنِيُّ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَسَأَلْتُهَا مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ الصَّلَاةَ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ، قَالَتْ: " كَانَ إِذَا هَبَّ مِنَ اللَّيْلِ كَبَّرَ عَشْرًا، وَحَمِدَ عَشْرًا، وَقَالَ:)سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ(عَشْرًا، وَقَالَ:)سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ(عَشْرًا، وَاسْتَغْفَرَ عَشْرًا، وَهَلَّلَ عَشْرًا، وَقَالَ:)اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ ضِيقِ الدُّنْيَا، وَضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ(عَشْرًا، ثُمَّ يَسْتَفْتِحُ الصَّلَاةَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت شریق الھوزنی کہتے ہیں کہ میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا تو میں نے ان سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو کس چیز سے ابتداء کرتے تھے آپ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات کو بیدار ہوتے تو دس دفعہ ﴿الله اکبر﴾ اور دس دفعہ ﴿اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ﴾ اور دس دفعہ ﴿سُبْحَانَ اللهِ وَ بِحَمْدِهٖ﴾ اور دس ہی دفعہ ﴿سُبْحَانَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسَ﴾ اور دس دفعہ ﴿اَسْتَغْفِرُ اللهَ﴾ اور دس دفعہ ﴿لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ﴾ اور دس دفعہ

﴿اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا. وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ﴾

"اے اللہ بلاشبہ میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔"

پھر آپ نماز پڑھنا شروع کر دیتے۔②

① رواه البخاری 3/2-4 فی قیام اللیل: باب التهجد، وفی التوحید: باب قوله تعالی: (یریدون ان یبدلوا کلام الله)، ومسلم رقم 769 فی صلاة المسافرین: باب الدعاء فی صلاة اللیل وقیامه، وابو داود رقم 771 فی الصلاة: باب ما جاء ما یستفتح به الصلاة من الدعاء۔ والترمذی رقم 3418 فی الدعوات: باب ما جاء فی الدعاء عند افتتاح الصلاة باللیل۔

② رواه ابو داود رقم 5085 فی الادب: باب مایقول اذا اصبح، والنسائی 8/284 فی الاستعاذة: باب الاستعاذة من ضیق المقام یوم القیامة، وفی، عمل الیوم واللیلة، رقم 871، وابن ماجه رقم 1356، وابن رقم 649، موارد۔ فی اسناده بقیة بن الولید وهو وان کان مدلساً عن الضعفاء لکن هذا اذا لم یصرح بالسماع وهو هنا قد صرح به، بید ان ابا حاتم الرازی قال: ان بقیة کان یروی عن شیوخ مالم یسمعه، فیظن اصحابه انه سمعه، فیرون عنه تلک الاحادیث ویصرحون بسماعه بامن شیوخه ولا یضبطون ذلک، وحینئذ ینبغی الفطن هذه الامور ولا یغتر بمجرد ذکر السماع والتحدیث فی الاسانید۔ اه۔ انظر، شرح علل الترمذی، لابن رجب 1/370 و، الاحادیث الصحیحة، للالبانی رقم 816۔ وقال الذهبی فی، السیر، 8/522: وقال ابو حاتم یکتب حدیثه ولا یحتج به، وقال امام الائمة ابن خزیمة: لا احتج ببقیة، ثم قال: حدثنا احمد بن الحسن الترمذی، سمعت احمد بن حنبل یقول: توهمت ان بقیة لا یحدث المناکیر الا عن المجاهیل فاذا هو یحدث المناکیر عن المشاهیر فعلمت من این اتی۔ وفیه ایضاً شریق الهوزنی وهو مجهول فالحدیث ضعیف الا ان ابا داود اخرجه من طریق اخری فی الصلاة رقم 766 دون قوله: وقال سبحان الملک القدوس عشراً ودون الاستعاذة من ضیق الدنیا واسناده صحیح۔

[762] اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، ثنا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ قَالَ: بِتُّ لَيْلَةً عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ مِنْ مَنَامِهِ قَامَ إِلَى طَهُورِهِ، فَاَخَذَ سِوَاكَهُ فَاسْتَاكَ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَوَاتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِاُولِي الْاَلْبَابِ، حَتَّى قَارَبَ اَنْ يَخْتِمَ السُّورَةَ اَوْ خَتَمَهَا، ثُمَّ تَوَضَّاَ فَاَتَى مُصَلَّاهُ، وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس از والد خود از جد خود رضی اللہ عنہم روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا: میں نے رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں گزاری سو جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نیند سے بیدار ہوئے تو آپ پانی کی طرف اٹھے پس آپ نے مسواک لے کر مسواک کی پھر یہ آیت تلاوت کی:

﴿إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيَاتٍ لِاُولِي الْاَلْبَابِ﴾

''بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدلنے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔''

حتی کہ آپ سورۃ کے اختتام یا اس آیت کے اختتام تک پہنچے پھر وضو کیا پس آپ جائے نماز کی طرف آئے اور دو رکعت نماز ادا کی۔ ①

[763] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ تَمِيمٍ، ثنا اَبُو الْاَحْوَصِ، ثنا شَرِيكٌ، عَنْ اَبِي إِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: " يَضْحَكُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَى رَجُلَيْنِ: رَجُلٍ لَقِيَ الْعَدُوَّ وَهُوَ عَلَى فَرَسٍ مِنْ اَمْثَلِ خَيْلِ اَصْحَابِهِ، فَانْهَزَمُوا وَثَبَتَ، فَإِنْ قُتِلَ اسْتُشْهِدَ، وَإِنْ بَقِيَ فَذَلِكَ الَّذِي يَضْحَكُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ، وَرَجُلٍ قَامَ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ لَا يَعْلَمُ بِهِ اَحَدٌ، فَتَوَضَّاَ فَاَسْبَغَ الْوُضُوءَ، ثُمَّ حَمِدَ اللّٰهَ وَمَجَّدَهُ، وَصَلَّى عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاسْتَفْتَحَ الْقُرْآنَ، فَذَلِكَ الَّذِي يَضْحَكُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ إِلَيْهِ يَقُولُ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي، فَإِنَّمَا لَا يَرَاهُ غَيْرِي.

① رجاله ثقات۔ ويضأ رواه من طرق البخرى 1/189-190 فى العلم: باب السحر فى العلم وفى الوضوئ: باب التخفيف فى الوضوء وباب قراءة القرآن بعد الحدث وغيره وفى كتب وابوابٍ اخر۔ ومسلم رقم 763 فى صلاة المسافرين: باب الدعاء فى صلاة الليل وقيامه، وابو داود رقم 58 فى الطهارة: باب السواك لمن قام من الليل وفى الصلاة: باب الرجلين يوم احدهما صاحبه كيف يقومان، وباب صلاة الليل، والنسائى 3/232 فى قيام الليل: باب ذكر الاختلاف على حبيب بن ابى ثابت فى حديث ابن عباس فى الوتر، وفى كتب اخرى۔ انظر روايات الحديث فى، جامع الاصول، رقم 1497۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ اللہ عزوجل دو آدمیوں پر (اپنی شان کے مطابق) پر ہنستا ہے ایک وہ آدمی جو دشمن سے ملاقات کرے اور وہ اپنے ساتھیوں سے بہترین گھوڑے پر سوار ہو سو انہیں شکست ہو جائے اور یہ ثابت قدم رہے سو اگر قتل ہو جائے تو اسے شہادت کی موت ملی اور اگر بچ گیا تو یہ وہ شخص ہے جس پر اللہ عزوجل ہنستا ہے اور ایک وہ آدمی جو آدھی رات کو قیام کرے اسے کوئی نہ جانتا ہو پس وہ اچھی طرح وضو کرے پھر اللہ تعالیٰ کی حمد و بزرگی بیان کرے اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھے اور قرآن پڑھنا شروع کرے تو یہ وہ (دوسرا) آدمی ہے کہ اللہ عزوجل اس پر ہنستا ہے فرماتا ہے کہ دیکھو میرے اس بندے کی طرف جو قیام کر رہا ہے اور اسے میرے سوا کوئی بھی نہیں دیکھ رہا۔[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا نَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ فِي جَوْفِ اللَّيْلِ

جب آدمی رات کو آسمان کی طرف دیکھے تو کیا پڑھے؟

[764] اَخْبَرَنَا اَبُو يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِهِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ بَعْدَمَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ، فَنَظَرَ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيَاتٍ لِأُولِي الْاَلْبَابِ ، ثُمَّ قَالَ:)اللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِي قَلْبِي نُورًا، وَفِي بَصَرِي نُورًا، وَفِي سَمْعِي نُورًا، وَعَنْ يَمِينِي نُورًا، وَعَنْ شِمَالِي نُورًا، وَمِنْ بَيْنِ يَدَيَّ نُورًا، وَمِنْ خَلْفِي نُورًا، وَمِنْ فَوْقِي نُورًا، وَمِنْ تَحْتِي نُورًا، وَاَعْظِمْ لِي نُورًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات کو رات کا کچھ حصہ گزرے پر نکلے تو آپ نے آسمان کی طرف دیکھ کر یہ آیت تلاوت کی:

﴿إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ لِأُولِي الْاَلْبَابِ﴾

"بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدلنے میں عقل والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔"

پھر دعا کی:

[1] قال الهيثمي فى المجمع، 2/255: رواه الطبراني فى الكبير موقوفاً وفيه ابو عبيدة ولم يسمع من ابيه فالحديث منقطع الا ان ابن المديني قال: فى حديث يرويه ابو عبيدة بن عبدالله بن مسعود عن ابيه هو منقطع وهو حديث ثبت۔ وقال يعقوب بن شيبة: انما استجاز اصحابنا ان يدخلوا حديث ابى عبيدة عن ابيه فى المسند يعنى فى الحديث المتصل لمعرفة ابى عبيدة ب حديث ابيه و صحتها وانه لم يات فيها بحديث منكر۔ اھ۔ انظر، شرح علل الترمذى، للحافظ ابن رجب 1/298۔

﴿اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا، وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا، وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا، وَعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا، وَعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا، وَمِنْ بَيْنِ يَدَيَّ نُوْرًا، وَمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا، وَمِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا، وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا، وَاَعْظِمْ لِيْ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ﴾

''اے اللہ! میرے دل میں نور کردے، اور میری آنکھوں میں نور کردے، اور میرے کانوں میں نور کردے، اور میرے اوپر نور کردے، اور میرے نیچے نور کردے، اور قیامت والے دن میرے لیے نور کو بڑھا دینا۔''①

بَابُ مَا يَقُوْلُ إِذَا قَامَ عَنْ فِرَاشِهِ مِنَ اللَّيْلِ ثُمَّ عَادَ إِلَيْهِ

جب کوئی رات کو اپنے بستر سے اٹھے پھر دوبارہ لیٹے تو کیا پڑھے؟

[765] أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ الصُّوفِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا قَامَ أَحَدُكُمْ عَنْ فِرَاشِهِ مِنَ اللَّيْلِ ثُمَّ عَادَ إِلَيْهِ، فَلْيَنْفُضْهُ بِصَنِفَةِ إِزَارِهِ؛ لَا يَدْرِي مَا خَلَفَهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ لِيَضْطَجِعْ، ثُمَّ لْيَقُلْ: بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ، إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَاغْفِرْ لَهَا، وَإِنْ رَدَدْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ أَحَدًا مِنَ الصَّالِحِينَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی رات کو اپنے بستر سے اٹھے پھر اس کی طرف لوٹ کر جائے تو اس کو چاہیے کہ اپنے ازار سے اس کو جھاڑ لے کیونکہ اسے نہیں معلوم کہ اس کے پیچھے اس پر کیا آیا پھر اسے چاہیے کہ لیٹ جائے پھر پڑھے:

﴿بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ، إِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لَهَا، وَإِنْ رَدَدْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ اَحَدًا مِّنَ الصَّالِحِيْنَ﴾

''تیرے ہی نام کے ساتھ اے اللہ! میں نے اپنے پہلو کو رکھا اور تیرے ہی (نام کے) ساتھ اسے اٹھاؤں گا اگر تو میری جان کو روک لے تو اس کی مغفرت فرمانا اور اگر اسے لوٹا دے تو اس کی حفاظت کرنا جیسا کہ اس کے ساتھ تو اپنے نیک لوگوں کی حفاظت فرماتا ہے۔''②

---

① فی اسناد ابن السنی جهالة وضعف لکن للحدیث روایات صحیحة انظر الحدیث رقم 762 وتخریجه۔

② تقدم برقم 710 من حدیث سعید عن ابی ہریرة رضی اللہ عنه۔

[766] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، ثنا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ خُصَيْفَةَ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدٍ الْقَارِيِّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: بِتُّ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَكُنْتُ اَسْمَعُهُ إِذَا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ وَتَبَوَّاَ مَضْجَعَهُ يَقُولُ:)اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوبَتِكَ، وَاَعُوذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَاَعُوذُ بِكَ مِنْكَ، اللّٰهُمَّ لَا اَسْتَطِيعُ ثَنَاءً عَلَيْكَ وَلَوْ حَرَصْتُ، وَلَكِنْ اُثْنِي عَلَيْكَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلَى نَفْسِكَ.

حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں گزاری میں سن رہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنی نماز سے فارغ ہوئے اور اپنے بستر پر آئے تو پڑھ رہے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ بِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ. وَاَعُوْذُبِكَ مِنْكَ. اَللّٰهُمَّ لَا اَسْتَطِيْعُ ثَنَاءً عَلَيْكَ وَلَوْ حَرَصْتُ، وَلٰكِنْ اُثْنِيْ عَلَيْكَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ﴾

''اے اللہ! بلاشبہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں تیری معافی کے ساتھ تیری سزا سے، اور میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضامندی کے ساتھ تیری ناراضگی سے، اور تیری ذات کی تجھ سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں تیری تعریف کرنے کی استطاعت نہیں رکھتا اگرچہ میں حریص ہوں لیکن میں تیری اس طرح تعریف کرتا ہوں جیسی تو نے خود اپنی ذات کی تعریف کی۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَافَقَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ

جب لیلۃ القدر کو پائے تو کیا پڑھے؟

[767] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ كَهْمَسٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنْ عَلِمْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ، مَاذَا اَقُولُ فِيهَا؟ قَالَ: قُولِي: اللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي.

[1] رواه ابو داود رقم 1427 فی الوتر: باب القنوت فی الوتر، والترمذی رقم 3561 فی العوات: باب فی دعاء الوتر، والنسائی 3/249 فی قیام اللیل: باب الدعاء فی الوتر، و، فی عمل الیوم واللیل، رقم 891 وابن ماجه رقم 1179 فی اقامة الصلاة: باب ما جاء فی القنوت فی الوتر۔ وهو حدیث صحیح۔

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! اگر میں لیلۃ القدر کو جان لوں تو میں اس میں کیا پڑھوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: تو پڑھنا:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي﴾

''اے اللہ! بے شک تو معاف کرنے کو پسند فرماتا ہے سو تو مجھے معاف فرما دے۔''[1]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاٰى فِي مَنَامِهِ مَا يُحِبُّ

جب نیند میں پسندیدہ چیز دیکھے تو کیا پڑھے؟

[768] اَخْبَرَنَا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا بَكْرٌ - يَعْنِي ابْنَ مُضَرَ - عَنِ ابْنِ الْهَادِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَبَّابٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)إِذَا رَاٰى اَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يُحِبُّهَا فَإِنَّمَا هِيَ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ عَلَيْهَا، وَلْيُحَدِّثْ بِهَا، فَإِذَا رَاٰى غَيْرَ ذٰلِكَ مِمَّا يَكْرَهُ فَإِنَّمَا هِيَ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا، وَلَا يَذْكُرْهَا لِاَحَدٍ، فَإِنَّهَا لَا تَضُرُّهُ(وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جب تم میں سے کوئی ایک پسندیدہ خواب دیکھے تو بلاشبہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے تو اسے چاہیے کہ وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے اور اسے بیان کرے، اور جب کوئی اس کے علاوہ (یعنی گندہ خواب) دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو بلاشبہ وہ شیطان کی طرف سے ہے اسے چاہیے کہ اس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے اور اس کا کسی سے بھی ذکر نہ کرے کیونکہ وہ اسے کوئی نقصان نہیں دے گا۔[2]

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا رَاٰى فِي مَنَامِهِ مَا يَكْرَهُ

جب کوئی اپنی نیند میں ناپسندیدہ چیز دیکھے تو کیا پڑھے؟

[769] اَخْبَرَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو عُمَرَ الْحَوْضِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ،

[1] رواہ الترمذی رقم 3508 فی الدعوات: باب رقم 89، وقال: ہذا حدیث حسن صحیح، واحمد فی المسند، 171/6، وابن ماجہ رقم 3850 فی الدعاء: باب الدعاء بالعفو والعافیۃ، وصححہ النووی فی الاذکار، رقم 582 طبعتنا، والحاکم 530/1 واقرہ الذہبی، وہو کما قالوا۔

[2] رواہ البخری 327/12 فی التعبیر: باب الرؤیا من اللہ، وباب اذا رای ما یکرہ فلا یخبر بہا ولا یذکرہا، والترمذی رقم 3449 فی الدعوات: باب ما یقول: اذا رای رؤیا یکرھھا۔

عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، قَالَ: إِنْ كُنْتُ لَأَرَى الرُّؤْيَا فَتُمْرِضُنِي حَتَّى سَمِعْتُ اَبَا قَتَادَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:)الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالَى، فَإِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ مَا يُحِبُّ فَلْيَقُصَّهُ عَلَى مَنْ يُحِبُّ، وَإِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ، وَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا، فَإِنَّهَا لَنْ تَضُرَّهُ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابوسلمہ بن عبدالرحمن سے روایت ہے کہتے ہیں کہ میں خواب دیکھتا تھا تو وہ مجھے بیمار بنا دیتا تھا حتیٰ کہ میں نے حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو فرماتے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا: اچھے خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں سو جب تم میں سے کوئی ایک وہ دیکھے جو اسے ناپسند ہو تو اسے اسی سے بیان کرے جو اس سے محبت کرتا ہو، اور جب تم میں سے کوئی ایک وہ دیکھے جو اسے ناپسند ہو تو اللہ تعالیٰ کی اس کے شر سے اور شیطان کے شر سے پناہ چاہے اور اپنی بائیں طرف تین دفعہ تھوک دے کیونکہ بلاشبہ وہ اسے کوئی نقصان نہیں دے گا۔ ①

[770] اَخْبَرَنَا اَبُو مُحَمَّدِ بْنُ صَاعِدٍ، قَالَ: ذَكَرَهُ إِبْرَاهِيمُ بْنُ يُوسُفَ اَخُو عِصَامٍ الْبَلْخِيِّ، حَدَّثَنَا الْمُسَيَّبُ بْنُ شَرِيكٍ، عَنْ إِدْرِيسَ بْنِ يَزِيدَ الْاَوْدِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا رَاَى اَحَدُكُمْ رُؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَتْفُلْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ لِيَقُلِ: اللّٰهُمَّ إِنِّي اَعُوذُ بِكَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ، وَسَيِّئَاتِ الْاَحْلَامِ، فَإِنَّهَا لَا تَكُونُ شَيْئًا.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی ایک ایسا خواب دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اسے چاہیے کہ اپنی بائیں طرف تین مرتبہ تھوک دے پھر پڑھے:

﴿اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ، وَسَيِّئَاتِ الْاَحْلَامِ﴾

”اے اللہ! بلاشبہ میں تجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں شیطان کے عمل سے اور برے خوابوں سے۔“

تو وہ (یعنی یہ خواب ناپسندیدہ) اس کے لیے کچھ بھی (نقصان دہ) نہیں ہوگا۔ ②

① رواہ البخاری 10/177 و 178 فی الطب: باب النفث فی الرقیة، وفی بدء الخلق: باب صفة ابلیس وجنوده، وفی التعبیر: باب الرؤیا من الله، وباب الرؤیا الصالحة جزء من ستة واربعین جزاءاً من النبوة، وباب من رای النبی صلی الله علیه وسلم فی المنام، وباب الحلم من الشیطان فاذا حلم فلیبصق عن یساره، وباب اذا رای مایکره فلا یخبر بها ولا یذکرها، ومسلم رقم 2262 فی الرؤیا والترمذی رقم 2288 فی الرؤیا: باب ماجاء اذا رای فی المنام مایکره، وابو داود رقم 5020 فی الادب: باب ماجاء فی الرؤیا۔

② قال الحافظ: اخرجه ابن السنی من طریق ادریس بن یزید الاودی عن ابیه عن ابی ہریرة رضی الله عنه، والراوی ادریس لیس متروک الحدیث، وفی السند الیه من ابن السنی انقطاع۔ اه۔ قلت: وفیه المسیب بن شریک، قال یحیی: لیس بشیء، وقال مسلم وجماعة: متروک۔ قال الالبانی فی، ضعیف الجامع، رقم 597: ضعیف جداً۔

بَابُ النَّهْيِ أَنْ يُحَدِّثَ الرَّجُلُ بِمَا رَأَى فِي مَنَامِهِ مِمَّا يَكْرَهُ

آدمی کا اپنی نیند میں ناپسندیدہ دیکھی ہوئے چیز کو بیان کرنا منع ہے

[771] أَخْبَرَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لِأَعْرَابِيٍّ جَاءَهُ، فَقَالَ: إِنْ حَلَمْتُ أَنَّ رَأْسِيَ قُطِعَ وَأَنَا أَتَّبِعُهُ. فَزَجَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ:)لَا تُخْبِرْ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِكَ فِي الْمَنَامِ.

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ایک اعرابی سے فرمایا: جو آپ کے پاس آیا اس نے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میرا سر کاٹ دیا گیا ہے اور میں اس کے پیچھے جا رہا ہوں تو حضور نبی کریم ﷺ نے اسے ڈانٹا اور فرمایا: شیطان کے اپنے ساتھ نیند میں کھیلنے کی کسی کو خبر نہ کرنا۔ ①

بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا اسْتَعْبَرَ الرُّؤْيَا

جب خواب کی تعبیر پوچھی جائے تو کیا کہے؟

[772] حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مُسَرِّحٍ، ثنا عَمِّي الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ مَسْلَمَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجُهَنِيِّ، عَنْ عَمِّهِ أَبِي مَشْجَعَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، عَنِ ابْنِ زِمْلٍ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى الصُّبْحَ اسْتَقْبَلَ النَّاسَ بِوَجْهِهِ، وَكَانَ يُعْجِبُهُ الرُّؤْيَا، فَيَقُولُ:)هَلْ رَأَى أَحَدُكُمْ رُؤْيَا؟(فَقَالَ ابْنُ زِمْلٍ: فَقُلْتُ: أَنَا يَا نَبِيَّ اللّٰهِ. فَقَالَ:)خَيْرٌ تَلَقَّاهُ، وَشَرٌّ تَوَقَّاهُ، وَخَيْرٌ لَنَا، وَشَرٌّ لِأَعْدَائِنَا، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، اقْصُصْ(. وَذَكَرَ الْحَدِيثَ نَوْعٌ آخَرُ.

حضرت ابن زمل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ صبح کی نماز پڑھا لیتے تو لوگوں کی طرف اپنے چہرہ انور کے ساتھ متوجہ ہوتے اور آپ خواب پسند کرتے تھے آپ فرماتے: (اپنے اصحاب کرام سے) کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ حضرت ابن زمل کہتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا نبی اللہ! میں نے (دیکھا ہے) آپ ﷺ نے فرمایا: تیری بھلائی کے ساتھ ملاقات ہو اور تو شر سے بچے اور بھلائی ہمارے لیے اور شر ہمارے دشمنوں کے لیے ہو، اور تمام تر تعریفیں اللہ تعالیٰ کی ذات

① مسلم رقم 14/2268، والنسائی فی، عمل الیوم واللیلۃ، رقم 912 وابن ماجہ رقم 3912 والحاکم 392/4۔

کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنہار ہے بیان کر۔ اور انہوں نے حدیث ذکر کی۔ ①

[773] حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ سَهْلٍ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ مَرْوَانَ النَّاقِدُ، ثنا الْخَلِيلُ بْنُ عَمْرٍو، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنِ الْقَوَارِيرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي مُوسَى، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنِّي جَالِسٌ فِي ظِلِّ شَجَرَةٍ، وَمَعِي دَوَاةٌ وَقِرْطَاسٌ، وَأَنَا أَكْتُبُ مِنْ أَوَّلِ ص، حَتَّى بَلَغْتُ السَّجْدَةَ، فَسَجَدَتِ الدَّوَاةُ وَالْقِرْطَاسُ وَالشَّجَرَةُ، وَسَمِعْتُهُنَّ يَقُلْنَ فِي سُجُودِهِنَّ: اللَّهُمَّ احْطُطْ بِهَا وِزْرًا، وَأَحْرِزْ بِهَا شُكْرًا، وَأَعْظِمْ بِهَا أَجْرًا. وَعُدْنَ كَمَا كُنَّ، فَلَمَّا اسْتَيْقَظْتُ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ:)خَيْرًا رَأَيْتَ، وَخَيْرًا يَكُونُ، نِمْتَ وَنَامَتْ عَيْنُكَ، تَوْبَةَ نَبِيٍّ ذَكَرْتَ، تَرَقَّبْ عِنْدَهَا مَغْفِرَةً.

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ میں درخت کے سائے میں ہوں اور میرے پاس دوات اور کاغذ ہے اور میں سورۃ ص کے شروع سے لکھ رہا ہوں حتی کہ میں سجدہ (والی آیت) تک پہنچا تو دوات، کاغذ اور درخت نے سجدہ کیا اور میں سن رہا تھا وہ اپنے سجدہ میں کہہ رہے تھے:

﴿اَللّٰهُمَّ احْطُطْ بِهَا وِزْرًا، وَاَحْرِزْ بِهَا شُكْرًا، وَاَعْظِمْ بِهَا اَجْرًا﴾

''اے اللہ! اس کے ساتھ گناہ مٹا دے اور اس کے ساتھ شکر کی حفاظت فرما اور اس کے بدلے اجر کو بڑھا دے۔

اور وہ جیسے تھے ویسے ہی ہو گئے سو جب میں جاگا تو میں رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا پس میں نے آپ کو اس کی خبر دی تو آپ نے فرمایا: تو نے بھلائی ہی دیکھی اور بھلائی ہی ہو گی تو سویا اور تیری آنکھ سوئی تجھے ایک نبی کی توبہ یاد کرائی گئی سو جا اسی کے پاس بخشش ہے۔ ②

① اسنادہ ضعیف جداً۔ قال ابن علان، الفتوحات الربانية، 3/193-194۔ فی سندہ سلیمان بن عطاء منکر الحدیث، قال ابن حبان: روی عن مسلمة الجهنی اشیاء موضوعة فلا ادری البلاء منه او من مسلمة، وابو مشجعة شیخ مسلمة لا یعرف اسمه ولا حاله۔ اھ۔ واورد الحدیث الذهبی فی، المیزان، وعده من مناکیر سلیمان بن عطاء۔

② قال الحفظ کما فی، الفتوحات، 3/193: الراوی له عن سعید بن ابی بردة: محمد ابن عبید الله العزمی ضعیف جداً، حتی قال الحاکم ابو احمد: اجمعوا علی ترکه۔ اھ۔ قال الذهبی فی المیزان، هو من شیوخ شعبة المجمع علی ضعفه، ولکن کان من عباد الله الصالحین۔

بحمد اللہ عزوجل آج رات 11 بجے بمورخہ 11 ستمبر 2013 کو "عمل الیوم واللیلۃ" مصنفہ علامہ ابن سنی کا ترجمہ اختتام پذیر ہوا۔

معزز قارئین وناظرین سے گزارش والتماس مؤدبانہ ہے کہ اگر وہ اس مترجمہ کتاب کے اندر کہیں بھی لغزش و کوتاہی پائیں تو بذریعہ ادارہ پروگریسو بکس لاہور بندہ ناچیز کوضرور مطلع فرمائیں تا کہ اپنی کوتاہی کا ازالہ کرسکوں۔ میں نے حتی المقدور اغلاط سے بچنے کی کوشش کی ہے لغات سے راہنمائی لی ہے اور اپنے سینئرز سے بھی اس ترجمہ میں معاونت حاصل کی ہے پھر بھی کمی کوتاہی کا احتمال باقی ہے اگر کہیں محسوس کریں تو اطلاع دینے پر بندہ ناچیز شکر گزار ہوگا۔

میری طرف سے یہ دوسری کتاب کا ترجمہ ہے قارئین سے اس کے متعلق مزید راہنمائی وحوصلہ افزائی کی درخواست ہے۔ میں اس کتاب کے ترجمہ کا حق ادا کرنے میں کتنا کامیاب ہوا فیصلہ آپ پر ہے اگر اس میں بہتری وبھلائی اور اچھائی موجود ہے تو محض فضل باری تعالیٰ ورحمت حضور سید الانبیاء ﷺ وفیض حضور سیدنا غوث الاعظم دستگیر رحمہ اللہ اور اپنے شیخ سیدی وآقائی ومولائی حضور سید شاہ عبدالحق صاحب مدظلہ ودام فیوضہ کی نگاہ کرم کا تصدق ہے وگرنہ من آنم کہ من دانم۔

خاکپائے آستانہ عالیہ غوثیہ مہریہ
گولڑہ شریف

حافظ محمد شکیل الحق چشتی گولڑوی عفی عنہ

پرنسپل جامعہ غوثیہ مہریہ بریڈفورڈ
انگلینڈ U.K